
دیوانِ فرید



تقابلی مطالعہ، حواشی، ترتیب:

جاوید چانڈیو

ے کاٹھ سے مرد
لئے مرے پاس

دیوانِ فرید

◆مولوی عزیزالرحمن کا متن
◆ اسرارِ فریدی کے ساتھ تقابلی مطالعہ
◆ڈاکٹر مہر عبدالحق کی لغات

تقابلی مطالعہ، حواشی، ترتیب:

جاوید چانڈیو

سرائیکی ادبی مجلس (رجسٹرڈ) بہاولپور

صد سالہ تقریبات عرس خواجہ غلام فریدؒ
1319ھ تا 1419ھ
سرائیکی ادبی مجلس رجسٹرڈ بہاولپور

ضابطہ

کتاب : دیوانِ فرید

مرتب : جاوید چانڈیو

ناشر : سرائیکی ادبی مجلس (رجسٹرڈ) بہاولپور

بہ اہتمام سید دین محمد شاہ

تزئین : عبدالقادر ملغانی

مطبع : بسم اللہ پرنٹنگ سروس ملتان فون : 541261

بار اول : 1998ء

تعداد : 500

قیمت : درجہ اول 300 روپے ، درجہ دوم 200روپے

ڈاکٹر محمد ارشد اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے ادارہ مطالعہ برائے چولستان میں بطور ریسرچ آفیسر خدمات سرانجام دے رہے ہیں سرورق پر خواجہ فریدؒ کی روہی کی عکاسی انہوں نے کی ہے۔

(یہ کتاب حکومت پنجاب کے مالی تعاون سے چھاپی گئی ہے)

اپنڑے ملک کوں آپ وسا توں
پٹ انگریزی تھانڑے

ترتیب

عرضِ حال

حضرت خواجہ غلام فریدؒ کے سوویں یوم وصال (۱۳۱۹ھ تا ۱۴۱۹ھ) کے موقع پر سرائیکی ادبی مجلس بہاولپور کی یہ دوسری اشاعتی پیشکش ہے۔اس سے قبل ہم نے خواجہ فرید کی فارسی تصنیف "فوائد فریدیہ" کا سرائیکی ترجمہ پیش کیا تھا جسے اہل علم وبصیرت حضرات کی پذیرائی حاصل ہوئی ۔ موجودہ کتاب حضرت خواجہ فریدؒ کی شہرہ آفاق تصنیف "دیوان فرید" ہے جو گذشتہ ایک صدی سے سرائیکی وسیب کے عوام کے دلوں پر حکومت کر رہی ہے اور اس کی افادیت اور مقبولیت ہر گزرنے والے دن کے ساتھ بڑھ رہی ہے۔بلا مبالغہ "دیوان فرید" کے اب تک سینکڑوں ایڈیشن شائع ہو چکے ہوں گے مگر ان سب میں جو اہمیت مولوی عزیزالرحمٰن کے "دیوانِ فرید" کو حاصل ہے وہ کسی اور کے حصے میں نہیں آئی۔ ۱۹۹۵ء میں بہاولپور کے ایک صاحب دل کمشنر جناب طارق محمود کی کاوش اور محبت سے اس دیوان کا ایک ڈیلکس ایڈیشن شائع ہوا تھا جو اہل نظر لوگوں کی آنکھوں کا سرمہ بنا اور علمی لائبریریوں کی شان میں اضافے کا باعث ہوا۔اس ایڈیشن کی موجودگی میں اس دیوان کی دوبارہ اشاعت کا کوئی جواز نہیں تھا۔اس لیے سرائیکی ادبی مجلس بہاولپور نے شعبہ سرائیکی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے تعاون سے تحقیق کی ایک نئی راہ نکالی۔جس کے ذریعے ہم مولانا عزیزالرحمٰن کے اس عظیم تحقیقی کارنامے کے ماخذات تک رسائی کے عمل کا آغاز کر سکیں گے۔

اس کتاب میں مولانا عزیزالرحمٰن کے متن کے ساتھ ساتھ ۱۹۰۲ء میں شائع ہونے والے "اسرار فریدی معروف بہ دیوان فریدی" کا تقابلی مطالعہ بھی شامل کیا گیا ہے۔اور سرائیکی ادبی مجلس کی شائع کردہ لغات فریدی کو بھی ساتھ شامل کر کے تینوں کتابوں کا تحقیقی مطالعہ بھی کیا گیا ہے۔یہ اپنی نوعیت کا ایک منفرد کام ہے۔

دوسری اہم بات یہ بھی تھی کہ خواجہ فرید کے آفاقی پیغام کو عام آدمی اور طلباء تک پہنچایا جا سکے جو ایک ضخیم کتاب خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ایسے لوگوں کو ایک کتاب کی قیمت میں تین کتابیں مہیا کی جائیں۔ آج کے دور میں کتاب اور انسان کے رشتے کو بر قرار رکھنے میں سستی کتابیں بھی اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

خواجہ فرید کا پیغام آفاقی ہے،ان کی بات سمجھنے اور سمجھانے کی جتنی ضرورت آج کے پر آشوب دور میں ہے اتنی شاید کبھی نہ تھی ،انہوں نے انسان دوستی اور رواداری کے ساتھ ساتھ قومی محبت اور

آزادی کا درس بھی دیا۔ انگریزی استعمار کو للکار کر خود انحصاری کا درس بھی دیا اور شریعت اسلامی کی راہ بھی دکھائی۔ محبتوں کے چراغ بھی جلائے اور روحانیت کی شمعیں بھی روشن کیں۔ ایسے انمول اور بامقصد پیغام کی اشاعت و ترویج جتنی بھی کی جائے کم ہے۔ جناب طارق محمود نے "دیوان فرید" کی طبع نو کے دیباچے میں لکھا تھا کہ :

"دیوان فرید" کی دوبارہ اشاعت سے میری دانست میں اہل اردو سرائیکی شاعری کے اس عظیم عہد سے واقف ہو سکیں گے جسے عہد فرید کہنا غلط نہ ہو گا۔ حضرت خواجہ غلام فرید کی سرائیکی شاعری کی خوشبو اردو کے چمن زاروں میں مہکے گی تو اس کی لفظیات اور اسلوبیات، قومی زبان اور ادب کو ترو تازگی، اور شادابی عطا کریں گی۔ چاچڑاں شریف اور کوٹ مٹھن کے چراغوں کی روشنی بہت دور تک جا سکے گی اور تصوف و محبت کی کرنیں پھیلتی چلی جائیں گی...... کلام فرید، حسن اور خیر کا پیام ہے اور آج کے انسانی سماج کو سب سے زیادہ انہی چیزوں کی ضرورت ہے۔"

انہی خواہشات کو دہراتے ہوئے ہم "دیوان فرید" کا یہ منفرد ایڈیشن شائع کر رہے ہیں جو شعبہ سرائیکی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے شعبہ سرائیکی کے انچارج جناب جاوید چانڈیو کی تحقیق سے مزین ہے جس کے لیے سرائیکی ادبی مجلس کے اراکین ان کے ممنون ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ اہل علم و دانش ہماری اس کوشش کو بھی محبت اور قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ میں اس دیوان کی اشاعت و طباعت کے لیے اراکین مجلس ، بالخصوص جناب حفیظ الرحمٰن، جناب حاجی مشتاق احمد اور جناب رشید احمد قریشی کا نہایت ممنون ہوں جن کی معاونت کے بغیر یہ کام پایہ تکمیل کو نہیں پہنچ سکتا تھا۔

طالب دعا

سید دین محمد شاہ

صدر سرائیکی ادبی مجلس (رجسٹرڈ) بہاولپور

ابتدائیہ

حضرت خواجہ فریدؒ (پیدائش ۱۸۴۵ء - وفات ۱۹۰۱ء) برصغیر میں چشتیہ سلسلے کے آخری بڑے صوفی شاعر ہیں۔ ان کے صوفیانہ گیت ان کی زندگی میں ہی عوامی مقبولیت حاصل کر چکے تھے۔ جوں جوں وقت گزرتا جارہا ہے ان کے کلام کی افادیت اور اہمیت بڑھتی چلی جارہی ہے۔ ان کے فن اور فکر تک رسائی کے نئے دریچے وا ہوتے چلے جارہے ہیں ان کی شاعری کی طرح ،ان کی شخصیت بھی قوس و قزح کے رنگوں کی طرح دل موہ لینے والی ہے۔ وہ ایک صاحب دل انسان، باعمل صوفی، اور روشن ضمیر شاعر تھے انہوں نے برصغیر پر انگریزی تسلط کے خلاف بغاوت کا اعلان بھی کیا اور دکھی دلوں کے لیے محبت کے نغمے بھی گائے۔ سرائیکی ادبیات میں ان کی حیثیت وہی ہے جو فارسی میں مولانا روم اور سندھی میں شاہ عبداللطیف بھٹائی کی ہے۔ زیر نظر کتاب میں ان کی الہامی شاعری کے مقبول ترین مجموعے "دیوان فرید" کے متن پر تحقیق کی گئی ہے جو تین حصوں پر مشتمل ہے۔

(۱)

دبیر الملک مولوی عزیزالرحمٰن مرحوم کا "دیوان فرید" خواجہ فرید کی شاعری کو روہی اور چولستان کے صحراؤں اور سندھ، ستلج اور چناب کی وادیوں سے نکال کر وادی گنگ و جمن کی زبان تک پہنچانے کا سبب بنا انہوں نے ترجمے، لغات اور شرح کے ساتھ خواجہ فرید کے سرائیکی کلام کی اردو تفہیم کا پل تعمیر کیا۔ صرف یہی نہیں بلکہ انہوں نے مطبوعہ اور قلمی نسخوں کی مدد سے خواجہ فریدؒ کے کلام کا ایک مستند اور معیاری متن بھی مرتب کیا یہ کلام فرید پر تحقیق کا ابتدائیہ تھا جس نے آنے والوں کے لیے تفہیم کے بہت سے دریچے وا کیے۔

ہم اس کتاب کے پہلے حصے میں مولوی عزیزالرحمٰن کے متن کا مطالعہ کریں گے۔ یہ مطالعہ بہت ہی مختصر اور محدود ہے مگر چند بنیادی نوعیت کے سوالات کا احاطہ ضرور کرتا ہے جن پر پہلے اتنی تفصیل کے ساتھ توجہ نہیں دی گئی۔ بنیادی طور پر یہ مطالعہ مولانا عزیزالرحمٰن کے مرتبہ "دیوان فرید" کے ماخذات تک رسائی کے عمل کی اہمیت کو واضح کرتا ہے۔ ہمیں بہت آسانی ہوتی اگر مولوی عزیزالرحمٰن اپنے مطبوعہ اور قلمی دواوین کے واضح حوالے بھی دے دیتے مگر دیوان میں اختلافی مقامات پر وہ "ایک مطبوعہ رقلمی نسخے" یا "چند مطبوعہ رقلمی نسخوں" جیسے الفاظ کے ساتھ اپنے ماخذات کا ذکر کرتے ہیں جو تحقیق کے

لیے ناکافی ہے۔ مگر ان کی یہ محققانہ ایمانداری آج بھی قابل تقلید ہے کہ وہ اختلافی الفاظ ر مصرعوں ر اشعار کی نشاندہی ضرور کرتے ہیں۔ جبکہ ان کے بعد چھپنے والے دواوین ایسی محققانہ روش سے عاری نظر آتے ہیں۔ اکثر مرتبین نے "دیوان فرید" میں اپنی مرضی سے ترامیم کی ہیں اور کوئی سند پیش نہیں کی۔ ۱۹۴۴ء کے بعد چھپنے والے ایسے دواوین کا مطالعہ بھی ایک دلچسپ موضوع ہے جسے اس کتاب میں شامل نہیں کیا گیا۔

مولوی عزیزالرحمٰن کے متن کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس میں اکثر غلطیاں کتابت کی ہیں اور چند غلطیوں کا تعلق قدیم املا کی تفہیم سے ہے۔ جبکہ بعض مقامات پر ہمیں ان کے شعری ذوق پر بھروسہ کرنا پڑتا ہے۔ آخرالذکر حوالے ہمیں اس کی ضرورت پڑتی ہے کہ ان کے ماخذات تک رسائی کو ممکن بنایا جائے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ انہوں نے اپنے سامنے موجود "متعدد قلمی ر مطبوعہ نسخوں" میں سے اپنے ذوق کے مطابق کیا انتخاب کیا ہے ؟ اس حوالے سے سب سے پہلے تو مطبوعہ دستیاب نسخوں کے ساتھ "دیوان فرید" کے متن کا تقابلی مطالعہ حواشی کی صورت میں ہونا چاہیے اور اس کے ساتھ ساتھ قلمی نسخے بھی تلاش کر کے تقابلی مطالعہ کیا جائے۔ اس ضمن میں "اسرار فریدی معروف بہ دیوان فریدی" غالباً پہلا مطبوعہ نسخہ ہے جس میں خواجہ فرید کا پورا کلام شامل ہے اور جو یقیناً مولوی عزیزالرحمٰن کے پیش نظر رہا ہوگا۔ اسرار فریدی کے ساتھ دیوان فرید کا تقابلی مطالعہ کیا گیا تو اس مطالعے کی اہمیت بھی واضح ہوگی۔

(۲)

اس کتاب کا دوسرا حصہ اسرار فریدی اور دیوان فرید کے تقابلی مطالعے پر مشتمل ہے یہ مطالعہ دیوان فرید کی ہر کافی کے ترتیب وار تقابلی چارٹس کے ذریعے کیا گیا ہے۔ ان تقابلی چارٹس سے یہ اندازہ بھی ہوتا ہے کہ "مطبوعہ نسخوں" میں سے مولوی عزیزالرحمٰن کا ایک ماخذ "اسرار فریدی" بھی تھا اور یہ بھی محسوس ہوتا ہے کہ بعض مقامات پر مولانا عزیزالرحمٰن کے متن میں تصحیح کی ضرورت ہے، مثلاً کافی نمبر ۱۷۳ کا پانچواں بند مولوی عزیزالرحمٰن نے یوں لکھا ہے :

ٹپ ٹوبھے باہیں سوہندے　　وچ چمکے دل نوں موہندے
جی ہر ویلے پیا لوہندے　　ہے ہر دم ہوون نیڑے

اس بند کی لغات میں انہوں نے "وچ چمکے" کے معنٰی "وچ بمعنٰی مقابلہ میں آ کر۔ چمکے : دھوپ یا روشنی میں ظاہر ہو کر" لکھے ہیں اور ترجمہ : " ٹیلے، تالاب اور آس پاس کے خوش منظر دھوپ میں دل موہ لیتے ہیں" کیا ہے۔ یہی معنٰی مولانا کے بعد آنے والوں اور لغات فریدی کے مصنف نے بھی بیان کیے ہیں۔ "وچ چمکے" کے معنٰی "مقابل آ کر" نہیں ہوئے۔ ممکن ہے معنٰی پر کوئی اور رائے بھی

ہو لیکن اصل معاملہ یہ ہے کہ "اسرار فریدی" میں یہ لفظ "وچ چٹکے 'لکھے ہوئے ہیں۔ "چٹکے "مویشیوں کے گلوں میں باندھی جانے والی گھنٹیوں کی ایک قسم ہے اور زیر بحث مصرعے کے معنٰی زیادہ چست اور قرین قیاس اسی طرح ہو سکتے ہیں کہ "مویشیوں کے گلے میں بندھی ہوئی گھنٹیاں بج کر دل کو موہ لیتی ہیں"۔

ایسے بہت سے مقامات ہیں جو ساری توجہ اس جانب دلاتے ہیں کہ دیوان فرید کی صحیح تفہیم کے لیے مولوی عزیزالرحمٰن کے متن کے ماخذات تک رسائی کے عمل کو آگے بڑھایا جائے۔ خواجہ فرید کے قدیم دواوین کو حواشی کے ساتھ مرتب کر کے شائع کیا جائے۔ دوسری زبانوں میں یہ کام بڑے پیانے پر ہو رہا ہے۔، خواجہ فرید کے حوالے سے ابھی ہم نے اس طرف توجہ نہیں دی۔ اس سلسلے میں مزید کام مثنوی معدن عشق، مجموعہ کافیاں اور بریلی سے شائع ہونے والے "کافیاں" نامی مجموعے پر کیا جا سکتا ہے۔ اول الذکر دونوں مجموعوں پر راقم نے کچھ کام کیا ہے جو انشاالله مناسب موقع پر اشاعت کے لیے دیا جائے گا۔ اسرار فریدی کے نامکمل نسخے کی وجہ سے ہم نے "مکمل دیوان" کے نام سے تقابلی جائزہ ضمیمے کے طور پر بھی شامل کیا ہے۔ اس ابتدائیے کے علاوہ پوری کتاب چھپنے کے لیے دی جا چکی تھی کہ راقم کو سردار پور جھنڈیر میں میاں مسعود احمد جھنڈیر صاحب کی لائبریری دیکھنے کا موقع ملا وہاں "اسرار فریدی" کے نام سے تین اور ایڈیشن موجود تھے جو ہمارے زیر مطالعہ دیوان کے علاوہ تھے۔ انتیوں ایڈیشنوں پر سن اشاعت درج نہیں۔ ہم نے اس کتاب کے حصہ دوم کے ضمیمے میں جس دیوان کا نام "مکمل دیوان" تجویز کیا تھا وہ بھی "جھنڈیر لائبریری" میں موجود ہے جس کے سرورق کے مطابق اس کا نام بھی "اسرار فریدی معروف بہ دیوان فریدی کلاں" ہے حافظ شمس الدین منورالدین تاجران کتب ملتان کے شائع کردہ اس ایڈیشن کے علاوہ، ان کا ایک اور ایڈیشن "اسرار فریدی معروف بہ دیوان فریدی" کے نام سے بھی اس کتب خانے میں موجود ہے۔ علاوہ ازیں کتب خانہ خضر منزل ملتان کا شائع کردہ "اسرار فریدی بزبان ملتانی المعروف بڑا صحیح دیوان فریدی" بھی وہاں موجود ہے۔ بظاہر یہ تینوں ایڈیشن ہمارے زیر مطالعہ جلال پور پیروالہ کے ۱۹۰۲ء کے اصلی ایڈیشن کا چربہ ہیں اور بغیر کسی اجازت کے شائع ہوئے ہیں۔ جبکہ ۱۹۰۲ء کا ایڈیشن حضرت خواجہ غلام فریدؒ کے فرزند اور سجادہ نشین محمد بخش نازک کریمؒ کے اجازت نامے کے ساتھ شائع ہوا تھا۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ مولانا عزیزالرحمٰن کے دیوان فرید سے قبل "اسرار فریدی" ہی مقبول ترین اور مستند مطبوعہ دیوان سمجھا جاتا تھا جسے یقیناً مولوی عزیز الرحمٰن نے اپنے پیش نظر رکھا ہو گا۔

(۳)

کتاب کا تیسرا اور آخری حصہ ڈاکٹر مہر عبدالحق مرحوم کی "لغات فریدی" پر مشتمل ہے۔

تفصیلات متعلقہ حصے میں موجود ہیں البتہ ایک تشنگی باقی رہ گئی ہے کہ مولوی عزیزالرحمٰن کی لغات کے ساتھ مہر عبدالحق کی لغات کا تقابلی مطالعہ کرنے کا وقت نہیں ملا اس لغات کے چند وضاحت طلب الفاظ کے حوالے سے مختصر معروضات بھی شامل کتاب ہیں۔ جو خواجہ فرید کی لغات کے مطالعے میں کچھ نہ کچھ مددگار ضرور ثابت ہوں گی ۔ آخری بات یہ ہے کہ موجودہ ایڈیشن اس کام کے آغاز اور تعارف سے متعلق ہے۔ انشاءاللہ اگر موقع ملا تو اگلا ایڈیشن بہت سی ترامیم اور اضافوں کے ساتھ سامنے آئے گا۔

میں ان تمام دوستوں کا ممنون ہوں جنہوں نے اس کام میں میرے ساتھ تعاون کیا۔ پروفیسر سجاد حیدر پرویز کی لائبریری سے مجھے "اسرار فریدی" کی فوٹو اسٹیٹ حاصل ہوئی، سید انیس شاہ جیلانی نے "مثنوی معدن عشق" اور ایک قلمی دیوان مجھے بھجوایا، جناب حبیب فائق کی لائبریری سے "مجموعہ کافیاں" کی فوٹو اسٹیٹ حاصل ہوئی، پروفیسر شوکت مغل کا کتب خانہ بھی میرے لیے کھلا رہا، میں ریاض سندھڑ کا اس لیے ممنون ہوں کہ وہ سیٹھ عبیدالرحمٰن صاحب کے دولت کدے سے کئی بار محروم لوٹنے کے باوجود میری درخواست پر بار بار وہاں جانے پر آمادہ ہوتے رہے۔ اصل میں اس دیوان کی اشاعت کا سہرا سرائیکی ادبی مجلس کے جناب حفیظ الرحمٰن کے سر ہے جنہوں نے غیر متوقع طور پر اس کام کا آغاز کرایا اور اس کی تکمیل تک خود بھی بے چین رہے اور مجھے بھی چین نہیں لینے دیا ۔

میں خانوادہ فرید کی ایک محترم ہستی جناب طاہر محمود کوریجہ کا اور جناب ڈاکٹر نصر اللہ خان ناصر کا بھی ممنون ہوں کہ انہوں نے اس کام کے دوران مجھے اس کی تکمیل کا حوصلہ دیا ۔

میری رفیقہ حیات نے گھر کے اندر مجھے یہ کام کرنے کا ماحول دیا اور عملی طور پر معاونت بھی کی ۔ ایسی ہی معاونت میرے عزیز بھائی خالد چانڈیو کی طرف سے بھی مجھے ملی جس کے بغیر شاید یہ کام کرنا میرے لیے ممکن نہ ہوتا۔ خواجہ فرید سے میری تھوڑی بہت نیازمندانہ شناسائی کا سبب بنیادی طور پر لباجی کی ذات ہے میری یہ طالب علمانہ کاوش انہی کی خدمت میں ایک نذرانہ ہے۔

خواجہ فرید کے شاعرانہ امیج تک رسائی کے لیے ایک اور کتاب کی ضرورت ہے جو یقیناً اس کتاب سے کافی مختلف ہوگی اگر اشاعت کی کوئی راہ نکلی تو متن کے اس پار بھی دیکھیں گے۔

جاوید چانڈیو

انچارج شعبہ سرائیکی
اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور

(1)

دیوانِ فرید

(تحقیقی مطالعہ)

علامات و اختصارات

دیوان فرید : اس سے مراد دبیر الملک مولوی عزیز الرحمن عزیز کا مرتب کردہ دیوان ہے - حوالے کے لیے چوتھا ایڈیشن (1995ء) شائع کردہ اردو اکیڈمی بہاولپور برتا گیا ہے -

اسرار فریدی : اس سے مراد " اسرار فریدی معروف بہ دیوان فریدی " مطبوعہ 1902ء ہے جسے جلال پور پیروالہ سے شائع کیا گیا -

مکمل دیوان : اس سے مراد " مکمل دیوان فرید " ہے جسے حافظ شمس الدین منور الدین تاجران کتب ملتان نے شائع کیا تھا -

معدن عشق : اس سے مراد " مثنوی معدن عشق معروف بہ کافیاں " ہے جسے 1882ء میں مولوی خیر محمد تاجر کتب ملتان نے گلزار محمدی پریس لکھنوسے طبع کرایا -

مجموعہ کافیاں : اس سے مراد " مجموعہ کافیاں حضرت خواجہ غلام فرید صاحب جیو " ہے جو 1882ء میں محمد عارف تاجر کتب ڈیرہ غازیخان نے شائع کیا -

- کافیوں ، اشعار اور مصرعوں کے نمبر مثلاً 186.6.1 سے مراد کافی نمبر 186 کا بند نمبر 6 اور مصرعہ نمبر 1 ہو گا - یہ تمام نمبر " دیوان فرید " مرتبہ مولانا عزیز الرحمن کے مطابق ہیں -
- شاہ عبداللطیف بھٹائی کے کلام کے حوالوں کے لیے پوری کتاب میں کلیان آڈوانی کا مرتبہ " شاہ جو رسالو " برتا گیا ہے -

دیوان فرید - ایک جائزہ

دیوان فرید پہلے پہل 1944ء میں امیر بہاول پور سر صادق محمد خان خامس کے ایماء پر شائع ہوا تھا اور اس کے تمام مصارف بھی شاہی خزانے سے ادا کیے گئے تھے۔ (ص 5)

اس کام کے لیے امیر آف بہاولپور نے اپنے کتب خانے کے لائبریرین دبیر الملک مولوی عزیز الرحمن عزیز کا انتخاب کیا۔ دیوان کی ترتیب، ترجمہ اور شرح کے مختلف مراحل کے بارے میں مولانا عزیز الرحمن نے دیباچے میں درج ذیل تفصیلات بیان کی ہیں۔

(الف) " میں نے اس ترجمہ کے متعلق پہلا کام یہ کیا کہ حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ کے قلمی اور مطبوعہ دیوانوں کے جس قدر نسخے مجھے مل سکے وہ بہم پہنچائے اور پھر دیوانوں کا کئی بار بغور مطالعہ کر کے، ان مشکل مقامات کو جمع کیا جن میں مجھے اپنی فریدی جماعت کی مدد کی ضرورت معلوم ہوئی، ایک فہرست مرتب کر کے علیحدہ طبع کرا لی گئی اور جہاں جہاں کسی قابل بزرگ کی موجودگی کا علم ہوا، میں نے وہ چھپی ہوئی فہرستیں انہیں بھیج دیں ... "

(ب) " ترجمہ کے متعلق ماہنامہ " العزیز " میں نہایت وسیع طریقہ پر دعوت دی گئی، بعض قابل علم دوست اصحاب نے بہت محبت اور فراخدلی کے ساتھ اس کے متعلق زبر دست مقالے لکھے۔ "

(ج) " اب میں اس جماعت کا تذکرہ کرتا ہوں جس نے اس ترجمہ میں قابل قدر حصہ لیا ... سب سے پہلے اس فہرست میں ڈیرہ غازیخان کے قابل ترین فرزند حضرت مولانا مولوی عبدالرشید صاحب (جن کا ادبی اور اخباری نام طالوت ہے) کا ذکر ضروری ہے ... اس کے بعد مولوی نور احمد خان صاحب فریدی کا ذکر ضروری ہے ... ان دو حضرات کے خصوصی ذکر کے بعد عمومی طور پر حسب ذیل حضرات سے بھی دیوان کی مشکلات کے حل میں میں نے کافی فائدہ اٹھایا اور ان کے قابل قدر مشوروں سے اکثر و بیشتر مستفید ہوتا رہا۔

پروفیسر محمد معین الدین صاحب ایم اے، مولوی فیض محمد صاحب ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ جج بہاولپور ... منشی واحد بخش صاحب بلوچ بی اے ہیڈ کلرک انہار بہاولنگر، مولانا عبدالمجید صاحب مدرس مڈل اسکول جلال پور پیر والہ، مولوی نصیر الدین صاحب خرم بہاولپوری ... "

(د) " میں خود بھی حضرت خواجہ صاحب علیہ الرحمۃ کی صحبت سے بارہا مستفید ہوتا رہا ہوں اور

ملتانی زبان کو اپنی مادری زبان اور ملکی دلکش زبان ہونے کی وجہ سے چالیس سال سے زیادہ عرصہ تک غور سے مطالعہ کرتا رہا ہوں ، اس زبان کے صرف و نحو کا خاکہ مرتب کیا اور اس زبان کی ہزارہا ضرب الامثال جمع کیں اور وقتاً فوقتاً اس زبان کی نظم میں اپنے جذبات کے اظہار کا موقع بھی میسر آتا رہا ۔ باوجود اس کے میں نے اس ترجمہ میں مذکورہ بالا قابل اور زبان دان اصحاب سے استفادہ کیا ... یہ ایسی امداد ہے کہ اس سے زیادہ بہتر امداد موجودہ دور میں نہیں مل سکتی تھی ... "

(ھ) " دوسرا کام جو نہایت مہتم بالشان ہے ، یہ کیا گیا کہ صوتی لحاظ سے ملتانی زبان کے وہ الفاظ علیحدہ مقرر کیے گئے جو فارسی اور اردو میں نہیں ہیں ... میں نے اس معاملے میں کئی ایک علم دوست اصحاب کی کمیٹی بنا کر اس سوال کو حل کیا اور کثرت آراء سے جو فیصلہ ہوا وہ یہ ہے کہ اردو حروف تہجی پر کل چھ حروف زائد کیے جائیں جو ملتانی زبان کے مخصوص اصوات اور لہجوں کو ظاہر کریں اور ان کی صورت خطی کے متعلق یہ فیصلہ ہوا کہ چونکہ صوتی حالت سندھی زبان کے ساتھ ملتی جلتی ہے اس لیے سندھی ہی کی صورت خطی رکھی جائے ۔ اور اگر کچھ تغیر کیا جائے تو بہت کم ، چنانچہ جو چھ حروف زائد کیے گئے وہ حسب ذیل ہیں :

/ ٻ / - / ڄ / - / ڃ / - / ڈ / - / ڳ / - / ڱ /

... ستمبر 42ء کے " العزیز " میں اس فیصلہ کا اعلان کر دیا گیا تھا اور یہ بھی بتلا دیا تھا کہ خواجہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا دیوان اسی صورت خطی میں مطبوع ہو گا ۔ یہ چونکہ صرف میری ذاتی رائے نہیں تھی بلکہ اہل علم و زبان کی ایک نمائندہ کمیٹی کی رائے تھی ، اس لیے جہاں تک مجھے علم ہے اس سے اختلاف رائے کا اظہار نہیں کیا گیا ۔ چنانچہ اب میں یہ اعلان کرنے کے قابل ہوں کہ یہ ملک کا متفقہ فیصلہ ہے اور آئندہ ملتانی زبان میں مضامین یا کتابیں لکھنے والوں کا اس فیصلہ پر پابند رہنا ضروری ہے " (پیش لفظ | طبع اول | ص ۔ 11-14)

مندرجہ بالا تفصیلات سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ " دیوان فرید " کا یہ متن اور لغات و ترجمہ کتنا معتبر اور مستند ہو سکتا ہے ۔ 1944ء سے لے کر آج تک یہ دیوان اہل نظر و اہل دانش کی آنکھوں کا سرمہ رہا ہے سرائیکی اور دیگر زبانوں کے دانشور اسی سے ہی استفادہ کرتے رہے ہیں اور بعد میں چھپنے والے تمام دواوین اسی دیوان سے ہی منقول ہیں ۔ بعد میں چھپنے والے چند دواوین میں جزوی طور پر کوئی لفظ یا مصرعہ تبدیل بھی کیا جاتا رہا ہے مگر کسی نے بھی واضح طور پر اپنے اختلافی مآخذ و مصادر کی نشاندہی نہیں کی ۔ یہ معاملہ صرف بعد میں آنے والوں کے ساتھ ہی نہیں بلکہ خود مولانا عزیز الرحمن کے دیوان میں بھی درپیش ہے ۔

(الف) انہوں نے جو متعدد قلمی اور مطبوعہ نسخے اپنے سامنے رکھے ان میں ایک دو مقامات پر صرف فیض محمد صاحب ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ جج ، خرم بہاول پوری اور میاں نباہو کے قلمی نسخوں کے علاوہ اور کسی بھی ماخذ کی نشاندہی نہیں کی ۔ حالانکہ ان کے سامنے متعدد مطبوعہ اور قلمی دیوان موجود تھے جن میں سے کئی مطبوعہ دیوان آج بھی دستیاب ہیں ۔ اگر مولانا عزیز الرحمن اپنے مآخذ کی نشاندہی حوالے کے ساتھ کر دیتے تو ہمیں آج ان کے " ذوق انتخاب " کو سمجھنے میں آسانی ہوتی ۔

(ب) " دیوان فرید " میں کتابت اور املا کی متعدد اغلاط موجود ہیں جن کی درستی آج تک نہیں کی گئی حالانکہ 1944ء کے بعد دوسرا ایڈیشن 1963ء میں اور تیسرا 1986ء میں اور چوتھا ایڈیشن 1995ء میں شائع ہوا جو اسی پہلے ایڈیشن کی پلیٹوں یا فلموں سے چھپتے رہے ۔ علاوہ ازیں بعض اشعار میں بھی غلطیاں پائی جاتی ہیں جن کی درستی کی ضرورت تھی ۔ ایسے اشعار اور املا کی فہرست ہم علیحدہ سے مکمل حوالوں کے ساتھ اس کتاب میں شامل کر رہے ہیں ۔

(ج) " متعدد بار " دیوان فرید کا مطالعہ کرنے کے باوجود مولانا عزیز الرحمن ایک کافی کے معاملے میں دھوکا کھا گئے ۔ یہ کافی " ہن وطن بیگانے ول تئیں آونا " ان کے دیوان میں 61 نمبر پر موجود ہے جسے انہوں نے " نیں " کی ردیف کے اضافے کے ساتھ 145 نمبر پر بھی درج کیا ہے اور اس پر ایک نوٹ بھی لکھا ہے کہ " یہ کافی بعض مطبوعہ اور قلمی دیوانوں میں نہیں پائی گئی ۔ غالباً یہ کافی حج کی تیاری کے ایام میں لکھی گئی ہو گی " ۔ اس طرح خواجہ فرید کی اصل کافیاں 271 ہیں جو اس غلطی سے 272 میں تبدیل ہو گئیں ۔ ہم نے اس مطالعے میں مولانا کے متن کے مطابق 272 کافیاں ہی شامل کی ہیں ۔

(د) " دیوان فرید " میں خالص سرائیکی اصوات کے لیے جو صورت خطی مقرر کی گئی تھی وہ مولانا عزیز الرحمن کا ایک بہت بڑا کارنامہ تھا ۔ یہ صورت خطی اتنی سائنٹیفک تھی کہ آج بھی رائج ہے ۔ البتہ دیوان میں نون آمیختہ گاف /ݨگ/ اور نون آمیختہ جیم /ݨج/ کا استعمال صرف صرف دو کافیوں میں کیا گیا ہے جسے نہ ہونے کے برابر کہا جا سکتا ہے ۔ /ݨ/ کی آواز (نون آمیختہ /ڑ/ کہہ لیں) کے لیے بھی /نڑ/ اور /ݨ/ دونوں صورتیں استعمال کی گئی ہیں ۔ اگر متفقہ صورت خطی بھی اہتمام کے ساتھ برتی جاتی تو آج سرائیکی زبان کے دو صوتیوں کا مسئلہ شاید اتنا اختلافی نہ رہتا ۔

مندرجہ بالا تسامحات کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ مولانا عزیز الرحمن کو دیوان کے مکمل ہونے اور چھپنے سے پہلے اس پر نظر ثانی کا موقع نہیں مل سکا ۔ شہاب دہلوی لکھتے ہیں کہ :

" ابھی دیوان طباعت کی منزل سے نہیں گذرا تھا کہ مولوی عزیز الرحمن کا اللہ کے ہاں سے بلاوا آگیا۔ ان کے بعد ان کے لائق فرزند مولوی حفیظ الرحمن مرحوم نے اسے اپنے ہی مطبع (عزیز المطابع) سے 1944ء میں طبع کرا کے شائع کیا " ۔ (ص ۔ 6،7)

مندرجہ بالا معمولی غلطیوں سے صرف نظر کیا جائے تو اس میں کوئی شک نہیں کہ خواجہ فرید کی کافیوں کا مستند ترین نسخہ آج بھی " دیوان فرید " مرتبہ مولانا عزیز الرحمن ہی ہے۔ البتہ اس بات کی ضرورت موجود ہے کہ دیوان فرید کے مآخذ و مصادر پر بھی تحقیق کی جائے۔ مولانا عزیز الرحمن لکھتے ہیں کہ " گزشتہ صدی کے آخری ربع کے اندر حضور کے کلام کو اس تمام علاقہ کے اندر پوری پوری شہرت حاصل ہو گئی تھی، جہاں جہاں ملتانی زبان بولی اور سمجھی جاتی ہے " ۔ اس بات کے شواہد موجود ہیں کہ خواجہ فرید کا کلام ان کے عہد میں ہی قلمی نسخوں اور مطبوعہ دواوین کی شکل میں عام تھا ۔ ہر پڑھے لکھے اور صاحب ذوق شخص کی لائبریری میں " دیوان فرید " کا کوئی نہ کوئی نسخہ ضرور ہوتا تھا مولانا عزیز الرحمن نے اپنے رسالہ " العزیز " کے شمارہ مارچ 1942ء میں دیوان فرید کے اس نسخے کا ذکر کیا تھا جو کتب خانہ دولت خداداد بہاولپور میں موجود تھا ۔ عمدہ خط نستعلیق میں لکھے ہوئے اس نسخے پر رنگین نقاشی ، باریک موشگافی ، طلائی جدولوں اور بیل بوٹوں کی زیبائش تھی جو مولوی عزیز الدین خوشنویس کی عمر بھر کی محنت کا نتیجہ تھا۔

(میلا ، انوار فرید ۔ ص 227)

دیوان فرید میں بھی متعدد قلمی اور مطبوعہ نسخوں کا ذکر ملتا ہے ۔ ان قلمی اور مطبوعہ نسخوں تک رسائی مشکل ضرور ہے لیکن ناممکن تو نہیں ۔ آج بھی یہ نسخے کہیں نہ کہیں تو موجود ہوں گے ۔ ان دواوین کی دریافت سے فریدیات پر تحقیق کے نئے در وا ہوں گے ۔ مطالعہ فریدیات کی نئی راہیں روشن ہوں گی ۔ اس تمام مواد کو یکجا کر کے " دیوان فرید " اور مولانا عزیز الرحمن کے ذوق انتخاب تک رسائی آسان ہو گی ۔ یہ تمام تحقیق مولانا عزیز الرحمن کے دیوان کو بنیاد بنا کر ہونی چاہیے ۔ قدیم نسخوں پر تلاش و تحقیق " دیوان فرید " کے ساتھ تقابلی مطالعے اور حواشی کی صورت میں ہونی چاہیے نہ کہ اسے مسخ کرنے کی صورت میں ۔

اب تک دستیاب ہونے والے قلمی اور مطبوعہ نسخوں کا دیوان فرید کے ساتھ تقابلی مطالعہ کر کے یہ دیکھنا چاہیے کہ :

(الف) قلمی نسخے / بیاض / مطبوعہ مجموعے یا دیوان کے مرتب ناشر کا انتخاب اور ذوق کیا ہے ؟

(ب) ان کا صحیح عہد کیا ہے ؟

(ج) متن کا اختلاف کیا ہے ؟ اور کیوں ہے ؟

(د) اختلافی صورت میں زیادہ قابل اعتماد متن کون سا اور کیوں ہو سکتا ہے ؟

(ھ) تمام اختلافی متون اور موزوں تجاویز " دیوان فرید " کے ساتھ حواشی اور تقابلی مطالعے کے ساتھ شائع ہونے چاہئیں جس طرح شاہ لطیف اور دیگر شعراء کے مجموعے شائع ہوتے رہے ہیں ۔

انہی باتوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے راقم نے تاحال دستیاب ہونے والے خواجہ فرید کے پہلے مطبوعہ مکمل دیوان " اسرار فریدی معروف بہ دیوان فریدی ' کا " دیوان فرید " کے ساتھ تقابلی مطالعہ کیا ہے ۔ اس مطالعے میں " دیوان فرید " مولانا عزیز الرحمن کے متن کو بالکل نہیں چھیڑا گیا بلکہ تقابلی مطالعہ علیحدہ سے شامل کیا جا رہا ہے اصل متن میں صرف املا اور کتابت کی غلطیوں کی درستی کی گئی ہے اور ان اشعار میں درستی کی گئی ہے جن میں غلطی کا امکان واضح ہے ۔ لیکن یہ سب کچھ اندھیرے میں نہیں کیا گیا جیسا کہ " دیوان فرید " کے دیگر مرتبین (جن میں سے اکثر مولانا عزیز الرحمن کے ناقلین ہیں) نے کیا ہے ۔ بلکہ ہر درستی کی حوالہ جاتی فہرست علیحدہ سے شامل کی جارہی ہے ۔ تاکہ صاحب ذوق محققین اختلافی متن سے آگاہ ہو سکیں اور اپنے ذوق کے مطابق فیصلہ کرنے میں آزاد ہوں اور اگر انہیں تبدیلی معقول نہ لگے تو وہ مولانا عزیز الرحمن کے اصل متن سے آگاہ رہیں ۔

ہم نے موجودہ دیوان میں صرف متن شامل کیا ہے اور ترجمہ اور تشریحات رہنے دی ہیں کیونکہ بنیادی مقصد متن کا تقابلی مطالعہ تھا ۔ البتہ عام قاری کے افادہ کے لیے اس دیوان کے ساتھ ڈاکٹر مہر عبدالحق مرحوم کی سرائیکی - اردو " لغات فریدی " بھی شامل کی جارہی ہے جو عام قاری کے علاوہ محققین فریدیات کے لیے بھی یقیناً مدد گار ثابت ہو گی ۔ سرائیکی قارئین کے لیے تو خواجہ فرید کی کافیاں کسی ترجمے کی محتاج نہیں ہیں بلکہ ان کی دھڑکنوں کے ساتھ ہم آہنگ ہیں ۔

خواجہ فرید کی شخصیت اور فن کے حوالے اس کتاب میں کوئی تفصیلی بات کرنے کی گنجائش نہیں ہے البتہ موقع مناسب جان کر " دیوان فرید " میں شامل سندھی اور ہندی کافیوں پر سرسری گفتگو کی ہے ۔ انشاءاللہ اگلے ایڈیشن میں اس پر جامع گفتگو ہو گی ۔

دیوان فرید پر مختلف زبانوں کے اثرات

خواجہ فرید کے شعری اسلوب اور لفظیات کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ انہوں نے سرائیکی وسیب کے ہر کونے میں بولی اور سمجھی جانے والی زبان برتی ہے اور تقریباً آٹھ سو سال کے لگ بھگ کی قدیم شعری روایت کی حامل زبان کو اسٹینڈرائز کیا ہے ان کی کافیوں میں آیا ہوا ہر لفظ مستند اور معیاری ہے ۔ ان الفاظ کی سند بول چال کی زبان سے بھی ہے اور شعری روایت کے حوالے سے بھی ۔

" دیوان فرید " پر مختلف زبانوں کے اثرات کا مطالعہ دراصل خواجہ فرید کی شخصیت کے مطالعے کا ہی ایک رخ ہے ۔ انکی ہمہ گیر اور ہمہ جہت شخصیت کے بارے میں ڈاکٹر شیکل اس رائے کی تصدیق کرتے ہیں کہ : " وہ راسخ العقیدہ پکے مسلمان ، وسیع المشرب عالم دانشور ، حقیقتاً متاثر کن شخصیت اور نایاب صفات رکھنے والے صوفی ہیں ۔ ان صفات میں حسن سے متعلق ان کی رومانوی حساسیت اور زبان کے استعمال کی جادوئی صلاحیت کو بھی شامل کر لیاجائے تو آپ کچھ اندازہ کر سکتے ہیں کہ ایسی ہستی سے کتنی بھرپور اور متنوع شاعری ہو سکتی ہے ۔ "

(شیکل ، ففٹی پوئمز ۔ ص x)

علامہ طالوت کا کہنا ہے کہ " ملتانی ، اردو اور فارسی میں تو آپ صاحب دیوان ہیں ... عربی میں اگرچہ آپ نے شعر نہیں کہے (یا ہم تک وہ شعر نہیں پہنچے) لیکن عربی کے آپ علامہ وقت تھے اور پورے طور پر اس زبان پر بھی قدرت رکھتے تھے ۔ اس کے علاوہ ہندی اور سندھی بھی آپ اچھی طرح جانتے تھے کیونکہ آپ کے دیوانوں میں ہندی اور سندھی کافیاں موجود ہیں ۔ پوربی زبان بھی اچھی طرح آپ کو آتی تھی کیونکہ اس زبان میں آپ نے اشعار تصنیف فرمائے ہیں ۔ ممکن ہے ان سات زبانوں کے علاوہ کسی زبان میں آپ ماہر ہوں مگر ہمیں اس کا ثبوت نہیں مل سکا ۔ "

(مقدمہ دیوان فرید طبع 1944ء ۔ ص 38)

علامہ طالوت نے مقابیس المجالس کے حوالے سے خواجہ فرید کی انگریزی دانی کا بھی ذکر کیا ہے " اشارات فریدی " کے اردو ترجمے میں یہ واقعہ یوں بیان ہوا ہے کہ میاں فضل الحق صاحب منگھیروی اور مولوی غلام احمد اختر کے ساتھ 22 ذیقعدہ 1314ھ کو خواجہ فرید نے رومن لکھنے اور پڑھنے کی مشق و مقابلہ کیا اور درج ذیل فارسی اشعار رومن میں لکھ کر میاں صاحب

سے پڑھوائے ۔

ـ آنانکہ خاک رابنظر کیمیا کنند ۔ سگ را ولی کنند و مگس را ہما کنند

ـ ہرچند نیم لائق درگاہ سلاطین نومید نیم نیز ۔ شاہاں چہ عجب گر بہ نوازند گدارا گاہے بگاہے

(مقابیس المجالس اردو ترجمہ ص 554)

علامہ طالوت کا کہنا ہے کہ : " خواجہ صاحب اگرچہ پرانے مکتب خیال کے تعلیم یافتہ تھے مگر نہ وہ اس طبقہ کی طرح تنگ نظر تھے اور نہ " تنگ علم " ۔ 57ء کی جنگ آزادی کے بعد کا زمانہ تعصب اور تنگ نظری کے لیے مشہور ہے ۔ خصوصاً انگریز دشمنی کے ساتھ ساتھ انگریزی زبان اور انگریزی علوم کے ساتھ دشمنی بھی زوروں پر تھی مگر خواجہ صاحب پر اس کا کچھ بھی اثر نہ تھا ۔ آپ نے انگریزی ابجد سیکھنے اور رومن لکھنے کی کافی مشق کی تھی اور اس بات کو علی الاعلان بیان فرماتے بلکہ حاضرین میں سے جو رومن لکھنا جانتے ، ان سے مقابلہ کرتے اور اس اظہار میں قطعاً کوئی عار یا شرم محسوس نہ کرتے تھے اس طرح تاریخ و جغرافیہ اور دوسرے جدید علوم کو بھی انہوں نے مطالعے کے ذریعے سے کافی حاصل کر لیا تھا ۔ اصول و فروع سے بھی وہ اچھی طرح واقف تھے اور قرآن و حدیث کا تو ہمیشہ اپنے آباء و اجدا کی طرح درس دیتے رہتے تھے "

(ریت ممار ۔ ص 21)

خواجہ فرید کی شخصیت اور شاعری کے اس پھیلاؤ اور تنوع کو ایک مترجم کے طور پر سمیٹتے ہوئے ڈاکٹر شیکل کو دقتوں کا سامنا ہوا تو انہوں نے لکھا کہ : " خواجہ فرید بنیادی طور پر اپنی مقامی سرائیکی میں لکھتے ہوئے وسطی پنجاب کی زبان کی Forms بھی بلا جھجک استعمال کرتے ہیں ۔ زبانیں ان کے لیے واضح کشش رکھتی تھیں ۔ وہ اپنی شاعری کو بھرپور اور متنوع بنانے کے لیے دوسری زبانوں کے الفاظ ، اور ضرب الامثال کی تمام اقسام برتتے ہیں ۔ یہ عربی کی مقدس آیات بھی ہو سکتی ہیں جیسے کافی نمبر 139 میں ہیں یا پھر دو مختلف زبانوں کا موزوں ملاپ بھی ہوسکتا ہے جیسے کافی نمبر 209 ہے ، جس میں ایک سرائیکی اور ایک فارسی مصرعے کو ملا کر مرکب نظم بنائی گئی ہے ۔ دیگر کافیاں ان زبانوں کی اصل صورت میں لکھی ہوئی ہیں جیسے کافی نمبر 248 اصل میں اردو ، کافی نمبر 63 سندھی اور کافی نمبر 244 برج میں لکھی گئی ہے ۔ اس درجے کی لسانی رنگا رنگی کو خوشگوار طور پر ترجمے میں منتقل کرنے کا کوئی راستہ نہیں "

(شیکل ففٹی پوئمز ۔ ص xvii)

خواجہ فرید کی شاعری بنیادی طور پر سرائیکی زبان میں ہے ۔ ان کا ایک اردو دیوان بھی

علیحدہ سے 1884ء میں پہلی بار چھپا جس کے بعد میں کئی ایڈیشن شائع ہوئے ۔ ان کے سرائیکی دیوان میں سرائیکی زبان کے علاوہ دو مکمل کافیاں سندھی زبان میں ، چار کافیاں برج / پوربی زبان میں اور ایک کافی اردو زبان میں ملتی ہے ۔ اس کے علاوہ کسی اور زبان میں خواجہ فرید کی مکمل کافیاں نہیں ملتیں ۔ البتہ چند کافیوں میں کہیں کہیں عربی ، فارسی ، سندھی اور پنجابی کے الفاظ یا محاورے یا مصرعے استعمال کیے گئے ہیں ۔

سندھی ، پنجابی ، ہندی اور اردو زبانوں کا سرائیکی سے بڑا گہرا لسانی رشتہ ہے ۔ یہ تمام زبانیں ہند آریائی لسانی گروہ سے تعلق رکھتی ہیں ۔ جن میں سے ہندی ، پنجابی اور اردو کا تعلق ایک گروہ سے اور سندھی اور سرائیکی کا تعلق دوسرے گروہ سے ہے ۔ مگر ان کے درمیان صدیوں کے لسانی ، ثقافتی اور تہذیبی رشتے موجود ہیں ۔ سندھی ماہرین لسانیات کے خیال میں سندھی اور سرائیکی زبانوں کا تعلق وادی سندھ کی تہذیب کی قدیم زبان سے ہے ۔ جس پر آریائی زبانوں کے اثرات پڑے تو انہوں نے موجودہ صورت اختیار کی ۔ بہر حال ان لسانی مفروضات سے قطع نظر وادی سندھ کی زبانوں سندھی اور سرائیکی کے درمیان مکمل صوتی اور صوتیاتی ہم آہنگی کے علاوہ ذخیرہ الفاظ کا بھی بڑے پیمانے پر اشتراک موجود ہے ۔ ان زبانوں میں صرفی و نحوی ہم آہنگی کے ساتھ ساتھ جغرافیائی ، تاریخی ، تہذیبی اور ثقافتی رشتے بھی بہت گہرے ہیں ۔

دوسری جانب پنجابی زبان کے ساتھ بھی سرائیکی کے جغرافیائی ، تاریخی اور لسانی رشتے اہمیت رکھتے ہیں ۔ گو کہ سرائیکی اور پنجابی کے صوتیات اور صرف و نحو میں کافی اختلاف بھی موجود ہے ۔

خواجہ فرید کی زندگی کے حوالے سے دیکھا جائے تو انہوں نے وادی سندھ کے تہذیبی اور جغرافیائی مرکز ریاست بہاولپور کے ساتھ ساتھ تمام علاقوں کی سیاحت کی ، وہاں کی زبانوں ، تہذیب اور ثقافت میں دلچسپی لی اور ہندوستان کے دور دراز کے علاقوں تک کے بھی سفر کیے ۔ " دیوان فرید " میں سرائیکی کے علاوہ انکی دو مکمل سندھی کافیاں (کافی نمبر 63 ،64) اور چار مکمل ہندی / برج (224،159،85،70) کافیاں ایک مکمل اردو کافی (نمبر 248) اور پانچ کافیوں (53، 101 ، 103 ، 232 ، 261) پر جزوی ہندی اور اردو کے ملے جلے اثرات ملتے ہیں ۔ اس لحاظ سے دیوان فرید میں سرائیکی زبان کے علاوہ سب سے زیادہ کافیاں ہندی زبان کی ، اس کے بعد سندھی اور ایک اردو کافی ملتی ہے ۔ جزوی اثرات میں سندھی ، ہندی اور اردو کے علاوہ پنجابی

الفاظ ، محاورے اور مصرعے بھی مل جاتے ہیں ۔ چند کافیوں میں سرائیکی ۔ فارسی اور اردو کے ملے جلے مصرعے بھی ملتے ہیں ۔ اس طرح عربی مصرعے بھی بعض کافیوں میں استعمال ہوئے ہیں ۔ ہم خصوصی مطالعہ ہندی اور سندھی زبان میں لکھی گئی کافیوں کا کریں گے اور اجمالی جائزہ پنجابی اثرات کا بھی لیں گے ۔

ہندی / اردو اثرات

" دیوان فرید " میں کافی نمبر 70,85,159,224 اور 248 ہندی اور اردو میں کہی گئی ہیں ۔ اسی طرح کافی نمبر 101,103,232 اور 261 پر بھی ہندی اور اردو اثرات ہیں گو کہ ان کافیوں میں کہیں کہیں سرائیکی مصرعے اور الفاظ بھی استعمال کیے گئے ہیں مگر ان کا موڈ اور مزاج ہندی اور اردو ہے اسی طرح کافی نمبر 53 کی استھائی بھی ہندی میں ہے ۔

کافی نمبر 159 پر مولانا عزیز الرحمن نے نوٹ لکھا ہے کہ : " یہ کافی حضرت خواجہ نے برج بھاشا میں لکھ کر کمال کیا ہے " اس طرح کافی نمبر 224 پر بھی نوٹ لکھتے ہیں کہ : " یہ کافی برج بھاشا میں ارشاد ہوئی ہے " ۔ علامہ طالوت کے اقتباس میں ہم نے " ہندی " اور " پوربی " زبانوں میں خواجہ فرید کے اشعار کا ذکر پڑھا ہے ۔ ڈاکٹر شیکل " اردو " اور " برج " کی کافیوں کا ذکر کرتے ہیں ۔

اردو کافی یا مصرعوں کو تو آسانی سے الگ کیا جا سکتا ہے البتہ یہ جو ماہرین ہندی ، برج اور پوربی زبانوں کا علیحدہ علیحدہ سے ذکر کر رہے ہیں ۔ ان زبانوں کے درمیان جو باریک لسانی فرق ہے اسے واضح کرنا اور متعلقہ کافیوں ، مصرعوں یا الفاظ کو ہندی ، برج اور پوربی میں سے کسی زبان کا نام دینے کا فیصلہ راقم کے لیے مشکل ہے ۔ اس لیے فی الحال مذکورہ کافیوں کے لیے ہندی کی اصطلاح استعمال کریں گے ۔ فریدیات کے ایک بزرگ ماہر صوفی عبدالمجید ناز فریدی مرحوم اور صدیق طاہر مرحوم نے بھی ان کافیوں کو " ہندی " ہی شمار کیا ہے ۔

خواجہ فرید کی ہندی کافیوں کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہندی زبان اور ہندو مت پر ان کی گہری نظر تھی ۔ نہ صرف یہ بلکہ وہ ہندی شعری ریت سے بھی آگاہ تھے ، ہندو فلسفہ کے بارے میں ان کے علم کا اندازہ " مقابیس المجالس " پڑھ کر بخوبی ہو جاتا ہے ۔ ایک ملفوظ میں آیا ہے کہ " ... کسی نے عرض کیا کہ سری کرشن جی اور رام چندر صاحب فقیر اور درویش تھے یا

نہیں ؟ آپ (خواجہ فرید) نے فرمایا کہ تمام اوتار اور رشی لوگ اپنے اپنے وقت کے پیغمبر اور نبی تھے اور ان میں سے ہر ایک کے پاس کتاب ہے چنانچہ چار وید سنسکرت زبان میں اب بھی موجود ہیں اور ان میں سے ہر نبی لوگوں کی رسومات بد توڑنے کے لیے مبعوث ہوا ... " (دیکھیں جلد دوم مقبوس نمبر 52 اور جلد پنجم مقبوس نمبر 29 ۔ ص ص 388 تا 390 اور ص ص 1004 تا 1006 ،اردو ترجمہ) ۔ وہ ویدانتی فلسفہ اور بھگتی تحریک کے رنگ و روپ کو بھی جانتے تھے ان کی سرائیکی اور ہندی کافیوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ بھگتی تحریک کے شعراء کے کلام کو بھی پڑھتے اور سنتے تھے اور کرشن بھگتوں کے فلسفے کو ہمہ اوستی مسلک کی ترجمانی کے قریب تر سمجھتے تھے ۔ قیاس کیا جاسکتا ہے کہ صحرائے چولستان میں انہیں مشہور کرشن بھگت شاعرہ میرا بائی کے کلام سے بھی واسطہ پڑا ہو گا جس کے فراقیہ گیت " دیوان فرید " کا سا رنگ اور رس رکھتے ہیں ۔ تھر اور چولستان کے دوسرے مقبول سرائیکی شاعر روحل فقیر کی ہندی شاعری بھی ممکن ہے ان تک پہنچی ہو ۔ روحل کی ہندی شاعری بھگت کبیر اور کرشن بھگتوں سے متاثر ہے ۔ ہندی کافیوں میں کرشن کا کردار خواجہ فرید کے پنل اور رانجھے کا متبادل ہو سکتا ہے ۔ کافی نمبر 70 کی استھائی دیکھیے

بندرا بن میں کھیلے ہوری ۔ شام دوارے میرو لال

اسی طرح کافی نمبر 85 میں کہتے ہیں :

کونج گلی میں شام سندر سنگ ۔ ہوری دھوم مچاؤں

کافی نمبر 159 کی استھائی دیکھیے :

اج بن موں برج راج بنسری بجائی
بنسری بجائی اگم گیت گائی

کافی نمبر 232 کی استھائی " سکھی کر لیو ہار سنگھار سبھی ۔ سیاں رل مل دھوم مچائی " ہندی میں ہے اور باقی کافی سرائیکی میں ہے کہیں کہیں ہندی الفاظ بھی آجاتے ہیں شعر نمبر 6 اور 7 دیکھیے :

مدتاں پچھے رانجھن ملیا ۔ رب اجڑی جھوک وسائی
آکر کان دوارے دل دے ۔ سدھ بنسی پرم بجائی

{ یا پھر : مدتاں پچھے شام سلونے ۔ جھوک نوں آن وسائے (219.11) }

اسی طرح سرائیکی اور ہندی اثرات کی ملی جلی کافی نمبر 261 ہے جس کی استھائی " وسو وی اکھیاں گھن گھوراں لا کے " ہے اس کافی کا چوتھا شعر ہے :

دل برمائے راول جوگی ۔ دھن سن بنسی پھوک بجاکے

مذکورہ بالا کافیوں میں سے 70,85 اور 159 مکمل ہندی کافیاں ہیں اور کرشن بھگتوں کی اصطلاحات میں لکھی گئی ہیں ۔ شام ، شام سندر ، برج راج اور کان ، کرشن جی کے مختلف نام ہیں ۔ کافی نمبر 232 میں تو را نجھنڑ اور کان ایک ساتھ آئے ہیں ۔ اس طرح کافی نمبر 261 میں " راوں جوگی " بھی کرشن ہی کے لیے استعمال ہوا ہے ۔ جس کی " بنسری " یا " بنسی " کی دھن مست کر دیتی ہے ۔

مذکورہ بالا حوالے تو ہندی کافیوں سے لیے گئے ہیں مسلک وحدت الوجود کے حوالے سے لکھی گئی سرائیکی کافیوں میں بھی یہ اظہار ملتا ہے ۔ کافی نمبر 84 جس کی استھائی " ہر صورت وچ دلدار ڈٹھم ۔ کل یار اغیار کوں یار ڈٹھم " کے چھٹے بند میں کہتے ہیں کہ :

کتھ برم نرائنڑ نرنجنڑ ہے ۔ کتھ رام کنیا چھمنڑ ہے
کتھ بید بیاس برہمنڑ ہے ۔ کتھ راچھس تے اوتار ڈٹھم

(84.6)

مسلک ہمہ اوست کے حوالے سے لکھی گئی کافی نمبر 91 کی استھائی ہے " اے حسن حقیقی نور ازل ۔ تینوں واجب تے امکان کہوں " اس کافی کے چار اشعار میں ویدانتی اور کرشن بھگتی فکر کے حوالے بھی ملتے ہیں ۔

تینوں دسرت چھمنڑ رام کہوں ۔ تینوں سیتا جی جانان کہوں
بلدیو جسودا نند کہوں ۔ تینوں کشن کنہیا کان کہوں
تینوں برما بشن گنیش کہوں ۔ مہا دیو کہوں بھگوان کہوں
تینوں گیت گرنتھ تے بید کہوں ۔ تینوں گیان کہوں اگیان کہوں

(91.13-16)

مشہور کافی " میڈا عشق وی توں میڈا یار وی توں " کا شعر ہے

میڈا سانول مٹھڑا شام سلونا ۔ من موہن جانان وی توں (132.7)

کافی نمبر 269 جس کی استھائی ہے " ہنڑ میں را نجھنڑ ہوئی ۔ رہیا فرق نہ کوئی " کا شعر ہے

سجھ سہایس تھی خوش ۔ شام سندر سنگ سوئی (269.8)

ہندی سیاق و سباق میں کہی گئی ان کافیوں اور اشعار میں خواجہ فرید کے اس ہمہ اوستی مسلک کا ہی اظہار ملتا ہے ۔ جو پورے دیوان فرید میں اندرونی لہر کی طرح ساتھ ساتھ چلتا ہے

جس میں انسان ہی مرکز کائنات ہے۔

* چھمنڑ رام کنیا گلگی۔ اپنے آپ موں پاؤں (85.7)

کہاں گنگ گومتی جمنا ار رام گنگ   دل جل مُوں ٹوب ٹوب تیرتھ پر سائی
کاشی، متھرا، پراگ، برما، بشن، مہیش   سب ہی اپنے بھیس کیوں پدیس جائی

(7159.6')

بات فریدی سوچ کے سنٹیو   لا کر دل کے کانوں کو
دونوں جگ کے مالک ہو تم   بھولے اللہ راسی رے (248.5)

یہی رنگ و روپ اور فلسفہ روحل فقیر کی ہندی شاعری کا بھی ہے۔:

*اپنا روپ پچھان   سمجھ من درشن پہ ہے
تین لوک میں تمرا واسا   کاہے پھرت ہوئے اداسا
جان سکے کو جان ...

* تیرا صاحب تجھ ہی مانہیں، تم تجو اور آس   (سویل 2۔ ص 67-266)

اکثر مسلمان صوفیا نے ہندی زبان میں شاعری کی اور ان کے موضوعات اور مقاصد میں بھی ہم آہنگی ملتی ہے۔ یہ شاعری یقیناً اس مخلوط ہندو مسلم معاشرے کے پس منظر سے ابھرتی ہے جس میں یہ صوفیاء اپنے خیالات کا پرچار کر رہے تھے۔ ریاست بہاولپور میں بھی ہندو مسلم آبادی ایک ساتھ ہی رہتی تھی اور خواجہ فرید جیسے وسیع المشرب صوفی نے انہیں نظرانداز نہیں کیا۔ صوفی عبدالمجید ناز فریدی " فرید کے کلام پر دوسری زبانوں کے اثرات " کے عنوان سے ایک مضمون میں لکھتے ہیں کہ: " حضور کے کلام پر ہندی کا بہت اثر ہے اور آپ کے کلام میں ہندی کافیوں کو پڑھتے ہوئے خیال ہوتا ہے کہ آپ ہندی کے پورے ماہر و مشاق تھے اس میں شبہ نہیں کہ ہندی زبان اظہار درد کے لیے اور ہجر و فراق کے لیے ایک بہترین ذریعہ اظہار ہے۔ اور متقدمین نے بھی اپنی سماع کی محفلوں میں اس کلام سے ذوق حاصل کیا ہے۔ ہندی کلام کی ابتدا اکابر تصوف کی محافل سماع میں حضرت سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء دہلی کے زمانہ میں بیّن طور پر نظر آتی ہے۔ کیونکہ ان کے سچے عقیدت کیش حضرت امیر خسرو نے جو سنسکرت اور ہندی زبان کے بہت بڑے عالم تھے اکثر و بیشتر نوازا ہے اور امیر خسرو نے یہ سب چیزیں اپنی شیخ کی محبت میں پیش کیں اور حضور نے ان کو پسندیدگی کی نگاہ سے سنا اور تحسین فرمائی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور ہندی کو بھی بڑے شوق سے سماع فرماتے تھے اس کے بعد بھگت کبیر

جو ہندوؤں اور مسلمانوں میں ہر دلعزیز صوفی شاعر ہوئے ہیں اور مسئلہ تصوف کے ماہر تھے ہندی زبان میں اپنے جذبات و وجدان کا اظہار فرماتے رہے ۔ مغلیہ حکومت میں عبدالرحیم خان خاناں بھی ہندی کے بہت بڑے شاعر تھے یہی وجہ ہے کہ عوام میں ہندی کی طرف توجہ بیش از بیش ہوتی گئی ۔ گورونانک نے بھی جو عوام کے نزدیک زیادہ قابل قدر تھے غیر معمولی طور پر ہندی کلام سے ہی اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ۔ اس کے بعد خواجہ فخر جہاں صاحب دہلوی کے زمانہ میں بھی ہندی کے بے انداز مضامین اور تصوف کے مشکل مقامات کا اظہار ہوتا رہا ہے خاص طور پر علم موسیقی کے تال ، سُر اور تمام راگ راگنیاں اور ان کی ٹھمریاں ، خیال دھرپد وغیرہ جو عام طور پر ہندو لوگ عبادت کے طور پر استعمال کرتے تھے ، ہندی میں دکھائی دیتے ہیں ۔ اور موسیقی کی یہ تمام چیزیں اگرچہ امیر خسرو کے زمانہ سے پیشتر شروع ہو کر آج تک جدت کی طرف بڑھتی رہی ہیں ۔ لیکن ان کی زبان میں تبدیلی نہیں ہوئی ۔ چنانچہ آج بھی کلاسیکی موسیقی کو سنتے وقت تمام راگ کی ادائیگی کے لیے ہندی زبان ہی استعمال ہوتی ہے ۔ اسی انداز میں خیال کرتے ہوئے ہو سکتا ہے کہ حضور نے اپنے مشائخان طریقت کے ذوق کو سامنے رکھتے ہوئے اور ہندی کے پر سوز انداز کو دیکھ کر قدرتی طور پر ان کے فکر نے بھی صوفیانہ مقامات کو بھی ظاہر فرمایا ہو ۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے بھی ہندی زبان میں کافیاں فرمائی ہیں ۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ زمانہ ہندو مسلم اتحاد کا تھا اور بزرگان اپنی دینی تبلیغ کے لیے اپنے اخلاقی پہلو کو بلند رکھتے تھے ۔

(پریت مہار ۔ ص 85-84)

ہندی اور اردو کافیوں کی املا اور مصرعوں کے فرق کے لیے اسرار فریدی اور دیوان فرید کے تقابلی مطالعے کے چارٹس ملاحظہ کیجیے ۔ مولانا عزیز الرحمٰن کے دیوان میں ہندی کافیوں کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ چند مقامات تشریح طلب ہیں جن کے از سر نو مطالعے کی ضرورت ہے ۔ مثلاً کافی نمبر 70 کو لے لیجیے اس کافی کی استھائی / مطلع کے دونوں مصرعے ہر بند کے آخری دو مصرعوں سے ہم قافیہ ہیں یہ کرافٹ پوری کافی میں چلتی ہے ۔ استھائی ہے ۔

بندرا بن میں کھیلے ہوری شام دوارے میرو لال

اب آگے آنے والے انتروں یا بندوں میں ہر تیسرے مصرعے کا قافیہ " ہوری " کے وزن پر ۔ موڑی ، کٹوری ، نکوری ، توڑی ، چوری ہو گا اور ہر چوتھے مصرعے کا قافیہ " لال " کی مناسبت سے خیال ، تال ، گلال ، چال اور پتال ہے لیکن دیوان فرید کے چوتھے اور پانچویں بند میں بالترتیب " نکورے " اور " توڑے " لکھا گیا ہے جو یقیناً یائے معروف اور یائے مجہول ہی

کی غلط فہمی ہے لیکن اس سے پورے بند کے معنیٰ اور کافی کی شعریت متاثر ہوئی ہے۔ مثلاً پانچواں بند یوں لکھا گیا ہے۔

برج موں دھوم پری دھن لاگے　　ابھماں ٹوٹے کبدھیا بھاگے
بانہہ مرورے ، بنگری توڑے　　کنور کنہئی چنچل چال

اس بند کی لغات بھی توجہ طلب ہے مولانا نے " برج موں " کے معنیٰ " جہان میں " اور " دھن لاگے " کے معنیٰ " دھوم مچ گئی " لکھے ہیں۔ " کنہئی " کے معنیٰ نہیں دیئے۔ یہ بند درست یوں لکھا جائے گا۔

برج موں دھوم پڑی ، دھن لاگی　　ابھماں ٹوٹی ، کبدھیا بھاگی
بانہہ مروری ، بنگری توڑی　　کنور کنہئی ، چنچل چال

یعنی برج (کرشن سے متعلق علاقہ) میں دھوم پڑی ہے اور (میرے اندر) اس کی دھن سما گئی ہے۔ غرور اور لاعلمی دور ہوئی ہے کیونکہ میرے کنور کنہیا (یہ بھی کرشن جی کے نام ہیں) نے چنچل چال چل کر میری کلائی مروڑی ہے اور چوڑیاں (غلامی یا جہالت کی) توڑ دی ہیں۔ اس بند کی املا کی تصدیق " مکمل دیوان " سے بھی ہوتی ہے۔

اس کافی کی استھائی کے پہلے مصرعے کے " میں " کی جگہ اسرار فریدی اور " مکمل دیوان " میں " موں " لکھا ہوا ہے۔ تیسرے بند کا پہلا شعر دیوان فرید میں یوں ہے۔

ترکھٹ جمنا ترپھٹ ناؤں　　درمت دویت پاپ مٹاؤں

مولانا عزیز الرحمٰن نے " ترپھٹ " کے معنیٰ " سنسکرت لفظ ہیں۔ جی بھر کر ، اچھی طرح " لکھے ہیں غالباً سنسکرت میں یہ لفظ اس معنیٰ سے متعلق نہیں ہے " مکمل دیوان " میں یہ شعر یوں لکھا ہے۔

ترکھٹ جمنا ، تیرتھ ناؤں　　درمت دویت کے پاپ مٹاؤں

یعنی تین گھاٹ والے (ترگھٹ) جمنا پر جا کر مقدس غسل کروں اور لاعلمی (برائی ؟) اور دوئی کے پاپ کو مٹا دوں۔ " تیرتھ " کے معنیٰ غالباً زیارت گاہ یا مقدس مقامات کی زیارت سے متعلق ہیں۔ اس شعر کا مصرعہ ثانی اسرار فریدی میں بھی مکمل دیوان کے مطابق ہے۔

اس کافی کے چھٹے اور آخری بند کے پہلے مصرعے میں لفظ " واس " کو کاتب نے غلطی سے " داس " لکھ دیا ہے۔ آخری دو مصرعے یوں لکھے ہوئے ہیں۔

آتم سوں کی لاگے چوری　　ہوں میں سنسار ہت پتال

اس شعر کے لفظ " سنسار " کے معنی مولانا نے " دنیا " لکھے ہیں اور ترجمہ یوں کیا ہے :
" پاک روح کے ساتھ زوری زبر دستی دل لگاؤ ورنہ تحت الثریٰ میں آلائشِ دنیا لے جائیگی ۔ "
اسرار فریدی اور مکمل دیوان میں یہ شعریوں ہے ۔

آتم سوں دل لاگی جوری ہوں میں سنسا رہت پتال

اب یہ شعر اپنے معنی کے حوالے سے واضح ہے ۔ البتہ مصرعہ ثانی میں لفظ " سنسار " بمعنی " دنیا ۔ جہان " نہیں بلکہ " سنسا " بمعنی " وہم ۔ وسوسہ " ہے جسے روحل اور دیگر ہندی شعراء نے بھی برتا ہے اور " ہوں " بمعنی " دل " ہے جو سرائیکی میں " ہاں > ہیوں > ہوں " ہو گا " رہت " کے معنی ہوں گے " رہتا ہے " ۔

کافی نمبر 70 کے حوالے سے یہ ایک بہت ہی سرسری جائزہ ہے ۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ " دیوان فرید " کی تمام ہندی کافیوں کا سیاق و سباق کے حوالے سے ساختیاتی مطالعہ کیا جائے اور ہندی ادب کے ماہرین اس کام پر توجہ دیں ۔ راقم ہندی زبان سے کوئی زیادہ واقفیت نہیں رکھتا اس لیے چند سرسری اشاروں پر ہی اکتفا کیا گیا ہے

سندھی شاعری

سندھی زبان کے علاوہ سرزمین سندھ سے بھی خواجہ فرید کا قدیم تعلق تھا ۔ ان کے بزرگ ٹھٹھہ سندھ سے سہروردی صوفیاء کی دعوت پر ملتان کے قریب قصبہ " منگلوٹ " میں آن کر آباد ہوئے تھے جو آج بھی ان کے خاندان کا ایک روحانی مرکز ہے ۔ سرزمین سندھ کے روحانی اور ثقافتی رشتے آج بھی ملتان کے ساتھ استوار ہیں ۔ ملتان ، سندھ کا سیاسی اور ثقافتی دارالخلافہ ہونے کے ساتھ ساتھ روحانی مرکز بھی رہا ہے ، صدیوں سے سندھیوں کے قافلے " دم مدد بہاء الحق " کے نعرے لگاتے پا پیادہ ملتان کی زیارت کا سفر کرتے چلے آ رہے ہیں ۔ شاہ لطیف بھٹائی نے بھی دریائے سندھ کے راستے کشتی پر ملتان کا سفر کیا تھا ۔ (وفائی ، لطف اللطیف ، بھٹ شاہ 1991ء ، ص 96،95) ریاست بہاولپور کے بانی حکمران بھی سندھ ہی سے ہجرت کر کے سرائیکی خطے میں آئے تھے اس کے علاوہ " اچ " کا شہر بھی سندھ کا روحانی اور تاریخی مرکز رہا ہے ۔ جس کے ساتھ سندھیوں کے روحانی ، ثقافتی اور تاریخی رشتے ہیں ۔ سرائیکی اور سندھی وسیب کے یہ رشتے ایک مفصل کتاب کے متقاضی ہیں ۔ یہاں صرف خواجہ فرید کی دو سندھی کافیوں اور دیوان فرید کی دیگر کافیوں پر سندھی زبان کے اثرات کا اجمالی جائزہ لینا مقصود

ہے۔

مولانا عزیز الرحمن نے دیوان فرید کے دیباچے میں لکھا تھا کہ " ہماری اپنی زبان میں خواجہ صاحب علیہ الرحمۃ سے پہلے نمونہ کی شاعری موجود نہیں تھی۔ خصوصاً تغزل کا کوئی اچھوتا نمونہ موجود نہیں تھا۔ قصہ گوئی اور مثنوی کے تو اچھے اچھے نمونے موجود تھے، مگر تغزل کی روح جو دوسروں کے لیے باعث تقلید ہو سکتی تھی مفقود تھی۔ خصوصاً تصوف کا جزو تو بالکل ہی ناپید تھا۔ اس لیے خواجہ صاحب کے کلام کو بجائے تقلیدی کے اختراعی کہنا زیادہ موزوں ہے۔ چونکہ خواجہ صاحب عالم تھے اور عربی و فارسی شعراء کے کلام سے بخوبی واقف تھے، نیز اس کے ساتھ سندھی زبان بھی جانتے تھے اور سندھی میں شاہ لطیفؒ صاحب کے کلام سے انہیں خصوصی شغف تھا، اور سندھی زبان جاننے والوں کا یہ خیال بھی ہے کہ خواجہ کے کلام پر ان کا اثر غالب ہے، اس لیے یہ کہنا بے جا نہیں کہ اگرچہ اپنی زبان کا کوئی نمونہ پیش نظر نہیں تھا مگر مجموعی طور پر خیالات اور رنگ کلام پر فارسی اور سندھی سے حضور نے اثر قبول فرمایا ہے۔ دنیا کی بے ثباتی اور رنگ تصوف یہ دونوں مضمون فارسی اور سندھی میں بدرجہ اتم موجود ہیں اور یہی دو بڑی خصوصیتیں حضرت خواجہ کے کلام کی ہیں۔ " (ص 15)

1944ء کے بعد سے آج تک کسی بھی ماہر فریدیات نے مولانا عزیز الرحمن کی مذکورہ رائے کا تحقیقی جائزہ نہیں لیا۔ فریدیات کے مطبوعہ سرمائے میں سے میرے پاس جولائی 1962ء کے " ماہ نو " کراچی میں مطبوعہ ایک مضمون بعنوان " خواجہ فرید کی سندھی شاعری " موجود ہے۔ اس مضمون میں پہلی (اور غالباً آخری) بار مولانا عزیز الرحمن کی رائے سے اختلاف کیا گیا :

" مولانا عزیز الرحمن نے جو خیال ظاہر کیا ہے مجھے اس سلسلے میں کچھ عرض کرنا ہے خواجہ فرید سندھی اور فارسی کے عالم تھے، اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ خواجہ فرید کو شاہ عبداللطیف بھٹائی کے کلام سے بھی شغف تھا، اس میں بھی شک کی گنجائش نہیں۔ مگر یہ کہنا کہ ملتانی (سرائیکی) زبان میں کوئی اعلیٰ نمونہ شاعری کا موجود ہی نہیں تھا، اس لیے خواجہ فرید نے فارسی اور سندھی شاعری کو اپنا رہنما بنایا، ایک غلط مفروضہ ہے۔ خواجہ فرید کے کلام کا مطالعہ تعمق، غور و فکر اور ژرف نگاہی سے کیا جائے تو اس نظریہ سے اتفاق نہیں کیا جا سکتا۔ خواجہ فرید سے پہلے بھی ملتانی زبان میں غزل (کافی)، رباعی (دوہڑا) اور مثنوی کے اعلیٰ نمونے پائے جاتے تھے اور خواجہ نے نہایت گہری نظر سے ان کا مطالعہ بھی کیا تھا۔ میں اپنے مضمون مطبوعہ " پریت مہار " (بزم ثقافت۔ ملتان) میں خواجہ فرید کے پیش رو ملتانی شعراء کے کلام پہ

تفصیلی نظر ڈال چکا ہوں ۔ اور یہ واضح کیا ہے کہ ملتانی غزل (کافی) کتنی ترقی کر چکی تھی اور خواجہ نے ان شعراء سے کس قدر استفادہ کیا ہے ...

ملتانی غزل (کافی) ، قصیدہ ، مثنوی اور رباعی (دوہڑا) تو اپنی جگہ رہے ، ملتان کی عام اصناف سخن مثلاً مارو ڈھولا ، خیال چھلہّ (ایجاد سید میرن شاہ بہاولپوری) اور خیال گامنٹ یا مٹھا گامنٹ (ایجاد حضرت منشی حسن ملتانی) پر بھی خواجہ کی گہری نظر تھی ۔ خواجہ صاحب سے پہلے مثنوی کے بادشاہ لطف علی بہاولپوری (مصنف سیف الملوک) رباعی کے شہنشاہ حضرت علی حیدر ملتانی اور غزل (کافی) کے امام شاہ حسین ، منشی غلام حسن گامنٹ ، باغ شاہ ، کمال مگسی ، مستن ، جندن ملتانی اور حضرت نوروز ملتانی ادب میں اپنا نام اور مقام پیدا کر چکے تھے ۔ "

(میر حسان الحیدری ، خواجہ فرید کی سندھی شاعری ، ص 36)

مندرجہ بالا دونوں اقتباسات خواجہ فرید کے کلام کی تفہیم کے دو علیحدہ علیحدہ رخ پیش کرتے ہیں ۔ اس موضوع پر ممکن ہے 1962ء کے بعد بھی کچھ لکھا گیا ہو جو میری دسترس میں نہیں ہے البتہ اتنا ضرور ہے کہ وادی سندھ کی (سرائیکی ، سندھی ، پنجابی) کسی بھی زبان کی کافی یا کسی اور صنف کی صوفیانہ شعری روایت کا مطالعہ یہ ابہام ضرور پیدا کرتا ہے کہ یہ سب کچھ تو میرا دیکھا بھالا ہے ، پہلے سے سنا یا پڑھا ہوا ہے ، زبانوں کے قالب بدلتے رہتے ہیں ، کیفیات ، جذبات اور خیالات میں ایک مسلسل ہم آہنگی ملتی ہے ، خاص طور پر وحدت الوجودی صوفیاء کے درمیان ۔ یہی کچھ شاہ لطیف اور خواجہ فرید کے درمیان ہے ۔ دوسری اہم مماثلت صحرائے راجپوتانہ کے چولستان اور تھر کے خطوں کی وجہ سے ہے جو خواجہ فرید اور شاہ لطیف کے تجربوں کا حصہ بنے ۔

شاہ لطیف کی شاعری پر مولانا روم کے افکار کی واضح چھاپ ہے ۔ سچل عطار سے متاثر ہیں ، یہ اصول شعراء اور صوفیاء کی تاخیر و تقدیم کے حوالے سے ہر ایک پر منطبق ہوتا ہے اور خواجہ فرید نے بھی اپنے سے پہلے کے فارسی ، سرائیکی اور سندھی شعراء کو پڑھا ، عربی اور ہندی سے بھی متاثر ہوئے ، پنجابی شاعری کا مطالعہ بھی کیا اور سبھی کا عکس " دیوان فرید " میں جلوہ گر ہوا مگر وہ جو ایک بات ، جو ایک رنگ اور روح خواجہ فرید کی اپنی ہے وہ ان سب پر حاوی ہے جیسے شاہ لطیف مولانا روم پر ، سچل عطار پر حاوی ہیں البتہ یہ ضرور ہے کہ مولانا عزیز الرحمن کے سامنے شاید ملتان کے بابا فرید کے دوہے ، علی حیدر کی سی حرفیاں اور شاہ حسین کی کافیاں نہیں تھیں ، نہ ہی ان کی نظر میں حافظ جمال اللہ ملتانی اور منشی غلام حسن گامنٹ کی شیریں گفتاریاں

تھیں ، انہیں مولوی لطف علی بہاولپوری بھی یاد نہ رہے جن کے سیفل نامے کے ایک ایک جز کو ایام جوانی میں دو دو گھنٹے یاد کرنے کا اعتراف خود خواجہ نے بھی کیا ہے۔

یہ جو " دیوان فرید " کا رچا بسا شعری اسلوب ہے یہ راتوں رات وجود میں نہیں آگیا تھا اس کے پس منظر میں لگ بھگ آٹھ سو برس کی مستحکم سرائیکی شعری ریت ہے جس نے اپنی تکمیل خواجہ فرید کی زبان میں آکر کی ۔ یہ سرائیکی شعری ریت ، سرائیکی وسیب سے باہر سندھ کی شاعری پر بھی اپنے اثرات مرتب کرتی رہی ہے ۔ بابا فرید نے بھی سندھی شاعری کو متاثر کیا ۔ سندھ میں قاضی قاضن کے دیوان میں اور ان سے بھی پہلے سرائیکی شعری ریت موجود تھی ۔ خود شاہ لطیف کے " رسالے " میں سرائیکی کلام موجود ہے ایک پورا سُر " ہیر رانجھا " شاہ لطیف نے لکھا ، جی ایم سید کے مرتبہ مجموعے میں سرائیکی وائیاں (کافیاں) بھی شاہ لطیف کی شامل ہیں ۔ چند سندھی محققین کے نزدیک یہ الحاقی ہیں اور وہ کلام ہے جو شاہ لطیف کی محفلوں میں گایا جاتا تھا ۔ اگر یہ شاہ صاحب کا کلام نہ بھی ہو تب بھی اس کلام میں سے تو ہے جو شاہ لطیف اپنی راگ کی محفلوں میں سنتے تھے جو ان کے ہمعصر یا ان سے پہلے کے سرائیکی شعراء کا کلام تھا اس کے بعد روحل سے سچل سرمست تک سرائیکی شاعری نے سندھ کی ادبی فضا کی آبیاری میں اہم کردار ادا کیا ۔ یہ سارا عمل یک طرفہ نہیں بلکہ Reciprocal تھا ۔

سندھی شاعری نے بھی سرائیکی شاعری کے دامن میں بہت کچھ ڈالا ۔ سندھ میں ہونے والی سرائیکی شاعری کا اسلوب اور موضوعات اسی دھرتی سے مستعار ہیں جنھوں نے سرائیکی وسیب کے مرکزی خطے کی شاعری کو بھی متاثر کیا ، اس سلسلے میں سب سے اہم کردار سچل سرمست کی شاعری نے ادا کیا ۔ سندھ کے صوفیاء کی سماع کی محفلوں سرائیکی کلام اور سرائیکی وسیب کے صوفیاء کی محفلوں میں سندھی کلام گایا جاتا تھا ۔ صوفیاء کی درگاہیں اور خانقاہیں اس لسانی اور ثقافتی Communation کا سب سے بڑا مرکز تھیں ۔ اس میں وہ اہم دور بھی شامل ہے جب سندھی اور سرائیکی زبان اور ثقافت ملتان صوبے کی ماتحتی میں ایک ساتھ پروان چڑھیں اور سہروردی سلسلہ بڑے پیمانے پر سندھ میں پھیلا جس کا مرکز اچ اور ملتان تھا ۔ ان سب باتوں سے بڑھ کر سندھی اور سرائیکی زبانوں کی صوتیات ، صرف و نحو اور ذخیرہ الفاظ کی وہ ہم آہنگی ہے جو ذرا سے تغیر اور لہجے کی تبدیلی کی ساتھ ایک زبان کو دوسری میں تقریباً منقلب کر دیتی ہے ۔ اس کی خوبصورت مثال " دیوان فرید " کی کافی نمبر 120 اور 152 ہیں ۔ " شاہ جو

رسالو " میں بھی عربی ، فارسی اور ہندی کے علاوہ سرائیکی کے الفاظ ملتے ہیں جنہیں سندھی ابیات میں نگینے کی طرح جڑا گیا۔

سندھی اور سرائیکی زبانوں کے ان تاریخی ، ثقافتی اور لسانی رشتوں کا بھرپور اظہار خواجہ فرید کی شاعری میں ہوتا ہے۔ انہوں نے سرائیکی شاعری میں غالباً پہلی بار عمر ماروی اور مومل راڑو کی داستان پر کافیاں لکھیں (تقریباً چار کافیوں میں عمر ماروی اور پانچ میں مومل راڑو کی داستان کا ذکر ہے) اور لوک داستان سے ان کی شاعری کا غالب حصہ سی پنوں کی داستان سے متعلق ہے جو سندھ ، سرائیکی وسیب اور بلوچستان کے ثقافتی اور تاریخی رشتوں کی داستان ہے۔

(راقم کا مضمون " دیوان فریدمیں لوک داستانیں " مطبوعہ " سویل ۔ 2 " ملاحظہ کیجیے)

سندھی کافیاں

دیوان فرید میں دو مکمل سندھی کافیاں (نمبر 62اور 63) ملتی ہیں ۔ کافی نمبر 62 کا موضوع عشقیہ ہے مگر اس میں کسی داستان کی طرف واضح اشارہ نہیں ملتا ۔ یہ سی کی داستان سے متعلق بھی ہو سکتی ہے اور مومل راڑو کی داستان سے بھی یا کسی اور لوک کردار سے بھی اس کو وابستہ کیا جا سکتا ہے ۔ کافی نمبر 63 کا موضوع واضح طور پر " عمر ماروی " کی داستان ہے اور یہ غالباً سرائیکی خطے میں اس داستان پر لکھی جانے والی پہلی کافی ہے ۔ سندھ کے شعراء نے صحرائے تھر کی اس داستان کو اپنی شاعری کا موضوع بنایا ہے اور اس داستان کو کمال تک شاہ لطیف نے اپنے رسالے کے " سر مارئی " میں پہنچایا ہے کافی نمبر 63 کی استھائی ہے ۔

لج لوئی کین اتاریندیس ۔ تھنجا مخمل باہ میں باریندیس

ماروی عمر سے کہتی ہے کہ : " میں اپنی لاج کی لوئی (چادر) نہیں اتاروں گی اور تیرے مخمل کو آگ لگا دوں گی " یہ موضوع شاہ لطیف کے ہاں بھی ملتا ہے۔ اور یقیناً اس کافی اور اس داستان کے حوالے سے خواجہ فرید ، شاہ لطیف سے متاثر ہوئے ہیں ۔ " شاہ جو رسالو " کے سُر ماروی کی تیسری داستان کے ابیات دیکھیے :

پٹولا پنھواریوں مول نہ متھے کن
جُہ لاکھ رتائوں لوئیوں تہ سالئناں سونھن
انّ ایلا چنئوں اگری ، مخمل بافتن
سکھر بھانئیاں سومرا ، کھتے کھاں کھنبن
جا ڈیم ڈاڈاٹن سا لا ھیندے لج مراں (سُر ماروی ۔ 3.1)

ترجمہ : " پنھوار قوم کی عورتیں ریشمی لباس ہرگز نہیں پہنتیں ،
جب وہ لاکھ (سرخ رنگ) میں اپنی لوئیاں (چادریں) رنگتی ہیں
تو وہ (قیمتی) شالوں سے زیادہ زیب دیتی ہیں
اون سے کاتی ہوئی لوئی ، ریشمی لباسوں ، مخمل اور بافتوں سے زیادہ قیمتی ہے ،
اے (عمر) سومرا میں اپنے بوسیدہ لباس کو کلف دار قیمتی لباسوں سے زیادہ بہتر اور خوبصورت سمجھتی ہوں ،
جو (لوئی) مجھے میرے آباؤ اجداد نے دی ہے اسے اتارتے ہوئے مجھے للج سے موت آتی ہے " ۔
شاہ لطیف کا ایک اور بیت ہے ۔

ماروئیں شل ماٹیاں ، کھتھیوں جھریوں کھیر
اندر انج اکیر ، موں کھے پریں پنھوار جی (سُر ماروی ۔ 3.2)

ترجمہ : "اے کاش ایسا ہو کہ میں (عمر بادشاہ کے محلات سے نکل کر) اپنے مارو (غریب دیہاتی محبوب اور منگیتر) کے ساتھ دودھ ایسی سفید اور اجلی موٹی جھوٹی چادر پہن کر خوش رہوں ،
میرے اندر اپنے پنھوار محبوب کی طلب اور (نہ مٹنے والی) پیاس ہے " ۔
خواجہ فرید کی زیر بحث کافی کا مطلع ہی صرف ماروی کی لوئی کے ذکر سے شروع نہیں ہوتا بلکہ یہ " لوئی " اور " پریت کے کھتھرے " دیوان فرید میں اور مقامات پر بھی مذکور ہیں مثلاً موہل راٹو سے متعلق کافی نمبر 69 کے اشعار 20 اور 21 دیکھیں :

کھتھرے کھتھرے پریت دے ساڈے ڈوریئے ململ
اونی لوئی للج دی اطلس مشروع مخمل

یعنی پریت کے یہ موٹے جھوٹے اور بوسیدہ لباس ہمارے لیے ڈوریئے اور ململ سے بڑھ کر ہیں اور للج کی اونی شال (کم قیمت والی) اطلس ، مشروع اور مخمل (کے کپڑوں) کی طرح لگتی ہے ۔
مولانا عزیز الرحمٰن آخری شعر کے ترجمے میں بلھے شاہ کے شعر بھی تشریح کے لیے لاتے ہیں ۔

چٹی چادر نوں لاہ سٹ کڑیے پا فقیر دی لوئی
چٹی چادر نوں داغ لگے گا لوئی نوں داغ نہ کوئی

کافی نمبر 63 اپنے موضوع کے حوالے سے ماروی کے انہی جذبات کا اظہار کرتی ہے ۔
جن پر شاہ لطیف نے ایک پورا سُر تخلیق کیا ہے جو حب وطن سے عبارت ہے ۔ خواجہ فرید نے ماروی کے حوالے سے اس ایک سندھی کافی میں جو کچھ بیان کیا ہے ، شاہ لطیف نے اس کے

بیان کے لیے بیسیوں ابیات پر مشتمل " سُر ماریٔ " لکھا ہے جو زیادہ وضاحت اور فنکارانہ حسن کے ساتھ ماروی کی کیفیات اور جذبات کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہے اور بعض سخن شناسوں کے نزدیک شاہ لطیف کا سب سے حسین تخلیقی شاہکار ہے۔ تھر میں اپنے مارو لوگوں کے ساتھ بارشیں منانے کی خواہش کا اظہار شاہ لطیف ماروی کی زبان سے یوں کرتے ہیں۔

جھڑ پھڑ متھے ماریں ، جت چیہا ، چلڑ ، چک

اندر تھو اُنج مرے ، ساہ انیں جی سک (سُر ماروی ۔9.2)

ترجمہ : " میرے مارو لوگوں پر مینہ برسا ہے ، وہاں چیہوں (پرندہ) کی آوازیں ہوں گی پانی کی پھسلن ہو گی اور چک کے پودے لہلہا اُٹھے ہوں گے ،

میرے اندر (ان تک پہنچنے کی) گہری پیاس ہے اور میرے سانسوں میں انکی طلب رچی ہوئی ہے ۔ "

{ یہاں ایک بات کا ذکر بے محل نہ ہو گا کہ ہمارے حوالہ جاتی " شاہ جو رسالو " کے مرتب کلیان آڈوانی نے " چیہا " کے معنی " گھاس " لکھے ہیں جبکہ حقیقت میں یہ ایک صحرائی پرندے کا نام ہے جسے خواجہ فرید نے بھی چولستان کے حوالے سے اپنی شاعری میں جگہ دی ہے ۔

" کوئل مور ، چچونے ، چیہے ۔ شاغل گیت سٹاوٹ دے " (175.3)}

اپنے آبائی وطن تھر میں بارشوں کی خواہش مند ماروی کی زبان سے خواجہ فرید بھی کہتے ہیں کہ :

ہجے ہر دم ڈیہہ اباڻے مینہ　　　آہے سک ساڑیہ جی راتیوں ڈینہہ

ویٹھی دھانہہ کندیس ، ہنجوں ہاریندیس

ترجمہ : میرے آبائی دیس میں ہر دم بارشیں ہوں ۔ مجھے اپنے محبوب کی پیاس رات دن ہے جس کے لیے میں بیٹھی فریادیں کرتی اور آنسو بہاتی رہوں گی ۔

اس بند میں استعمال ہونے والے لفظ " ساڑیہ " کا اصل سندھی تلفظ " ساڻیھ " ہے مگر خود شاہ جو رسالو " میں اس کی دونوں املا لکھی ہوئی ملتی ہیں مثلاً :

* اُت اکنڈھی آھیاں ، تھں آتڻ تھں ڈیہہ

سندی جا ساڑیہ ، کھیہہ کھتوری بھانئیاں (سُر ماروی ۔11.2)

* رھبر تھی ریڑھیانس ، سونہارے ساڻیھ ڈے (سُر ماروی ، متفرقہ ۔7.6)

کلیان آڈوانی نے " ساڑیہ / ساڻیھ " کے معنٰی " وطن " لکھے ہیں اور یہی معنٰی " سندھی اردو لغات " میں بھی بیان ہوئے ہیں ۔ مولانا عزیز الرحمٰن نے ترجمے میں جو اس کے معنٰی " محبوب " کیے ہیں وہ درست نہیں ۔

آخری بند میں خواجہ فرید ماروی کی زبان سے کہتے ہیں ۔

بھ ماڑیوں ایں محلات جا گھر   آھے مرک فرید جو مارو تھر
دھوڑ سائگی اڑن جا چاریندیس

مصرعہ ثانی میں جو لفظ " مرک " استعمال ہوا ہے یہ " ملک " کو سندھی تلفظ میں ادا کرنے کی کوشش بھی ہو سکتی ہے مگر قرین قیاس نہیں ۔ یہ لفظ دیوان فرید میں ایک مصرعے میں یوں استعمال ہوا ہے ۔ جو سندھی ہی میں ہے ۔

بک شان وحدت جی مَرک (63.2.4)

مولانا عزیز الرحمن نے ہر دو مقامات پر اس کے معنی " خواہش اور مستی " وغیرہ لکھے ہیں ۔ کافی نمبر 63 میں خواجہ فرید نے " مرک " کی " ر " ساکن بالجزم استعمال کی ہے جبکہ کافی نمبر 64 میں اس کی " ر " مفتوح ہے جو ممکن ہے ضرورت شعری کی تحت کی گئی ہو ۔ " سُرمارئی " میں شاہ لطیف نے دو تین مقامات پر یہ لفظ استعمال کیا ہے ۔

چت جنیں جا چور ، سے مکھی "مرک" نہ کندیوں (سُرماروی ۔ 4.2.4)
(ترجمہ : جن کے دل چور چور ہو چکے ہیں وہ سروں پر تیل لگا کر " ناز نخرے " نہیں کریں گی)

کڑاین کروڑ جا ، چوڑا کوڑا جن
سو "مرک" ماروئڑن ، جنہاں لوک لج تھئے   (سُرماروی ۔ 3.6)

(ترجمہ : جن مارو عورتوں کی کلائیوں میں کرور (کچے شیشے) کی نقلی چوڑیاں ہیں وہ ان پر "فخر" کرتی ہیں (حالانکہ) لوگوں کو ان (کے پہنے) سے لاج آتی ہے)

کلیان آڈوانی نے مندرجہ بالا دونوں مقامات پر " مرک " کے معنی " فخر ۔ ناز نخرے " کے کیے ہیں ۔ فخر اور ناز کے یہی معنی دیوان فرید کے دونوں مقامات پر بھی لیے جا سکتے ہیں جو متن کے عین مطابق ہوں گے ۔ سندھی زبان میں " مرک " کے ایک معنی " مسکراہٹ ۔ زیر لب تبسم " کے بھی ہیں ۔

مندرجہ بالا بحث کے بعد کافی نمبر 63 کے آخری بند کے مناسب معنی یہی ہو سکتے ہیں کہ " عالیشان مکان اور محلات بھاڑ میں جائیں ، فرید کا فخر اور مان تو ماروؤں کا دیس تھر ہے ۔ جہاں جا کر میں اپنے خانہ بدوش چرواہوں کے گلے چراؤں گی ۔ "

ان " ماڑیوں " (عالیشان مکانوں) میں ماروی کی اداسی کی کیفیات شاہ لطیف بھی انہی الفاظ میں بیان کرتے ہیں ۔

پکھن جی پریت ، ماڑی سیں نہ مٹیاں (سُر ماروی ۔3.8.3)
(ترجمہ : جھونپڑوں کی پریت کے بدلے میں میں محلات قبول نہیں کروں گی)
محلیں ماندی ماریٔ ، ڈٹھیم منہہ ملُور (سُر ماروی 4.2.1)
(ترجمہ : میں نے ماروی کو محلوں میں اداس دیکھا ، اس کا چہرہ ملول تھا)
پکھا ایں پنھوار ، ڈٹھے موں ڈینہہ تھیا (سُر ماروی 4.7.4)
(ترجمہ : مجھے اپنے پنھوار (چرواہے) اور ان کے جھونپڑے دیکھے مدتیں بیت گئی ہیں)

جزوی سندھی اثرات

" دیوان فرید " کی دو مکمل سندھی کافیوں کے علاوہ مختلف کافیوں میں سندھی الفاظ اور مصرعے ملتے ہیں ۔ علاوہ ازیں سندھی لوک داستان " مومل رانُو " کے حوالے سے بھی ایک مکمل کافی اور چند کافیوں میں اس داستان سے متعلق شعر ملتے ہیں سندھ سے باہر کے شعراء میں سے " مومل رانُو " کی داستان پر بھی غالباً خواجہ فرید نے پہلی بار کافی لکھی ہے ۔ سندھ کی ان لوک داستانوں میں سے سی پنوں کی داستان تو صدیوں سے سندھی اور سرائیکی تہذیب میں سانجھی ہے البتہ باقی داستانوں سے خواجہ فرید کے تعلق میں چولستان یا روہی میں گذارے ہوئے اٹھارہ برس کا بھی عمل دخل ہے ، جہاں وہ لذت عشق سے بھی گذرے اور شادی بھی کی ۔ خواجہ فرید کے ملفوظات میں ہے کہ :

" آپ نے فرمایا کہ جب میں شہزادی مومل کے شہر لاورہ (لدروا) گیا تو مومل کے محلات کے آثار دیکھے ، کھنڈرات کے سوا کچھ نہ تھا ۔ میں نے رات کو خواب میں مومل کو بھی دیکھا جو اسی حسن و جمال اور عشوہ و ناز میں تھی ۔ یہ خواب کافی طویل تھا اور ساری رات دیکھتا رہا " ۔
(مقابیس المجالس ۔ ص 59۔1058)

اس حوالے سے خواجہ فرید کی کافی نمبر 26 لکھی گئی ہو گی جس کا مطلع سرائیکی آمیز سندھی میں ہے ۔

میڈا مٹڑا ماٹھوں کاک جا ۔ شالا راتا ایندم رات (26.1)

دیگر سرائیکی کافیوں 69 اور 71 وغیرہ میں " مومل رانُو " کی داستان کے حوالے موجود ہیں ۔ اس کے علاوہ کافی نمبر 64 ،72 ،120 ،140 ،151 ،152 ،169 اور 229 کے مطلعے یا استھائیاں مکمل یا جزوی طور پر سندھی میں ہیں کافی نمبر 120 کی استھائی ہے

سٹریں ہوت سدھانے ۔ ناہیں ہک تل ترس جتن میں

اور پوری کافی کی ردیف " میں " سندھی کی ہے ۔ سندھی زبان میں بھی " میں " کے معنی بعینہ وہی ہیں جو اردو میں ہیں ۔ سرائیکی زبان میں اس کا متبادل " وچ " ہو گا ۔ کافی نمبر 151 کی استھائی ہے ۔

نینہ نبھایا سخت برا ہے ۔ بار اجل سرباری بھلو

مولانا عزیز الرحمن لغات میں لکھتے ہیں کہ : " بھلو : سندھی لفظ ہے ، تعریفی معنوں میں بھلے کی معنی ہیں بہتر ۔ سندھی زبان میں یہ لفظ تعجب اور خوشی کے موقع پر استعمال ہوتا ہے ۔ " اس پوری کافی کی ردیف " بھلو " ہے ۔ اس سے اگلی کافی نمبر 152 کی استھائی ہے ۔

ہر دل جو دلدار یار منھنجو ۔ سوہنڑیاں جو سردار ۔ یار منھنجو

اس پوری کافی کی ردیف سندھی " یار منھنجو " بمعنی " میرا یار " ہے ۔ اس کافی میں استعمال ہونے والا لفظ " کتھ " سندھی اور سرائیکی ہر دو زبانوں میں " کہیں " کے معنی دیتا ہے ۔ ، سرائیکی میں ان معنی کے لیے لفظ " کتھائیں " بھی مستعمل ہے لیکن سندھی میں صرف " کتھ " ہی مستعمل ہے یہ پوری کافی سندھی اور سرائیکی لسانی رشتوں کی خوبصورت مثال ہے کہ ہر دو زبانیں بولنے والے اسے اپنی زبان کی کافی سمجھتے ہیں کہیں کہیں خالص سندھی الفاظ بھی شعر میں آ جاتے ہیں مثلاً ۔

کتھ بلبل کتھ گل جی صورت ۔ برگ کتھاں ، کتھ خار ، یار منھنجو !

اس شعر میں " جی " بمعنی " کی " خالص سندھی لفظ ہے جس کا سرائیکی متبادل " دی " ہو گا ۔

چند سندھی الفاظ اور مصرعوں کی مثالیں

دیوان فرید میں کچھ سندھی الفاظ اکثر مقامات پر یوں استعمال ہوئے ہیں کہ ان کے سندھی ہونے کا گمان نہیں ہوتا مثلاً ماڈھوں ، پاروچل (اس کا سرائیکی ورشن "پروچل " بھی دیوان فرید میں استعمال ہوتا ہے) ، جوہ جتن (خصوصاً لفظ " جتن " بمعنی شتربانوں کی / میں / سے / نے) وغیرہ ۔ چند مصرعوں میں سندھی الفاظ دیکھیے :

* کوئی ماڈھوں آئیں یار دا (14.1.1)

* متاں ماہی ماڈھوں گھلیا ہے (126.1.2)

* آھن قلندر روز و شب
پھنجی خودی میں خود غرق (64.1)

* ذاتاً فعلاً کل شے باطل
حق ہے فاعل بیو سبھ عاطل (72.1)

* باجھوں شغل حقیقی
بیو کل کوڑ تمام (80.7)

* دیداں تیر چلائن کاری
پلکاں کرن لڑائیاں (95.2.2)

(مصرعہ اولیٰ میں لفظ "چلائن" سرائیکی میں "چلاون" ہو گا جس کا سندھی متبادل "ھلائن" ہے جس کے وزن پر لفظ "چلائن" کہا گیا ہے۔ دیوان فرید میں ایسی ذو لسانی تخلیقی اختراعات اور بھی ملتی ہیں دیکھیں کافی نمبر 158.10.1 میں لفظ "گالھیاں" جو سندھی "گالھیوں" کے اصول پر گالہہ کا صیغہ جمع ہے جبکہ سرائیکی میں یہ "گالہیں" ہو گا اور 208.1.1 میں لفظ "دلیاں" جو "دل" کی سندھی جمع ہے نیز 219.17.1 میں دیکھیں لفظ "واریاں" جو سرائیکی "والیاں" کا سندھی متبادل بنایا گیا ہے)

* ہر جا ذات پنل جی۔ عاشق جاݨ یقین (140.1)

* نین نیناں ساں اڑدے لڑدے
لا کر ناز دے لٹکے (259.2)

* سوہݨا کوجھا صرف بہانہ
ہکڑو ہئ دل سمجھ سجاݨیں (226.5)

* سی کرہوں قطار
کیچ ڈہوں ہݨ ہݨ وے (229.1)

* جلدی موڑ مہار
پریں دو کھݨ کھݨ وے (229.8.2)

آخری دو مثالیں کافی نمبر 229 کی ہیں جن میں سے لفظ "ہݨ ہݨ" کے سندھی میں لغوی معنیٰ "مار مار" (فعل امر) کے ہیں اور مجازی معنیٰ "تیزی سے چل" کے ہیں اسی طرح "کھݨ کھݨ" کے لغوی معنیٰ "اٹھا اٹھا" (فعل امر) کے ہیں اور مجازی معنیٰ "تیز گام ہو۔ تیزی سے اٹھا کر لے چل" کے ہوں گے۔

مطالعہ متن (کافی نمبر 62)

اس کافی میں سب سے پہلے تو قابل غور بات یہ ہے کہ آیا یہ کافی مذکر کے صیغے میں لکھی گئی ہے یا مونث کے ۔ پورے " دیوان فرید " کے مزاج اور تراجم اور لغات کے مطابق بھی یہ کافی صیغہ مونث میں لکھی ہوئی ہے اس حوالے سے سندھی زبان کے قواعد کے مطابق کافی نمبر 61 اور 62 کے قوافی / ردیف کا لاحقہ " دس " نہیں ہو سکتا کیونکہ سندھی زبان میں کھائیندس ، پائیندس وغیرہ میں " دس " کا لاحقہ صیغہ مذکر کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ مونث کے لیے سندھی زبان میں " دِیَس " کا لاحقہ برتا جائے گا ۔ اس اصول کے مطابق زیر بحث دونوں کافیوں میں قوافی / ردیف گائیندیس ، نوائیندس یا ہاریندیس ، گاریندیس وغیرہ ہوں گے مذکورہ بالا دونوں کافیاں " مثنوی معدن عشق " اور " مجموعہ کافیاں " میں شامل نہیں ہیں البتہ " اسرار فریدی " میں یہ دونوں کافیاں موجود ہیں ۔ " اسرار فریدی " کے ساتھ ان کافیوں کا تقابلی جائزہ متعلقہ حصے میں شامل ہے البتہ چند باتوں کا ذکر یہاں بھی ضروری ہے ۔ پہلی بات تو یہی ہے کہ " اسرار فریدی " میں بھی لاحقہ مونث " دیس " مذکورہ دونوں کافیوں میں استعمال کیا گیا ہے ۔ علاوہ ازیں مصرعوں کی ترتیبِ کتابت یا تحریری انداز میں بھی فرق ہے کہ دو مصرعے ایک ہی مصرعے کی صورت میں لکھے گئے ہیں ۔ اسرار فریدی کی استھائی دیکھیں :

" عشق اسانجی جا آہے انصاف ڑے میاں ظلم نبھائیندیس تا بھی تھنجا تھورا گائیندیس "

مذکورہ مصرعے کا " ڑے میاں " دیوان فرید میں نہیں ہے البتہ اس بات کا اظہار کرتا ہے کہ یہ کافی بھی گائی جا چکی ہے اور غالباً گائیکی کی اصل صورت میں لکھی گئی ہے ۔ اس مصرعے میں سندھی زبان کے موافق " جا " کی بجائے " جو " بمعنٰی " کا " آنا چاہیے ۔ ممکن ہے یہ غلطی ناقلین کی ہو ۔ علاوہ ازیں لفظ " اسانجی " بمعنٰی " ہمارے " سندھی میں یائے مجہول کے ساتھ ہوگا ۔ اس میں ہائے ہوز بھی اضافی ہے جو سرائیکی محاورے میں برتی گئی ہے ۔ مصرعہ ثانی میں " نبھائیندس " کے بجائے " نبھائیندیس " ہوگا جو کہ " اسرار فریدی " میں درست لکھا گیا ہے ۔ " دیوان فرید " میں اس کافی کے دوسرے شعر کے مصرعہ اولیٰ میں ایک لفظ " جانب " (کی طرف) کم ہے جو کہ " اسرار فریدی " میں یوں موجود ہے :

" سجدہ جانب تھنجے جانب ، تھنجے گرد طواف "

اس مصرعے میں پہلا " جانب " بمعنٰی " محبوب " اور دوسرا جانب بمعنٰی " کی طرف " برتا گیا ہے ۔ یعنی اے محبوب سجدوں کا رخ بھی تیری ہی جانب ہے اور طواف بھی تیرے ہی گرد کر

رہی ہوں۔
تیسرے شعر کے مصرعہ اولیٰ میں لفظ "کیویں کیاں" لکھے گئے ہیں جبکہ اسرار فریدی میں "کیو کہیاں" لکھا ہوا ہے جسے اگر "اسرار فریدی" کے طرز کتابت سے ڈی کوڈ کر کے درست کیاجائے تو "کیہو کیاں" ہو سکتاہے جو عین سندھی محاورے کے مطابق ہے۔ سندھی لفظ "کیہو" بمعنیٰ "کیسا۔ کون سا" کو پہلے سرائیکی میں "کیویں" اور پھر سندھی میں "کئیں" بمعنیٰ "کیسے" بھی پڑھا گیا ہے (دیکھیں قیس فریدی)۔ اس شعر کے مصرعہ ثانی میں لفظ "گھول" کو اسرار فریدی میں "گھور" لکھا گیا ہے۔ جو سندھی تلفظ کے مطابق ہے اور سندھی اور سرائیکی زبانوں میں "ل" اور "ر" کی تبدیلی کے قاعدے کے مطابق بھی درست ہے۔ خواجہ فرید کے سرائیکی مزاج کے مطابق لفظ "گھول" بھی درست ہو سکتا ہے۔
چوتھے شعر میں "ملک ہے توہنجا" یعنی "تمہاری ملکیت ہیں" میں "توہنجا" جمع کی صورت ہےاور "ہے" سرائیکی میں واحد کے ساتھ لگتاہے (اس صورت میں لفظ "توہنجو" سندھی "تمہارا" (واحد) ہونا چاہیے) جس کا سندھی متبادل یہاں "آ" بمعنیٰ "ہے" ہوگا ممکن ہے خواجہ فرید نے اپنے سرائیکی لہجے میں یہ مصرعہ یوں ہی کہا ہو جیسے لکھا گیا ہے۔ شعر کے مصرعہ ثانی میں لفظ "اوانجھے" بھی سرائیکی لہجے میں کہا گیا ہے۔ اصل سندھی لفظ "اوھانجے" ہے۔
پانچویں شعر کے مصرعہ اولیٰ میں بھی سرائیکی "ہے" کو سندھی "آ" (آھے کا مخفف) بمعنیٰ "ہے" کے متبادل کے طور پر برتا گیا ہے اور "تھنجو" (واحد) کی جگہ "تھنجا" بمعنیٰ "تمہارے (جمع)" برتا گیا ہے۔ یہاں "چوییندس" کی املا بھی غلط ہے درست لفظ "چوندیس" یعنی "کہوں گی" ہے۔
آخری اور چھٹے شعر کے مصرعہ اولیٰ میں بھی خواجہ فرید نے سندھی "جی" کے بجائے سرائیکی "دی" بمعنی "کی" برتا ہے۔ اور مصرعہ ثانی کے لفظ "بھائیندیس" کے معنیٰ "پسند آوں گی" کے ہیں سندھی زبان میں "ماں بھایاں تھو" کے ایک معنیٰ "میں سمجھتاہوں یا میرا خیال ہے" کے بھی ہوتے ہیں جو اس شعر میں مراد نہیں ہیں۔

مطالعہ متن کافی نمبر 63

اس کافی کی ردیف اتاریندس ، ہاریندس وغیرہ کے سلسلے میں ہم گزشتہ کافی میں تفصیل دے چکے ہیں کہ یہ صورت صیغہ مذکر کی ہے۔ اور صیغہ موٴنث کی صورت "اتاریندیس ، ہاریندیس"

وغیرہ ہو گی جو کہ اسرار فریدی میں موجود ہے
اس کافی کی استھائی کے مصرعہ ثانی میں لفظ " بھا " کو اسرار فریدی میں " بھاہ " لکھا گیا ہے آگ کو سندھی میں " باہ " کہتے ہیں جو سرائیکی کے جنوبی لہجے (ضلع رحیمیار خان) میں بھی اسی طرح استعمال ہوتا ہے۔ اسرار فریدی کا لفظ اصل سندھی لفظ سے زیادہ قریب ہے یعنی لفظ کے اختتام پر ہائے ہوز کی پوری آواز نکلتی ہے۔
دوسرے بند میں لفظ "کمر و دغا" نہیں بلکہ "کمر دغا" ہے جو اسرار فریدی میں بھی واؤ کے بغیر لکھا ہوا ہے سرائیکی اور سندھی زبانوں میں عام طور پر یہ واؤ نہیں برتی جاتی۔ مصرعہ ثانی میں سندھی " جوں " کی بجائے خواجہ فرید نے سرائیکی سندھی میں لفظ " جیاں " بمعنی " کی (جمع) " برتا ہے۔ اس مصرعے میں سندھی لفظ "گالھیوں" بمعنی " باتیں " کا تلفظ بھی سرائیکی انداز میں "گارھیوں" کیا ہے جو سرائیکی اور سندھی زبانوں میں " ر " اور " ل " کے صوتیوں کی رواجی تبدیلی کے زیر اثر ہوا ہے۔ حالانکہ سرائیکی الفاظ وال ، چال ، پال ، وغیرہ کی سندھی میں وار ، چار ، پار ، میں تبدیلی کا یہ اصول "گالھیوں" کے ضمن میں عام طور پر مستعمل نہیں ہے مگر خواجہ فرید نے یہ وجدانی تصرف کیا ہے۔ ان کے ہاں لفظ اپنی موسیقیت دریافت کر لیتے ہیں جو معانی سے جدا بھی نہیں ہونے دیتی اور زبانیں یا الفاظ ان کے ہاں کسی سچائی تک پہنچنے میں رکاوٹ نہیں بنتے۔ یہی صورتحال تیسرے مصرعے کے لفظ "گارہندیس" کی ہے جس کا سندھی متبادل اصل میں "گالھائیندیس" ہے۔
تیسرے مصرعے کا لفظ " وہڑ بچن " اسرار فریدی میں " وہڑیچن " ہے جو سندھی میں " ویڑھیچن " مستعمل ہے۔ " اسرار فریدی " کے اصولِ کتابت و املا کے مطابق یہ لفظ درست لکھا گیا ہے۔
تیسرے بند کے مصرعہ اولیٰ میں سندھی " جا " بمعنی " کے " کی بجائے " جو " بمعنی " کا " ہونا چاہیے اور دوسرے مصرعے میں " سہنجا " (بمعنی ہمارے) جو سندھی " اسانجا " کی سرائیکی صورت ہے کی جگہ " سہنجو " یا " اسانجو " بمعنی ہمارا (واحد) " ہونا چاہیے۔ ممکن ہے یہ بھی حضرت خواجہ کے لسانی تصرفات کا حصہ ہو یا ناقلین کی غلطی ہو۔ البتہ مصرعہ ثانی کا آخری لفظ " وطن " اسرار فریدی میں " امن " ہے جو زیادہ قرین قیاس اور درست لگتا ہے۔ اس بند کے تیسرے مصرعے میں " سینگین سال " کی بجائے اسرار فریدی میں " سینگین سانگ " ہے۔ دونوں دیوانوں کے مصرعے معانی کے لحاظ سے مکمل ہیں البتہ سندھی کافیوں کے

معاملے میں " اسرار فریدی " کی کافیاں زیادہ درست لگتی ہیں اور ترجیح کی مستحق ہیں۔
چوتھے بند کے مصرعہ ثانی کا قافیہ / ردیف " ویاں " کا سرائیکی اور سندھی متبادل " ونجاں " بمعنی " جاؤں " ہے۔ معلوم نہیں کیوں یہاں لفظ " ویاں " لکھا جاتا رہا ہے۔ تیسرے مصرعے کا لفظ " جاتھی " اصل میں " جاتھے " بمعنی " جہاں " ہے یہاں بھی تقریباً تمام مرتبین یائے معروف اور مجہول کی غلطی اور سندھی سے ناواقفیت کو دہراتے رہے ہیں البتہ قیس فریدی نے یہ لفظ درست کر دیا ہے۔
پانچویں بند کے مصرعہ اولی میں لفظ " ہوجے " نہیں " ہجے " ہے مصرعہ ثانی میں " ساڑیہ " سندھی بول چال میں " ساٹیھ " بمعنی " دیس ۔ وطن " ہے۔ تیسرے مصرعے میں "کندس " کی بجائے "کندیس " (موءنث) ہو گا۔
چھٹے اور آخری بند کے دوسرے مصرعے میں لفظ " آکھے " نہیں بلکہ " آہے " سندھی بمعنی " ہے " ہے اور اسرار فریدی میں درست لکھا ہوا ہے۔ آخری مصرعے میں درست لفظ " وہنڑ " نہیں بلکہ " دھنڑ " بمعنی "مویشیوں کے گلے " ہے اور " سانگے اڑن " کی بجائے " سانگی اڑن " درست لفظ ہے (اس لفظ کی وضاحت لغات کے حصے میں ملاحظہ فرمائیں) اس مصرعے میں " جے " کی بجائے " جا " بمعنی " کے " ہونا چاہیے۔ قیس فریدی نے یہ لفظ تو درست کر دیا ہے لیکن بقیہ مصرعہ درست نہیں کیا۔

پنجابی اثرات

" دیوان فرید " میں پنجابی الفاظ اور محاورہ بھی ملتا ہے مگر یہ جزوی اور محدود ہے جس طرح سندھی ، برج اور ہندی میں خواجہ فرید نے مکمل کافیاں کہیں (یا اردو میں ایک مکمل دیوان لکھا) اس طرح کوئی پوری کافی پنجابی زبان میں نہیں کہی اور نہ ہی فارسی یا عربی کی طرح التزام کے ساتھ پنجابی مصرعوں پر مشتمل کوئی کافی کہی ہے البتہ مختلف مقامات پر پنجابی الفاظ اور محاورے یا کوئی اور مصرعہ ملتا ہے جن کا ایک اجمالی جائزہ پیش ہے۔

(i) " نوں " بمعنی " کو " کا استعمال

دیوان فرید میں مختلف مقامات پر پنجابی حرف عطف " نوں " ملتا ہے اس کا قصہ بھی عجیب ہے۔ "دیوان فرید " کے مختلف نسخے کہیں اس کا سرائیکی متبادل " کوں " استعمال کرتے ہیں اور کہیں

پنجابی " نوں " ۔ اتفاق سے یہ دونوں روپ اوزان شعر میں رکاوٹ نہیں ڈالتے اس لیے اکثر مقامات پر بڑی آسانی کے ساتھ یہ الفاظ متبادل استعمال ہوتے رہتے ہیں ۔ مثلاً " اسرار فریدی " میں اکثر ان مقامات پر " نوں " کا استعمال کیا گیا ہے ، جہاں " دیوان فرید " میں " کوں " لکھا گیا ہے ۔ بلکہ یوں لگتا ہے کہ اسرار فریدی میں پورے التزام کے ساتھ "کوں " کو " نوں " کے ساتھ تبدیل کر دیا گیا ہے ۔ صرف یہ ایک لفظ نہیں بلکہ " تیڈا " کو " تیرا " اور "میڈا " کو " میرا " میں بھی اکثر مقامات پر تبدیل کیا گیا ہے ۔ اسی طرح کہیں کہیں " تیکوں " کو " تینوں " اور " میکوں " کو " مینوں " بھی کیا گیا ہے ۔

اسرار فریدی میں " نوں " اور " میرا " " تیرا " وغیرہ کی تبدیلی کا یہ التزام اس شک کو ہوا دیتا ہے کہ اس دیوان میں یہ تبدیلی دانستہ کی گئی ہے کیونکہ یہ ممکن نہیں ہے کہ خالص سرائیکی میں شاعری کرنے والے خواجہ فرید نوے فیصد مقامات پر سرائیکی لفظ "کوں " اور " میڈا " ، " تیڈا " استعمال نہیں کرتے بلکہ " اسرار فریدی " سے تو ظاہر ہوتا ہے کہ ان سے پرہیز کرتے ہیں ۔ علمی لحاظ سے تو یہ یقیناً ایک قابل توجہ بحث ہے لیکن عملی طور پر سرائیکی خطے میں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا اس لیے کہ خواجہ فرید کی زبان اور شاعری سرائیکی وسیب کے باسیوں کے لیے روز مرہ کی بول چال اور زندگی کا حصہ ہے وہ اپنے تجربے اور وجدان کو سند مانتے ہیں ۔

البتہ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ خواجہ فرید نے اپنی کافیوں میں " نوں " کا لفظ بھی استعمال کیا ہے اور اس سے مشتق " مینوں " ، " تینوں " اور " اسانوں " جن کے سرائیکی متبادل "میکوں " ، " تیکوں " اور " اساکوں " ہیں ، بھی برتے ہیں مگر اس کثرت کے ساتھ نہیں جیسے " اسرار فریدی " میں کیا گیا ہے ۔

مولانا عزیز الرحمٰن کے مرتبہ معیاری " دیوان فرید " میں مندرجہ ذیل کافیوں میں " نوں " اور اس کے مشتقات ملتے ہیں

8،37،65،86،90،91،98،107،119،121،123،185،210،213، 219،224،

225،226،234،235،253، 267.

کافی نمبر 91 " اے حسن حقیقی نور ازل ، تینوں واجب تے امکان کہوں " میں تقریباً ہر دوسرے مصرعے میں " تینوں " اور " کہوں " کے الفاظ برتے گئے ہیں ۔ " کہوں " اردو کا لفظ ہے اور تینوں پنجابی کا ، اگر اردو " کہوں " کے ساتھ پنجابی لفظ " تینوں " کے بجائے " تیکوں " لگا دیا جائے یا اردو کہوں کے بجائے سرائیکی " آکھاں " لگا دیا جائے تب بھی کافی

پر بظاہر کوئی فرق نہیں پڑتا کہ ؎

اے حسن حقیقی نور ازل   تیکوں واجب تے امکان آکھاں

لیکن یہ الفاظ خود خواجہ فرید نے کہے ہیں جن کے نزدیک الفاظ تو حقیقت تک رسائی کا ایک ذریعہ ہیں ، خود مقصود نہیں ۔ الفاظ اور زبانوں کی بحث خواجہ فرید کی کیفیت کے سامنے ثانوی حیثیت رکھتے ہیں ۔

اسی طرح کافی نمبر 119 " سکھ ریت روش منصوری نوں ۔ ہݨ ٹھپ رکھ کنز قدوری نوں " میں پوری کافی کی ردیف " نوں " ہے اس کافی میں بھی " نوں " کو " کوں " سے تبدیل کر دیا جائے تو پوری کافی پر بظاہر کوئی فرق نہیں پڑے گا لیکن وسطی پنجاب کے لوگوں تک خواجہ فرید نے اپنا پیغام پہنچانے کے لیے کافی کو جو پنجابی رنگ دیا ہے وہ یقیناً متاثر ہو گا ۔

(ii) دیگر پنجابی الفاظ

دیوان فرید میں " نوں " اور اس کے مشتقات کے علاوہ " میڈا " کی جگہ " میرا " اور " تیڈا " کی جگہ " تیرا " یا " میریاں " اور " تیریاں " بھی کہیں کہیں ملتے ہیں ۔

* سوہݨیاں رمزاں تیریاں بھانودیاں (121.1.1)
* را نجھݨ جوگی میرا بیٹا (210.4.1)
* شالا پا کے پھیرا ، پچھے حال او میرا (236.3.2)

ویسے تو لفظ " میرا " پر پنجابی کے لسانی گروہ کی ایک رکن " اردو " زبان بھی دعوی کر سکتی ہے لیکن خواجہ فرید نے غالباً یہ لفظ پنجابی حوالے سے استعمال کیا ہے ۔ دیوان فرید سے چند اور مصرعے دیکھیے جن میں پنجابی الفاظ اور انداز ملتا ہے ۔

* چھڈ گیا ڈھولا یار ازاری (49.4)
* او دل چوٹ چلاندیاں (75.7)
* شالا سجݨ کولے وسن (107.2)
* زورے رگ رگ نوں ڈنگدیاں (123.5)
* چھڈ گیا را نجھݨ سردا والی (185.7)
* ہوت نہ جاویں چھڈ تے (202.5)
* چھڈ کر ورد تے زہد عبادت
نت کردے درد پرستی (211.2)

* ساتھی پنل چھڑ مگیو پرے (212.4)
* فخر پیا توں بل بل جاواں (218.6)
* ہر جا اس دا عین ظھورے (218.7)
* بطن بطون توں ظاہر ہویا
عربی تھی کر ملک نوں موہیا (227.6)
* رنگ برنگی اسدے دیرے (227.2)
* وسو وی اکھیاں گھن گھوراں لاکے (261.1)

مندرجہ بالا مصرعوں میں " چھڑ " پنجابی اور سندھی میں ہم معنی ہے اور وادی سندھ کی ان دونوں زبانوں کے درمیان مشترک ذخیرہ الفاظ میں سے ایک ہے ۔ چلا ندیاں ، ڈنگدیاں ، اور کردے کی سرائیکی صورت بالترتیب چلیندیاں ، ڈنگیندیاں اور کریندے ہوگی ۔ "جاواں " کا سرائیکی متبادل " ونجاں " ہے ۔

اس قبیل کے چند اور الفاظ بھی " دیوان فرید " میں مل جاتے ہیں مگر یہ شعوری یا غیر شعوری طور پر وادی سندھ کی کافی ریت کی " سانجھ " کی طرف لے جانے والے الفاظ ہیں جو شاہ حسین سے بلھے شاہ تک اور بلھے شاہ سے سچل اور خواجہ فرید تک کی کافی ریت میں ملتے ہیں ۔ یہاں پر اس بحث کا تفصیلی موقع نہیں ہے کہ پنجابی اور سرائیکی زبانوں کے شاعروں کے درمیان جو مشترک ذخیرہ الفاظ ہے ۔ اس کی بنیاد پنجابی ہے یا سرائیکی ؟ پنجابی دانشور محمد آصف خان کے مطابق : " پنجابی دی کلاسیکی شاعری دی بولی لہندی قرار پائی " (تک سک ۔ ص 266)

یہ " لہندی " کیا ہے اور اس کا مرکز کہاں ہے ؟ اس کا پھیلاؤ کیا ہے ؟ پنجابی اور سرائیکی زبانوں کے ساتھ اس اصطلاح کا کیا رشتہ ہے ؟ اس کی تفصیل دیکھنے کے لیے ہمیں اس اصطلاح کو رواج دینے والے مستشرق جارج گریئرسن کی تحقیق سے رجوع کرنا پڑے گا جس کے مطابق " لہندی " سے مراد سرائیکی زبان ہے جس کا مرکز ملتان ہے اور پنجابی زبان کا بنیادی ڈھانچہ اسی لہندی سے مستعار ہے جس پر مغربی ہندی کے اثرات پڑے تو یہ موجودہ پنجابی کی صورت اختیار کر گئی

(سرائیکی مطالعے دے سو سال ۔ ص 88)

سرائیکی اور سندھی کی طرح پنجابی ایک علیحدہ اور مکمل زبان ہے اور " دیوان فرید " میں خالص پنجابی الفاظ بھی ملتے ہیں جنہیں سندھی ، اردو اور ہندی زبانوں کے الفاظ کی طرح خواجہ فرید نے سرائیکی میں یوں سمویا ہے کہ ان کے غیر ہونے کا احساس نہیں رہتا ۔ اس احساس میں

صرف سندھی ، اردو ، ہندی اور پنجابی الفاظ ہی کو امتیاز نہیں بلکہ عربی اور فارسی تک کے الفاظ بھی " جبل " سے " جبلڑے " بن کر سرائیکی کے سانچے میں ڈھل جاتے ہیں ۔ وادی سندھ کی پوری شعری ریت میں یہ خواجہ فرید کی کرافٹ کا امتیاز ہے ۔ ان کی کافیوں میں سرائیکی زبان ، رنگ کی ایک بھرپور گہری اور نمایاں لہر کی طرح پھیلتی ہے جس میں دوسری زبانوں کے الفاظ ، اس رنگ کے ایک مدہم شیڈ کی مانند مدغم ہوتے دکھائی دیتے ہیں ۔ خواجہ فرید کے ہاں مختلف زبانوں کے الفاظ کا استعمال نہیں بلکہ ادغام یا وصال ہوتا ہے ۔

متن میں کتابت کی غلطیوں کے بارے میں چند وضاحتیں

36.6.1 ما پیو ویری مول نہ بھاندے　　　　مٹھیں ڈیوم بردے باندے

سینگیاں سرتیاں کردے عار

دیوان فرید مں مصرعہ اولی کا لفظ " ویری " درست کر کے " ویڑھے " اور تیسرے مصرے کا لفظ " کردے " درست کر کے کردیاں کر دیا گیا ہے۔ جس کی تصدیق " معدن عشق " اور " اسرار فریدی " سے بھی ہوتی ہے۔

37.8.3 ملوانڑے دے وعظ نہ بھانڑے　　　　بے شک ساڈا دین ایمانے

ابن العربی دی دستور

دیوان فرید میں اس بند کے تیسرے مصرعے میں " دی " کی بجائے " دا " آنا چاہیے۔ یہ غلطی " مجموعہ کافیاں " اور اسرار فریدی " میں بھی ہے۔ " معدن عشق " میں یہ کافی موجود نہیں ہے

37.11.2 ریت فرید دی پٹھڑی ساری　　　　رہندا صوم و صلوتوں عاری

رندی مشرب ہے مشہور

دیوان فرید میں مصرعہ ثانی میں " صوم و صلوتوں " کا " واوَ " اضافی ہے جو شعر کے وزن پر بھی اثر انداز ہوتا ہے۔۔ " مجموعہ کافیاں " اور " اسرار فریدی " میں یہ لفظ " صوم صلوٰتوں " ہے۔

39.6.3 وسریاں رنگ رنگیلیاں جاہیں　　　　باغ بغوچڑے ٹھڈڑیاں چھائیں

سہرے گانے گہنڑے یار

ترجمہ : " ...گانے، گہنے اور ہار بھی اس ضمن میں فراموش ہو چکے ہیں۔ "

دیوان فرید میں اس بند کے تیسرے مصرعے میں " ہار " کی جگہ " یار " لکھا ہوا ہے جو غالباً کاتب کی غلطی ہے کیونکہ ترجمے میں " ہار " ہی کا ذکر ہے اسرار فریدی اور معدن عشق میں بھی " ہار " ہی لکھا ہوا ہے۔

50.1.1 سمجھ سنجاتڑیں غیر نہ جاتڑیں　　　　سبھ صورت ہے عین ظہور

لغات : سنجاتی : پہچان لے

مذکورہ بالا لفظ " سنجاتڑیں " اگر دیوان کی املا کے مطابق ہے تو اس کا معنی " میں نے پہچان لی "

بھی ہو سکتا ہے اور " چاتڑیں " کا مطلب ہو گا " میں نے جان لی " ۔ اگر یہ لفظ خطابیہ ہیں جیسا کہ مولانا نے ترجمہ اور تشریح میں بتایا ہے کہ خواجہ فرید راہ سلوک پر چلنے والے سے مخاطب ہیں تو یہ لفظ " سنجاتیں " (تو پہچان لے) اور " جاتیں " (تو جان لے) لکھے جانے چاہییں ۔ املا کی یہ غلطی کافی نمبر 225.2.3 اور 2، 264.2.1 میں بھی ہے ۔

76.1.1 کیویں تو فرد تے جز سڈاویں　　　توں کلی توں کل

دیوان فرید کے پہلے مصرعے میں لفظ " کیویں " کی بجائے " کیوں " ہونا چاہیے ۔ اسرار فریدی میں لفظ " کیوں " ہے ۔

77.4.1 روندیں رڑدیں کوکاں کردی　　　آہیں بھردی جکھ جکھ مردی

عشق اولڑا جی جنجال

پہلا مصرعہ " روندی رڑدی کوکاں کردی " بھی ہوسکتا ہے ۔ اسرار فریدی سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے ۔

82.7.3 جیں سنگ دلڑی اڑا　　　جیندے ناز مسایم

پہلے مصرعے میں لفظ " اڑا " نہیں بلکہ اڑاپے " ہے کیونکہ اس پوری کافی کے ہر بند کے تیسرے مصرعے کا قافیہ کاپے ، جاپے ، ڈوراپے ، ڈوچاپے ، پرتاپے وغیرہ ہے ۔ اسرار فریدی اور معدن عشق سے بھی یہی تصدیق ہوتی ہے ۔

84.3.4 کتھاں ملاں تے منصور ڈٹھم　　　کتھ چوب رسن تے وار ڈٹھم

اس شعر کے دوسرے مصرعے میں لفظ " وار " نہیں بلکہ " دار " ہے مولانا نے لغات میں بھی لفظ " دار :سولی " لکھاہے ۔ اور ترجمہ بھی " سولی " ہی کیا ہے ۔ یہ کتابت کی غلطی ہے ۔

89.5.1 واٹ نہاراں کانگ اڈاراں　　　پنڈت جوسی دے کن کھاواں

سو پونج ہاراں فالاں پاواں　　　اوسی میڈا یار کڈاہیں

اس بند کے پہلے مصرعے میں قافیہ " اڈاراں " کی بجائے " اڈاواں " ہونا چاہیے کیونکہ اس سے متعلقہ باقی دو مصرعوں میں " کھاواں " اور " پاواں " دو قافیے ہیں ۔ یہ بھی کتابت کی غلطی لگتی ہے ۔ اسرار فریدی سے اس کی تصدیق ہوتی ہے ۔

90.2.1 بھل گیاں رسماں ریتڑیاں　　　جیں ڈینہہ لگڑیاں پیتاں

بٹھ پے خویش قبیلڑے　　　پر بک تینوں چاہاں

اس بند کے پہلے مصرعے میں " ریتڑیاں " کی بجائے " ریتاں " زیادہ قرین قیاس لگتا ہے ۔

کیونکہ اس سے اگلے مصرعے میں قافیہ " پیتاں " ہے ۔ گو کہ اس کافی کے ہر بند میں پہلے تین مصرعے کسی قافیہ بندی سے آزاد ہیں مگر پھر بھی " ریتاں " قابل توجہ ہو سکتا ہے ۔ (تبدیلی نہیں کی گئی)

92.4.4 جیندے نال محبت جکڑی ہے — لگی شہر ملامت پھکڑی ہے
دل مٹھوں سٹھڑوں تکڑی ہے — نسے ڈردے مہنیں کنوں

اس بند کا چوتھا مصرعہ وزن سے خارج ہے ۔ غالباً اس میں سے کوئی لفظ کتابت سے رہ گیا ہے اس کافی کی استھائی ہے

اے ریت سکھی ہئ کیں کنوں — ڈھولا لک چھپ ہنڈیں میں کنوں

یہ کافی " معدن عشق " اور مجموعہ کافیاں " میں نہیں ہے اسرار فریدی میں مذکور مصرعہ " نسے ڈردے مہین دیں کنوں " لکھا ہوا ہے جس کی سمجھ نہیں آ سکی ۔

92.7.4 بو صدق وفا دی آندی ہے — انہیں ساویں سنڑیں لیں کنوں

دوسرے مصرعے میں " ساویں " (مذکر) کے معنی دیتا ہے اس کی جگہ " ساوئیں " (یا ساوییں) ہونا چاہیے ۔ علاوہ ازیں "سنھڑیں " لفظ " سن " یا " مرطوب " (دیکھو مولانا عزیز الرحمن کی شعر سے متعلق لغات) کی تصغیر نہیں بلکہ " سنہی " یعنی " دبلی ۔ پتلی " کی تصغیر ہوتی ہے ۔ سن (مرطوب ، تر ، آبدار) کی تصغیریا جمع " سنڑئیں / سنڑیں " ہو گی ۔

93.7.3 نہ انیت دی علت ہے — نہ حساتوں نہ عصیانوں

مولانا عزیز الرحمن نے اس شعر کی لغات میں " انیت " کی بجائے " انانیت : اگر مگر ۔ شرائط غرور " لکھا ہے صحیح لفظ کیا ہے اس پر غور ہو سکتا ہے ۔ معدن عشق میں یہ کافی نہیں ہے ۔ " مجموعہ کافیاں " میں لفظ " انینیت " لکھا ہوا ہے ۔

95.2.3 واہ ساول دی دھار کجلدی — بے شک تیغ اجل دی
دیداں تیر چلائن کاری — پلکاں کرن لڑائیاں

اس بند کے تیسرے مصرعے میں " چلائن " کی بجائے " چلاون " بھی ہو سکتا ہے ۔

105.2.3 جکھ جکھ کراں دھاہیں ہوں — ڈکھ ڈکھ کڈھاں آہیں ہوں
ڈکھ ڈکھ اٹھن بھائیں ہوں — اک چک پیاں دھیراں ہوں

اس بند کے تیسرے مصرعے میں " بھائیں " کی بجائے " بھاہیں " (ڈاکھنی لہجے میں " باہیں ") ہونا چاہیے جو اس بند کے دیگر قافیوں " دھاہیں " اور " آہیں " سے مناسبت رکھتا ہے ۔

ممکن ہے یہ بھی کاتب کے کمالات ہوں۔ اسرار فریدی میں " بھاہیں " ہے۔

2. 106.5 روز ازل دا وارث ساڈا　　توں ہیں رانجھن سائیاں

اس شعر کے دوسرے مصرعے میں لفظ " سائیاں " کی جگہ " سئینیاں " (سئیں آں) ہونا چاہیے کیونکہ اس پوری کافی کے قافیے رہیاں ، ہگیاں ، پیاں ، بیاں ، سیاں ، تھیاں ، لیاں اور چھیاں ہیں۔ معدن عشق میں " سیاں " لکھا ہوا ہے۔

111.2.1 یار پنل ہگیا شہر ڈوں　　تھی راہی روہی تھل بر ڈوں

بے واہی کیوں آ کر گھر ڈوں　　جکھ جکھ عمراں گالاں

اس بند کا پہلا مصرعہ وزن سے خارج ہے غالباً پہلے مصرعے میں سے لفظ " کیچ " لکھنا کاتب بھول گیا ہو گا۔ اس طرح یہ مصرعہ یوں ہو سکتا ہے۔

یار پنل ہگیا کیچ شہر ڈوں

" اسرار فریدی " میں یہ مصرعہ " دیوان فرید " ہی کی طرح ہے بلکہ " دیوان فرید " کی غلطیاں کہیں کہیں اسرار فریدی سے مستعار لگتی ہیں۔ البتہ معدن عشق میں " کیچ " کا لفظ موجود ہے۔ " مجموعہ کافیاں " میں یہ کافی نہیں ہے۔

112.2.4 سبھ سینگیاں سرتیاں بھاگ لدھا　　سر گوڈڑے کنتھ سہاگ لدھا

میں مٹھڑی مفت ڈوہاگ لدھا　　ڈوکھے ڈکھڑے بار اٹھانودیاں

اس بند کے چوتھے مصرعے میں لفظ " ڈوکھے " کی جگہ " ڈوکھی " (ڈکھی) بھی ہو سکتا ہے۔ قدیم املا میں یائے معروف اور یائے مجہول میں فرق روا نہیں رکھا جاتا تھا۔ ایسی غلطیاں " دیوان فرید " مولانا عزیز الرحمن میں بھی عام طور پر مل جاتی ہیں۔ مثلاً دیکھیں کافی نمبر 66 کی پوری ردیف میں یائے معروف اور یائے مجہول کی غلط فہمی اور کافی 29.6.1، 15.2.1 اور 212.5.3 بھی دیکھیں۔ اگر یہ تصدیق دیگر قلمی اور مطبوعہ نسخوں سے بھی ہو جائے تو یہ مصرعہ یوں پڑھا جائے گا :

ڈکھی ڈکھڑے بار اٹھانودیاں

یعنی میں دکھی مشکل بار اٹھا رہی ہوں۔

معدن عشق میں یہ الفاظ " ڈوکھی ڈوکھدی " لکھے ہوئے ہیں۔ مجموعہ کافیاں میں یہ کافی نہیں ہے۔ " مکمل دیوان " میں " ڈوکھی ڈوکھڑے " لکھا ہوا ہے۔

112.6.1 سوہنا یار فرید نہ بھانودیاں　　سوہی سیجھ سنجی اگ لانودیاں

ترٹھاندی رات نہ بھانودیاں رو پوچھنٹ پاند پسانودیاں

اس بند کے پہلے مصرعے کا ترجمہ مولانا عزیز الرحمن نے یوں کیا ہے۔ کہ : " اے فرید جب میں اپنے حسین محبوب کو نہیں بھاتی ... " اس حوالے سے " سوہنا یار " (حسین محبوب) کی جگہ " سوہنے یار " (حسین محبوب کو) ہونا چاہیے تھا۔ یوں پہلا مصرعہ اس طرح ہو گا۔

سوہنڑے یار فرید نہ بھانودیاں

معدن عشق میں بھی " سنڑیں یار " لکھا ہے۔ جبکہ اسرار فریدی میں " سونڑہ " ہی لکھا ہے۔

115.5.2 کر دھدکارے گاجڑاں گاون برہوں دیاں دھاراں

مولانا عزیز الرحمن نے اس شعر کی لغات میں لفظ " دہاراں " کہیں نہیں لکھا بلکہ " واراں : جمع وار کی ، راگنیاں (کافیاں ، غزلیں) " لکھا ہے اور ترجمہ بھی " ... عشق و محبت کی راگنیاں الاپ رہے ہیں۔ " کیا ہے۔ اس شعر کے دوسرے مصرعے کا اصل لفظ ترجمے اور لغات کے حوالے سے تو " واراں " ہی ہونا چاہیے۔ معدن عشق اور اسرار فریدی میں " واراں " ہی ہے۔

120.2.2 گیئے کرہوں قطاری بر ڈو تھی پاندھی کیچ شہر ڈو

کر زورا زور دھنگانے خوش وٹھڑے دیس وطن میں

اس بند کے دوسرے مصرعے میں لفظ " تھی " کی بجائے " تھئے " بھی ہو سکتا ہے۔ پرانی املا کے مطابق " گئے " کو " گی " اور تھئے " کو " تھی " لکھا گیا ہے۔ دیوان فرید کی موجودہ املا کے مطابق اس کا ترجمہ " کیچ شہر کی طرف روانہ ہو کر " ہو گا جبکہ مولانا نے ترجمہ میں لکھا ہے کہ : " ... اپنے وطن کیچ کی طرف چلے گئے " اس ترجمے کی مناسبت سے بھی لفظ " تھئے پاندھی " (چلے گئے یا روانہ ہوئے) ہی پورا اترتا ہے۔ علاوہ ازیں اس بند کے پہلے مصرعے کا لفظ " گیئے " بھی دوسرے مصرعے میں لفظ " تھئے " کی تائید کرتا ہے۔

معدن عشق اور مجموعہ کافیاں میں یہ کافی نہیں ہے۔ البتہ اسرار فریدی میں " تہی " لکھا ہوا ہے جسے اسرار فریدی کے طرز املا کے موجب " تھئے " پڑھا جا سکتا ہے۔ آخری مصرعہ " خوش وٹھڑے ونج دیس وطن میں " لکھا گیا ہے۔

کافی نمبر 145۔ مولانا عزیز الرحمن نے اس کافی کے آغاز میں ایک نوٹ لکھا ہے کہ : " یہ کافی بعض مطبوعہ اور قلمی دیوانوں میں نہیں پائی گئی غالباً یہ کافی حج کے ایام میں لکھی گئی ہو گی " ۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ کافی اسی دیوان میں مولانا عزیز الرحمن پہلے ہی 61 نمبر پر درج فرما چکے تھے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ 61 نمبر کی کافی میں ردیف " ہیں " شامل نہیں۔ اس ایک لفظ کا

ردیف میں اضافہ کر کے مولانا نے یہ کافی دوبارہ " دیوان فرید " میں شامل کر دی ۔ علاوہ ازیں 61 نمبر کی کافی میں پہلا مصرعہ " ہݨ وطن بیگانے دل نہیں آونا " کی بجائے " وطن بیگانے دل نہیں آونا " ہے ۔ اس ایک ہی کافی کو دوبارہ لکھنے کے باوجود مولانا یہ محسوس نہیں کر سکے کہ یہ کافی دہرائی جا رہی ہے علاوہ ازیں ایک ہی کافی کو لکھتے ہوئے املا کے حوالے سے 61 نمبر کافی میں " بیانڑ " اور " نینہہ " جبکہ 145 میں " بیاناں " اور " نیں " کے الفاظ لکھے گئے ہیں ۔
اس کافی کو ذرا سی تبدیلی کر کے دہرانے سے 271 کافیاں 272 کے ہندسے میں تبدیل ہو گئیں جبکہ اصل کافیاں 271 ہیں ۔ ہم نے موجودہ دیوان میں اپنی طرف سے کوئی تبدیلی نہیں کی اور مولانا کے متن کو حوالہ جاتی متن مانتے ہوئے اس کافی کے دونوں روپ شامل کیے ہیں ۔
کافی نمبر 147 ۔ اس کافی میں قافیہ جہان ، انسان ، وغیرہ اور ردیف " کے ہو " جبکہ تیسرے اور پانچویں بند میں قافیہ " کہاں " اور " نہاں " لکھا گیا ہے یا تو پوری کافی میں قافیہ نون منقوط کا ہو یا پھر نونِ غنہ کا ۔ ہمارے خیال میں اس کافی میں نون غنہ کا قافیہ زیادہ مناسبت رکھتا ہے ۔

155.6.3 ہن ہستی دے نیرنگ عجب ہن حسن ازل دے ڈھنگ عجب
بے رنگ بہ ہر ہر رنگ عجب سبحان اللہ سبحان اللہ

اس بند کے تیسرے مصرعے میں " عجب " روانی میں لکھ دیا گیا ہے جو کہ غلط ہے کیونکہ پوری کافی کی بنت کے اعتبار سے ہر بند کے تیسرے مصرعے کے قوافی بنیا ، لیا ، ذکریا ، ادا ، کہیا ، نہ پا ، تسلیم و رضا ، سما ، اہل صفا وغیرہ ہیں ۔ مثلاً اس کافی کا اگلا بند (نمبر 7) دیکھیے :

ہے محض مقام تحیر دا بٹھ حیلہ درک تفکر دا
ہیں ڈونگھڑے ڈیہہ ڈوں ہتھ نہ پا سبحان اللہ سبحان اللہ

زیر بحث بند میں مطلوبہ لفظ کی تلاش کے لیے قدیم مطبوعہ دوواوین میں سے " مجموعہ کافیاں... " اور " اسرار فریدی " میں لفظ " رچا " لکھا ہوا ہے ۔ جبکہ مثنوی معدن عشق میں یہ کافی شامل نہیں ہے ۔ لفظ " رچا " کی صحیح سرائیکی املا اور تلفظ " رچیا " ہو گی ۔ اس طرح زیر بحث مصرعہ یوں پڑھا جا سکتا ہے ۔

بے رنگ بہ ہر ہر رنگ رچیا

158.7.3 آیاں رتاں من بھاونڑیاں لالیاں لون تے کاونڑیاں
دل تانگ چاوے چاونڑیاں دل رس وسوں ہک وار وے

اس بند کے تیسرے مصرعے کا پہلا لفظ " ول " لکھا گیا ہے جو کہ کتابت کی غلطی ہے جبکہ اصل لفظ " دل " ہے مولانا عزیز الرحمٰن نے اس مصرعے کا ترجمہ کرتے ہوئے بھی لکھا ہے کہ : " ... اور میرے دل کے جذبات برانگیختہ کر رہی ہیں ... "

معدن عشق اور اسرار فریدی میں بھی لفظ " دل " ہی ہے ۔

158.9.4 دل شینہہ نینہہ دے وات ہے　　ہیہات ڈینہاں رات ہے

اے مونہہ نہ ماندی بات ہے　　دل ہک لکھ آزار وے

اس بند کا چوتھا مصرعہ وزن سے گر رہا ہے ۔ یقیناً اس میں کوئی لفظ کتابت سے رہ گیا ہے ۔ اس سلسلے مثنوی معدن عشق اور اسرار فریدی کے مطابق تیسرا مصرعہ یوں ہے ۔

دل ہک تے لکھ آزار وے

163.7.3 نظر نہ آوے رانجھڑ ماہی　　کیتس بے کس تے بے واہی

مونجھ منجھاری گل دی پھائی　　صبر آرام ونجیندی ہے

اس بند کے تیسرے میں " ماہی " اور " واہی " کی مناسبت سے " پھاہی " آنا چاہیے نہ کہ " پھائی " ۔ علاوہ ازیں چوتھے مصرعے میں سرائیکی تلفظ کے مطابق لفظ " آرام " نہیں بلکہ ارام ہونا چاہیے ۔ اسرار فریدی میں لفظ " پھاہی " ہے ۔

177.6.2 پینگھ پپل ملکانڑ بھل گئے　　گانے گہنڑے سہرے بھل گئے

گھر در جاہ ٹکانڑے رل گئے　　پڑ پئے یار ایانڑے اساڑے

اس بند کے دوسرے مصرعے میں جہاں " سہرے " آیا ہے وہاں باقی دو مصرعوں کے " ملکانڑ " اور " ٹکانڑے " کی مناسبت سے " گہنڑے " آ سکتا ہے ۔ 1986ء میں اردو اکیڈمی بہاولپور کی جانب سے " دیوان فرید " کی طبع ثالث کا اختتامیہ لکھتے ہوئے شہاب دہلوی مرحوم نے نورالزمان اوج صاحب کے مشورے سے " دیوان فرید " میں کتابت کی چند غلطیوں کی نشاندہی کی تھی جن میں یہ بند بھی شامل تھا مگر انہوں نے صرف دوسرے مصرعے کی بجائے پورے بند کی تصحیح کر کے اس کی ردیف یوں تبدیل کر دی تھی ۔

پینگھ پپل ملکانڑ بھل گئے　　سہرے ، گہنڑے ، گانے بھل گئے

گھر در جاہ ٹکانڑے بھل گئے　　پڑ پئے یار ایانڑے اساڑے

میرا خیال ہے کہ اس پورے بند کو تختہ مشق بنانے کی ضرورت نہیں بلکہ صرف دوسرے مصرعے میں غالباً کاتب کی غلطی سے قافیہ آگے پیچھے ہو گیا ہے اور یہ مصرعہ یوں موزوں ہو سکتا ہے

سہرے گانے گھنٹے پھل گئے

یہ غلطی اسرار فریدی میں بھی " دیوان فرید " ہی کی طرح ہے۔ معدن عشق میں یہ کافی نہیں ہے۔ " مجموعہ کافیاں " میں یہ مصرعہ " سہرے گانے گھنٹے پھل گئے " لکھا ہوا ہے جو درست ہے۔

علاوہ ازیں یہ بھی ممکن ہے کہ خواجہ فرید نے یہ مصرعہ ویسے ہی کہا ہو جیسے " دیوان فرید " میں لکھا ہوا ہے کیونکہ " گانے گھنٹے سہرے " کی ترکیب خواجہ فرید نے کئی اور کافیوں میں اسی ترتیب سے استعمال کی ہے۔ مثلاً:

روگ کروپ کشالے ہر دم　　گانے گھنٹے سہرے (194:3)

گانے گھنٹے سہرے سکڑے　　سنجڑے غم دے سانگ رلیوسے (220:4)

193.2.2 گئی ریت بھت ڈِتت گھٹ منڈھوں　　اصلی نہ نکساں اتھ منڈھوں

اس شعر کے دوسرے مصرعے میں سرائیکی لفظ " اصلی " نہیں " اصلوں " (بالکل) ہونا چاہیے۔ معدن عشق، مجموعہ کافیاں اور اسرار فریدی میں " اصلوں " لکھا ہے

199.5.3 سارا چولا بوچھن گھانگے　　گہنے زیور تریور لانگھے

سر مانگ مرہندی سانگے ہے　　تھئی سرخی زہر دی گولی

اس بند کے تیسرے مصرعے میں آخری لفظ " ہے " اضافی ہے۔ جو اسرار فریدی میں بھی نہیں ہے

200.2.4 نہیں اصلوں اصل دوئی دا　　خود جانڑ ہے نسل دوئی دا

گیا پھوکا نکل دوئی دا　　ول اوہی آپ دا آپ ہے

اس بند کے چوتھے مصرعے میں ردیف " آپ ہے " کی بجائے " آبے " ہونی چاہیے کیونکہ اس کافی میں مطلع بھی " آبے " اور اس کے بعد بھی ردیف حبابے، کتابے، بابے، حجابے وغیرہ استعمال ہوئی ہیں۔ اسرار فریدی میں " آبے " لکھا ہے۔

202.5.2 شہر بھنبھور وی کھاونڑ اوسم　　ہوت نہ جاویں چھڈ کے

اس شعر کی ردیف " کے " نہیں بلکہ " تے " ہے۔ جیسا کہ پوری کافی میں استعمال ہوئی ہے۔ مثلاً مڈتے، کھڈتے، لڑتے، اڑتے وغیرہ۔ اسرار فریدی میں بھی " تے " ہے۔

203.4.4 جیڑا غماں وچ وڑ گیا　　ڈکھ اڑ گیا سکھ لڑ گیا

دریا غضب دا چڑھ گیا　　سو جھول لکھ لکھ جھول ہے

اس بند کے چوتھے مصرعے میں ردیف " ہے " کی بجائے " وے " ہے ۔ جیسا کہ باقی پوری کافی میں استعمال ہوئی ہے ۔ مثلاً گول وے ، رول وے ، ڈھول وے ، گھول وے وغیرہ ۔ اسرار فریدی اور مجموعہ کافیاں میں بھی " وے " لکھا ہے ۔

204.2.3 ہیں ڈکھڑے دل دلگیر تے

مذکورہ مصرعے میں " دل " کو مذکر باندھا گیا ہے ۔ یہاں بھی یائے معروف اور یائے مجہول کی قدیم املا کا شاخسانہ لگتا ہے۔ " ڈکھڑے " اصل میں " ڈکھڑی " بھی ہو سکتا ہے ۔ کیونکہ " دل " سرائیکی میں موءنث ہے (کہیں مذکر بھی ہوتا ہے لیکن یہاں اس کا محل نہیں لگتا) مثلاً دیوان فرید کے یہ مصرعے دیکھیں :

(1) دلیاں تے دیداں سوہنٹاں تیڈڑے ویرے (208.1.1)

(2) دلڑی سگھڑ سنجاݨ سیاݨی (225.2.1)

معدن عشق اور اسرار فریدی میں " ڈوکھڑے " لکھا ہوا ہے جو یائے معروف کے لیے عام طور پر مستعمل ہے ۔

225.2.1 دلڑی سگھڑ سنجاݨ سیاݨی آکھے ہر دم سمجھ بلیاݨی
مظہر ذات حمد دا جاݨی توݨے روپ صنم دا ہے

اس بند کے پہلے مصرعے میں لفظ " سنجان " (پہچان ، غور کر) کی بجائے " سجاݨ " ہے ۔ سندھی زبان و ادب میں یہ لفظ عام برتا جاتا ہے ۔ جس کا مطلب ہے : "بیدار مغز۔ سمجھدار ۔ عقلمند ۔ ہوشیار "

(دیکھیں سندھی اردو لغت مرتبہ : ڈاکٹر نبی بخش بلوچ و ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان ، 1979ء ص 551)

بند کا مطلب واضح ہے کہ " میرا (سرائیکی میں " میری ") بیدار ، سلیقہ مند اور عقلمند دل ہر دم مجھے کہتا ہے کہ اے ہمدم ! چاہے وہ صنم کا روپ ہی کیوں نہ ہو اسے ذات صمد کا روپ جاننا " ۔ تیسرے مصرعے میں " ذات صمد " کو " ذات حمد " لکھا گیا ہے جو کہ صریحاً کاتب کی غلطی ہے کیونکہ مولانا نے ترجمے میں " ... ذات بے نیاز ربانی کی قدرت کا جلوہ ہے " لکھا ہے ۔

234.5 لاݨے پھوگ پھلاری وہ وہ کنڈڑی کرڑ سنگاری وہ وہ
چنڑکی گھنڈ توازے وہ وہ جھوکاں مال نہ ماندا ہے

اس بند کے تیسرے مصرعے میں قافیہ پھلاری اور سنگاری کی نسبت سے " تواری " ہونا چاہیے تھا ۔ لیکن تواری (توارے) میں تبدیلی ممکن نہیں اصل گڑبڑ وہی یائے معروف اور یائے مجہول کی املا کی

ہے ۔ اصل میں پہلے قافیوں کے علاوہ اس بند میں " لاٹی " "کنڈڑی " اور " چنڑکی " میں بھی یائے مجہول (ے) ہے ۔ اس تبدیلی سے قافیے کی یہ غلطی بھی درست ہوتی ہے ۔ اور کوئی لفظ تبدیل ہوئے بغیر معنویت بھی برقرار رہتی ہے ۔ اس بند کی صحیح املا اس طرح ہو گی

لاٹے پھوگ پھلارے وہ وہ   کنڈڑے کرڑ سنگارے وہ وہ
چنڑکے گھنڈ توازے وہ وہ   جھوکاں مال نہ ملدا ہے

237.6.3 کھلے بادل مینہ برساتیں   گاجاں کھمنڑیاں کالیاں راتیں
رلدے روہ اکیلی

یہاں بھی تیسرے مصرعے میں " رلدے " کی بجائے " رلدی " ہونا چاہیے ۔ یہ وہی " یا " کی املا کا شاخسانہ ہے ۔ یہ مصرعہ " رلدی روہ اکیلی " ہے جیسا کہ اس کافی کے مقطع میں " پھردی میل کچیلی " ہے

242.3.1 شالا نیڑا کوئی نہ لاوے   درد اندیشے سوز سوائے
دم دم دل دلگیر دو   سر تے سختی آئی

اس بند میں پہلا مصرعہ دوسرے مصرعے کا ہم قافیہ ہونا چاہیے جیسا کہ پوری کافی کی بنت سے ظاہر ہوتا ہے لیکن " لاوے " اور " سوائے " کا قافیہ نہیں مل رہا ۔ یہاں مناسبت " لائے " کی ہے یعنی پہلا مصرعہ " شالا نیڑا کوئی نہ لائے " ہو سکتا ہے اسرار فریدی میں لفظ " لائے " ہی ہے ۔ ایسا ہی مسئلہ اس کافی کے اگلے بند میں بھی درپیش ہے ۔ دیکھیے :

ہک بے واہی پیا پھٹ جاہی   مونجھ منجھاری گل دی پھائی
تک تک راہ ملہیر دو   روندیں مویم اجائی

اس بند کے دوسرے مصرعے کا قافیہ " پھائی " ہے جبکہ " جاہی " وزن پر اسے " پھاہی " ہونا چاہیے اور صحیح لفظ بھی یہی ہے ۔ اس طرح یہ مصرعہ یوں پڑھا جاسکتا ہے :

مونجھ منجھاری گل دی پھاہی

اسرار فریدی کے مطابق مصرعہ اولیٰ کا لفظ " جاہی " نہیں بلکہ " جائی " ہے جس کی مناسبت سے " پھائی " درست ہے ۔ معدن عشق اور مجموعہ کافیاں میں یہ کافی نہیں ہے ۔

251.8.1 ہے ول قہر دی مبتلا   ہے او غضب دا بے وفا

پہلے مصرعے میں لفظ " ول " کی بجائے " دل " زیادہ قرین قیاس ہے اس شعر کے ترجمے میں بھی مولانا " ول " کی وضاحت نہیں کر پائے ۔ بہر حال یہ لفظ قابل غور ہے اس کافی کے اگلے

بند میں بھی ایسی ہی ایک کتابت کی غلطی ملاحظہ فرمائیے

251.9.2 سن بے وفا دی گالھ وے　　　پچھدے نہ ہرگز مال وے

یہاں دوسرے مصرعے میں لفظ " مال " نہیں بلکہ " حال " ہے ۔ جیسا کہ مولانا نے ترجمے میں بھی لکھا ہے کہ " ... کبھی استفسار حال تک بھی نہیں کیا ... "

اسرار فریدی میں بھی لفظ " حال " ہے

267.6.4 تتا درد جدید شدید تھیا　　　ہر روز اے سوز مزید تھیا

بکے دید فرید خرید تھیا　　　بن ڈھولنڑ گھر ور تاوم ڑی

اس بند کے چوتھے مصرعے میں "گھرور " کی ترکیب غور طلب ہے یہاں " و" اور " د" کی غلط فہمی بھی ہو سکتی ہے ۔ کیونکہ اس کافی کا مطالعہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ سی کے حوالے سے لکھی گئی ہے ۔ اس لیے " ور " یعنی " خاوند " سے جلنا کیا معنی رکھتا ہے ۔ ؟ ممکن ہے یہ لفظ " در " ہو اور سرائیکی میں "گھردر " کا مطلب "گھراور چوکھٹ " ہوتا ہے ۔ امکان ہے کہ یہ مصرعہ " بن ڈھولنڑ گھردر تاوم ڑی " ہو گا ۔

قدیم نسخوں میں " د" اور " و " کے درمیان فرق کرنا بھی مشکل ہے ۔ اسرار فریدی میں بھی لفظ "گھردر " ہی لکھا ہوا ہے ۔

271.2.3 کیوں چڑھدی چندری کھارے　　　کیوں کردی زیور بارے

جے جانی ہجر دے وارے　　　اے نیڑے سخت سولڑے

اس بند کے تیسرے مصرعے میں لفظ " جانی " غیر متعلق اور غیر موزوں ہے مولانا کے ترجمہ : " اگر میں جان لیتی ... " کے مطابق یہاں لفظ " جاݨدی / جاݨے " ہو سکتے ہیں اسی طرح چوتھے مصرعے میں بھی " اے " کی بجائے آئے / ائے (آگئے) ہونا چاہیے ۔ جو کہ کتابت کی غلطی ہو سکتی ہے ۔

اسرار فریدی کا جو نسخہ راقم کے پاس ہے اس میں آخری چار صفحے موجود نہیں ہیں ۔ البتہ " مکمل دیوان فرید " میں لفظ " جے جاݨے " معدن عشق میں " جی جاݨے " اور مجموعہ کافیاں میں " جے جاݨدی " لکھے ہوئے ہیں ۔ مناسب لفظ " جاݨے " ہو سکتا ہے ۔

272.8.1 سوہیں نال سونجیدے جالے　　　سنج صباح گذرانے

اس شعر کے پہلے مصرعے میں لفظ " سونجیدے " نہیں بلکہ " سنجیں دی " ہے یہ غلطی بھی یائے معروف و مجہول کی ہے جس نے مونث کو مذکر بنا دیا ۔

دیوان فرید

متن: دبیر الملک مولوی عزیز الرحمٰن عزیز

فہرست کافیاں (ردیف وار)

18 مساگ ملیندی دا گزرگیا ڈینہہ سارا ۔ سنگار کریندی دا گزرگیا ڈینہہ سارا
19 نام اللہ دے پاندھیڑا ۔ میڈا لے سنہیڑا جا
20 وہ وہ سوہنڑے دا ورتارا ۔ ہر صورت وچ کرے اتارا
21 ہئے ہئے یار ہروچل ۔ ہک تل ترس نہ کیتا

ردیف ب

22 اتھاں میں مٹھڑی نت جان بلب ۔ او تاں خوش وسدا وچ ملک عرب
23 سنڑ سمجھ ڑے زاہد جاہد توں ۔ ہن عشق دے اے کلمات عجب
24 قسم خدا دی قسم نبی دی ۔ عشق ہے چیز لذیذ عجیب

ردیف ت

25 پیا عشق اساڈی آن سنگت ۔ گئی شد مد زیر زبر دی بھت
26 میڈا مٹھڑا ماٹھوں کاک جا ۔ شالا راٹنا ایندم رات

ردیف چ

27 پنل تھیوں پاندھی یارا ۔ چھڈ کے کلھڑی بروچ
28 یار ہروچل کان ۔ رلدی روہ ڈونگر وچ

ردیف د

29 بٹھ گھت کوڑ نکڑے ۔ ہک حق کوں کر یاد
30 حسن ازل دا تھیا اظہار ۔ احدوں ویس وٹا تھی احمد
31 سنڑ وو سہیلی سگھڑ سیانڑی ۔ برہوں دے پندھڑے سخت بعید
32 یار کوں کر مسجود ۔ چھڈ ڈے ہیو معبود

ردیف ر

33 اساں کنوں دل چایو وے یار ۔ جاپے کتھاں ونج لایو
34 پردیس ڈہیوں دیداں اڑیاں وے یار ۔ ساڈیاں وطن کنوں دلیں سڑیاں

وے یار

35 بن دلبر آہیں کر کر ۔ کئی راتیں ڈتم سحر کر

36 پنل چھڈ کے کیچ سدھایوں ۔ دلڑی نمانی ہے زار نزار

37 بولا بینسر کس نوں پاواں ۔ ڈھولنڑ کیتم نا منظور

38 پئے ڈکھ گل وچ جمدے یار ۔ نا رہ گیوسے کہیں کم دے یار

39 پیڑ پرائی ڈبیشم کیتا ۔ نال نہ نیتم سانول یار

40 بے شک جاناں بے شک جاناں ۔ سوہنیاں کوں ہے سخت غرور

41 توں باجھ تھئے سنج ویڑھے وو یار ۔ ول وس وو سجنڑ آنیڑے وو یار

42 جتھ تھلڑا جتھ دریوں ہے یار ۔ اتھ ہر ویلھے لدیوں ہے یار

43 چوریوں جاریوں استغفار ۔ بخشم شالا رب غفار

44 جیونڑ ڈینہہ اڈھائی وو یار ۔ سٹ گھت فخر وڈائی وو یار

45 دل درددوں ہنڑ ہاری وو یار ۔ ول کریں ہا کاری وو یار

46 ڈکھ تھئے بانھ بیلی وو یار ۔ ہتھیں آیم اکیلی وو یار

47 رتھ دھیمیں دھیمیں ٹور

48 سپاہیڑا نہ مار نیناں دے تیر

49 سدا جی پچلے دل جلے وو یار ۔ لگیاں دلاں کوں کون جھلے وو یار

50 سمجھ سنجانیں غیر نہ جانیں ۔ سبھ صورت ہے عین ظہور

51 سمجھ فریدا پرہوں پھوں سر زور

52 سوہنے یار پنل دا ۔ ہر جا عین حضور

53 کہاں پاؤں کہاں پاؤں یار

54 متاں من ماندہ تھیوے ۔ پنل نہ تھی دھار

55 نہ کر بے پرواہی وو یار ۔ مل سانول ماہی وو یار

74 سنڑ یار پرانڑیں پیڑ وو ۔ تھیاں اکھیاں چھل گئی ولڑی جل
75 کیچ گیوں یار پرو چل ۔ کل نہ لدھرو سانول ول
76 کیوں توں فرد تے جزو سڈاویں ۔ توں کلی توں کل
77 مل مہینوالا مل مہینوال ۔ بر دل میں ہے تیڈڑی بھال
78 میں تاں تیکوں منتاں کردی ۔ سانول اساں ول بھال
79 یار سپاہیڑا آوس ماڑڑے کول

رویف م

80 دستوں پیر مغاں دے ۔ پیتم عشق دا جام
81 ڈکھڑیں کارنڑ جائی ہم ۔ سولیں سانگ سمائی ہم
82 سے سے سول سیاپے ۔ ڈکھڑا نیڑا لائیم
83 نینہہ اولڑا اوکھا لائیم ۔ سک پل پل دی مار منجھائیم
84 ہر صورت وچ دیدار ڈٹھم ۔ کل یار اغیار کوں یار ڈٹھم

رویف ن

85 اپرم بید بتاوں ۔ میں اگیانی کو گیان سناوں
86 اج زیور پئے لٹھندے ہن ۔ متاں ڈینہہ سہاگ دے آندے ہن
87 اج شبریاں شغدف بھاندے ہن ۔ متاں دیس پنل دے آندے ہن
88 اساں سو بد مست قلندر ہوں ۔ کڈیں مسجد ہوں کڈیں مندر ہوں
89 آمل اچکل سوہنڑاں سائیں ۔ ناں تاں مفتی خون تھیسائیں
90 آمل مارو مارڑو ۔ تھل وچ کردیاں دھاہاں
91 اے حسن حقیقی نور ازل ۔ تینوں واجب تے امکان کھوں
92 اے ریت سکھی ہئی کیں کنوں ۔ ڈھولا لک چھپ بہندیں میں کنوں
93 بری بیزار ہن ذاتوں ۔ صفاتوں مست جانانوں

94 بن یار سانول ہیو کو نہیں ۔ ہذا جنون العاشقین
95 بیٹھی رو رو عمر نبھایاں ۔ سبھے خوشیاں عشق ونجایاں
96 بے رنگ راول دے کیتے ۔ روندی وتاں رڑدی وتاں
97 تتی رو رو واٹ نہاراں ۔ کڈیں سانول موڑ مہاراں
98 تتی نینہہ دے پندھ اڑانگے نیں ۔ ڈکھے ڈونگر اوکھے لانگھے نیں
99 جند سولاں دے وات نیں ۔ ڈترڑی برہوں برات نیں
100 جیں رمز راول جی بجھی ۔ تن کھے مشاہدہ رات دن
101 درسن بن اکھیاں ترس رہیاں
102 دل عشق مچائی اگ سائیں ۔ ڈکھ سوز رچیا رگ رگ سائیں
103 دل مست محو خیال ہے ۔ سر مو تفاوت نہ سہوں
104 ڈکھاں سولاں کیتم گک سائیں ۔ ہݨ موت بھلی بے شک سائیں
105 ڈکھ ڈھیر سکھ دا ویر ہے ۔ ریڑاں گھنڈیاں پیڑاں بہوں
106 ڈکھڑے پکھڑے آیم ۔ خوشیاں بھاونوں رہیاں
107 ڈکھے ڈینہہ فرقت دے نبھن ۔ مٹھے نین رو رو رت تھیون
108 ڈکھے عشق دے ڈکھڑے گھاٹے نیں ۔ سر پھٹڑا تر ٹڑے گاٹے نیں
109 ڈھولݨ تیڈی سک ڈھیر ہم ۔ تانگھاں گھنڈیاں چاہیں بہوں
110 ڈیہاں راتیں سنجھ صباحیں ۔ کنڑیں کاݨ بجاوم بین
111 ڈینہہ رات ڈکھاں وچ جالاں ۔ ونجیاں خوشیاں غم بیٹھی پالاں
112 رت رو سر پاہ رنگانودیاں ۔ برے برہوں دے سگݨ سہانودیاں
113 رت روندیں عمر نبھیساں ۔ ایہو داغ قبر وچ نیساں
114 روندی سنج صباحیں
115 روہی لگڑی ہے سانوݨی ۔ ترت ولا ہوت مہاراں

116 ساری عمر گزاریم گڈ سائیں ۔ ہݨ ہوت پنل ڳیم لڈ سائیں

117 سانوݨ مینگھ ملہاراں ۔ ترس پووی پنل آ موڑ مہاراں

118 سجݨ توں بن نہ تھیساں میں ۔ گھڑی کیا پل نہ جیساں میں

119 سکھ ریت روش منصوری نوں ۔ ہݨ ڈھپ رکھ کنز قدوری نوں

120 ستریں ہوت سدھانے ۔ ناہیں ہک تل ترس جتن میں

121 سوہݨیاں رمزاں تیریاں بھانودیاں ۔ سانوں گھڑی چوٹک لانودیاں

122 سینہ محض لویراں ۔ دلڑی دھیاں دھیاں

123 عشق اولڑی چال بھلا یار وے ۔ یاریاں لانوݨ سر منگدیاں

124 عشق بھلایاں کل طاعاتاں

125 گدزیا وقت گوندھاوݨ دھڑیاں ۔ وسریا ہار سنگار اساہاں

126 کلہڑی رول ملہیر ڳیوں ۔ یار ولا ہُنے ہُنے واگاں

127 ہوڑھیاں اکھیاں سدا متوالیاں ۔ رت پیوݨ کاٹ اہلیاں

128 .کون کرم نروار تیغ برہوں دی کٹھیاں کٹھیاں

129 گھاٹے عشق دے گھاٹے جاتے میں ۔ تا بھی چم سر اکھیاں چاتے میں

130 ماہی ہاجھ کلیاں ۔ دلدار بغیر اولیاں

131 آ مل ماہی میں ماندی ہاں ۔ بے وس برہوں دی باندی ہاں

132 میڈا عشق وی توں میڈا یار وی توں ۔ میڈا دین وی توں ایمان وی توں

133 میڈا یار ڳیا پردیس ڈوں وے میاں ۔ ڳانے ڳھنے کیویں پاواں ڑی پاواں

134 ناصح ناہی نہ تھی مانع ۔ عشق اساڈا دین ایمان

135 نینہ لایم کارݨ سکھ وے میاں ۔ پئے پلڑے ڈوڑے ڈکھ وے میاں

136 وچ روہی دے رہندیاں ۔ نازک نازو جٹیاں

137 ویسوں سنجھ صباحیں ۔ خالی رہسن جائیں

138 ویندیں ول کیچ ڈو ۔ پنل کیندے کانڑ

139 ہر جا ذات پنل ہے ۔ صوفی سمجھ سنجانڑ

140 ہر جا ذات پنل جی ۔ عاشق جانڑ یقین

141 ہکو راز ڈٹھم ہر گال کنوں ۔ ہکا رمز لدھم ہر چال کنوں

142 ہنڑ دل بدلایم سر سائیں ۔ گیا درووں جیڑا جھر سائیں

143 ہنڑ عشق ونجایم چس سائیں ۔ لکھ وار اساڈی بس سائیں

144 ہنڑ کیتم بربوں تنگ سائیں ۔ دل نال اساڈی جنگ سائیں

145 ہنڑ وطن بیگانے ول نہیں آونا ۔ یاد کیتم دلدار نیں

146 ہے صدقے گھولے یار توں ۔ ایہو جیڑا نینہہ نپناں

ردیف و

147 تم بیشک اصل جہان کے ہو

148 ڈٹھڑی یار بھلائی ۔ ہک تل ترس نہ آیو

149 کر یار اساں ول آونڑ دی ۔ اج سیج کنوں اکھ پھرکے وو

150 کیں پایا پاجھ فقیراں ۔ جذبہ عشق کی لذت کو

151 نینہہ نبھایا سخت برا ہے ۔ بار اجل سر باری بھلو

152 ہر دل جو دلدار یار مہنجو ۔ سوہنڑیاں جو سردار یار مہنجو

ردیف ہ

153 پریں اج نہ ہگیوسے کل ہی سہی ۔ ایہو وطن بیگانہ کوڑا کوڑ ٹکانڑہ

154 تھیواں صدقے صدقے ۔ آیا شہر مدینہ

155 ہے عشق دا جلوہ ہر ہر جا ۔ سبحان اللہ سبحان اللہ

ردیف ے

156 آپہنتم جیندیں کے ۔ ایہیں شہر مبارک بکے

157 آپے یار محبت چایم ڑی ۔ وِنج آپ کوں آپ اڑایم ڑی
158 آپے کیتوئی یار وے ۔ کیوں تھی کھڑیوں اوازار وے
159 اج بن موں برج راج بنسری بجائی ۔ بنسری بجائی الگم گیت گائی
160 اج پہلوں سج سڑیندی ہے ۔ تتی تول سڑی چک پیندی ہے
161 اج ڈوڑی سک دیدار دی ہے ۔ متاں آئی نگری دلدار دی ہے
162 اج رنگ رخ تے ولیا ہے ۔ متاں ماہی ماݨھوں گھلیا ہے
زخم کلکڑے چیر وو ویندیں چوٹ چلائی
لوں لوں سڑدی ہڈ چم گلدا دلڑی جلدی سینہ بلدا
رگ رگ چھٹری سیڑھ وو تیڈے برہوں چھڑائی
صبر قرار آرام گیوسے بار ملامت مفت چتوسے
کانی بے تدبیر وو جانی لا ڈکھلائی
یار فرید نہ کھڑ مکلایا کیچ گیا ول گھر نہ آیا
ڈترس جڑ تعزیر وو کیتس خوب بھلائی

(243)

عشق چلائے تیر ڈاڈھے ظلم قہر دے
یار ملیا بے پیر لوں لوں وچ سو دردے
عشق اجاڑی جھوک امن دی نظر نہ آنوم جوہ جتن دی
سوز ڈتس جاگیر جیڑا سولاں سڑدے
تول ڈکھاندی سیجھ نہ بھاندی سول سراندی درد پواندی
رگ رگ وچ ہے پیڑ ڈسدا روگ اندر دے
رہن نہ ڈیندی پیڑ پرائی سک مہینوال دی روز سوائی
کیجو لوڑھیم سیڑھ پوڑم کن کپر دے
سکھ سمھن دا وقت وہایا بار برہوں دا سر تے آیا
گذر گئی تدبیر نبھ گئے وقت ہنر دے
سبھ فرید اے ڈکھ ڈوہیلے شالا نال وصال سہیلے

ہوواں شکر شیر گذرن ڈینہہ سفر دے

(244)

غمزے کردے جنگ لڑدے مول نہ اڑدے
نیزے تیر تفنگ قہری ناز نظر دے
زلف ہے بشیر ابرو بچھوے مارن ڈنگ نسنگ
چکدے زخم جگر دے
سانول دی ہے طرز انوکھی تن نازک دل سنگ
ذرہ مہر نہ کردے
برہوں اساں ول خلعت بھیجی ساوا پیلا رنگ
سو سو سول اندر دے
عشق ونجایم شرم بھرم کوں گیا ناموس تے ننگ
گذرے وقت صبر دے
حال فرید دا ڈکھ ڈوہیلا دلڑی کیتس تنگ
نہ جیندے نہ مردے

(245)

کاں کوکو کر کر لوندا ہے کوئی قاصد یار دا اوندا ہے
رت ساونڑ دی ڈینہہ ملہاری بادشمالی کنڑ منڑ جاری
پوئی لانڑی کھپ خوب پھلاری کرڑ کنڈا سب بھوندا ہے
آس آئی تے یاس سدھائی جھڑ بادل آ جھر مر لائی
اجڑیاں جھوکاں خنکی چائی غم ڈرڈر لک پوندا ہے
مینہہ برسات خوشی دے ویلھے چھیڑن چھیڑو چھانگ سویلے
آپے دلبر کیتے میلے جیں بن جی تڑپھوندا ہے

ٹبے ریتاں تھل تے ڈہر — کل گل ڈسدے احمر اصفر
ڈکھ کشالے گذرے یکسر — سکھ رگ رگ وچ دھوندا ہے
ڈکھ ڈوہاگ دا وقت وہایا — بھاگ سہاگ دا ویلھا آیا
یار فرید انگݨ پوں پایا — ہار سنگار سھوندا ہے

(246)

گذر گئی گذران غم دے سانگ رلیوسے
ڈکھڑا جمل جہان نہ کجھ پلڑے پیوسے

ویندیں یار نہ کھڑ مکلایا — کیچوں کوئی پیغام نہ آیا
جندڑی دا جنجان — ہُل دا ہیڑ تھیوسے
نہ ماہی نہ رنگ مییں دی — جھوک اجاڑ ڈسم تہیں ڈینہہ دی
بیلا تھیا ویران — تھی بے آس رُلیوسے
لانویں لہندیں پیم وچھوڑا — کھارے چڑھدیں آیم دھوڑا
مہندی سرخی پان — نیلا رنگ وٹیوسے
وین سیاپے ماتم گاہنے — ڈکھ ڈوہاگ دے تول وہانے
سولاں دا سامان — ازلوں ڈاج ڈھیوسے
چھوٹی عمر رنڈیپا آیم — کھوٹی قسمت کھوٹ کمایم
ڈوجھا اے ارمان — ویندیں نہ مکلیوسے
جیندیں تئیں اے درد نبھیساں — مردیں داغ قبر وچ نیساں
پٹ پٹ تھیا خفقان — رو رو خلق روویوسے
جیں بن ہک پل مول نہ وِسّے — باقی کرنے آئے قصے
وہ تقدیر دا شان — کیا ہا کیا تھی ہُیوسے
کرکر یاد فرید سجݨ کوں — لا ہُل رواں ہک ہک وݨ کوں

جان جگر وچ کانڑ جانی جوڑ مریوسے

(247)

کرن نظارے تیز نظر شالا جیویں نور وجود عیانے
سر سبحانی راز اناالحق رندی ورد لسانے
ورد مبانی کشف معانی اہل دلیں دا شانے
سمجھ سنجانی غیر نہ جانی سب صورت سبحانے
اول آخر ظاہر باطن یار عیان بیانے
کتھ منصوری تے طیفوری کتھ سرمد صنعانے
حسن پرستی شاہد مستی ساڈا دین ایمانے
رہ توحیدی ریت فریدی اپنڑے آپ دا دھیانے

(248)

کس دھرتی سے آئے ہو تم کس نگری کے باسی رے
پرم نگر ہے دیس تمہارا پھرتے کہاں اداسی رے
کیوں ہوتے ہو جوگی بھوگی روگی طرح براگی رے
انگ بھبھوت رما کے کیونکر رکھتے بدن سنیاسی رے
اپنا آپ سنبھال کے دیکھو کر کے نظر حقیقت کی
فکر نہ کیجو یارو ہرگز آسی یا نہ آسی رے
تم ہو ساگی تم ہو ساہگی واگی ذرہ نہ واہگی رے
اپنی ذات صفات کو سمجھو اپنی کرو شناسی رے
بات فریدی سوچ کے سنیو لا کر دل کے کانوں کو
دونوں جگ کے مالک تم ہو بھولے اللہ راسی رے

(249)

کل غیر کنوں جی واندے　　مٹھی ریت انوکھی راندے
سٹ کر خویش قبیلہ تھیوسے　　بردے تیڈڑے ناں دے
سب صورت وچ ڈھول سنجانڑو　　تھیوو نہ درماندے
سینے جھوکاں دیدیں دیرے　　سوہنڑے دوست دلاں دے
ہر پل پل وچ کول بغل وچ　　یار مٹھے من بھاندے
اکھیاں دے وچ قطر نہ ماوے　　سارے سجنڑ سماندے
شالا ونج کر حضرت روہی　　ڈیکھوں گھر متراں دے
سٹ کر ورد فرید ہمیشہ　　گیت پرم دے گاندے

(250)

کہیں ڈکھڑی لایم یاری　　روندیں عمر گزاریم ساری
سوہنڑے ہوت بلوچ اویڑے　　ڈاڈھے کیتے سخت نکھیڑے
نہ سدھ سلام سنیہڑے　　کیڈہے ویساں سولاں ماری
ایہو راول رانجھنڑ ماہی　　کھس دلڑی تھیندا راہی
ول کردا بے پرواہی　　وہ ظلم تے بے نرواری
مہینوال نہال نہ کیتم　　چھڑ کلھڑی نال نہ نیتم
بھر جام ڈکھاں دا پیتم　　پیش آئی شہر خواری
سر آیا برہوں بکھیڑا　　ڈینہہ رات ہمیشہ جھیڑا
پیا کھاونڑ آوم ویڑھا　　ڈھولے اصلوں محض وساری
جی جانی کارنڑ لوہندا　　غم درد الم نت کوہندا
گل ہار غماں دا سوہندا　　سر سہرے مونجھ منجھاری
ماہی آن وساوے جھوکاں　　کیوں کرن سیالیں ٹوکاں

میڈیاں سبز تھیون ول سوکاں   ونجاں واری لکھ لکھ واری
سے روگ ہزار کشالے   تیڈے کارݨ جندڑی جالے
تھل مارو پربت کالے   لاچار تتی ہݨ ہاری
جیں دلبر دی دل بردی   تہیں باجھ فرید نہ سردی
جڑ لائیس چوٹ اندر دی   وہ زخم کللڑا کاری

(251)

کیا تھیا جو تیڈی نہ بݨی   تھیسی اوہا جو رب بھݨی
دولت کوں چوچی لا اڑا   ٹھگ باز دا ڈھکو نہ کھا
آزاد تھی صفاً صفا   چݨ گھن سنجائی دی اݨی
دنیا دا نہ تھی آشنا   ہے اے مکارہ بے وفا
کھاویں نہ موذݨ دا دغا   ہے پنج کٹی تیکوں گھݨی
درہج وچ دی جھگ مگ تروڑ وے   ڈورے تے ململ چھوڑ وے
ہے ڈھلہ پتھر دی بھور وے   تیں کاٹ ہیرے دی کݨی
ملاں نہیں کہیں کار دے   شیوے نہ جاݨن یار دے
سمجھن نہ بھیت اسرار دے   وچ کنڈ دے بھرݨے تھئے دݨی
ایں راہ ڈو آنویں نہ ہا   جے آئیں قدم ڈیہنو ڈیہنہ ودھا
پچھوں تے نہ ڈیکھیں منہہ ولا   حیلہ کریں سر تئیں تݨی
نوہی ترس ہاروچل رتی   روہیں پہاڑیں وچ تتی
شودی سی رلدی وتی   نینہیں اکلھڑی ہک جݨی
ہے دل قہر دی مبتلا   ہے او غضب دا بے وفا
من چھڑ اتے من ڈے وی آ   آپت دے وچ کھڑ بڑ بنی
سݨ بے وفا دی گالھ وے   پچھدے نہ ہرگز حال وے

اصلوں نہ لہم سنبھال وے ڈیوے نہ چولی دی تنی
تھی خوش فرید تے شاد ول ڈکھڑیں کوں نہ کر یاد ول
اجھو تھیم جھوک آباد ول ایہا نیں نہ وہسی ہک منی

(252)

کیا ڈکھڑا نینہہ لیوسے ڈکھ پاجھ پلے نہ پیوسے
عشق نہیں ہے نار غضب دی تن من کیتس کولے
سولاں سڑدیں آہیں بھردیں ساری عمر نبھیوسے
نہ غمخوار نہ کوئی ساتھی نہ کوئی حال ونڈاوے
عشق جیہاں ڈکھ ہور نہ کوئی ما پیو ویری تھیوسے
خویش قبیلہ ہر کوئی جانڑے منزل یار دیاں جھوکاں
سینگیاں سرتیاں کردیاں ٹوکاں سارا بھرم لوڑھیوسے
گلیاں کوچے شہر بزاراں لوگ مریندا کانے
نندھڑے وڈڑے ڈیون طعنے شرم شعور ونجیوسے
گالھ نہیں اج کل دی سنجڑی روز ازل دی مٹھڑی
بے نشان سجنڑ دے کیتے نام نشان گنویوسے
ہار ہنجوں دا گل وچ پانواں بیٹھی رو رو حال ونجاواں
پیت سوا ئی ریت نہ کائی ڈے سر مفت گدھیوسے
مونجھ منجھاری درد وچھوڑا لکھیا باب تتی دے ڈوڑا
یار فرید خرید نہ کیتا رو رو خلق رودیوسے

(253)

گیا رول راول وچ روہ راوے نہ یار ملدا نہ موت آوے
آتش کتیندیں سینگیاں ستاون جگتاں مریندیاں بولیاں سناون

کئی کیس کردیاں کئی نوک لاون　　جیڑا ہمیشہ صدمے اٹھاوے
بھینٹیں نہ بھاواں اٹری الاوے　　پیکے سورہیجے ہر کوئی ڈکھاوے
جانی اویڑا پھیرا نہ پاوے　　ہک سیجھ ساڑے بیا تول تاوے
ڈکھڑے سی نوں ڈینھوڈینہہ سوائے　　جیں ڈینہہ بروچل گھر ڈو سدھائے
مونجھیں منجھائے سولیں ستائے　　قادر کڈاہیں وچھڑے ملاوے
مٹھڑی اکیلی سانول نہ بیلی　　البھل نہ کردی سر تے سہیلی
نظرے حویلی سنجڑی ڈوہیلی　　مارو تھلاں دی والی سہاوے
قسمت فریدا ڈتڑی نہ واری　　اصلوں پنل ول کیتم نہ کاری
کیڑے وٹے دل درداں دی ماری　　رو رو نبھائی جگ نوں رُواوے

(254)

کیا ریت پریت سکھائی ہے　　سب ڈسدا حسن خدائی ہے
ڈسدی یار مٹھل دی صورت　　کل تصویر اتے کل مورت
ہر ویلھے ہے شگن مہورت　　غیر دی خبر نہ کائی ہے
ناز نہورے یار سجن دے　　عشوے غمزے من موہن دے
ہر ہر آن انوکھڑے ونڑ دے　　وہ زینت, زیبائی ہے
نخرے ٹخرے نوکاں ٹوکاں　　دلڑی جوڑ چھبیندیاں چوکاں
سوکاں سبز تھیاں ول جھوکاں　　خوبی خنکی چائی ہے
نازک چالیں نور نول دی　　رمزاں بانکی طرز جدل دی
دھار کجل دی دھاڑ اجل دی　　سرخی بھا بھڑکائی ہے
ڈکھ ڈوہاگ تے درد جدائی　　رل مل ویندے ساتھ لڈائی
عشق فرید تھیوسے بھائی　　عشرت روز سوائی ہے

(255)

کیا عشق اڑاہ مچایا ہے ہر روز ایہہ سوز سوایا ہے
سر تن من پھوک جلایا ہے مٹھا جوبن مفت گنوایا ہے
بھیڑی دلڑی مار منجھایا ہے دم دم وچ درد سوایا ہے
سٹ سیجھ اکیلی ہوت نسے غم پا کر جھولی عیش کھسے
گل ہار پھلاں دا ناگ ڈسے ڈکھی قسمت سب ڈکھ لایا ہے
سوہنا سانگ ہجر دی مار گیا یکباری یار وسار گیا
کر زار نزار خوار گیا تتی بے وس بار سہایا ہے
ایہا دلڑی عشق دی کٹھڑی ہے غماں مٹھڑی تے ڈکھاں گھتڑی ہے
ما ڈتڑی شوق دی گھتڑی ہے جیں صبر آرام ونجایا ہے
دل لاوݨ حال ونجاوݨ ہے سکھ ڈیوݨ تے ڈکھ پاوݨ ہے
غم کھاوݨ درد نبھاوݨ ہے نیڑا بے شک کوڑ اجایا ہے
سوہݨے باجھ فرید قرار گیا کم کار سبھو گھر بار گیا
سب ناز نواز ستگار گیا سر بار ڈوہاگ سہایا ہے

(256)

گیوں لوڑھ کلھڑی وچ کن کپر دے روڑھے ڈتونی پچھلی عمر دے
تیں باجھ جیویں اصلوں نہ جیواں تیڈے اکھیں دے ساہمے پوریواں
مارو مریلا توں بن نہ تھیواں بٹھ ڈینہہ ہجر دے اوکھے گذردے
ماراں مروڑاں دھکڑے تے دھوڑے بھیجیاں سوغاتاں تیڈے وچھوڑے
ڈکھڑے ڈینہو ڈینہہ ڈیڈھے تے ڈوڑے ہے ہے نہ جیندے جیڑا نہ مردے
گئے وقت ویلھے یارو بھلیرے ڈکھڑے ڈکھی تے کیتے وہیرے
شالا ڈیہاڑے تھیوم تھلیرے پاڑے گزاروں سجنیں دے گھر دے

گھولی تسیڈڑی گولی تسیڈڑی
ڈڑے کن تے سنسیں ڈکھ پیڑ میڈڑی
پانڑی اساڈڑا تھئی رت اسیڈڑی
روٹی ہے ٹکڑے ہاں دے جگر دے
منڈھ لادی جندڑی ڈکھڑیں دی ڈوڈھری
دردیں دی پدھری سوزیں دی ردھری
ہک توں تتی دی ول کل نہ لدھری
پئے سول صدمے چوتھے پہر دے
رہ گیم خوشیاں وسرے تنڈھیپے
دھانہہ دھانہہ کریندے آئے پڈھیپے
پئے بے نوائی ڈتڑے رنڈیپے
آئے بار سر تے باری قہر دے
جوگی براگی تھی کر ڈھونڈیساں
کفنی ڈکھاں دی پا گل سوہیساں
اینویں فریدا عمراں نبھیساں
جے تئیں نہ تھیساں داخل قبر دے

(257)

مٹھڑی دلڑی ڈکھڑیں کٹھڑی
ہے ناز ادا دی لٹڑی
ہن زخم جگر دے آلے
دل پرزے اکھیاں نالے
سے سینے پون اپالے
جند ہار ہٹی میں مٹھڑی
تتے درد اندوہ اویڑے
لائے دلڑی جھوکاں ڈیرے
ہنڑ حضرت عشق نویڑے
ڈتی پیڑ پرانی پٹھڑی
سر چھتڑے نینہہ لیوسے
سب شرم شعور گنویوسے
دل ڈھولے یار لیوسے
سس مارم اٹری رٹھڑی
مل ماہی عار ویاروں
تھی فارغ کل کم کاروں
رل راول ڈاگاں چاروں
ہے اج کل روہی وٹھڑی
تھی کھیر و کھیر چریساں
اکھیں نال اگاڑ بنیساں
پاہ پلکاں نال پوریساں
گھر باروں سنگت ترٹڑی
تھیاں سنج بر صحن حویلیاں
گیاں سینگیاں وسر سہیلیاں
البیلیاں بانہہ چوڑیلیاں
ما بھینڑ کنوں دل چھتڑی

ہگیا چیتر فرید اجایا گھر سانول یار نہ آیا
سر سولیں سخت ستایا تھئی دشمن قسمت کھڑی

(258)

نیڑا لاونڑ حال ونجاونڑ مفتے پور پرائے
مہنیں کھاندی سٹھنیں سہندی دلڑی چا برمائے
کرن شکایت سینگیاں سیاں گگڑے حق ہمسائے
عار ویار پچار کریندے سکڑے ما پیو جائے
ویر نہیڑے اڑی جھیڑے بابل نت دڑکائے
سس نناناں کرم بکھیڑے روز بروز سوائے
باندیاں بردیاں محض نہ ڈردیاں دائی وینڑ الائے
اصلوں سدھڑا منہہ نہ ڈیندے مامے چاچے تائے
کانگا قاصد پٹھ پٹھ ہٹڑی یار نہ واگ ولائے
ناز نواز نمانڑے شودے ہار سنگار اجائے
مارو چھوڑ ملہیر ملہاراں آپے آ ہلوائے
رل مل ٹوبھے تے تڑ تاڑے ساڈے نال وسائے
قسمت جاگے بخت بھڑائے قادر دوست ملائے
سہجوں لیٹے تول نہالیں سوہی سیجھ سہائے
بھاہم سختی تے بد بختی بھاگ سہاگ ملہائے
سانول بانہہ سراندی ڈے کر ساری رات نبھائے
چھوڑ ونجنڑ دی دور رہنڑ دی نہ رکھ رانجھنڑ رائے
توں بن راول جوگی دل دے ڈکھڑے کون مٹائے
نہ کوئی سنگتی نہ کوئی ساتھی نہ کوئی حال ونڈائے

سچ ہے کون پرائے ڈکھڑے اپنْے ہُگڑے پائے
جس تن لگڑی سوئی تن جانْے ہوراں کیا پروائے
اپنْے بارے آپ اٹھیساں دلڑی نت فرمائے
کر بے واہی سٹ تندرائی پیچی کیچ سدھائے
سنجڑی دے سنجریپے کیا کیا پیش تتی دے آئے
سر خییں میندییں تلک تلولیں پھکڑے رنگ ڈکھائے
ہک ڈکھ سے سے سانگ خوشی دے سارے صاف ونجائے
چولی چتڑی سوزوں بھنڑی آس نہ پنڑی ہائے
عشقوں مول فرید نہ پھرساں توڑیں منہہ نہ لائے

(259)

نیناں نہیں رہندے ہٹکے

نین نیناں ساں اڑدے لڑدے لا کر ناز دے لٹکے
ہُگڑیں کوچیں شہر بزاراں لگڑے نینہہ دے چٹکے
ناز نہورے نوکاں نخرے لانون برہوں دے کٹکے
مہنْیں سٹھنْیں طعنے تبرے گھتڑے لوکاں ہٹکے
سہساں ٹوکاں ویساں جھوکاں خویش قبیلے سٹ کے
یار بناں پھوک اگ اڑیساں ہار حمیلاں پٹکے
ڈکھڑے سہندے نین نہ رہندے بے وس تھی کر اٹکے
نیڑے پاجھ فرید نہ بھاوے بٹھ گھت کوڑے کھٹکے

(260)

نین نرالے نیر نکھڑے نور نظر دے
ساڑن سول سریر ساگی سوز سقر دے

کھتڑے برہوں کٹاری کُٹھڑے ناز نہورے نخرے مُٹھڑے
چوچک چک مک ویر ویری ول ول گھر دے
سیجھ سہاگ دی سڑ گئی ساری ڈوڑے ڈکھ ڈوہاگ ڈیہاڑی
تک تک مارن تیر زہری زور زبر دے
پور پنلڑے دے پل پل دے جندڑی جکھدی جیڑا جلدے
پیت پرائی پیڑ ویری درد اندر دے
سٹ کر سجݨ سدھایوں سوہݨا ملک ملہیر ملیو من موہݨا
چڑھ چڑھ چکدے چیر جاری جرح جگر دے
سانگ سنجی نوں سک سانول دی مونجھ مٹھی نوں مونہہ مٹھل دی
ہار ہٹی ہݨ ہیر ہس گئے ہوش ہنر دے
نینہہ نواں نت نالہ زاری فکر فراق فرید دی یاری
رگ رگ روگ دی ریر روندیں روح اپردے

(261)

وسو وی اکھیاں گھن گھوراں لا کے

سانوݨ آیا یار نہ آیا تھئے بادل طوفان بلا کے
آنوݨ کہہ گئے ول نہ آئے دل نوں مفتی چوٹ چلا کے
دل برمائے راول جوگی دھن سݨ بنسی پھوک بجا کے
اتنا ظلم مناسب ناہیں پہلوں اپݨا یار بݨا کے
روہ جبل وچ مارو تھل وچ مارو گیا پردیس رلا کے
مارو ملک ملہیر دا مالک لڑ نہ جاویں جھوک وسا کے
جو گݨ تھیساں ملک ڈھونڈیساں ویساں انگ بھبوت رما کے
الڑے زخم نہ چول پپیہا ساڑ نہ کوئل کوک سݨا کے

کروٹیاں لے ہٹ ہٹ جاندی — بے وس ڈکھڑے سول سہا کے
تم بچھڑت موہے چین نہ آوے — پاپ مٹاؤ انگن سُہا کے
گرجت بدرہ لسکت بجلی — رم جھم بارش زور گھٹا کے
ساجن باجھ فرید ہے جینا — مشکل ایسے بار اٹھا کے

(262)

وصل ہجر یکسان
وسدا دوست قریب دلیں دے

علوی سفلی یار دیاں جھوکاں — خبر نہیں انہاں کملیاں لوکاں
اے دل چاݨ پچھاݨ — ہر جا دیرے چاک مہیں دے
ڈکھ ڈوہاگ تے بیت حزن میں — سکھ سہاگ تے ملک امن میں
عاشق سمجھ سنجاݨ — سبھ مظہر میں یار چھیندے
چاک ہیاݨہ من نوں بھاݨا — تن من اس دے راہ وکاݨا
کیا وت دین ایمان — شرم بھرم سب مِلک تہیں دے
عشق فرید تصرف کیتا — لاایس جڑ کر پرم پلیتا
سب صورت سبحان — ظاہر اکھیاں نال ڈسیندے

(263)

ول وس وسا اوہے ٹول وے — کر لاڈ مٹھڑا بول وے
ہر وقت سانول ڈھول وے — پیا ہو اساڈڑے کول وے
اݨ سونہیں دی گھنڈڑی کھول وے — اݨ سنگ میں سنگ بول وے
اتھوں ناز دے ٹک ٹول وے — لکھ لکھ الول مخول وے
اتھاں مٹھڑی جان سڑول وے — تھئی ڈکھڑیں دی کچکول وے
کیا ڈکھڑیں لدھرم گول وے — تھئے چُور زرہ تے خول وے

ماریا ہے کیا جڑ تول وے　　ابرو غلیل غلول وے
پے ہوش دے وچ بھول وے　　زیرے اندر سو پول وے
تھیا جسم چیچی ٹھول وے　　دل ڈِتڑے کئی گھر رول وے
جے اے فرید دا ڈول وے　　ایہا ٹور تے ایہا چول وے
کئی ڈینہہ نہ پھولا پھول وے　　اجھو شہریں وِسن دول وے

(264)

وہ حضرت عشق مجازی　　سب راز رموز دی بازی
سبھو شاہد اصلی جاݨیں　　ہے واحد پرم کہاݨی
ہے وحدت سمجھ سنجاݨی　　وچ پردے کثرت سازی
کر رفع ملال کدورت　　ٹک سمجھ سجݨ بے صورت
تھیا ظاہر وچ ہر مورت　　چھپ اولے نور حجازی
سن حسن ازل دی چالی　　سب ناز نہورے والی
کتھ خالق خلق دا والی　　کتھ عابد ریت نیازی
کتھ عاشق درد کشالے　　کتھ حسن ملاحت چالے
تھی ہار سنگار ڈکھالے　　خوش سیرت ناز نوازی
کتھ مطرب تے میخانے　　کتھ رندی رسم یگانے
کتھ صوم صلوات اذانے　　کتھ زاہد نیک نمازی
ہے غیریت زندیقی　　پا ورثہ رکھ صدیقی
کر جہد جہاد حقیقی　　بݨ مرد معلی غازی
ٹھپ فقہ اصول مسائل　　سٹ نحوی فعل تے فاعل
بٹھ علمی بحث دلائل　　ہے فقر فقط جانبازی
اے سلک سلوک فریدی　　ہے ریت عجب توحیدی

پر ذوق لذیذ جدیدی چھڑ لمبڑ دور درازی

(265)

وہ وہ دلبر دی یاری لا یاری کرم نہ کاری
تھی رکھڑا رکھم بریّت نہ پچھدا حال حقیقت
نہ سنڈا ویدن ساری
میں مٹھڑی ڈکھڑیں کٹھڑی سے تیریں غم دیں چٹڑی
دل لٹڑی سولاں ماری
نہ ڈٹھڑم مٹھڑا مکھڑا گیا ساونڑ صاف سلکھڑا
گئی موسم چیتر بہاری
نہ کھوج نہ کھوپ اٹھاں دے سب پر بھت پندھ تھلاں دے
دل رل رل رو رو ہاری
میں سندھڑی کیویں جالاں پردیس بیٹھی تن گالاں
تھئے روہی ڈینہہ ملہاری
دل کھسدا بھیت نہ ڈسدا تھی اوپرا دوروں ہسدا
لا ہو ہو شہر خواری
ہک یار فرید اویڑا ہیا سس ننانڑ دا جھیڑا
پئی پلڑے مونجھ منجھاری

(266)

ہک دم ہجر نہ سہندی ہے دل دلبر کارنڑ ماندی ہے
سوز گداز دی تول وچھاواں ڈکھ ڈوہاگ دی سیجھ سہاواں
ہار غماں دا گل وچ پانواں درد دی بانہہ سراندی ہے
ماہی بے پرواہ ملیوسے پلڑے سوز فراق پیوسے

حال کنوں بے حال تھیوسے — جندڑی جھوک غماں دی ہے
ڈینہہ نبھانواں سڑدیں جلدیں — رات ونجانواں جلدیں ہلدیں
ساری عمر گئی ہتھ ملدیں — ہے ہے موت نہ آندی ہے
سوہنے کیتی کیچ تیاری — آیا بار برہوں سر باری
سینگیاں سرتیاں کرن نہ کاری — بے وس پئی کرلاندی ہے
یاد کریساں یار دیاں گالہیں — سوہنیاں رمزاں موہنیاں چالیں
تونیں مٹھیں ڈیوم سیالیں — تانگ فرید نہ جاندی ہے

(267)

ہکو الف میڈوں برمانوم ڑی — تتی بے تے مول نہ بھاوم ڑی
سوہنی وحدت پرم پریتاں نیں — ذوقی گھاتاں عشقی گیتاں نیں
کوجھی کثرت کوجھیاں ریتاں نیں — دل غیروں غیرت کھاوم ڑی
ہر چالوں ناز نواز ڈسے — سب حسن ازل دا راز ڈسے
کل عالم عالم ساز ڈسے — ہکو نور نظر وچ آوم ڑی
غیریت محض محال ڈسے — چو طرفوں حسن جمال ڈسے
ہر ویلھے وصل وصال ڈسے — ڈینہہ رات پنل گل لاوم ڑی
کیوں کردی ہار سنگار مٹھی — کیوں سرخی کجلہ دھار مٹھی
جے جاتاں سانول یار مٹھی — ول ملک ملہیر سدھاوم ڑی
تتا درد جدید شدید تھیا — ہر روز اے سوز مزید تھیا
ہکے دید فرید خرید تھیا — بن ڈھولن گھر در تاوم ڑی

(268)

ہک ہے ہک ہے ہک ہے — ہک دی دم دم سک ہے
ہک دے ہر ہر جا وچ ڈیرے — کیا اُچ ہے کیا جھک ہے

ہک ہے ظاہر ہک ہے باطن   پیا سب کجھ ہالک ہے
مقناطیس تے لوہے وانگݨ   ہوں ڈُو دل دی چھک ہے
جیڑھا ہک کوں ڈُو کر جاݨے   او کافر مشرک ہے
مطلب ڈاڈھا سخت نزیکی   پر رہ تے چل چک ہے
ساڈے سر سرواہ دا سارا   فخر پیا مالک ہے
درد دا بار اٹھا نہ سگدی   دل شودی نِک ترک ہے
روز ازل دی دلڑی میڈی   راہ حق دی سالک ہے
جند دے نال خیال خدائی   کیا پورا گیا یک ہے
یار فرید سنجاݨ کیتے   اے نسخہ ہک ٹک ہے

(269)

ہن میں رانجھݨ ہوئی   رہیا فرق نہ کوئی
جیں سنگ دلڑی پیت لگائی   آخر بݨ گئی سوئی
ہیر سلیٹی چوچک بیٹی   ونج کس جا کھڑوئی
ہیروں ہیرا تھیسی جیکر   سر ہیں راہ ڈتوئی
پہلے کھا کر درد کشالے   اوڑک تھئی دل جوئی
شابس اصلوں محض نہ ہاریوں   جتنا بار چتوئی
جو کوئی سلک محبت دے وچ   مرݨ توں اگے موئی
سیجھ سہاگ سہایس تھی خوش   شام سندر سنگ سوئی
نال خیال انا دے جیں نے   میل دوئی دی دھوئی
سارے جگ وچ ہک میں رہ گئی   نہ توئی نہ اوئی
تھیا منصور فرید ہمیشہ   جیں اے راز لدھوئی

(270)

ہے عرب شریف سدھائیَ   یو سندھ پنجاب دی آئیَ
بن عرب اے اکھیاں روون   رو ہار ہنجوں دے پوون
کر نیرے مکھڑا دھوون   دل دردیں چوٹ چکھائیَ
اے پہلی منزل حدے   ہئی شہر مبارک جدے
کلہ بحر دی شدے مدے   اج عدن ویندی مکلائیَ
کر سعی طواف زیارت   لہہ لطفوں عفو اشارت
گھن عشقوں ذوق بشارت   ول وطنیں واگ ولائیَ
کیوں ہگانے گاہنے پاواں   کیوں سرخیاں میندیاں لاواں
کیوں کجلہ دھار بناواں   ہے تھیم نصیب جدائیَ
گل سہرے ہار کمانڑے   گل ناز نواز وہانڑے
گئے جوش جوانی مانڑے   گیا دھج وچ فخر وڈائیَ
توں باجھوں سانول گھر وچ   ہاں بے شک سخت سفر وچ
تھل مارو سنجڑے بر وچ   ہم سختی روز سوائیَ
گئی آس فرید نہ پنڑی   جی جلیا دلڑی بھنڑی
سر سوز فراق دی چنڑی   گل دردوں چولی پائیَ

(271)

یاد آنون یار دے رلڑے   نت پوون کروپ کللڑے
کیوں چڑھدی چندری کھارے   کیوں کردی زیور بارے
جے جانڑے ہجر دے وارے   ائے نیڑے سخت سولڑے
ڈکھ یار، سکھاں دے ویرن   لئے سولاں سینے دیرن
منہ کالا نیلے پیرن   وہ ہوت پنل دے بھلڑے

کیوں ڈکھڑی عمر نبھاواں　　ہݨ موت دا ملک وساواں
ونج گورستان سُہاواں　　بُٹھ جیوݨ کوڑ تسلڑے
گل پیچ ہجر دے ولڑے　　دل زخم اولڑے الڑے
ایہہ نینہہ لاوݨ دے بھلڑے　　پئے میں مٹھڑی دے پلڑے
سب زور ہوس وس لایم　　پر یار فرید نہ آیم
غم درد اندر سر پایم　　کر آپے گِرڑے گلڑے

(272)

یار کراڑا حال وے　　سانوں مار نہ طعنے
سانگ سنجوک رلائے قسمت　　سانگے دوست یگانے
جاں جاں سوہنہ بݨاواں　　تاں تاں ڈِسدے دور ٹکانے
آنوݨ کاݨ نہ منگنیں دلڑی　　کوڑے کرن بہانے
بے درداں دی پریت نہ بھلی　　مولیٰ موت کوں آنے
رووّاں رو رو لوک ستاواں　　جی نہ آوم خانے
کوئی آکھے من مچلّ کوڑی　　کوئی آکھے دیوانے
سولیں نال سنجیں دی جالے　　سنج صباح گذرانے
آنویں دیر نہ لانویں ماہی　　جند ڈیوں ڈینہہ دی مہمانے
عشوے غمزے ناز نہورے　　کیا کیا حسن دا شانے
جو ہے شان فرید دی ساری　　ماݨ دا سامانے

دیوان فرید میں کتابت اور املا کی غلطیاں

مولوی عزیز الرحمٰن کے متن میں کتابت اور املا کی جو غلطیاں مسلسل چوتھے ایڈیشن تک چلی آ رہی ہیں ، ان کی تفصیل اگلے صفحات میں دی جا رہی ہے ۔ آبلیک (Oblique) کی دائیں جانب " دیوان فرید " مولانا عزیز الرحمٰن کا لفظ یا عبارت ہے اور بائیں جانب ہماری مجوزہ درستی ہے ۔ اس سلسلے میں " دیوان فرید " کا کوئی بھی اصل ایڈیشن سامنے رکھا جا سکتا ہے ۔

5.13.2 اپنا / اپنا
5.14.1 اپنا / اپنا
11.2.3 ڈھول / ڈھول
12.6.5 ڈورا / ڈوڑا
29.6.1 شی / شے
29.10.2 رہو / رہ
30.7.3 تسکیں / تسکین
37.2.1 بناواں / بناواں
39.4.2 لانڈی / لانڈھی
42.2.1 تنڈرے / تنڈڑے
42.4.1 کنڈریں / کنڈڑیں

اس لفظ میں درآمدی (Implosive) / ڈ / نہیں بلکہ / ڈ / ہے دوسری اہم بات جمع کی املا کرنے کی ہے۔ " دیوان فرید " میں عام طور پر جمع کی غلط املا برتی گئی ہے۔ مثلاً اسی بند کو لیجیے:

کنڈڑیں کاٹھیں نشتر ماری
سجھوں یاری تے غمخواری
الڑیں پھٹریں توں رت جاری
خاص سہاگ دی پوں ہے یار

یہاں اصل میں املا کنڈڑیں ، کاٹھیں ، الڑیں تے پھٹریں (یا پھر کنڈڑیں ، کاٹھیں ، الڑیں اور پھٹریں ہونی چاہیے)۔

اسرار فریدی میں جمع کے صیغوں کی املا بہت حد تک درست برتی گئی ہے۔

44.8.2 ونجنڑ / ونجن
45.6.1 ڈترم / ڈترم
49.4.2 " چھڈ گیا ڈھولا یار آزاری "
(نشان لگا کر حاشیہ نہیں لکھا)
ڈھولا / ڈھولا
49.9.1 انگن / انگنڑ
56.1.2 رہو بروچل یار / رہ دو پروچل یار
61.7.1 نینہ / نیں (یا " نیں ہے " ؟)
62.1.1 اسانجی / اسانجے یا اسانجے
62.2.1 تہنجی / تہنجے
62.4.1 سوہنٹاں / سہنٹا
62.4.2 اوانجھے / اوحانجے > (اوانجے).
62.5.1 تہنجا / تہنجو
(کافی نمبر 62 کے بارے میں تفصیلی بحث " خواجہ فرید کی سندھی شاعری " کے موضوع میں دیکھئے)
63.2.3 وہیڑ یچن / وہڑ یچن > ویڑ ھیچن
63.3.1 جا / جو
(کافی نمبر 63 کے بارے میں تفصیلی بحث " خواجہ فرید کی سندھی شاعری " کے موضوع میں دیکھئے)
کافی نمبر 66 میں تیسرے شعر کے علاوہ باقی

پوری کافی کی ردیف " دے " کی بجائے
" دی " لکھی گئی ہے جو کہ غلط ہے -
68.7.2 لگرم / لگرم
69.6.2 راجر / راجڑ
ترجمہ : " ... راجڑ کے چٹیل میدانوں کو
چھوڑ دو - "
69.9.2 لانوٹ / لانون
69.20.1 کھتھڑے کھتھڑے / کھتھڑے
کھتھڑے
69.20.2 ڈوڑے / ڈوڑیے (71.6.2)
70.2.1 موں / موں
70.3.3 پے سنگ / پی (پیے ؟) سنگ
71.2.1 مینڈھڑا / مینڈھرا
71.3.2 عیش کو / عیش کوں
71.6.2 ڈوڑے / ڈوڑیے (دیکھیں
201.3.2 اور 251.4.2 ڈوڑے)
71.10.1 بھشیں / بھیٹیں
72.2.2 بھٹ / بٹھ [بٹھ 264.8.3]
75.3.2 ڈوڑے (دیکھیں 71.6.2)
71.1.2 تیڈری / تیڈڑی
78.4.2 ڈوڑے (دیکھیں 71.6.2)
78.6.2 سونجریں / سنجڑیں
79.4.1 نینہ / نیں (دیکھیں 61.7.1)
81.2.1 سکڑے سورے / سکڑے سوڑے

لغات : " سوڑے : قریبی عزیز - سورے :
تابع مہمل سکڑے ، سسرال "
82.4.3 ڈوڑاپے / ڈوراپے (120.6.1)
لغات : " ڈوراپے : گلے شکوے "
83.3.1 ملاران / ملاراں
84.2 اس بند کے حل لغات میں جوہر ،
عرض ، ست ، نفل ، فرض وغیرہ الفاظ تو
لکھے ہیں مگر ان کی معنیٰ یا وضاحت لکھنا بھول
گئے ہیں -
86.1.1 ٹھندے / ٹھنڈے (87.7.4)
87.3.2 دلراں / دلڑیاں
87.2.2 تجں / تجن
87.7.4 ٹھندے / ٹھنڈے (86.1.1)
89.1.2 تا / تاں
89.2.2 لانگے / لانگھے
لغات : " لانگھے : جائے عبور ، راہ ، گزر گاہ "
89.6.3 تیڈرے / تیڈڑے
90.1.1 ماڑرو / مارڑو
لغات : " مارڑو : مارواڑ کے رہنے والے "
90.4.2 ڈترم / ڈترم
90.5.3 تیڈریاں / تیڈڑیاں
91.2.2 جاں / جاں
92.8.4 نین / نیں (دیکھیں 79.4.1)
95.3.4 سدھائیاں / سدھائیاں

97.3.2 جیندیں سانگے / جیندے سانگے
مولانا عزیزالرحمن نے لغات میں لکھا ہے کہ:
" جیندیں سانگے : جس کے واسطے " اس معنی کے لحاظ سے لفظ " جیندیں " نہیں بلکہ " جیندے " ہونا چاہئے۔
97.4.2 میہندی / مہندی > میندی
97.8.3 جہانیاں / یہ لفظ " جہاناں " بھی ہو سکتا ہے۔
99.7.2 صوم صلوت / صوم صلوات
107.2.4 سجن / سجݨ
108.4.2 ڈوکھ پیر / ڈکھ پیڑ
110.2.3 آئیں / آئین
110.8.1 بھٹ / بٹھ
116.5.2 گپاٹے / گپاٹے
لغات : " گپاٹے : گھنے دلدل ، کیچڑ "
117.10.1 چنڑیاں بوٹیاں / چنڑیاں بوئیاں
دیکھیں ترجمہ : " ... بوئی کے سفید سفید پھول ... "
117.11.1 جوہ کھڑ جوہ کھڑا / جھوپڑ جھوپڑ
118.1.1 سجن / سجݨ
120.3.4 میں / میں
120.6.1 ڈوراپے (دیکھیں 82.4.3)
ڈوراپڑے (126.8.1) ڈوڑاپے (213.3.1)
127.4.2 سکٹریں کھڑی / سکٹریں کھنڑی

133.5.1 کنڈرے / کنڈڑے
133.7.1 بھینٹیں / بھینٹیں
135.4.2 چنرنگ / چنگ (چنر گ)
135.5.1 ڈہالا / ڈھالا
137.6.2 پچائیں / پچائیں
138.2.2 سیوبان / سیوباݨ
140.10.1 دل فرید دے / دل فرید دی
مولانا ترجمے میں بھی سرائیکی حوالے سے دل کو مونث گردان کر لکھتے ہیں کہ : " ... میری دل کو لوٹنے کے لئے ... " حالانکہ دل اردو میں مذکر ہوتا ہے۔
140.10.2 بنیا / بٹیا
142.2.1 کنڈرے / کنڈڑے
148.4.1 ہے ہے / ہئے ہئے
149.1.1 آونڈی / آوݨ دی
149.6.3 سنجری / سنجڑی
150.2.1 شئی / شئے
150.2.1 شی / شئے
150.2.1 ڈیٹھوسے / ڈٹھوسے
150.5.2 رولدیا / رُلدیاں
151.4.2 ڈنٹرے / ڈنٹڑے
156.4.2 گلاندی / گلاں دی
156.5.3 رمّاں / رمّاں
157.2.1،2 ملیمّ / ملیم

160.1.1 آج / اج

161.6.1 آنگن / انگݨ

162.1.2 ماہٹوں / ماٹھوں

165.6.3 بھٹ / بٹھ

168.5.2 تواراں / تنواراں

174.1.2 انبہ ہے / انبوہے

177.2.1 سینکیاں / سینگیاں

182.6.5 جوہپڑ / جھوپڑ (202.1

182.11.6 وچ / ونج (یا) وچ

182.12.6 ور ویڑھے / اوڑ ویڑھے

182.20.1 بھٹیاں / بٹھیاں

184.4.4 پوہی / پوہی (؟)

مولانا عزیز الرحمن نے لغات میں لفظ " پوہی "
لکھا ہے جبکہ شعر میں " پوہی " ہے ۔

195.3.2 رنگین محل / رنگیں محل

196.1.1 ٹوبھ / ٹوبھا

196.1.2 اُتار / اُتاڑ

198.6.1 وہو / ووہ

دیکھیں کافی 31.5.2

198.9.4 رہیں / ہیں

211.2.4 وردپرستی / دردپرستی

212.5.3 منسی / من سے

214.1.1 بازار / بزار

مولانا عزیز الرحمن لغات میں لفظ " بزار :
بازار " لکھتے ہیں

215.1.1 سگڑیں / سگھریں > سگھڑیں

مولانا عزیز الرحمن نے لغات میں " سگھریں :
متعلقین کے ساتھ ۔ اہل و عیال کے ہمراہ "
لکھا ہے ۔

219.6.1 راتوں رات / راتو رات

221.4.2 چننگ / چٹنگ

221.3.1 چٹڑکیں / چٹکیں (یا) چنڑکیں

اسی مصرعے میں لفظ " چھٹکار " کی املا میں

انٹ / دیکھئے ۔

223.1.2 کیتی / کیتیئی

اس کافی کے تمام قوافی کی املا " پیتئی "
وغیرہ کی بجائے پیتیئی (پیتی) ہونی چاہیئے

229.8.1 سونجیدا / سنجیں دا > سنجی دا

229.8.2 دوں / ڈوں (یا) دو

231.7.1 ہت / ہتھ

241.7.3 سرگیوم / سٹرگیم

242.6.1 بہنٹیں / بھینٹیں

250.5.3 وھیڑا / ویڑھا

251.9.2 مال / حال

252.3.3 جہاں / جہاں (یا) جیساں

252.6.3 بے نشاں سجن / بے نشان سجݨ

252.7.4 گدھیوسے / گدھو سے

253.3.1 بنٹیں / بھینٹیں
156.3.4 ہے ہے / ہئے ہئے
256.4.1 بھلیڑے / بھلیرے
257.3.3 نویڑے / نویرے
دیکھیں لغات : " نویرے : نوخیز، جدید۔
نوین کی تصغیر ہے۔ "
257.6.3 پوڑھیساں / پوہرپساں (یا) پوربیساں
258.12.1 تر / تڑ
258.24.1 سچڑیندے / سچڑی دے
258.25.1 سرخیں / سرخیئیں (یا) سرخییں
میندیں / میندئیں (یا) میندییں
تلویں / تلوئیں (یا) تلوییں
262.1.1 یکساں / یکسان
264.3.3 سونچائی / سچائیں
265.3.3 لڑی / لٹڑی
265.6.1 سندھری / سندھڑی
266.4.4 ہے ہے / ہئے ہئے
266.6.4 تانگ / تانگھ
267.2.4 کہادم / کھاوم
269.1.2 رہا / رجیا (یا) ریہا

(2)

دیوانِ فرید اور اسرار فریدی

تقابلی مطالعہ : جاوید چانڈیو

علامات و اختصارات

- تمام چارٹس میں کافیوں کے نمبر بریکٹ میں لکھے گئے ہیں یعنی (18) سے مراد کافی نمبر 18 ہو گی۔

/ تقابلی چارٹس میں آبلیک (Oblique) کے دائیں جانب لکھے ہوئے الفاظ مصرعے اور کافیوں کے نمبر " دیوان فرید " مولانا عزیز الرحمن کے ہیں اور بائیں جانب لکھے ہوئے الفاظ ، مصرعے اور کافیوں کے نمبر اسرار فریدی کے ہیں ۔ مثلاً " نجرساں / نہ جرساں " سے مراد ہے کہ دیوان فرید میں لفظ " نجرساں " لکھا ہوا ہے اور اسرار فریدی میں " نہ جرساں " ۔

اسی طرح ضمیمے میں " مکمل دیوان " کے حوالے سے کیے گئے پانچ کافیوں کے تقابلی مطالعے میں آبلیک کے بائیں جانب لکھے ہوئے الفاظ ، مصرعے اور کافی نمبر " مکمل دیوان " کے ہیں ۔

حاشیہ : اس کا مطلب دیوان فرید میں مولانا عزیز الرحمٰن کا لکھا ہوا حاشیہ ہے ۔

لغات : اس سے مراد دیوان فرید میں مولانا عزیز الرحمٰن کی دی گئی لغات ہے ۔

ترجمہ : اس سے مراد دیوان فرید میں مولانا عزیز الرحمٰن کا کیا ہوا ترجمہ ہے ۔

کلام فرید کے مطبوعہ سرمائے پر ایک نظر

خواجہ فرید کی زندگی ہی میں ان کی کافیوں کے کم از کم چار مجموعے شائع ہوئے اور ان کی 271 کافیوں پر مشتمل مکمل دیوان ان کی وفات کے تقریباً ایک برس بعد 1902ء میں شائع ہوا۔ اس دستیاب ذخیرے کا ایک اجمالی جائزہ پیش خدمت ہے جس کے آخر میں ہم اپنے زیر مطالعہ دیوان "اسرار فریدی" کا "دیوان فرید" کے ساتھ تقابلی مطالعہ کریں گے۔

مجموعہ کافیاں حضرت خواجہ غلام فرید صاحب جیو

چھتیس صفحات پر مشتمل کافیوں کا یہ مجموعہ (1882ء/1299ھ) میں مطبع قادری لاہور سے شائع ہوا۔ یہ مجموعہ "جناب محمد عارف صاحب تاجر کتب دیرہ غازیخان بازار کلاں" کی فرمائش پر چھاپا گیا۔ مجموعے کے اختتام پر ایک نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ اس نسخے کی تصحیح "میاں محمد یار قوم دھریجہ سکنہ تحصیل ڈیرہ غازیخان از خادمانِ حضرت خواجہ غلام فرید صاحب جیو سجادہ نشین کوٹ مٹھن شریف و چاچڑاں شریف" نے کی۔ جناب حبیب فائق کے کتب خانے سے حاصل ہونے والے اس مجموعے میں دیوان فرید کی درج ذیل کافیاں شامل ہیں۔

2,3,7,11,12,16,21,23,24,37,44,45,48,50,60,72,84,88,93,
102,110,119,124,126,134,136,144,150,155,165,166,170,
175,176,177,181,182,184,192,193,196,198,203,209,211,
212,214,216,221,224,225,231,233,238,264,271.

مندرجہ بالا 56 سرائیکی کافیوں کے علاوہ درجن بھر اردو غزلیات بھی خواجہ فرید کی اس مجموعے میں شامل ہیں۔ درمیان میں ایک کافی مخدوم ولایت شاہ صاحب کی اور آخر میں مجموعے کے مرتب و مصحح میاں محمد یار دھریجہ کی درجن بھر سرائیکی کافیاں اور مولود بھی شامل ہیں اس مجموعے کو خواجہ فرید کے سرائیکی اور اردو کلام کا اولین مطبوعہ مجموعہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ یا اگر "مثنوی معدن عشق" کو سامنے رکھا جائے تو بھی دونوں مجموعے ایک ہی سن میں شائع ہوئے مگر دونوں مجموعوں کی کافیوں کے انتخاب میں فرق ہے۔ اس موضوع کی تفصیل "مثنوی معدن عشق" کے ضمن میں ہو گی۔

مثنوی معدن عشق معروف بہ کافیاں

اس کا ایک نسخہ جناب سید امیں شاہ جیلانی (محمد آباد تحصیل صادق آباد) کی لائبریری سے حاصل ہوا ہے ۔ جس کے دو سرورق ہیں ۔ پہلے سرورق پر " نوی معدن عشق معروف بہ کافیاں " کے ساتھ ساتھ " 1301ھ " اور " 1884عیسوی " بھی لکھا ہوا ہے ۔ یہ مجموعہ " جناب مولوی خیر محمد صاحب تاجر کتب ساکن ملتان بوہڑ دروازہ " کی فرمائش پر " مطبع گلزار محمدی " میں طبع ہوا ۔ علاوہ ازیں اس سرورق پر حق تالیف کے سلسلے میں خاتمہ کتاب پر ایک اشتہار کا حوالہ بھی دیا گیا ہے ۔ یہ سرورق دوسری جانب سے خالی ہے (ممکن ہے یہ پہلا سرورق " معدن عشق " کے دوسرے ایڈیشن کا ہو جو مالک کتاب کی جلد میں شامل ہو گیا ہو) اور نئے صفحے پر دوبارہ سرورق چھپا ہوا ہے جس کا ڈیزائن یا گل کاری بھی مختلف ہے ۔ اس سرورق پر کتاب کے نام کے ساتھ " مثنوی " کا لفظ نہیں لکھا ہوا ۔ علاوہ ازیں پبلشر کا نام بھی " جناب مولوی محمد خیر احمد صاحب تاجر کتب ساکن ملتان " لکھا ہوا ہے ۔ صفحہ نمبر2،3،4 پر مجموعے کے مرتب

" مولوی محمد نجم الدین بن مولوی محمد نظام صاحب حکیم ، بن حضرت مولانا مولوی محمود بخش صاحب ، بن مولانا خواجہ مولوی گل محمد صاحب قبلہ معروفی کرخی سکنہ احمد پور شریف ، ریاست بہاولپو " کا لکھا ہوا فارسی دیباچہ ہے جس میں انہوں نے اپنا تعارف بھی کرایا ہے ۔ مرتب مولوی نجم الدین مولوی گل محمد صاحب احمد پوری کے پڑپوتے تھے مولوی گل محمد صاحب احمد پوری حضرت خواجہ فرید کے پرداوا حضرت قاضی محمد عاقلؒ کے مرید اور خلیفہ تھے ۔

مولوی نجم الدین ان کافیوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ : " ان کافیوں کے مطالعہ سے سالک کے راستے کی مشکلات کم ہو جاتی ہیں بلکہ ان کے معائنہ سے حجاب کا بُعد زائل ہو جاتا ہے ۔ " مولوی نجم الدین صاحب کا کہنا ہے کہ : " یہ پر سوز کافیاں .... بفرمائش جناب عنایت مآب مخلص قدیم ، منبع الجود والاحسان ، برگزیدہ درگاہِ احد ، برادرم مولوی خیر محمد صاحب تاجر کتب سکنہ ملتان ، سلمہ الرحمٰن ، اکھٹی کی ہیں اور اسے " مثنوی معدن عشق " سے موسوم کیا ہے " ۔ یعنی ان کافیوں کے مجموعے کو " مثنوی معدن عشق " کا نام مرتب نے دیا ہے ۔

96 صفحات کی اس کتاب میں صفحہ نمبر 5 سے لے کر 91 تک خواجہ فرید کی سرائیکی کافیاں ردیف وار درج کی گئی ہیں ۔ یعنی یہ " دیوان " کی طرز پر طبع ہوئی ہیں مگر اسے دیوان کا نام نہیں دیا گیا ۔ صفحہ نمبر 91 سے 94 تک مرتب مولوی نجم الدین کی پانچ سرائیکی کافیاں بھی

دی گئی ہیں دیوان کے علاوہ ان کافیوں میں بھی کتابت کی غلطیاں موجود ہیں ۔ صفحہ نمبر 95 پر پبلشر کی جانب سے " اطلاع ضروری " کے عنوان سے کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت کتاب کے حقوق " خواجہ غلام فرید صاحب سجادہ نشین سکنہ چاچڑاں شریف ریاست بہاولپور " کی جانب سے پبلشر کو دیئے جانے کا اعلان چھپا ہوا ہے ۔ صفحہ نمبر 96 پر خواجہ فرید کے اردو خط کا متن دیا گیا ہے ۔ جس میں انھوں نے " جملہ تالیفات اور تصنیفات اپنی کا کاپی رائٹ یعنی حق تصنیف " مولوی خیر محمد اور مولوی غوث بخش تاجر کتب ملتان کو " ملک " کر دیا ہے ۔ اس خط پر " المرقوم 8/ماہ ذیقعدہ 1299ھ " درج ہے ۔ اسی صفحے پر بائیں حاشیے کے ساتھ ماہ جون 1881ء آڑا کر کے لکھا گیا ہے اور اختتام خط پر دائیں کونے میں 13 اکتوبر 1882ء اور اس کے عین سامنے بائیں کونے میں "گلزار محمدی پریس لکھنؤ " لکھا ہوا ہے ۔ اس کے بعد " بیک ٹائیٹل " ہے جس کی اندرونی طرف کچھ چھپا ہوا نہیں اور بیرونی جانب " اعلان " کے عنوان سے کتاب کے حق تالیف یا کاپی رائٹ کا اعلان کیا گیا ہے ۔

اس مجموعے میں دیوان فرید کی مندرجہ ذیل کافیاں شامل ہیں ۔

3، 4، 10، 11، 12، 14، 16، 17، 18، 21، 29، 32، 33، 35، 36، 39، 41، 44، 46، 49، 51
، 55، 56، 57، 60، 66، 71، 73، 74، 75، 78، 80، 82، 86، 89، 94، 96، 98، 101، 102
، 106، 107، 109، 110، 111، 11 2، 113، 114، 115، 117، 122، 123، 125، 126
، 127، 128، 129، 130، 13 2، 133، 137، 141، 143، 144، 145، 149، 151، 156
، 156، 159، 160، 216، 163، 164، 165، 166، 168، 169، 172، 174، 176، 178
، 179، 180، 18 4، 185، 188، 191، 192 193، 194، 195، 197، 198، 201، 204
، 205، 207، 210، 213، 216، 217، 220، 221، 222، 225، 227، 228، 229، 231
، 233، 234، 235، 236، 237، 239، 243، 244، 245، 246، 247، 249، 255، 257
، 259، 260، 261، 262، 265، 266، 267، 270، 271.

مذکورہ بالا 133 کافیوں میں سے کل چوبیس کافیاں " مجموعہ کافیاں " کے ساتھ مشترک ہیں ۔ اس طرح 109 کافیاں " مثنوی معدن عشق " کی اور 32 کافیاں " مجموعہ کافیاں " کی غیر مشترک یا Exclusive ہیں ۔ اس لحاظ سے یہ دونوں مجموعے 1882ء میں اگر ایک ہی ساتھ چھپے ہیں تب بھی اپنے اپنے انتخاب کلام کے لحاظ سے منفرد ہیں ۔ دونوں مجموعوں کی کل 189 کافیوں میں سے 24 مشترک کافیوں کا حساب نکال لیا جائے تو 1882ء میں خواجہ فرید کی کل

165 کافیاں طبع ہو چکی تھیں۔

مطبوعہ اردو دیوان اور ایک قلمی سرائیکی دیوان

" مثنوی معدن عشق " کے مرتب مولوی نجم الدین ہی نے خواجہ فرید کے اردو دیوان کو بھی پہلی بار مرتب کر کے 1884ء میں ہی " معدن عشق " کے ساتھ طبع کرایا تھا اردو دیوان کے ناشرین بھی مولوی خیر محمد صاحب تاجر کتب ملتان ہی تھے۔

سید انیس شاہ جیلانی کی لائبریری میں مذکورہ بالا دونوں کتب کے علاوہ " دیوان اوحدی " مطبوعہ 1883ء با اہتمام مولوی خیر محمد صاحب تاجر کتب ملتان اور خواجہ فرید صاحب کا ایک قلمی دیوان (سرائیکی)ایک ہی جلد میں موجود ہیں ۔ ان کتابوں میں مختلف مقامات پر خواجہ فرید کے خاندان کے ایک عالم " محمد عبدالعزیز کوریجہ فیضی " کے دستخط اور نوٹس بھی لکھے ہوئے ہیں ۔

اس جلد میں موجود قلمی دیوان بھی کافی قدیم ہے اور علیحدہ مطالعے کا متقاضی ہے ۔ مثلاً اس دیوان کے صفحہ نمبر 66 پر کافی نمبر 51 " آ مل سانول سانورا دل وچ درد ہزاراں " کسی مطبوعہ دیوان میں موجود نہیں ہے ۔ اس کافی کا مقطع ہے

جاہی چوٹ فرید نوں کر کر ناز نہوڑئی
کیویں وسرم تیریاں موہٹیاں خوش گفتاراں

یہ کافی خواجہ فرید کی نہیں لگتی البتہ دیوان کے مختلف مصرعوں یا تراکیب کو ملا کر ہی لکھی گئی ہے ۔ اس دیوان کا مطالعہ کسی اور نشست میں ہو گا ۔

مختلف مجموعے

1882ء میں چھپنے والے " مجموعہ کافیاں " اور " معدن عشق " جیسے مطبوعہ دواوین کے بعد خواجہ فرید کا تیسرا دستیاب مطبوعہ دیوان " اسرار فریدی معروف بہ دیوان فریدی " ہے ۔ جو 1902ء (1320ھ) میں شائع ہوا ۔ ممکن ہے کہ 1882ء سے 1902ء کے درمیان کوئی اور دیوان یا مجموعہ کافیاں بھی چھپا ہو جو راقم کی نظر سے نہیں گذرا ۔ البتہ ڈاکٹر نصر اللہ خان ناصر نے ایک مجموعہ بنام " مجموعہ کافیاں مع غزلیات کلاں " راقم کو دیا تھا جس میں خواجہ فرید کا کلام بھی شامل تھا ۔ اس مجموعے کے سرورق پر " مصنفہ خواجہ غلام فرید صاحب و مخدوم ولایت شاہ صاحب و خلیفہ یار محمد صاحب باضافہ مولود شریف عظیم و بخشا و مولوی جامی صاحب ، اکبر شاہ و غزل شیخ سعدی " بھی لکھا ہوا ہے ۔ یہ نسخہ اسلامیہ سٹیم پریس لاہور سے " مولوی خدا یار صاحب و نور احمد صاحب تاجران کتب ملتان " کی فرمائش پر شائع ہوا ۔ نسخے پر کوئی سن

اشاعت نہیں دیا گیا۔ البتہ کافیوں پر تحقیق سے یہ عقدہ کھلا کہ یہ نسخہ 1882ء میں ڈیرہ غازیخان سے شائع ہونے والے " مجموعہ کافیاں " کا ہو بہو چربہ ہے جس میں مخدوم ولایت شاہ کی ایک کافی اور خلیفہ محمد یار کا وہی کلام بعینہ اسی ترتیب کے ساتھ شامل ہے جیسے 1882ء میں چھپا تھا البتہ اس نسخے کو کاپی رائٹ ایکٹ سے بچانے کے لیے شاید ناشرین نے اس میں مزید کچھ مولود اور غزلیات بھی شامل کر دیں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ خواجہ فرید کے کلام کے مختلف ایڈیشن اصلی اور نقلی مسلسل چھپتے رہے ہوں گے۔ محمد اسلم میلا نے بھی اس نقل کے شائع ہونے کی تصدیق کی ہے۔ اسی طرح انھوں نے 1884ء میں ایک نسخے کے شائع ہونے کا ذکر بھی کیا ہے۔ روبینہ ترین کے حوالے سے 1884ء کے نسخے کا نام بتائے بغیر وہ اس کے شائع ہونے کی تردید کرتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ 1884ء میں صرف " اردو دیوان " شائع ہوا تھا۔

(انوار فرید، ص۔ 95)

اردو دیوان کی اشاعت کے بارے میں اسلم میلا کی تحقیق درست ہے اور یہ بھی درست ہے کہ خواجہ فرید کا دیوان تاحال دستیاب نسخوں کے مطابق پہلی بار 1882ء میں چھپا تھا مگر تین مختلف ایڈیشنوں / نسخوں کی صورت میں چھپا تھا۔ ایک لاہور سے، دوسرا لکھنو سے اور تیسرا بریلی (دیکھیں ضمیمہ) سے۔ ان میں سے " معدن عشق " کا ایک ایڈیشن 1884ء میں بھی چھپا تھا جس کا سرورق انیس شاہ جیلانی کے 1882ء والے نسخے کے ساتھ منسلک / مجلد ہے جسے غالباً کسی نے پہلا ہی ایڈیشن سمجھ لیا ہو گا

ضرورت اس امر کی ہے کہ مذکورہ تمام مجموعوں کو علیحدہ علیحدہ " دیوان فرید " کے ساتھ تقابلی مطالعے یا حواشی کے ساتھ شائع کیا جائے۔ یہ کام مختلف ادبی تنظیمیں اور ادارے ہر سال " فریدیات " کے حوالے سے کر سکتے ہیں۔ ان تمام مطبوعہ / قلمی نسخوں کا مطالعہ مکمل ہونے کے بعد ہم خواجہ فرید کے کلام کی صحیح روح تک پہنچنے کا دعویٰ کر سکیں گے۔

اسرار فریدی معروف بہ دیوان فریدی

1902ء میں خواجہ فرید کی کافیوں کا یہ پہلا مجموعہ شائع ہوا ۔ جسے " دیوان فرید " کہا گیا ۔ اس مجموعے کو " جلال پور پیر والہ ضلع ملتان " کے تاجران کتب مولوی خدا بخش اور غوث بخش صاحبان نے بہاول پریس لاہور سے طبع کرا کے شائع کیا ۔ اسرار فریدی کے سرورق پر کتاب کا نام " اسرار فریدی معروف بہ دیوان فریدی " اور سن اشاعت 1320ھ لکھا ہوا ہے ۔ سرورق کی اندرونی جانب " نقل اجازت نامہ دوامی عطیہ حضرت خواجہ محمد بخش صاحب سجادہ نشین چاچڑاں شریف ، ریاست بہاول پور " شائع کیا گیا ہے ۔ جس میں لکھا گیا ہے کہ : ... حق تالیف دیوان (فرید ؟) ... اسرار فریدی مصنفہ حضور پر نور حضرت صاحب خواجہ غریب نواز قبلہ و کعبہ ام قدس سرہ العزیز کا تمکو بخش دیا گیا ہے چاہئے کہ حسب ضابطہ بخط خوب و پنہ مرغوب ، طبع کرا کے فیض رسان پیر بھائیان کریں ۔ فقط والسلام مورخہ 9 ماہ جمادی الاول 1320 ہجری عالیہ مقدسہ ۔ الراقم فقیر محمد بخش سجادہ نشین سکنہ چاچڑاں شریف " ۔

حضرت خواجہ محمد بخش نازک کریمؒ، خواجہ فرید کے فرزند اور سجادہ نشین تھے ان کا سن پیدائش 1283ھ اور سن وصال 1329ھ ہے ۔ اگلا صفحہ بھی کتاب کے ٹائیٹل کے لیے ہی وقف کیا گیا ہے اس صفحے پر کتاب کا نام " اسرار فریدی یعنے دیوان مجموعہ کافیاں فریدی " لکھا گیا ہے ۔ سن ہجری 1320 'ور سن عیسوی 1902 چھپا ہوا ہے ۔ سائز عام کتابی ہے ۔

راقم کو یہ دیوان پرفیسر سجاد حیدر پرویز کی لائبریری سے فوٹو اسٹیٹ کی شکل میں حاصل ہوا جو 240 صفحات پر مشتمل ہے ۔ سیٹھ عبید الرحمن کی مرتبہ " سرائیکی کتابیں " کے حصہ " فریدیات " کی فہرست دیکھنے سے معلوم ہوا کہ ان کی لائبریری میں زیر مطالعہ دیوان کے دو ایڈیشن موجود ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے ۔

(1) اسرار فریدی معروف بہ دیوان فریدی ، خواجہ غلام فرید ، خدا بخش غوث بخش جلال پور پیر والہ ۔ بہاول پریس لاہور ، سن 1902، صفحات 244 ۔ سائز 18*23/8

(2) دیوان فریدی معروف بہ اسرار فریدی ، خواجہ غلام فرید ، مولوی فیض بخش محمد ذوالفقار ملتان ۔ اخلاق پرنٹنگ پریس ملتان ۔ سن ندارد ۔ صفحات 178 سائز 16*30*20

(سیٹھ عبید الرحمن : ص ص : 102،101)

سیٹھ عبید الرحمٰن نے ملتان سے شائع ہونے والے ایڈیشن کا سن اشاعت نہیں لکھا البتہ جلال پور پیر والہ کا ایڈیشن وہی ہے جس کی فوٹو اسٹیٹ راقم کے پاس ہے۔ لیکن میرے پاس موجود فوٹو اسٹیٹ 240 صفحات تک ہے۔ جس کے آخری صفحے پر کافی نمبر 268 کا آغاز ہو رہا ہے سیٹھ صاحب کی لکھی ہوئی تفصیلات کے مطابق اس دیوان کے کل 244 صفحات بنتے ہیں۔ باقی چار صفحات میں ممکن ہے کہ " دیوان فرید " مرتبہ مولانا عزیز الرحمٰن کی بقیہ چار کافیاں بھی موجود ہوں۔ باقی چار صفحات کی وجہ سے اس تقابلی مطالعے کے ادھورے رہ جانے کی خلش دل میں رہ جانے کے پیش نظر سیٹھ صاحب کے در دولت پر حاضری دی، ان کا تعلق " دیوان فرید " کے شارح اور مترجم مولانا عزیز الرحمٰن کے خاندان سے ہے۔ ان کی " علم دوستی " کے چرچے بھی عام ہیں۔ نایاب کتب کے ایک بڑے ذخیرے کے بھی وہ " وارث " ہیں۔ انہیں مدعا بیان کیا اور مذکورہ دیوان کے چار صفحات کی فوٹو کاپی کی استدعا کی انہوں نے اگلے روز کی پیشی دی اور اس کے بعد یہ پیشیاں کئی ماہ پر محیط ہو گئیں۔ سرائیکی کے نامور شاعر اور محقق ڈاکٹر نصر اللہ خان ناصر صاحب کو سفارش کے لیے ان کے در پر لے گیا مگر بہاول پور کی اس " علم دوست " شخصیت کی زبان سے واضح انکار کا لفظ سننے کو نہ ملا اور نہ ہی چار صفحات دیکھنا نصیب ہوئے۔ نہ ان کی زبان کی " شیرینی " کم ہوئی اور نہ ہی میری مشکل آسان ہوئی۔ ہر بار انہیں یہ بتانا پڑتا کہ ہم لوگ " اسرار فریدی " کے چار صفحات کی تلاش میں آئے ہیں اور اگلی بار وہ یہ بات بھول چکے ہوتے تھے۔ بعد میں انہوں نے بتایا کہ عمر کے تقاضے کے سبب انہیں آجکل بھول جانے کا مرض لاحق ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں شفا دے۔

مختصر احوال یہ کہ کہیں اور سے کسی مکمل نسخے کی دریافت تک " دیوان فرید " مرتبہ مولانا عزیز الرحمٰن اور " اسرار فریدی " کی 268 کافیوں ہی کا تقابلی مطالعہ پیش خدمت ہے۔

اسرار فریدی کا رسم الخط

سرائیکی زبان کی خاص آوازوں کے سلسلے میں انگریز مستشرق خصوصاً جیوکس کی " ڈکشنری آف جٹکی آر ویسٹرن پنجابی لینگویج " (مطبوعہ 1900ء) میں /ب/، /ج/، /گ/ اور /ڈ/ کی درآمدی (Implosive) آوازوں کی جو صورت قائم کی گئی تھی تقریباً وہی صورت مولانا عزیز الرحمٰن نے " دیوان فرید " مطبوعہ 1944ء میں اختیار کی۔ اسی طرح پانچویں انفی (Nasal) آواز /ݨ/ کی صورت جیوکس نے /نڑ/ اختیار کی تھی مولانا نے اسے بھی کہیں کہیں دیوان میں برتا ہے مگر اکثر مقامات پر انہوں نے /ݨ/ کی صورت خطی استعمال کی ہے۔ دیوان

فرید کے دیباچے میں انہوں نے اس کی تفصیل بیان کی ہے جس کا ذکر کتاب کے پہلے حصے میں آ چکا ہے۔

یہ محل سرائیکی صوتیات اور رسم الخط پر تفصیلی بحث کا نہیں البتہ مختصراً یہ کہ مولانا عزیز الرحمٰن کی اختیار کردہ صورت خطی یا لپی اتنی سائنٹیفک تھی کہ آج بھی استعمال ہو رہی ہے۔ مولانا نے سرائیکی کی دو انفی (Nasal) مخصوص آوازوں /گ/ اور /ج/ کو بھی اپنی طے کردہ لپی میں شامل کیا تھا مگر " دیوان فرید " میں صرف دو مقامات (دیکھیں کافی نمبر 179.6.4 اور 253.6.3) کے علاوہ انہیں کہیں استعمال نہیں کیا۔ حالانکہ تمام ماہرین صوتیات نے ہمیشہ ان آوازوں کو سرائیکی کے امتیازی صوتیوں میں شمار کیا ہے اس طرح سرائیکی زبان کے کل سات اضافی حروف کی صورت خطی " دیوان فرید " کے لیے نصف صدی قبل کے سرائیکی علماء نے مل جل کر ریاست بہاولپور کی سرپرستی میں طے کی تھی، یہ ایک طرح سے سرکاری فیصلہ تھا اور اس پر عمل بھی ہوا اور یہ آج بھی رائج ہے۔ سوائے آخر الذکر دو انفی صوتیوں کے جنہیں نون آمیختہ جیم /نج/ اور نون آمیختہ گاف /نگ/ کی صورت میں لکھا جا رہا ہے۔ حالانکہ سرائیکی صوتیات کے ساتھ مکمل ہم آہنگی رکھنے والی زبان سندھی میں ان ساتوں منفرد صوتیوں کے لیے علیحدہ علیحدہ حروف مقرر ہیں۔ نون آمیختہ گاف /نگ/ اور نون آمیختہ جیم /نج/ کے لیے اب بھی ہم عصر مستشرق ڈاکٹر شیکل کے علاوہ سرائیکی کے بہت سے لکھاری مولانا عزیز الرحمٰن کے رسم الخط کے مطابق علیحدہ علیحدہ حروف اپنی کتابوں میں استعمال کرتے ہیں البتہ اسے کچھ دانشور اختلافی مسئلہ سمجھتے ہیں اور " آمیختگی " پر ہی گذارہ کر لیتے ہیں جن میں " سرائیکی ادبی مجلس " کے کارپردازان بھی شامل ہیں۔

1902ء میں جب " اسرار فریدی " شائع ہوا تو اسے فارسی نستعلیق میں بڑے اہتمام سے چھاپا گیا اور غالباً سرائیکی زبان کے اضافی صوتیوں کے لیے بھی حروف مقرر کرنے کی کوشش کی گئی جو یقیناً اپنی نوعیت کی منفرد کوشش تھی۔ اسرار فریدی میں درج ذیل حروف اضافی علامات کے ساتھ استعمال ہوئے ہیں۔

ٹ - ڄ - ݨ

اسرار فریدی میں سرائیکی کی قدیم املا کے مطابق یائے معروف اور یائے مجہول کا فرق روا نہیں رکھا گیا جس کے اثرات ہمیں " دیوان فرید " پر بھی ملتے ہیں۔ (یائے معروف اور یائے مجہول کے فرق سے پیدا ہونے والی غلط فہمیاں " دیوان فرید " کی املا اور کتابت کی غلطیوں

کے ضمن میں بیان ہوئی ہیں) اسی طرح ر / ڑ ، ک / گ ، ج / چ ، ب / پ ، ت / ٹ اور د / ڈ وغیرہ میں بھی فرق روا نہیں رکھا گیا۔ مرکب آوازوں مثلاً بھ ، پھ ، تھ ، چھ ، گھ ، ڈھ ، ڑھ ، لھ ، نھ ، وغیرہ کی املا بھی اکثر ہائے ہوز کے ساتھ اور آگے پیچھے بمثل کاٹھیاں / کاہتیاں (28.6.2) ، بٹھ / بہٹ (29.1.1) ، کوجھا / کوجہ (30.4.4) ، بھنڑے / بتہرے (38.6.2) ، چھائی / چاہی (44.9.3) ، سیڑھاں / سہیڑاں (45.2.3) ، ترٹھاون / تہرانوں (52.6.1) مگھیانڈ / مگیانڈ (55.6.2) وغیرہ کی گئی ہے۔

قدیم املا کے موجب پیش کے لیے " واؤ " کا استعمال عام تھا جو کہ نہ صرف اسرار فریدی میں بھی عام ہے بلکہ دیوان فرید میں بھی جا بجا ملتا ہے اسی طرح زیر کے لیے یائے معروف کا استعمال بھی دونوں دواوین میں ملتا ہے۔

سرائیکی زبان کی انفی (Nasal) آوازوں کی املا دونوں دواوین میں ملتی ہے مگر اس معاملے میں اسرار فریدی میں کثرت سے نون غنہ کا استعمال کیا گیا ہے۔

سرائیکی محاورے میں عام طور پر " اور " کے لیے " واؤ " استعمال نہیں ہوتی (مثلاً درد و الم کو درد الم کہا جائے گا) جبکہ " دیوان فرید " میں " واؤ " کو التزام کے ساتھ برتا گیا ہے جبکہ " اسرار فریدی " میں " واؤ " کا یہ استعمال نہ ہونے کے برابر ہے۔ اکثر مقامات پر واؤ کا یہ استعمال اوزان شعر پر بھی اثر انداز ہوتا ہے مگر مولانا عزیز الرحمٰن نے معدودے چند مقامات کے سوا پورے دیوان میں واؤ کا اضافہ کیا ہے۔

اس کے علاوہ " الف " کی بجائے " ہائے ہوز " بھی اکثر مقامات پر استعمال کی گئی ہے۔ مثلاً سوہنٹا کو سونڑہ یا مانٹا ، بھانٹا ، ایانٹا وغیرہ کو مانڑہ ، بھانڑہ اور ایانڑہ لکھا گیا ہے۔ تفصیل کے لیے تقابلی چارٹس دیکھیے۔

تقابلی چارٹس کو ہم نے چار حصوں میں تقسیم کیا ہے۔

(الف) " دیوان فرید " اور " اسرار فریدی " کے ایسے اختلافی الفاظ / مصرعوں پر مشتمل ہے جن کی تصدیق مولوی عزیز الرحمٰن کے حواشی / لغات سے بھی ہوتی ہے۔ اور یہ واضح ہوتا ہے کہ " اسرار فریدی " بھی ان کے پیش نظر رہا ہے۔

(ب) ایسے الفاظ / مصرعوں پر مشتمل ہے جو دیوان فرید اور اسرار فریدی میں مشترک ہیں مگر مولانا عزیز الرحمٰن نے حواشی / لغات میں ان کے متبادل الفاظ مصرعوں کی نشاندہی بھی کی ہے۔ اس چارٹ سے اندازہ ہوتا ہے کہ مولانا عزیز الرحمٰن نے ان الفاظ / مصرعوں کے معاملے میں " اسرار

فریدی " کے متن کو ترجیح دی تھی یا دونوں کا ماخذ مشترک ہے۔

(ج) یہ چارٹ ان الفاظ / مصرعوں پر مشتمل ہے جو دیوان فرید اور اسرار فریدی میں مختلف ہیں ان میں اکثر مقامات پر اندازہ ہوتا ہے کہ " دیوان فرید " میں کتابت اور املا کی غلطیاں اختلاف پیدا کرنے کا سبب بنی ہیں جبکہ بعض مقامات پر یہ اختلاف واضح طور پر متن کا ہے۔ دیوان فرید کے صاحب ذوق قارئین خواجہ فرید کی شاعری کی تفہیم کے لیے اسرار فریدی کے متن کو اکثر مقامات پر قابل ترجیح بھی پائیں گے جبکہ بعض مقامات پر " دیوان فرید " کا متن ترجیح کا مستحق قرار پائے گا۔ اس تقابلی چارٹ میں محققین واضح طور پر محسوس کریں گے کہ سرائیکی الفاظ " کوں ، میڈا ، تیڈا " وغیرہ کی جگہ " اسرار فریدی " میں " نوں ، میرا ، تیرا " وغیرہ استعمال کیے گئے ہیں ۔ اسے التزام کے ساتھ خواجہ فرید کے سرائیکی محاورے کی پنجابی محاورے میں تبدیلی سرائیکی دانشوروں کے اس دعوے کے اثبات کی طرف لے جاتی ہے کہ قدیم سرائیکی مطبوعات کے متن میں پنجابی لہجے کے مطابق کاتبین ، ناقلین ، ناشرین یا طابع تبدیلیاں کرتے رہے تھے۔ سرائیکی ادبی مجلس کے بانی اور بہاولپور کے دانشور بریگیڈئیر سید نذیر علی شاہ (جن کی اپنی زبان پنجابی تھی) نے 1964ء میں مثنوی سیف الملوک کے پیش لفظ میں لکھا تھا کہ : " ... دور دوئم میں مولوی لطف علی بہاولپوری اور اس کے معاصرین مثلاً میاں علی حیدر ملتانی ، حافظ محمد جمال ملتانی ، مولوی نور محمد ملتانی اور مولوی عبدالحکیم اوچی وغیرہم شامل ہیں ۔ مولوی لطف علی کے کلام کے سوا باقی حضرات کی منظومات کی اشاعت پنجاب میں ہوئی ہے اور وہاں کے مطابع نے اس زبان کی عدم واقفیت کی وجہ سے کتابت اور تصحیح کے وقت انہیں پنجابی بنا دیا ہے اور خالصتاً بہاولپوری - ملتانی نہیں رہنے دیا " ۔ شاہ صاحب نے اس عمل کو " مہنجب " ہونے کا نام دیا ہے (نظامی ، مثنوی سیف الملوک ، دوسرا ایڈیشن ، 1994ء ، ص ۔ 4) ۔ اسرار فریدی بھی بہاول پریس لاہور سے طبع ہوئی اور اس میں خواجہ نور محمد مہاروی کے لیے لکھی گئی کافی نمبر 9 میں مصرعے " سندھ پنجاب دا راجہ " کو اسرار فریدی کے لاہوری کاتبین یا طابعین نے " ملک پنجاب دا راجہ " کر دیا ہے ۔ بہر حال اس تقابلی مطالعے میں یہی پہلو بنیادی اہمیت نہیں رکھتا بلکہ متن کے دیگر دلچسپ پہلو بھی موجود ہیں ۔

(د) چوتھا چارٹ کتابت اور املا کے اختلافات اور غلطیوں سے متعلق ہے ممکن ہے اس چارٹ میں چند ایسے الفاظ بھی رہ گئے ہوں جنہیں صاحب نظر افراد متن کے اختلاف سے تعبیر کریں ۔ اگر ایسے الفاظ کی نشاندہی ہوئی تو انہیں اگلے ایڈیشن میں متعلقہ چارٹ میں ڈال دیا جائے گا ۔ اس چارٹ کے ذریعے دیوان فرید اور اسرار فریدی کی کتابت ، املا اور رسم الخط کے فرق اور مماثلت کو سمجھنے کا بھی موقع ملے گا ۔

باجازت [redacted] بخش و غوث بخش تاجران کتب چاچڑاں و بہاولپور ... نے شائع کیا

... [redacted] الارادہ فی الاکتساب

[redacted] رار فریدی

معروف بہ

دیوان فریدی

تصنیف لطیف قطب سماء الشرف والکرم موشگاف سرائر طریقت بیضا سرمست بادۂ عرفان مستوفد انوار اسرار فرقان مدرس علوم ملکوتیہ مویدہ فوقہ ناسوتیہ سوخہ منہ جبروتیہ مدقق حقائق لاہوتیہ قطب الاقطاب قدوۃ الاولیاء ذو التصانیف والارشاد زبدۃ العاملین اسوۃ الکاملین ملک المشائخ قطب الاولیاء شمس العرفاء الحقانی حضرت خواجہ غلام فرید غفر لہم اللہ الحمید بعہد سعدات مہد حضرت نواب عالی آئین زینت بخش تاج و نگین رکن الدولہ حافظ الملک نصرت جنگ مخلص الدولہ نواب ابن نواب ابن نواب ابن نواب **نواب** محمد بہاول خان بہادر خامس عباسی خلد اللہ ملکہ و دام سلطنتہ

حسب اجازت مقتدای السالکین امام العارفین عارف باللہ فانی فی اللہ محبوب الٰہی ... امام الطالبین شیخ الشیوخ قطب العارفین جناب خواجہ محمد بخش صاحب سجادہ نشین چاچڑاں شریف بفرمائش مولوی حکیم خدا بخش و غوث بخش تاجران کتب بہاولپور باہتمام مولوی محمد عبدالرشید عبدالعزیز تاجر کتب لاہور و ... مطبع

در بہاول پریس لاہور طبع شد

سنہ ۱۳۲۰ھ

نقل اجازت نامہ دوامی عطیۂ حضرت خواجہ محمد بخش صاحب سجادہ نشین چاچران شریف ریاست بہاولپور

فضائل کمالات مرتبت نصاحت صاحب بجاحت میاں خدا بخش و میاں غوث بخش سلمہ

بعد از سلام خیریت انجام و دعوات وافیات آنکہ جو کہ حق تالیف دیوان اسرار فریدی تصنیفہ حضور پر نور حضرت صاحب خواجہ غریب نواز قبلہ و کعبہ ام قدس سرہ العزیز کا تمکو بخشدیا گیا ہے چاہیئے کہ حسب ضابطہ بخط خوب و پنہ مرغوب طبع کراکے فیض رسان عامہ برایا شان کریں فقط والسلام مورخہ ۶ ماہ جمادی الاول ۱۳۲۰ ہجری عالیہ مقدسہ

الراقم

فقیر محمد بخش سجادہ نشین سکنہ چاچران شریف

العشق نار تحرق ما سوی اللہ

رہ رو وے عشقا ماریائی ۔ کہہ کسنوں پار او تاریائی

الحمد للہ کہ کتاب مستطاب تصنیف لطیف قطب سما الشرف والکرم مو شگاف سرائر طریقت بیضا سرمست بادۂ عرفان رموز دان اسرار فرقان مدرس علماء ملکوتیہ معوذہ فرق ناسوتیہ مرشد رموز جبروتیہ مدقق دقائق لاہوتیہ قطب الاقطاب مقتدی الاوتاد مؤلف التصانیف المشہورہ ... اسوۃ الکاملین ملک المشائخ قطب الاولیا شمس الفقراء العشاق فی التوحید حضرت خواجہ غلام فرید قدس سرہ المجید

مسمی بہ

اسرار فریدی ۱۳۲۰ھ

یعنی

دیوان مجموعہ کافیاں فریدی ۱۹۰۲ء

حسب اجازت مقتدا اہل سالکین عارف باللہ فانی فی اللہ مجمع کمالات صوری و معنوی امام العاشقین شیخ الشیوخ قدوۃ الکاملین جناب خواجہ محمد بخش صاحب سلمہ اللہ الواہب سجادہ نشین چاچڑاں شریف کا روا حال مقیم ریاست بہاولپور صانہ اللہ عن شر الشرور الی یوم النشور

حسب فرمائش مولوی خدا بخش صاحب و غوث بخش صاحب تاجران کتب مقام جلال پور پیر والا ضلع ملتان

[illegible] پریس واقع انارکلی لاہور میں مولوی محمد عبد الرشید عبد العزیز صاحب کے اہتمام سے چھپا

٢

بسم اللہ الرحمن الرحیم

١ کافی نمبر ١

اج سانوں لڑی موکلا یا — سر بار ڈکھاں دا چا یا
اے قبلہ اقدس عالی — ہر عیب کنوں ہے خالی
اتہ عبد عبید سوالی — جین جو منگیا سو پایا
وہ امن اللہ معظم — وہ حرم اللہ محرم
وہ بیت اللہ مکرم — ہے رحمت دا سرمایا
اے نور سیاہ مجسم — ہے عین سواد الاعظم
تھیا بیشک آمن بیغم — جو حرم احاطہ آیا
کر یاد حریم حرم کوں — [illegible] ہیش پڑے غم کوں
دل آکھے کھانواں سم کوں — [illegible] ن کوڑا جایا
ہن واگاں وطن ولایاں — لکھ [illegible] بہ موں جھاریاں آیاں
دل بھڑیاں پتیاں لایاں — دل میڈیں یار خدایا
ول دلبر کیتی رنگی — گھر شہر بازار نہ نگی

چارٹ (الف)

مولانا عزیز الرحمٰن کے حاشیے اور اسرار فریدی - 1

" دیوان فرید " مرتبہ مولانا عزیز الرحمٰن میں کئی جگھوں پر اختلاف نسخ کے حوالے دیئے گئے ہیں ۔ اس چارٹ میں ایسے الفاظ شامل کئے جا رہے ہیں جو مولانا عزیز الرحمٰن نے اپنے متن میں شامل تو نہیں کیے البتہ ان الفاظ کے بارے میں حواشی لکھ کر اختلافی یا متبادل الفاظ کی نشاندہی کی ہے ۔ مولانا کے حواشی کے عین مطابق یہ الفاظ " اسرار فریدی " میں موجود ہیں ۔ اس سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ مطبوعہ دواوین میں سے اسرار فریدی بھی مولانا کے پیش نظر رہا ہو گا ۔

(37)

5.1 وچھاون / سہانون
مولانا عزیز الرحمن اس لفظ پر حاشیے میں لکھتے ہیں : " ایک نسخہ میں "سہاوں" لکھا ہوا ہے ۔ "

(41)

7.3 ویڑھے / اویڑے (یار فرید آ ویڑھے وو یار)
مولانا عزیز الرحمن نے حاشیے میں لکھا ہے کہ : " یہ لفظ "اویڑے" بھی سمجھا گیا ہے جس کے معنی بے ڈھنگے کے ہیں ۔ "

(48)

5.2 رگ رگ لکھ لکھ سیڑھ /
رگ رگ لکھ لکھ پیڑ
حاشیہ : " کئی ایک نسخہ میں " پیڑ " لکھا ہوا ہے "
شعر نمبر 9 اسرار فریدی میں موجود نہیں ۔
جندڑی چھدی نوک غضب دی
دل غم دی جاگیر
حاشیہ : " یہ شعر ایک قلمی نسخے میں پایا گیا ہے ۔ دوسرے قلمی اور مطبوعہ دیوانوں میں یہ شعر موجود نہیں ۔ "

(49)

بند نمبر 9 اسرار فریدی میں نہیں پایا گیا ۔
آتڑ ، انگنڑ ، حویلیاں ، جاہیں
خواجہ جانہ ڈیوم کھاہیں
کوئی جامیکوں نہ جھلے وو یار
حاشیہ : یہ بند صرف ایک قلمی دیوان میں ملتا ہے مگر جو متعدد دیوان میاں نباہو کاتب حضرت خواجہ کے لکھے ہوئے ہمارے زیر نظر ہیں یا مطبوعہ بہم پہنچائے گئے ہیں ، ان میں یہ بند موجود نہیں ، اس لیے اس بند کا حضرت خواجہ کے رشحات قلم ہونے میں شبہ ہے ۔

(57)

4.1 پٹدیاں کھپدیاں / تپدیں کھپدیں
حاشیہ : "ایک نسخہ مطبوعہ میں " تپدیاں سکدیاں " بھی ہے ۔ "

(85)

7.1 کنیا / کلینا
نوٹ : حل لغات میں مولانا عزیز الرحمن لکھتے ہیں کہ : " کلینا : اعلیٰ خاندان " ۔ لغات میں مولانا نے "کنیا" کا ذکر نہیں کیا ۔

(90)

2.4 پر ہک / ہک ہک
1.1 دریوں / دریوں

1.2 اوتھ / اوتھ

2.2 ترکھاں / ترکیاں

2.3 سانھے / ساتھی > سانھی ؟

3.1 ٹبڑے بھنڑے / تبہری تیری

3.2 نازو والے / نازو والی

5.4 ڈؤکھ / ڈکھ

6.2 بھرسوں / بٹرسوں

8.2 ڈوکھڑا / ڈوکٹرا

(43)

1.2 شالا / شالہ

(44)

7.1 ہے ہے / ہے ہے

7.3 سیندھ / سیندیہ

9.3 چھائی / چاہی

(45)

2.3 سیڑہاں / سہیڑاں

3.3 تھئی / تھی

5.1 سٹ کر / ستکرڑ (دیکھیں 36.4.1)

(46)

2.3 ماٹیں / ماٹی

6.3 ڈوہیلی / ڈوہلی

7.1 روٹھڑے / روٹھڑے

8.2 پئی / پی

(47)

4.2 کوہندا / کھندا > کہندا

6.2 گھوڑا / گھوڑا

8.2 جوڑیندا / جوڑیندا

(48)

5.1 ڈوکھیندے / ڈوکنندے ـ
ڈوکھی دے / ڈوکندے

8.1 دھوتا / دھوتہ

8.2 کیچے / کیچے (دیکھیں 88.7.4)

(49)

1.1 پچلے / پچلے

4.3 نبھ ڳئے / بنہ گی

5.2 میں ول شالا / مینول شالہ

7.2 ڄڄ / ڄ

8.1 رنجھیٹے / را نجھیٹے

(50)

4.1 پھردے / پیردے

7.2 جے تیں / جے تیں

7.3 ہیو / ٹیو

8.3 ٹھپ / پتہ

9.3 ٹھئے / تھے

10.2 اوستاد / استاد

(51)

2.1 اکلیاں / اگلیاں

5.2 نہ چاڑہن / نچھازین

6.2 اولٹا / الٹا

8.2 شالا / شالہ

(52)

2،3.1 بٹے بٹے / بنے بنے

6.1 ٹرٹھاوٹ / ٹھرانون

9.2 جینویں / جیویں

(53)

2.2 کیا / گیا

2.3 ٹھئے / تھے

(54)

6.1 پیئوں / پیوں

8.1 بن / بڻ

8.2 ڏوکھڑے / ڈوکھڑے (کھ)

(55)

3.3 لاہی / لابھی

5.1 چائیَ جائیَ / چائیَ جائے

6.2 مگھیاڻہ / مگیاڻہ

(57)

6.2 اوٹھ ڳئے اولے ٻجھ پئے بھولے / اوٹھکے اولے بجھہ پئی بھولے

(58)

1.2 سوہٹا / سوہٹا (سونہ ؟)

2.1 جھپ مالاں / جھپ مالاں

2.2 سوہٹا / سوٹہ (دیکھیں یہی کافی)

(59)

2.1 کارنڻ / کارن

4.1 سوٹھاں / سوٹہ

8.1 اوڳار / اوگاڑ

9.1 دھرتی تھلڑی / ڈھرتی تہلڑے

12.2 ٻیلیں بیٹیں / ٹبلیں بیٹھیں

17.2 سندھ سندھ / سہندہ سہندہ

18.1 ناں / نا

(60)

2.2 بھا بھڑکائے / بہانبڑ کائے

4.1 ڏکھاوے / ڈیکھاوے

4.4 اپٹاں / اپٹاں
6.3 ڈِٹھوسے / ڈیٹوسی

(61)

5.2 بٹھ / بنہ
8.1 سندھڑی / سھندڑی
12.2 تھئی / تھی

(63)

1.1 کین / کی نہ
2.2 گاڑہیوں / گاڑہیوں
3.1 تھر پٹھوارن / ترپھوارن - ڈیس / دیس
3.2 تھر / تتر- سہجا / سجا
4.3 وار اوگار / واڑ اوگاڑ
5.1 ڈیسہ / ڈینہہ
6.2 مرک / مرگ - تھر / تتر

(64)

2.4 مرک / مرگ (دیکھیں 63.6.2)
3.4 پوہنیں / پونہیں - جئے / جے
6.4 کئی / کی
7.2 جانڑاں / جاناں
7.4 ڈترڑا / دترڑا
8.1 گالہہ / گھال
10.1 بیا / بِیا

(65)

3.2 ڈِنگڑی / ڈنگری (ر / ڑ)

(66)

3.2 نانگ / تانگ (ن / ت ؟)

(67)

6.1 بوڈھیپڑے / بوڈھیپری

(68)

6.1 کولھوں / کھولوں
6.2 کھاوم کالڑا / کھانوم کالڑا
7.2 لگرم / الگرلم
9.2 ٹانگ / تانگ

(69)

3.1 بٹھ / بنہ - ڈینہہ ڑے / ڈینہہ ڑی
9.2 لانوٹی / لانون
11.1 مریلڑی / طریلڑی
11.2 ظلمیں / ظلمیں
18.2 ول چھل / واچھل
19.1 تھک تھک / تہک تہک
20.1 کَہتھڑے کُہتھڑے / کتھری کتھری
21.2 مشروع / مشرو

(70)

2.2 لکھ / الکر
2.3 موڑی / موری
2.4 سن کے / سٹنگی > سٹ کے
3.3 پہے / پئے
4.1 انند / اہند - گگن / لگھن
4.3 لاگی جوری سبد نکورے / لاگی جوری سبد نکوڑی (ی / ے ؟)
5.4 کنھئی / کئی

(71)

1.1 ڈیس / دیس

1.2 ویسائیں / وے سائیں ۔ ڳل / گل

4.1 کنڑیں / کنڑیَن

5.2 توڑیں / توڑیں

7.1 لہہ ڳئی / لگی

10.1 بھنیں / بھٹیں ۔ ڈرانڑیاں / دیرٹاڑیاں

(72)

2.2 بھٹ / بھٹہ ۔ کوڑی / کوڑی

3.1 اوٹھدیں / اتھدین

8.2 ٹھپ / تپہ

9.1 سوجھائیَ / سوجھائیَ

(73)

5.1 سی / سہی

6.1 سیقل / صیقل

7.2 کل / گل

8.1 ڈہاڑے / دہاڑے

8.2 کوڈے / کوڈے

(74)

1.1 پیٹر / پیر

1.2 ڳئی / گی

2.4 اوچھل / اچھل ۔ پے / پَیٔ

5.1 آوڑ ویڑھے / آور ویڑھے

5.4 موساگ / موساک

6.4 چھدے / چوبھدے

7.1 چھل چھل / چھلچھاب

7.4 ذینزیں / ڈینٹیں

8.1 سی / سہی

8.4 گنڈھ / گمنڈ

9.3 نیڑاں / نیٹاں

(75)

4.2 ڳئے / گے

9.1 سندھڑے / سہندڑے (ی / ے ؟)

11.1 ویس / ڈیس

11.2 ہنجٹوں / ہنجڑوں

13.1 پھوگ / پھوک

(76)

2.1 توں ہیں / تو ہیں

3.2 توں / توں

(77)

8.3 چنڑے / چٹرے

(78)

2.2 نخرے / انخرے

4.2 بٹھ / بنہ ۔ ڈورئے / ڈورے ۔ پٹھرے / پٹھرے

5.2 ونڑو ونڑدے / ونڑو ونڈی

8.3 سوہنٹا / سونڑہ

(79)

1.1 سپاہیڑا / سپاہیرا

5.2 ماڈرے / ماڈے

9.2 ڳئے / گے

11.2 سوہنٹاں / سونڑہ

(81)

3.1 سونجڑی / سنجڑی

6.1 پورانی / پورانی

(82)

3.3 تاں / تا

3.4 منجھایم / مونجھایم

4.3 ڈوڑاپے / ڈوراپے

8.4 تانگھیں / تانگھی (دیکھیں 206.3.3)

(83)

5.4 ڈوہاگ / ڈوہاک

(84)

1.1 وچہ / وچ

(85)

11.2 آتم دیو / آتم ڈیو

(86)

1.1 ٹھندے / ٹھندے (ٹھنڈے)

3.1 لرکے لرکے / لڑکے لرکے

3.4 گہئے / گے

4.2 ناں / نا

5.4 مٹھے / مٹے

8.2 ڈکھائی / دیکھائی

(87)

4.4 ہاں دے / ہاوی > ہاں دے

6.3 ڈوکھرے / دوکھرے

8.3 مساگ / مساک

(88)

2.3 عبادت / عبادۃ

3.3 بھنبھور / بھنبور

4.1 کنشت / گنشت

(89)

2.2 لاہنگے / لانگھے - وہیرے / ویڑے

4.4 ٹھٹکن / ٹھپکن

6.3 تیڈڑے / تیڈڑے

(90)

1.2 دھاہاں / دہاں

5.3 تیڈڑیاں / تیڈریاں

(91)

13.1 دسرت / ڈسرت

14.2 کنہیا / کینا

15.1 گنیش / گنٹیش

31.2 بانک / بانگ

(92)

1.1 ہئی / ہی

1.2 ڈھولا / ڈھولہ

3.1 ڈوڑے / ڈورے

4.3 منٹروں / مٹروں

(93)

5.1 اوستاد اوستادیاں / استاد استادیاں

8.4 مین / میں - باری / یاری

(94)

1.2 جتون / جون

5.1 موکلا / موکلا
5.2 ویلے / وہلے

(95)

4.1 ہنجروں / ہنجھروں
5.1 میٹریں / مٹریں ۔ سٹڑیں / سٹڑیں
5.2 ڈوکھڑے پوکھڑے / ڈوکٹڑے پوکٹڑے

(96)

6.2 بے نوا / پنوا

(97)

3.3 نا / نا
5.1 مناواں / منانواں
5.2 گول / کول
6.1 ڈیساں / دیساں
6.2 بھنے / بھنن

(98)

2.1 ولڑے دے / ولڑیدے
6.1 دڑ بڑ / ڈر بڑ
7.1 بھوندے / بھونڈے
8.3 گئے / کئے
9.3 تانگھے / تانگھیں

(99)

1.1 ڈتڑی / دتڑی
9.2 موتڑی / موتڑی

(100)

1.1 بجھی / بوجھی
3.4 سھن / سوہن ۔ اوٹھن / اوٹھن

4.2 طہور / ظہور
6.2 مرنوں / مرڑوں
6.3 پاون / پانون
7.2 مانڑن / ماٹن

(101)

2.1 سک / سگ

(102)

3.1 سدھانڑاں / سدھانڑ
3.2 وہانڑاں / وہانڑ
4.1 باقی / باتی

(103)

2.4 اتنی / اتنیں
3.4 اپنے / اپنڑے
4.3 نہ رہا ایھ / نرہای > نہ رہائی
7.1 گئی / گی

(104)

5.3 چونڈھی / چونڈی
7.1 اوجاڑیم / اوجاڑیم
7.3 چک مک / چقمق

(105)

1.2 ریڑاں / ایڑیاں
5.4 ریڑاں / ریڑہاں

(106)

1.2 بھاونڑوں / بھانونڑوں
2.1 چاندڑیاں / چانڈریاں
4.2 بیاں / پیاں

(107)

2.4 ثالہ / شالہ

4.1 سینہ / سنہ

4.2 ڈوکھے / دوکھے

6.2 پھروں / پرہوں

(108)

2.1 جاتا / ٹجاتا

3.2 دھیاں / ڈھیاں

3.4 گھاٹے / گھاٹے

6.3 بول / بھبول

(109)

3،2،5.1 تھئی ۔ تھئی ۔ تھئی /
تھئی ۔ تھی ۔ تھی

5.3 بے واہ / بیوہ

(110)

1.1 ڈیہاں / ڈہیاں

1.2 کنزیں / کنبزیں

2.1 انہد / اہند

4.2 تھیا / تھئیا

5.1 ویروں / دیروں

8.1 بھٹ / بھٹہ

9.2 لدہوے / الدہوے

(111)

1.2 ونجیاں / ونجاں

(112)

3،2،3.1 ٹھٹے / ٹھے

(113)

3.2 سیڑہاں / سیٹرہاں

4.1 سوئیں / سوٹی

5.3 گاہنڈے / گمانے

5.4 چوڑا / چوڑ

(114)

2.1 آوم ۔ لاوم / آنوم ۔ لانوم

(115)

8.2 سہنڈڑی / سہندہڑی

9.1 ریخریں / رہخریں

18.1 ڈہانڈلے / ڈہانڈہہ لے

18.2 پھنگاراں / پھونکاراں

21.2 کڈھن / کڈین

(117)

11.1 جو پھٹڑ / جو پیپٹر

11.2 سہندیاں / سندیاں

(118)

2.3 سی / سہی

3.3 آئے آئے / اے اے

3.4 تا / نہ

6.3 ڈور / دوڑ

(120)

3.3 بسرا / بسٹرا

(121)

1.1 تیریاں / تیراں

(122)

4.3 بھسڑ / بیسڑ

(123)

4.2 موہنیاں / موہنڑیاں (" سوہنڑیاں " کی طرح لگتا ہے)

5.4 ڈنگدیاں / ونگدیاں

(124)

3.2 تھئی / تھئے (ی / ے ؟)

5.1 انہد / اہند

6.3 تھئی / تھی

9.3 دوارے / دووارے

(125)

2.1 لاونٹ / لانونٹ

6.1 ویڑھے / وہیڑھے

6.2 کھیڑے / کیڑھے

6.3 کیتے / کتے ۔ نکھیڑے / نکیرے

(127)

2.1 بنھ بنھ / بنڑ بنڑ

4.3 آلیاں / الیاں

(128)

3.1 ڈھوسے / ڈھیوسے

4.1 آگ / اگ

(129)

4.4 براتے / پراتے

7.2 ہتھ / ہت ۔ ڈتم / ڈیتوم

(131)

3.1 کھیڑے بھیڑے / کیڑے بھیرے

(132)

16.2 تانڑ / تان

25.1 ناتاں / ناتا

(133)

1.1 ڈوں / ڈو

1.2 کینویں / کیویں

2.2 لانواں / لاواں

7.1 بھینٹیں / بھینٹ

(134)

4.1 بٹھ / بھٹہ

4.3 بے سامانی / بے سامان

(135)

2.3 بوکھ / بوکھ

6.2 سو ستھ / سو سٹ

(136)

6.1 پھاتھے / پھاتے

(137)

6.1 ڈوں / ڈو

(138)

2.1 جیندیں / جندیں

2.2 سیوہان / سیوہانڑ

5.2 گھنڑی / گھنٹری

7.1 یار مٹھی / پار موہتی

(139)

1.2 صوفی / صوتی

6.1 بیو / بیو

(140)

2.2 اسمان / آسمان

3.1 آبا / ابا

8.2 سجھ / سجہ

10.1 لوٹن / لوٹن

(141)

6.1 اوستاو / استاد

(142)

6.3 ڈِتوسے / ڈیتوسے

(143)

4.2 مھنٹیں / مھنٹن

6.1 نہ پائم / نپایم

7.2 پوون / پون

7.3 دی / دی (ے ؟)

8.1 گھنیرے / گھنیڑے

9.2 نیٹرا / نہیڑا

(144)

3.2 کٹھیاں / کنٹیاں

3.3 چور چورنگ / چوڑ چڑنگ

(145/146)

1.2 نپناں / نپنا

2.2 موٹھڑی / مٹھری

5.2 چھنا / چھنان

6.1 کڈہایم / گڈہایم

(146/147)

3.2 کتھے / کہتے

3.3 اچاں / اپٹاں

4.2 موہٹیاں / موہٹاں

5.2 اپنا / ابنا ۔ گماتے / کماتے

6.2 گنش / گُنش ۔ تجھ میں / تجمیں

8.2 سوچ سجانو / سونچ سوجانو

8.4 تھئے / تھی

(147/148)

2.1 ستروں / سٹروں

6.2 ڈِوکھانوچ / ڈوکھانوچ

(148/149)

1.1 آونڈی / آونڈی (آوٹ دی)

2.1 ڈِوہاگ / ڈوہاک

3.2 اوباہل / اباہل

3.4 برکے برکے / بڑکے بڑکے

4.2 روٹھڑی / رٹھڑی

4.3 ووٹھڑی / وٹھڑی

4.4 ڈِوں / ڈو

5.4 ویرٹ / ویران

6.1 سنبھالیم / سنبھالیوم

6.2 پالیم / پالیوم

6.3 سجری / سونجریں

6.4 مسکے / موسکے

(149/150)

2.1 ڈیٹھوسے / ڈھیوسے

3.4 پننیم / پہنویم

5.2 رولدیا / رولدیاں

(150/151)

2.3 آواری / آواری

4.1 پوکھڑے / پوکرے

4.2 ڈھٹرے / ڈٹھریں

5.1 ککرے / ککڑے

(151/152)

1.1 یار / یا

(152/153)

1.2 لکانہ / لکانہ

(153/154)

4.1 سجھ / سجہ - ابھریا / ابھڑیا

7.1 جیڑہا / جہیڑا

(154/155)

2.2 اوتے / اتے

3.2 پڑھے / پہرے

5.2 پڑھیا / پڑیا

7.2 درک / درگ

7.3 ڈونگھڑے / ڈونگھرے

9.1 تھئی / تھی

9.3 تیں / تیں

(155/156)

3.3 ویلے / وہلے

4.4 جھلیندی پکھے / جلیندی پکے

7.1 ڈنھم / ذتہم

7.4 چھکے / چکھی

8.3 جیندیں / جتدیں - پھیرے / پہرے

8.4 ہسوں / بہوں

9.1 دھکے دھکے / دکے دیکے

9.2 ڈوں / ڈو

10.3 تھئے / تھے

10.4 بجھ بجھ / بجہ بجہ

(156/157)

3.1 سوہٹاں / سوٹہ

5.3 سائیم / سُایم - ایڑھے / ایڑھے

(157/158)

4.3 ساگ / ساگ

4.4 ڈوہاگ / ڈوہاک

11.3 زخمی / زخمیں

12.3 بھنٹیں / بہنٹیں

13.1 تیں / تیں

13.3 اتی / اتنیں

15.4 ٹھنڈی / ٹہنڈی

16.4 لٹ دھاڑ / لٹ دھار

(158/159)

6.1 جمنا / جمنہ

7.1 برما / پرما

8.2 درمٹ / درمت

(159/160)

2.3 دھڑکے / دڑکے

4.1 پھنڑے پھنڑے / پھنڑے پھنڑے

4.3 کنھڑے / کنھرے - کھنڑے / کنھرے

7.4 کئی / کی

(160/161)

1.2 نگری / نگڑی

6.3 کئی / کی

7.3 مساگ / مساک

(161/162)

1.2 ماہنوں / ماہٹوں

5.2 نناٹ / نیناٹ

5.3 کھیڑیں / کٹریں

6.2 تھئے ہن / تھے ہن

7.2 ویلا / وہیلیا

(162/163)

2.1 تھئے / تھے

4.4 ودھیندی / ودہندی

8.3 میلہ / میلا

9.3 نین / نیٹ

10.2 جھوک / جھوگ

10.3 پان / بان

11.4 رودھے / رودے

(163/164)

4.1 ویلے / ویلے

4.2 لوگ / لوک

5.2 سڑدے / سرڈے

کھیڑے بھیڑے / کیٹرہے بھیڑے

(164/165)

1.1 مانگھ / مانگہ

4.3 لارے / لہرے

5.3 ویڑہے / ویٹرے

6.3 بھٹ / بٹھ

(165/166)

1.2 پیٹھیں / بہٹیں

2.3 لہریں / لٹریں

2.4 ازاری / آزادی

3.3 مانگ / مانگہ

7.1 دھجراں / دھجراں - ڈکھاوم / دیکھانوم

9.2 ویلے / ویلے

10.2 پٹھڑی / پسٹری

10.3 اپٹھڑی / اپسٹری

12.3 شالا / شالہ

(166/167)

2.1،2 کئی / کی

2.1 بگڑیاں / بگڑ

4.1 ڈیلھیاندیاں / ڈیلیاندیاں

5.4 کل نے / کل تے

6.3 ٹھڈیاں ٹھار / ٹھڈڑیاں پار (یار ؟)

(167/168)

4.1 کوئل / کوہل - چنگماڑے / چمنگارے

6.2 ویلے / وہیلے

(168/169)

2.1 بھیندیں / بھیدیں

5.2 کلدھی / کاہندی

(169/170)

4.1 ٹھپ / پٹہ

7.2 ہئی / ہی

15.1 کڈوکڑاں / کڈوکڑاں

(171/172)

2.2 تھئے / تھے

(172/173)

3.3 ڈہیر / وہڑ

8.3 مساگ / مساک

8.4 سکھیرے / سوکھیڑے

9.4 اگیرے / اگیڑے

11.1 بٹھ / بٹہ

11.4 جھگڑے / جگھڑے

12.2 گل گل گلزار بہاراں /

گل گل گلزار بہاراں (گل / گل ؟)

(173/174)

2.1 تولہ / تولا

3.1 تھی یار / تھئی یار

5.3 گیسل / گھیل

5.4 تھوہے / تھوئے

(174/175)

1.1 ڈہاڑے / دہاڑے

6.4 ویلے / وسلے

(175/176)

2.1 ویلے / وسلے

6.3 سیڑھ / سہیڑ

7.3 ڈہاں / ڈہانہہ

(176/177)

2.1 سینکیاں / سینگیاں

2.3 چولہ / چولہ

2.4 تھئے / تھے

5.3 ککڑے کنڈرے / ککڑے کنڈڑے

6.4 پئے / پے

(182/179)

6.4 سونجیندے / سونجندے

(185/180)

5.3 پاہہ ہنباہہ / پاہہ ہنبھانہہ

6.2 نہ / نا ۔ بیواہی / پواہی

7.2 نبیی / نہ پئی

10.1 وکڑے / وکڑے

10.2 تاڈے / تاڑے

لغات : " تاڑے : رہائش اور مقام کی جگہ ، جہاں پانی جمع ہو جائے ... تاڑے : تمہارے ، تمہاری محبت نے ۔ "

11.2 ڈاگاں / ڈاکاں

(187/181)

4.1 ڈوں / ڈو

7.4 تھئے / تھے

(177/182)

2.3 گھنٹے / کھانٹے

6.5 جوہپڑ / جوپھپڑ

7.4 لکھدی / لکدی

7.6 گیٔے / گے

15.5 تھی / تھے

17.6 کھارے / کھاڑے ۔ چھیڑے / چھیرے

18.6 پےَ / پۓ

(179/184)

3.4 ہیَ / ہی

4.1 ٹِلساں / جلساں

(183/186)

1.2 نہ گل دی دال درمل دی / نہ گلدی دال درملدی

لغات : "درمل : دارو علاج ، دوائی ، معالجہ ، درمل کا ایک معنی یہ بھی ہے کہ دروازہ مل کر بیٹھنے والا ، دروازہ پر دھواں ڈال کر بیٹھنے والا ۔ "

3.4 اجکل دی / اج کلدی

4.1 ڈاڈھے / ڈھاڈھے

(184/187)

2.1 ونڑو ونڑدیاں / ونڑو وندیاں

3.2 چک / چگ

5.4 جھوک / جھوگ

9.1 چنگھارے / چھنگارے

(189/188)

7.1 لوڑھایم / لھوڑایم

(190/189)

3.3 وچہ / اوچہ

(191/190)

1.3 گھدی / گدھی

1.4 وچائیَ / وڈجائیَ

5.3 موساگ / مساک

(194/191)

6.3 ٹھیندے ونج وپار / تھنڈے ونج وپار

(195/192)

1.1 مری / مڑی

2.1 ڈُھم / ڈھم

3.1 ووڑ / وور ۔ وٹھڑی / وہٹڑی

3.2 ڈھولا / ڈھولہ

5.3 پوم / پوم

6.3 اجڑی / اوجھری ۔ مانگھ / مانگھ ۔ دھڑی / دھری

(196/193)

4.2 شالا / شالہ

4.3 بوڑاں / بوڈاں

6.1،2 پوٹھی ۔ پوٹھی / پوٹھی ۔ پوٹھی

(197/194)

2.3 لوڑھیساں / لھوڑلیساں

(198/195)

1.4 چور / چوڑ

4.1،2،3 سب ۔ سب ۔ سب / سبھ ۔ سبھ ۔ سبھ

(188/196)

2.2 جوھپٹر / جوہپٹر > جھوپڑ

(192/197)

3.2 کاڑھ / کماڑ

4.2 چولہ / چولہ

5.2 جھوپڑ / جوہپٹر > جھوپڑ

6.1 جوہپٹر / جوہپٹر > جھوپڑ

8.1 ٹوبھہ / بیہ

8.2 چڑھیسوں / چہریسوں

(193/198)

6.1 وہو / وہو > ووہ

7.3 گٹھ / گتہ

(199/199)

4.2 تاں وی / تا وی

5.1 چولا / چولہ

5.4 تھئی / تھی

7.1 مٹے / مٹے

8.3 ریترڑ / ریتر

(201/201)

3.3 وہانڑاں / وہانڈ

4.3 جیڑھئیں / جہیڑئں

5.1 ویڑھ / وہیڑ۔ ٹھڈہڑے / ٹھدہڑے

5.3 نہ مانڑیم / نماڑیم

6.3 شالہ / شالا

7.1 سلونڈ / سلونڈ ۔ مریلہ / مریلہ

7.2 ویلہ / وہیلہ

(202/202)

1.1 جھوپڑ / جوہپٹر > جھوپڑ

3.2 سندھڑوں / سہندہڑوں

(204/203)

1.2 سوہنٹا / سونڈ

5.3 شالہ / شالہ

7.3 موٹھی دہانہ فرید آواز وے /

موٹھی ڈہانہ فرید آواز دے (وے)

(206/205)

1.1 پے / پۓ

1.2 ڈترڑے / دترڑے

2.1 گئی / گی

3.1 پیریں / پیڑیں

4.1 جھیڑے / جھڑے

4.2 پھیٹے / پہٹے

(207/206)

3.1 سوہاں / سوہاں

3.3 تھیندیں / تہیندی (دیکھیں 82.8.4)

(209/208)

1.1 سوہنڑاں / سونڈ

2.2 ویکھوئے / ویکھوئے

3.4 ننانڑ / نیناڑ ۔ کہیڑے / کہیڑے

7.2 وہہ ملیوسے / وہہ ملیوسے

7.3 چھوٹڑ / چھوٹڑ

(210/209)

2.1 کیہاں / کہیاں ۔ کیہاں / کہیاں

5.1 سونجی / سونجی
7.2 جاہیں / جاہیں
(211/210)
3.1 بھانڑاں / بھانڈ
3.2 بانڑاں / بانڈ
4.1 میرا یتا / میرا یتا
4.3 تہیندا / تہیندا
5.1 بھانڈ / بھانڈ - بھانڑاں / بھانڈ
5.2 گھیانڑاں / منگیانہ
5.3 مانڑاں / مانڈ
6.1 وسلہ / وہیلا
(212/211)
4.1 جانڑن / جانٹن
4.3 بوجھن / بجھن
(213/212)
3.4 لڑھی / لھوڑہی
4.3 گھاٹیاں / گھاتیاں
6.1 تھئی / تھی
(205/214)
4.1،2،3 بے / بے
5.4 گلی / کلی
(215/215)
2.2 پئے / پے - ساڑن / سارن
2.3 تھئے / تھے
3.4 اہالے / ابھالے

(216/216)
1.2 ویہلے / وہلے
(217/217)
1.1 ڈینہ / ڈینہ
5.3 سوکھدے / سکھدے - ڈپاڑے / دباڑے
6.4 مرہم / مرحم
(218/218)
3.1 ویڑھے / وہڑے
3.2 شور مچایا / شور مچار
4.3 ویہلے / وہلے
5.3 دھیاں دھیاں / ڈھیاں دہیاں
6.1 بل بل جاواں / ہل بل جاواں
(219/219)
1.2 کارن / کارٹ
3.1 لدھوسے / لدھیوسے
7.1 چڑھ / چڑہ
9.1 نساہا / نساہانہ
9.2 لوڑھائے / لھوڑہائے
11.1 مدتاں پچھے / مدتاں پیچے
(221/221)
4.2 چنگ چواتی / چنگ چواتی
(222/222)
2.1 تھئے / تھے
3.1 چنزکیں / چٹکیں - چھنکار / چنگار
3.2 گھوبکار / گھپکار (پ / پ)
4.2 چوہنکار / چوہکار (انفی)

5.2 کھیمنڈے / کھیمنڈے

(223/223)

2.1 ڈوہ ورائیں / ڈوہ ورابیں ۔ الیندیں / الیندی > الیندیں (دیکھیں 206.3.3)

2.2 ڈیکھݨ سیتی / ڈیکھݨ دیکھی ۔ تریڑھی / تریہڑی ۔ پیندیں / پیندی > پیندیں

(224/224)

2.1 ڑے / گرے

4.1 جھگڑت جھگڑت / جھگرت جھگرت

4.2 تڑپھت تڑپھت / ترپھت ترپھت

5.1 دھڑکت / دھرکت

5.2 گھٹن / گٹن

(226/226)

2.1 بݨ گئی / بنگی

3.2 دل نہ کر غیریت ہاݨی / دل نہ کر غیرت ہاݨی

5.1 سوہݨا / سونا

(227/227)

1.1 ڈھولہ / ڈھولہ

(228/228)

6.1 بیواہی / پواہی (ب / پ)

7.2 توارے / تواڑے

10.2 چنگارے / چنگاڑے

(229/229)

4.1 بی / بی

5.1 ٹانگ / تانگ

6.2 گنٹے / گنٹی > گنٹیں (دیکھیں 223.2.1)

(230/230)

6.1 میں ول بھیچیاں / میں ول بھجاں

7.1 عادت / عادۃ

(231/231)

2.4 ہن / ہݨ

8.4 پھپھاڑی / پھاڑی

(233/233)

7.2 چور چرنگ / چوڑ چرنگ

(234/234)

3.1 تھئے / تہئے

5.3 چنرکی / چٹکے ۔ گھنڈ / گنڈہ ۔ توارے / توازے (انفی)

چنرکی گھنڈ توارے وہ وہ / چٹکے گھنڈ توازے وہ وہ

6.1 ویملا / وبلا

(235/235)

1.1 سوہݨاں / سھوݨہ

2.1 گالھ / گہال

2.2 سوتی / سوتی (ستی)

3.4 کنیں / کئی > کنیں (دیکھیں 229.6.2)

4.1 بھیت / بھیت

6.2 بیمایا / پیمایا (ب / پ)

(236/236)

5.3 رلدی / رولدی

5.4 ڈکھائی / ڈیکھائی

(237/237)

2.1 مل دا / ملدا

4.2 زیور تریور / زیور تریوڑ

5.3 سیندھ / سیدنھ

6.3 رلدے / رولدی

7.3 بٹھ / بٹھ

8.2 گھنٹے / گھٹے (ٹ)

(238/238)

4.1 بین / بینڑ - من / منڑ - موہیں / موہں

5.1 بوندے / بُندے

5.1 مالاں / مالیاں

7.1 خاک رمیساں / خاک رمساں

10.2 کولوں / کولہوں

(239/239)

2.1 مٹیں سٹڑیں / مٹڑیں سٹڑیں

7.1 لبی / البی - جڑ / جڑ

(240/240)

1.2 سہرے / سڑے - گھنٹے / گھانٹے

2.1 سجھ / سجھ

5.3 پوڈھرے / پوڈھرے

7.3 سوہٹا / سوٹا

7.4 پورانے / پرانے

(241/241)

7.3 سرگیوم / سٹرگیوم

(242/242)

4.1 پیا پھٹ جاہی / پیا پھٹ چاہی >
جاہی (ج / چ)

5.1 چتڑے شینہہ / چترے شینہہ

5.2 بگھیار / بگھیاڑ

8.2 ویہلا / وہیلا

10.3 سیڑھ / سہیڑ

(243/243)

4.3 لوڑہیم سیڑھ / لہوڑیم سہیڑ

5.1 سومنڑ / سومنڑ

(245/245)

6.3 انگن / انگنڑ

(246/246)

4.2 چڑھدیں / چڑدیں

5.1 گاہنے / گھانے

7.4 رووئیوسے / رویوسے

(248/248)

1.2 نگری / نگڑی

(249/249)

3.1 سجانو / سجانو

4.2 سوہٹے / سہوٹے

(250/250)

2.2 ڈاڈھے / ڈہاڈھے

5.3 وھیڑا / وہیڑا

(251/251)

1.2 تھیسی / تسی

2.4 سونجائیدی / سونجائیدی
3.3 موذنٹ / موزنٹ
4.2 ڈورے / ڈورے
6.1 آنویں / انویں
6.3 پچھوں / بچھوں (پ / ب)
8.1 مبتلا / مبتلاء
9.1 گالھ / گھال
(252/252)
4.4 لوڑھیوے / لھوڑیوے
5.2 لوگ / لوک
5.3 نٹڈھرے وڈڑے / نھنڈھرے وڈہڑے
6.1 گالھ / گہال
8.4 رویوے / رویوے
(253/253)
1.2 مل دا / ملدا
3.1 بہنٹیں / بہنٹیں
5.3 ڈوہلی / ڈوہلی
6.3 ونجے / ونجے
(254/254)
2.3 شگن / سگن
3.2 من موہن / من موہنٹ
4.2 چو بھیندیاں / چو بھندیاں
6.1 ڈوباگ / ڈوہاک
(الف 255/255)
3.4 سب ڈوکھ لایا ہے / سب دکھلایا (دکھ لایا) ہے

5.2 موٹھڑی / موڑھی ۔ ڈوکھاں / دوکھاں
5.3 ڈتڑی / دتڑی ۔ گھنڑی / کھنڑی
7.1 سوہنٹے / سوہنڑے
(ب ۔ 186/255)
4.1 سوہنٹاں / سونٹے
5.2 گھنڑی / کھنڑی
6.2 ڈوکھ / دوکھ
7.4 ڈوباگ / ذوہاک
(256/256)
1.1 لوزہ / لہوزہ
1.2 پچھلی / بچھلی ۔ ڈتونی / ذیتونی
3.2 بھیجیاں / بھجاں
4.1 ویلے / ویلے ۔ بھلیڑے / بھلیرے
4.2 وہیرے / وہیڑے
5.2 سنٹیں / سونٹیں سین
7.1 ننذھیے / ننڈھیے
7.2 بوذھیے / بوڈھیے
7.3 ہے / ہے
(257/257)
2.3 اپالے / اڈپالے (اوبالے)
2.4 ہوئی / ہٹی
3.3 نویڑے / نویرے
6.1 چریساں / چڑیساں
6.2 اوگاڑ / اوگاڑ
8.4 کھنڑی / کھنڑی

(258/258)

5.1 جھیڑے / جھڑے

6.1 بکھیڑے / بکھڑے

11.1 مارو چھوڑ ملیر ملاراں / مارو چھوڑ ملیر ماراں

12.1 تر تاڑے / تر تاڈے

12.2 بیواہی / پواہی (ب / پ)

(259/259)

5.1 منٹیں / مٹریں (ٹ)

(260/260)

5.1 سوہٹنا / سوہٹنہ

5.3 چُڑھ چُڑھ / چٹر چٹر

7.4 ابردے / اٹبردے

(261/261)

1.1 گھن گھوراں لا کے / گھن گھوراں لاگے

2.2 تھئے / تھے

5.2 بنا کے / ٹنا کے

13.1 جینا / جیناں

(262/262)

4.1 بھانٹا / بھانٹہ

4.2 وکانٹا / وکانٹہ

5.4 ڈیسیندے / ڈیسندے

(263/263)

4.2 چور / چوڑ

4.3 ماریا / ماڑیا ۔ جڑتول / جڑیول

5.1 پے / پئے

5.4 ڈتڑے / دتڑے

(264/264)

9.4 لمبڑ / لمنبڑ

(265/265)

3.2 غمدیں / غمدی > غمدیں (ل)

3.2 چوڑہی / چھتڑی

3.3 دل لڑی / دل لُٹڑی > لٹڑی

4.1 مکھٹنا / مکھٹنہ

4.2 سلکھٹنا / سلکھٹنہ

6.1 سندھری / سہنڈڑی

6.3 تھئے / تھے

8.2 ننانٹ / نیناٹ

8.3 پئی / پی

(266/266)

4.2 ونجاواں / ونجانون

(267/267)

2.3 کوجھاں / کوجھاں (کوجھیاں)

4.3 ویلے / وہلے

4.4 گل / کل

5.1 موٹھی / موہٹی

ضمیمہ

(الف) اسرار فریدی

کتاب کی کمپوزنگ تقریباً مکمل ہو چکی تھی کہ ڈاکٹر سی شیکل کے پی ایچ ڈی کے تھیسس " بالائی سندھ اور جنوب مغربی پنجاب میں سرائیکی اور سرائیکی ادب 1750ء تا 1900ء " کی فوٹو اسٹیٹ سے استفادہ کا موقع ملا جس سے معلوم ہوا کہ " اسرار فریدی معروف بہ دیوان فریدی " کے 1902ء کے اصل ایڈیشن کے علاوہ برٹش میوزیم میں 1919ء کا ری پرنٹ بھی موجود ہے اور انڈیا آفس لائبریری میں 1932ء کا ری پرنٹ بھی دستیاب ہے ۔ ڈاکٹر شیکل کے بقول " اسرار فریدی " اور مولانا عزیز الرحمٰن کے " دیوان " کے متون میں بہت قریبی مماثلت پائی جاتی ہے ۔ (ص 58)

ڈاکٹر شیکل نے خواجہ فرید کی 22 کافیوں پر مشتمل ایک نسبتاً قدیم ایڈیشن بنام " کافیاں " کا بھی ذکر کیا ہے ۔ جو 1882ء میں قیصری پریس بریلی سے ملتان کے کتب فروش میاں خیر محمد کے لیے طبع ہوا جس کی کافیوں کی اکثر قراتیں 1902ء کے " اسرار فریدی " سے شاید مختلف ہیں اس ایڈیشن میں ایسی کوئی وضاحت نہیں ہے کہ آیا یہ مصنف کی اجازت سے شائع ہوا تھا یا نہیں (ص 58) بریلی کے اس ایڈیشن کا حوالہ ڈاکٹر سی شیکل نے اپنی کتاب " ففٹی پوئمز آف خواجہ فرید " میں بھی دیا ہے جس کے مطابق دیوان فرید کی کافیاں نمبر 37، 43، 95، 150، 151، 209، 230، 241 اور 252.3 بھی اس مجموعے میں شامل ہیں (ص xi)

(ب) " مکمل دیوان فرید "

یہ ایک بوسیدہ اور پرانا سا نسخہ ہے جو راقم کی ملکیت ہے اس کا سرورق نہیں ہے صفحہ نمبر 3 سے " بسم اللہ الرحمٰن الرحیم " کے بعد کافی نمبر 1 کا آغاز ہو رہا ہے ۔ دیوان کے کل صفحات 234 ہیں جن کے بعد بیک ٹائیٹل سلامت ہے ۔ جس پر " شائقین " کے لیے ایک اشتہار موجود ہے ۔ جس میں بتایا گیا ہے کہ " یہ دیوان قبل اس کے چند بار چھپ کر فروخت ہو چکا ہے " ،ناشر نے یہ بھی بتایا ہے کہ :

" ریاست بہاولپور کے مشہور سوداگر حاجی رحیم بخش صاحب کی معرفت پرانا نسخہ مکمل دیوان خواجہ صاحب کا حاصل کر کے جناب حاجی برخوردار صاحب ساکن بستی وچھہ سندیلہ کی خدمت میں

اس غرض سے پیش کیا کہ اس میں اگر کوئی غلطی ہو تو آپ صحت فرماویں ... ساتھ ہی حضرت خواجہ غلام فرید صاحب ، خواجہ محمد بخش صاحب ،خواجہ غلام معین الدین کے فوٹو بھی لگا دیئے ہیں ... اردو زبان میں جس قدر غزلیات تھے وہ بھی اسی تقطیع پر چھپ چکے ہیں "

آخر میں " المشتہر حافظ شمس الدین منور الدین تاجران کتب شہر ملتان اندرون بوہڑ دروازہ " لکھا ہوا ہے ۔ سیٹھ عبید الرحمٰن کی " سرائیکی کتابیں " سے ایک بار پھر رجوع کیا تو معلوم ہوا کہ " فریدیات " کے سیکشن میں مذکورہ پبلشر کے حوالے سے تین دواوین اور ایک مجموعہ " ڈوہڑہ جات فریدی " کے نام درج ہیں ۔ پہلے نمبر پر " دیوان فرید " جو چالیس صفحات پر مشتمل ہے ۔ جن کا سن اشاعت 1343ھ لکھا ہوا ہے دوسری جگہ " دیوان فریدی ". جو 246 صفحات پر مشتمل ہے ۔ تیسری جگہ پر "ڈوہڑہ جات فریدی " جو 16 صفحات پر مشتمل ہیں اور سب سے آخری ادخال " مکمل دیوان فرید " کے نام سے ہے جس کے صفحات 234 اور سائز 24/8 * 18 ہے ۔ " سرائیکی کتابیں " کے مطابق یہ دیوان مذکورہ تاجران نے اقبال برقی پریس ملتان سے شائع کرایا ۔ آخر الذکر تینوں کتابوں کے سنین اشاعت نہیں دیئے گئے ۔

مندرجہ بالا تفصیلات سے معلوم ہوتا ہے کہ راقم کے پاس کے جو نسخہ ہے اس کا نام " مکمل دیوان فرید " ہے جسے ہم مختصراً " مکمل دیوان " لکھیں گے ۔

مکمل دیوان کے سن اشاعت کا فی الحال کوئی مستند ثبوت تو دستیاب نہیں البتہ اشتہار کے موجب جو خواجہ غلام فرید ، خواجہ محمد بخش اور خواجہ معین الدین کے فوٹو لگانے کا ذکر کیا ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ دیوان خواجہ فرید کے پوتے اور خواجہ محمد بخش نازک کریم کے فرزند خواجہ معین الدین کے دور سجادگی میں شائع ہوا ہو گا ۔ خواجہ طاہر محمود کوریجہ کی تصنیف " خواجہ فرید اور ان کا خاندان " کے مطابق خواجہ معین الدین کی پیدائش 1301ھ اور وفات 1337ھ ہے وہ " صرف سات آٹھ سال اپنے فرائض کی انجام دہی میں مصروف رہے " (ص ۔ 406)، غالباً وہ 1329ھ یا 1330ھ میں مسند سجادگی پر بیٹھے ۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ " مکمل دیوان فرید " 1337ھ (1919ء) سے پہلے یا اسی برس شائع ہوا ہو گا ۔

مکمل دیوان اور اسرار فریدی

اسرار فریدی کے ساتھ مکمل دیوان کا تقابل کرنے سے معلوم ہوا کہ یہ اصل میں اسرار فریدی کا ہی چربہ ہے ۔ دونوں کی تقطیع ایک ہی ہے البتہ " مکمل دیوان " کی کتابت نئے سرے سے کی گئی ہے ۔ اس میں کل 272 کافیاں ہیں جو صفحہ 230 پر جا کر ختم ہوتی ہیں ۔ جن کے بعد

" مولوی حافظ فتح محمد صاحب سکنہ جلال پور پیروالہ ضلع ملتان " کی ایک فارسی مدح خواجہ فرید کی شان میں ہے۔ اور اس کے بعد سات اردو غزلیات بھی خواجہ فرید کی شامل ہیں۔
اسرار فریدی کے ساتھ تقابلی مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ معدودے چند مقامات کے سوا یہ دیوان مکمل طور پر اسرار فریدی سے نقل کیا گیا ہے۔ اسرار فریدی اور دیوان فرید کے تقابلی چارٹس میں سے " الف " اور " ب " کا تقابل مکمل دیوان کے ساتھ کیا گیا تو معلوم ہوا کہ سب کچھ " اسرار فریدی " کے مطابق ہے سوائے درج ذیل فرق کے۔

100.6.1 لقا / بہا

110.3.2 حنفی / مخفی

171.4.3 لڑدی / اڑدی

251.10.3 تھیوم / تہیسم

257.7.4 ترٹڑی / ابٹری

تقابلی چارٹ " ج " جو دیوان فرید اور اسرار فریدی کے اختلافی الفاظ اور مصرعوں پر مشتمل ہے، میں سے درج ذیل فرق دیکھنے میں آیا۔ (یہ سرسری مطالعہ ہے)

10.3.3 پسلوں / ہکلوں

39.11.3 کیچ وطن حقیقی وار / کیچ ہے وطن حقیقی وار

* کافی نمبر 53 کے بندوں کی ترتیب " دیوان فرید " کے مقابلے میں 7،5،3،6،4،2،1 ہے جو اسرار فریدی سے بھی مختلف ہے۔

63.1.1 کی نہ / ہے نہ

70.3.1 ترپت / تیرتھ

* کافی نمبر 75 میں شعر نمبر 6 اور 7 کی ترتیب اسرار فریدی کے کاتب سے غلط ہو گئی ہے جسے نشانی لگا کر درست کیا گیا ہے۔ " مکمل دیوان " میں یہ غلطی بعینہ اسرار فریدی کی طرح دہرائی گئی ہے۔

79.4.2 چھول / جھول

* دیوان فرید کی کافی نمبر 145 اسرار فریدی کی طرح " مکمل دیوان " میں بھی نہیں ہے آگے تمام کافیوں کے نمبر اسرار فریدی کے مطابق ہیں۔

* اسرار فریدی کی کافی نمبر 169 کا تیرہواں اضافی شعر " مکمل دیوان " میں نہیں ہے۔

193.9.4 (مکمل دیوان ۔ 198) ہیں مٹھڑے دی تحریر تے / ہیں متھڑے دی تحریر تے
* کافی نمبر 215 میں اسرار فریدی کا کاتب پانچویں بند کے دو مصرعے لکھنا بھول گیا تھا جو بعد میں حاشیے میں لکھے گئے ۔ " مکمل دیوان " میں یہی مصرعے حاشیے سے اٹھا کر صفحے پر لائے گئے ہیں مگر ترتیب پھر بھی غلط ہو گئی ہے ۔ ۔ حتیٰ کہ لفظ " ی " (سے بمعنی سینکڑوں) کتابت کی غلطی سے اسرار فریدی میں " سی " کی طرح لگتا ہے جسے " مکمل دیوان " میں " سی " ہی لکھ دیا گیا ہے ۔
216.8.2 بخت / تخت
* کافی نمبر 243 کے مصرعے اسرار فریدی کے کاتب نے آپس میں گڈ مڈ کر دیے گئے ہیں دو مصرعوں کو ایک مصرعہ بنا دیا گیا ہے ۔ اور کہیں ایک مصرعہ ایک ہی رہنے دیا گیا ہے ۔ کتابت کی یہ غلطی بعینہ " مکمل دیوان " کے کاتب نے دہرائی ہے ۔
* کافی نمبر 243 کی بے ترتیبی کافی نمبر 244 پر بھی اثر انداز ہوئی ہے ۔ مثلث کی شکل بدل دی گئی ہے دو دو مصرعے مل گئے ہیں اور صحیح ترتیب میں آمنے سامنے بھی نہیں رہے ۔ یہی بے ترتیبی من و عن " مکمل دیوان " میں نقل ہوئی ہے ۔ البتہ کافی نمبر 244 کے متن میں درج ذیل درستیاں کی گئی ہیں ۔ جو " دیوان فرید " مولانا عزیز الرحمٰن کے متن کے مطابق ہیں ۔
244.1.2 لڑدے / اڑدے
244.1.4 نار / ناز
244.5.1 نوں / کوں
* کافی نمبر 252 میں پھر اسرار فریدی کے کاتب نے مصرعوں کو ملا جلا کر لکھ دیا ہے جس سے ایک بے ربط تسلسل پیدا ہوتا ہے ۔ یہی بے ربطی " مکمل دیوان " میں بھی من و عن نقل کر دی گئی ہے ۔
* کافی نمبر 255 اسرار فریدی میں دوبارہ آئی ہے ۔ پہلے 186 نمبر پر اور پھر 255 نمبر پر جس کی وجہ سے 271 کافیاں 272 میں تبدیل ہو گئی ہیں ۔ یہی غلطی " مکمل دیوان " میں بھی موجود ہے ۔ اس کافی میں 255 نمبر پر دوسرے بند کا تیسرا اور چوتھا مصرعہ اور چوتھے بند کا پہلا مصرعہ متن کے حوالے سے اسرار فریدی کے بجائے " دیوان فرید " کے متن کے مطابق ہے جبکہ 186 نمبر کافی کے تیسرے بند کے تیسرے اور چوتھے مصرعے کو پانچویں بند کے بعد لکھا گیا ہے جو غالباً کاتب کی غلطی ہے ۔

* کافی نمبر 260 کے مصرعے بھی " اسرارا فریدی " کے کاتب نے ملا جلا کر بے ترتیبی سے لکھے ہیں ۔ اس غلطی کو بھی " مکمل دیوان " میں من و عن نقل کیا گیا ہے ۔

دیوان فرید کی ترتیب خود خواجہ فرید کی خواہش کے مطابق ہے جو احادیث اور اسماء الرجال کی ترتیب سے اخذ کی گئی ہے ۔ (مقابیس ص ـ 324) یہ تمام کافیاں ردیف وار حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب دی گئی ہیں ۔ ہر ردیف کے آخری حرف کے علاوہ استھائی کے پہلے حرف کی ترتیب بھی شمار ہوئی ہے ۔ مثلاً ردیف / الف / میں پہلے / الف / بھر / ب / پھر / پ / اور علی ہذا القیاس مختلف حروف سے شروع ہونے والی استھائیاں یا مطلع رکھے جائیں گے ۔ " دیوان فرید " مرتبہ مولانا عزیز الرحمن میں اس ترتیب کی صحت کا خاص خیال رکھا گیا ہے ۔ مگر اسرار فریدی " میں یہ ترتیب کہیں کہیں گڑ بڑ ہو گئی ہے ۔ جس کی وجہ سے " دیوان فرید " اور اسرار فریدی " کی درج ذیل کافیوں کے نمبروں میں فرق پیدا ہو گیا ہے ۔ بریکٹ میں لکھے ہوئے نمبر اسرار فریدی کے ہیں ۔

(179)184،(178)183،(177)182،(187)181،(185)180،(182)179،(180)178

(197)194،(196)193،(195)192،(194)191،(184)187،(183)186،(181)185

195(198)،196(188)،197(192)،198(193)،269(268) وغیرہ

اسرار فریدی میں نمبروں کا پہلا فرق تو کافی نمبر 145 کے نکل جانے سے پڑتا ہے جو " دیوان فرید " میں اضافی کافی ہے ۔ اس طرح 145 نمبر سے اسرار فریدی کی کافیوں کے نمبر ایک عدد آگے ہو جاتے ہیں ۔ دوسرا فرق آگے جا کر کافی نمبر 186 کا 255 پر دوبارہ اندراج ہونے سے پڑتا ہے ۔ باقی فرق ردیف وار ترتیب میں استھائی کے ابتدائی حروف تہجی کی غلطی سے پیدا ہوا ہے ۔ مثلاً کافی نمبر 269 کی ردیف / ے / ہے اور اس کی استھائی " ہنڑ میں را نجھنڑ ہوئی " ہے ۔ اس سے قبل دیوان فرید میں کافی نمبر 268 کی ردیف بھی / ے / ہی ہے مگر استھائی "ہک ہے ہک ہے ہک ہے " ہے ۔ دونوں کافیوں کی استھائی کا پہلا حرف / ہ / ہے مگر 286 نمبر کافی کے لفظ " ہک " میں / ہ / کے بعد داخلی ترتیب کے حوالے سے / ک / آتا ہے جبکہ 269 کافی نمبر کے پہلے لفظ " ہنڑ " کا / ن / داخلی ترتیب کے حوالے سے / ک / کے بعد آتا ہے ۔ اس لیے " ہک " والی کافی پہلے اور " ہن " والی کافی بعد میں آئے گی ۔ اسرار فریدی میں ردیف کا خیال تو رکھا گیا ہے مگر استھائی یا مطلع میں حروف تہجی کی ترتیب بعض مقامات پر رہ گئی ہے ۔ جس کی وجہ سے " دیوان فرید " اور " اسرار فریدی " کی کافیوں کے نمبر میں فرق پیدا

ہوا ہے ۔ یہی غلطی " اسرار فریدی " کی نقل کرتے ہوئے " مکمل دیوان " فرید میں بھی من و عن دہرائی گئی ہے ۔

مندرجہ بالا " منتخب تقابلی جائزے " سے درج ذیل نتائج نکالے جا سکتے ہیں :

(الف) "مکمل دیوان " تقریباً 95 فیصد اسرار فریدی کے متن سے اتفاق رکھتا ہے ۔

(ب) اسرار فریدی کی غلطیوں کی درستی بھی بعض مقامات پر " مکمل دیوان " میں کی گئی ہے ۔

(ج) اکثر مقامات پر اسرار فریدی کی کتابت اور طباعت کی غلطیوں کو من و عن دہرایا گیا ہے ۔

(د) اس ایڈیشن کی طباعت کے لیے خواجہ فرید کے وارثان سے کوئی اجازت یا سند نہیں لی گئی ۔ اور اسے اسرار فریدی سے ہی نقل کیا گیا ہے ۔

راقم نے اس مطالعے سے صرف اتنا اخذ کرنے کی کوشش کی ہے کہ اسرار فریدی کے جو بقیہ چار صفحے دستیاب نہیں ہو سکے ان میں " مکمل دیوان " کی طرح 272 کافیاں موجود ہوں گی جن میں سے کافی نمبر 186 اور 255 کے دہرانے کو نکال لیا جائے تو خالص 271 کافیاں نکل آئیں گی جو ٹحفۂ دیوان فرید " مولانا عزیز الرحمن میں شامل ہیں ۔

دیوان فرید کی کافی نمبر 268 ، کافی نمبر 269 (کے اسرار فریدی میں دستیاب چار مصرعوں سمیت باقی پوری کافی) اور کافیاں نمبر 270 ، 271 اور 272 کا " مکمل دیوان " کے ساتھ تقابلی مطالعہ ضمیمے کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے ۔

(269/268)

4.1 وانگݨ / وانگوں

4.2 ہوں ڈو دل دی چھک ہے / ہوں ڈھولݨ دی چھک ہے

6.1 نزیکی / نزدیکی

6.2 رہ تے / رہ اوتے

نوٹ : ساتویں نمبر پر " مکمل دیوان " میں یہ شعر اضافی ہے

ڈوجھا نہ تھیا ہے نہ تھیسی
کوڑیں تروڑی بھک ہے

7.1 ساڑے / ساڑا

11.1 سونہاݨ / سوجاݨ

(368/269)

4.1 ہیروں / ہیرو

4.2 ہیں / ایں

5.1 پہلے / پہلے

5.2 تھئی / تھی

7.1 کوئی / کائی ۔ دے وچ / دیوچہ

9.2 دوئی دی / ڈوئیدی

11.2 اے / ایہ

(271/270)

3.1 اے / آئ

حدے / جدے (کتابت کی غلطی)

3.2 پئ / اپئ

3.4 ویندی / ویندا

5.1 گاہنے / اگہنڑے ۔ پاواں / پانواں

5.2 کیوں / کیو (کتابت کی غلطی ؟)

مینڈیاں / میہندیاں

5.3 بٹاواں / بٹانواں

5.4 جھیوم / تہیم

6.4 گیا / کیا

8.1 گئی / کی > کئی

(271/271)

1.2 پودن / پون

2.1 چڑھدی / چھڑدی

2.3 جانی / جانڑے

" ترجمہ : اگر میں جان لیتی کہ ... "

2.4 اے / آئے

3.2 ڈھیرن / دیرن > (دیرے ہن)

مولانا عزیز الرحمٰن نے " حل لغات " میں لکھا ہے : " لغات : لائے دیرن : ڈیرے لگائے ہیں ۔ ڈھیرن : ڈھیر لگ گئے ۔ "

4.2 ہنڑ / ہن > ہنڑ

4.2 وساواں / وسانواں

5.1 گل / کل

5.4 پئے میں مٹھڑی دے پلڑے / آپئے مٹھڑی دے پلڑے

6.3 غم درد اندر سرپایم / غم درد اندوہ سرچایم

حاشیہ : " ایک نسخہ میں یوں ہے : (اندوہ سرچایم) "

(272/272)

2.1 رلائے قسمت / رلا کے قسمت

2.2 یگانے / اندانے

3.2 تانتاں ڈِسدے دور لکانے /

تانتاں ڈسدا دوڑ (دور) بیگانے

4.1 منگنیں / منگھنے

5.1 بھلی / بلی

8.1 سونجیدے / سونجیندی

شعر نمبر 9 دیوان فرید میں یوں ہے :

آنویں دیر نہ لانویں ماہی

جند ڈِوں ڈِیندی مہانے

" مکمل دیوان " میں یہ شعر یوں ہے :

آنویں دیر نہ لانویں

جندڑی ڈِوں ڈِیندی مہانے

مولانا عزیز الرحمٰن نے لغات میں لکھا ہے کہ : " ماہی :۔ اگرچہ یہ لفظ کسی دیوان مطبوعہ یا قلمی میں نہیں ہے ، مگر کیونکہ سکتہ پڑتا ہے ، معلوم ہوتا ہے یہاں یہ لفظ چھوٹ گیا ہے ۔ بغیر ایسے یا اس کے ہم وزن لفظ کے مصرع درست نہیں ہوتا ، اس لیے یہ لفظ بڑھا دیا گیا ہے ۔ حضرت خرم نے بھی اپنے مقولہ دیوان میں " ڈھولا " کا لفظ بڑھایا ہوا ہے یا پھر شعر کو اس طرح پڑھا جاوے ۔

آویں دیر نہ لاویں جندڑی

ڈِوں ڈِینہہ دی مہانے

(3)

لغاتِ فریدی

(تحقیقی مطالعہ)

علامات و اختصارات

" لغات فریدی کے چند وضاحت طلب الفاظ " میں درج ذیل علامات و اختصارات استعمال کی گئی ہیں ۔

* : ایک ستارے (Asterisk) کا مطلب ہے کہ یہ لفظ اور اس کے معنی " لغات فریدی " سے لیے گئے ہیں ۔

** : دو ستاروں کے بعد لکھی گئی عبارت " لغات فریدی کے الفاظ کی وضاحت " سے متعلق ہے جو ہماری طرف سے دی گئی ہے ۔

*** : تین ستارے ان الفاظ کے سامنے دیے گئے ہیں جن کے معنی لغات فریدی میں نہیں دیے گئے یا اس کے کاتب سے رہ گئے ہیں ۔

جیوکس : اس سے مراد ہے کہ مذکورہ معانی اے جیوکس کی مرتبہ " اے ڈکشنری آف جٹکی آر ویسٹرن پنجابی " سے لیے گئے ہیں ۔

سندھی اردو لغات : اس سے مراد ڈاکٹر نبی بخش بلوچ اور ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کی مرتبہ " سندھی اردو لغات " ہے ۔ اس لغات کے حوالے کے لیے " بلوچ " کا لفظ بھی استعمال کیا گیا ہے ۔

سچل لغات : اس سے مراد ڈاکٹر عبد الکریم سندیلو کی مرتبہ " سچل لغات " ہے ۔

ظامی : اس سے مراد بشیر احمد ظامی بہاولپوری کی مرتبہ " لغات سرائیکی " ہے ۔

پال : اس سے مراد جمیل احمد پال کی مرتبہ " کلاسیکی پنجابی لغت " ہے ۔

لغات فریدی اور سرائیکی لغات نویسی

(1) سرائیکی زبان کی لغات تیار کرنے کا تو حقیقت میں ابھی تک آغاز ہی نہیں ہوا البتہ مختلف ادوار میں مختلف ضروریات کے پیش نظر چھوٹی چھوٹی لغات لکھی جاتی رہی ہیں ۔ اس سلسلے میں سرائیکی تذکروں میں سب سے پہلے چودہویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں لکھی گئی سرائیکی فارسی لغات " خالق باری " کا نام آتا ہے ۔ جس کے مصنف امیر خسرو تھے ۔ حافظ محمود شیرانی اسے امیر خسرو کی تصنیف نہیں مانتے البتہ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ یہ عہد فیروز شاہی کی تصنیف ہے جس میں پچاس فیصد سے زائد الفاظ خالص سرائیکی زبان کے ہیں ۔ (تاریخ ادبیات ...(جلد 14 حصہ دوم) ص ۔ 276) " نصاب خسرو معروف بہ خالق باری " شمالی اور جنوبی ہندوستان کے مختلف علاقوں میں بار ہا چھپتی رہی ہے ۔ اور سرائیکی اور اردو کے قدیم روابط کی بھی ایک یادگار ہے ۔ 1877ء میں اس کا ایک ایڈیشن نظام دکن کے دربار سے وابستہ مولوی محمد نذیر احمد سابق ڈپٹی کلکٹر نے ترامیم کے ساتھ شائع کیا تھا جس کے 1910ء کے مطبوعہ ایڈیشن کے دیباچے سے یہ اقتباس قابل غور ہے :

> " یہ نصاب بہت مختصر ہے اور اس میں ضروری الفاظ اکثر ہیں لیکن اس میں سے بہت سے الفاظ پرانی ہندی بولی کے ہیں جن کا استعمال اب نہیں رہا ۔ اس نقص کے رفع کر دینے کو نصاب خسرو میں جا بجا ترمیم کر دی گئی اور بالفعل کے محاورہ کے موافق اسکو درست کیا گیا ۔ " (ص 3)

وہ پرانی ہندی بولی کے الفاظ جو 1877ء میں دکن اور دلی کے لوگوں کی سمجھ سے باہر ہو رہے تھے آج بھی سرائیکی میں مستعمل ہیں اور " خالق باری " کا بیشتر ذخیرہ الفاظ قدیم و جدید سرائیکی سے متعلق ہے ۔ دکن میں سرائیکی کے اثرات کے بارے میں محمد علی صدیقی لکھتے ہیں :

" ملتان اور بہاولپور کے علاقہ اور آندھرا پردیش میں یک گونہ مناسبت بھی ہے ۔ اور سرائیکی

زبان کے متعدد الفاظ سہروردی سلسلہ کے صوفیاء کرام کے ذریعے دکن کی علاقائی زبانوں میں اس قدر رچ بس گئے ہیں کہ دکن کی جس زبان کے لیے " قدیم اردو " کا نام تجویز کیا گیا ہے اس کے خزانہ لغت میں سرائیکی الفاظ کی بڑی ریل پیل ہے " (شوکت مغل ۔ ص 10)

(2) " خالق باری " کے بعد سرائیکی زبان کی اہم لغات " نصاب ضروری " ہے جو مدارس کے طلباء کے لیے تونسہ کے مولوی خدا بخش نے لکھی ۔ مولوی خدا بخش 1830ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے ۔ یہ لغات بارہا چھپتی رہی اور سرائیکی وسیب کے تعلیمی اداروں میں درسی کتاب کے طور پر پڑھائی جاتی رہی ۔ میرے سامنے اس کا ماہ ذوالحج 1317ھ کا ایک ایڈیشن ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ اس کا ایک ایڈیشن 1887ء میں بھی چھپا تھا جس کا کوئی نسخہ مارکیٹ میں دستیاب نہیں ۔ سرائیکی اور فارسی کی ایسی چھوٹی چھوٹی کئی اور منظوم لغات بھی چھپتی رہیں جن پر علیحدہ سے تحقیق کی ضرورت ہے ۔ ان لغات کے بعد اہم ترین اور باقاعدہ کام انگریزوں نے سرائیکی وسیب پر قبضے کے بعد کیا ۔ ملتان پر قبضے کے بعد انگریز افسروں کی تربیت کے لیے مقامی زبان کی لغات اور گریمر پر کام کا آغاز ہوا ۔ اس سلسلے میں اور بہت سے لوگوں کے کام میں سے ممتاز ترین ایڈورڈ او برائن کی " گلاسری آف ملتانی لینگوئج " ہے ۔

(3) ایڈورڈ او برائن برسوں ضلع ملتان میں ڈپٹی کمشنر اور ضلع مظفر گڑھ میں سیٹلمنٹ افسر رہا ۔ اور سرائیکی زبان اور ثقافت سے کافی حد تک متاثر ہوا ۔ اس کی قابل قدر تحقیق " گلاسری آف دی ملتانی لینگوئج " پہلی بار 1881ء میں شائع ہوئی جو چار حصوں پر مشتمل تھی ۔ پہلا گریمر ، دوسرا کار آمد الفاظ ، تیسرا ضرب الامثال ، کہاوتوں اور اشعار اور چوتھا حصہ لغات پر مشتمل ہے ۔ اس کتاب کے چاروں حصے سرائیکی زبان کی گریمر ، ضرب الامثال اور لغات کے حوالے سے پہلی اہم اور باقاعدہ کوشش ہیں ۔ کتابی سائز کے 103 صفحات پر مشتمل لغات کا انداز وضاحتی ہے ۔ الفاظ اور ان کے مشتقات ، ان الفاظ سے متعلق محاورے اور ضرب الامثال بھی ساتھ ساتھ دیئے گئے ہیں ۔ اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن 1903ء میں جے ولسن کی توضیحات کے ساتھ شائع ہوا ۔ سرائیکی الفاظ رومن رسم الخط میں لکھے گئے ہیں اور ان کے معنٰی اور ان کی وضاحت انگریزی میں دی

گئی ہیں ۔

(4) انگریزوں کی طرف سے سرائیکی زبان پر کیے گئے کام میں سے آخری اور شاندار کام اے جیوکس کی " ڈکشنری آف دی جٹکی آر ویسٹرن پنجابی لینگوئج " ہے جو 1900ء میں ریلیجیس بک اینڈ ٹریکٹ سوسائٹی لاہور کی طرف سے شائع ہوئی ۔ جیوکس عیسائیت کی تبلیغ کے لیے ڈیرہ غازیخان میں ایک طویل عرصے تک مقیم رہا ۔ دیباچے میں جیوکس لکھتا ہے کہ یہ کام سرائیکی زبان پر تقریباً اٹھارہ برس کے مطالعے کا نچوڑ ہے ۔ اس مطالعے کا بنیادی مقصد تو سرائیکی زبان میں انجیل کا ترجمہ کرنا تھا جو 1898ء میں چار حصوں میں لاہور سے شائع ہوا جس میں یوحنا ، متی ، لوقا اور مرقس کی اناجیل شامل تھیں ۔

جیوکس کی ڈکشنری میں سرائیکی الفاظ فارسی رسم الخط میں بلکہ تقریباً موجودہ سرائیکی رسم الخط ہی میں لکھے گئے ہیں ۔ سرائیکی کے چار درآمدی (Implosive) اور دو انفی (Nasal)صوتیوں کے لیے علیحدہ نشانیاں مقرر کی گئیں جن کے لیے غالباً خصوصی ٹائپ بنوایا گیا ہو گا ۔ سرائیکی الفاظ کو رومن رسم الخط میں بھی لکھا گیا او ان کے انگریزی معانی اور مترادفات دیے گئے ہیں ۔ الفاظ کے مشتقات اور محاورات بھی بیان ہوئے ہیں ۔

جیوکس نے اپنی اس لغات میں او برائن کی لغات کے 1800 الفاظ اور سینکڑوں محاوروں اور ضرب الامثال سے بھی استفادہ کیا ہے ۔ علاوہ ازیں اس نے چند الفاظ ضلع سرگودھا سے جے ولسن کی وساطت سے اور بھائی مایا سنگھ کی پنجابی ڈکشنری سے بھی لیے ہیں جن کے ساتھ ان کے ماخذ کی نشاندہی بھی کی ہے ۔ جیوکس کا کہنا ہے کہ بھائی مایا سنگھ کی ڈکشنری کے پروف کی تصحیح کرنے والے ایچ مارٹن کلارک نے بھی اس لغات کے پروف دیکھے اور اسے پنجابی زبان سے بالکل مختلف پایا ۔ کلارک کو جیوکس کی ڈکشنری میں فی صفحہ بمشکل دو الفاظ ایسے مل سکے جن سے وہ پہلے واقف تھا ۔

جیوکس کی یہ سرائیکی - انگریزی لغات ، سرائیکی لغات کی تاریخ میں اہم سنگ میل ہے جس کی درست املا اور معانی میں دیرہ غازیخان کے ایک مقامی ماہر منشی محمد حسن بن شیر محمد کا بڑا عمل

دخل ہے جو اس تحقیق میں جیوکس کا شریک کار رہا اور جس کی خدمات کا جیوکس نے دیباچے میں اعتراف کیا ہے ۔

(5) جیوکس کے بعد انگریزوں کی طرف سرائیکی لغات پر اور کوئی کام میرے پیش نظر نہیں ہے ۔ مقامی ماہرین میں سے بشیر احمد ظامی بہاولپوری نے سرائیکی لسانیات اور لغات پر بنیادی کام کیا ۔ 1965ء میں سرائیکی ادبی مجلس بہاولپور نے تین حصوں پر مشتمل ان کی " لغات سرائیکی " شائع کی ۔ تقریباً چار سو صفحات پر مشتمل یہ لغات سرائیکی سے اردو میں ہے ۔

اس کے پہلے حصے میں سرائیکی الفاظ اور ان کے اردو معانی ، دوسرے حصے میں محاورات ، ضرب الامثال ، پہلیاں ، خوانچہ والوں کی آوازیں وغیرہ اور تیسرے حصے میں شادی بیاہ ، مونڈن ، ختنہ اور موت کی رسومات ، میل ملاقات ، لباس و خوراک کے طور طریقے ، یہاں کے لوک گیت ، لوک ناچ اور لوک کہانیوں کے مختصر بنیادی تذکرے درج ہیں ۔

ظامی بہاولپوری کا یہ کام مقامی لغت نویسوں کے لیے راہ کے پتھر ہٹانے کا کام تھا ۔ یہ لغات حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق ہے مگر ہر حرف کے ضمن میں آنے والے الفاظ کی داخلی ترتیب موجود نہیں جس کا اعتراف دیباچے میں ظامی نے بھی کیا ہے ۔ اردو زبان میں سرائیکی الفاظ کی یہ پہلی ضخیم لغات ہے جو بہت سا کارآمد مواد اپنے اندر لیے ہوئے ہے ۔ یہ تقریباً اس قسم کا کام ہے جیسے او برائن نے سرائیکی سے انگریزی میں کیا تھا ۔ اس کے بعد چند مختصر سرائیکی اردو لغات بھی چھپتی رہی ہیں جن میں سے دلشاد کلانچوی کی " لغات دلشادیہ " فدائے اطہر اور اسلم قریشی کی تین حروف پر مشتمل سرائیکی اردو لغات کا ایک مختصر حصہ اور شوکت مغل کا اردو کی مطبوعہ لغات میں سے سرائیکی الفاظ کی تلاش اور سرائیکی کہاوتوں کا مجموعہ قابل ذکر ہیں ۔

دیوان فرید کی لغات

اردو ترجمے اور لغات کے ساتھ " دیوان فرید " پہلی بار 1944ء میں مولانا عزیز الرحمن نے بہاولپور سے شائع کیا ۔ اس دیوان کے ترجمے ، لغات اور شرح کے لیے ایک کمیٹی بنائی گئی جس کی تفصیل ہم پہلے حصے میں دے چکے ہیں ۔ مولانا عزیز الرحمن نے اس کمیٹی کے تعاون سے " دیوان

فرید " کی تقریباً مکمل لغات ہر شعر اور بند کے ساتھ ساتھ دی ہے اس لغات میں بعض مقامات پر سرائیکی الفاظ کے اردو معانی نہیں دیے گئے ایسے الفاظ کی تعداد بہت زیادہ نہیں ہے ۔ علاوہ ازیں اس لغات میں بعض سرائیکی الفاظ کے معانی قابل اختلاف اور غلط بھی ہیں ۔ اس قسم کے الفاظ کی تعداد بھی بہت کم ہے ۔ مجموعی طور پر " دیوان فرید " کی یہ " سرائیکی ۔ اردو لغات " مکمل ہے جو بعد میں آنے والوں کے لیے مشعل راہ بنی رہی اور " خواجہ فرید " کے لغت نویسوں کے لیے تمام آسانیاں فراہم کرتی ہے ۔ اسی بات کو پیش نظر رکھتے ہوئے جب مولانا عزیز الرحمٰن کے شریک کار مولانا نور احمد فریدی نے 1978ء میں " دیوان فرید " کی شرح ، لغات اور ترجمہ شائع کیا تو انہوں نے مولانا عزیز الرحمٰن ہی کے نسخے کو بنیاد بنایا ۔ مولانا نور احمد فریدی لکھتے ہیں کہ :

" چونکہ پہلے ایڈیشن کی ترتیب و تدوین میں بندہ کا کافی حصہ تھا اور خاکسار کو علم تھا کہ دیوان شریف کی لغت کتنے ہفت خوان طے کرنے کے بعد تیار کی گئی تھی اس لیے حل لغات کو بجنسہ قائم رکھا گیا ۔ ترجمہ اور شرح کا کام احقر نے اپنی صوابدید کے مطابق کیا ۔ مگر ترجمے میں بعض فقرات ایسے آئے جو اتنے پیارے ، دلنشین اور عام فہم تھے کہ نیاز مند نے زیر تدوین ایڈیشن کے قارئین کو ان کہ استفاضہ سے محروم رکھنا مناسب نہ سمجھا چنانچہ انہیں بجنسہ اس متحفہ کی زینت بنایا اور کسی جملے کو مسخ کرنے کی کوشش نہ کی ۔ " (ص 13)

لغات فریدی

مولانا نور احمد فریدی کے " دیوان فرید " کی اشاعت کے بعد 1984ء میں ڈاکٹر مہر عبدالحق نے دیوان فرید کی 271 کافیوں میں استعمال ہونے والے سات ہزار آٹھ سو سولہ (7816) الفاظ کی لغات تیار کی جسے سرائیکی ادبی مجلس بہاولپور نے شائع کیا ۔

ڈاکٹر مہر عبدالحق مرحوم سرائیکی لسانیات کے عالم تھے اور " ملتانی زبان اور اس کا اردو سے تعلق " کے موضوع پر انہوں نے ڈاکٹریٹ کا مقالہ لکھا تھا ۔ " لغات فریدی " کا کام بھی انکے مزاج سے مناسبت رکھتا تھا ۔ ان کے سامنے مولانا عزیز الرحمٰن اور مولانا نور احمد فریدی کے دواوین

لغات ، ترجمے اور شرح سمیت موجود تھے ۔ مہر صاحب نے پہلے سے موجود لغات سے استفادہ کرنے کے علاوہ الفاظ کی مزید وضاحتیں اور مشتقات بھی اپنی لغات میں شامل کیے ۔ " دیوان فرید " کی سرائیکی اردو لغات لکھتے ہوئے ان کے سامنے اوبرائن ، جیوکس اور ظامی کی لغات بھی رہی ہوں گی ۔ اس کا نتیجہ ایک ایسی جامع ، دلکش اور بھرپور " لغات فریدی " کی صورت میں سامنے آیا جو ہمیشہ " فریدیات " کے اردو پرستاروں اور محققین کے لیے آسانیاں فراہم کرتی رہے گی ۔

ڈاکٹر مہر عبدالحق نے " لغات فریدی " کے بعد 1987ء میں " پیام فرید " کے نام سے خواجہ فرید کے دیوان کو موضوعاتی اعتبار سے ترتیب دے کر شائع کرایا اور فرید شناسی کے حوالے سے 1988ء میں ایک کتاب " فرد فرید " بھی لکھی جو خواجہ فرید کے فکر و فن پر بھرپور روشنی ڈالتی ہے ۔

" پیام فرید " کے " سخن ہائے گفتنی " میں ڈاکٹر مہر عبدالحق لکھتے ہیں کہ :

" ... میرے سامنے متن کی صحت کا سوال تھا ۔ میرے پاس ایک مکمل اور چند ایک نامکمل قلمی دیوان تھے ۔ " دیوان فرید " مرتبہ مولوی عزیز الرحمٰن بہاولپوری کے علاوہ ایک دو مطبوعہ دیوان بھی تھے مگر ان سب میں " دیوان فریدی " کو مرکزی حیثیت حاصل رہی ہے ۔ کیونکہ سرائیکی زبان بولنے والے دو کروڑ سے زائد انسان اور حضرت خواجہ کے بے شمار عقیدت مند اور مداح مولوی عزیز الرحمٰن صاحب کا یہ احسان کبھی فراموش نہیں کر سکتے جو انہوں نے دیوان کو مختلف قلمی نسخوں کی مدد سے مرتب کر کے ... ہم پر اور آنے والی نسلوں پر کیا ہے ۔ " (ص 12)

اس دیباچے میں " دیوان فرید " میں کافی نمبر 61 اور 145 کو دہرانے کے حوالے سے ایک اور مقام پر اپنے " ماخذات " کی نشاندہی کرتے ہوئے مہر صاحب لکھتے ہیں کہ " ... چنانچہ ہمارے پاس جو قلمی نسخے ہیں ان میں بھی یہ کافی صرف 61 نمبر پر درج ہے ۔ اس لحاظ سے کل کافیوں کی صحیح تعداد 271 بنتی ہے " ۔ (ص 9)

" پیام فرید " پر نقد و تنقید کی گنجائش یہاں نہیں ہے ۔ االبتہ اس بات کا ذکر مناسب ہے کہ ڈاکٹر مہر عبدالحق نے جن مقامات پر " دیوان فرید " مولانا عزیز الرحمٰن کی تصحیح کی ہے ان کے لیے پورے " پیام فرید " میں کوئی مستند حوالہ نہیں دیا ۔ کسی قلمی یا مطبوعہ نسخے کا اتا پتا یا

نشان نہیں بتایا بلکہ بعض مقامات پر یہ اشارہ تک نہیں دیا گیا کہ متن میں تبدیلی کی جا رہی ہے۔ ان تبدیلیوں کے اثرات یقیناً " لغات فریدی " میں بھی جھلکتے ہیں۔ کیا ہی بہتر ہوتا کہ وہ اپنے مذکورہ قلمی یا مطبوعہ دواوین کا تعارف بھی کرا دیتے اور تصحیحات پر بھی ان کے حوالے دیتے یہی تشنگی مولانا عزیز الرحمن کے دیوان میں بھی محسوس ہوتی ہے کہ انہوں نے بھی اختلاف نسخ کے مقامات پر سوائے ایک آدھ مقام کے کسی نسخۂ مطبوعہ یا قلمی کا حوالہ نہیں دیا۔

لغات فریدی مطبوعہ سرائیکی ادبی مجلس بہاولپور بڑی تقطیع کے 116 صفحات پر مشتمل ہے۔ اس لغات کے درج ذیل پہلو قابل غور ہیں۔

(الف) کتابت کی اغلاط بے شمار ہیں

(ب) مختلف حروف کے ضمن میں دیئے گئے الفاظ کی داخلی ترتیب حروف تہجی کے اعتبار سے مکمل نہیں ہے۔

(ج) کچھ الفاظ بار بار دہرائے گئے ہیں۔

(د) علامات کا کوئی باقاعدہ نظام قائم نہیں کیا گیا یا اس کا خیال نہیں رکھا گیا

(ھ) مخصوص سرائیکی صوتیات کے لیے رسم الخط وہ استعمال ہوا ہے جو صرف ڈاکٹر مہر عبدالحق صاحب کی کتابوں کے علاوہ رائج نہیں ہے۔

مندرجہ بالا میں سے کتابت کی غلطیاں جہاں تک ممکن ہو سکی ہیں درست کر دی گئی ہیں۔ اور سرائیکی کے مخصوص صوتیوں کی صورت خطی بھی معیاری رسم الخط کے مطابق کر دی گئی ہے البتہ حروف تہجی کی داخلی ترتیب اور علامات کا نظام پہلے ایڈیشن کے مطابق ہی ہے۔ کیونکہ اس سارے کام کے لیے اچھا خاصا وقت درکار تھا جو انشاءاللہ آئندہ ایڈیشن میں درست کر دیا جائے گا۔

" لغات فریدی " میں بہت سے الفاظ ایسے ہیں جن کے معانی پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ ایسے تمام الفاظ اور ان پر تحقیق و تنقید کے لیے طویل محنت اور مطالعہ درکار ہے جس پر فریدیات کے تمام ماہرین کے غور و فکر کی ضرورت ہے۔ البتہ چند ایسے الفاظ کی فہرست " لغات فریدی کے چند وضاحت طلب الفاظ " کے نام سے علیحدہ دی جا رہی ہے۔ ان الفاظ کے بارے میں ممکن

ہے مجھے کوئی مغالطہ ہوا ہو مگر میری نظر میں ان کی جو مناسب وضاحت ہو سکتی ہے میں نے علیحدہ سے دے دی ہے ۔ یہ وضاحتی فہرست مکمل نہیں ہے ۔ وقت اور صفحات کی کمی کی وجہ سے بہت سے الفاظ پر اختلافی نوٹس نہیں دیے گئے جو انشااللہ آئندہ ایڈیشن میں دیئے جائیں گے ۔ " لغات فریدی " کے اصل متن کو بھی " دیوان فرید " کے اصل متن کی طرح بالکل نہیں چھیڑا بلکہ اپنے اختلافی نوٹ علیحدہ سے دیئے گئے ہیں ۔

لغات فریدی کے چند وضاحت طلب الفاظ

(آ / الف)

* آکھے : (سندھی) اس کو

**: یہ لفظ کافی نمبر 63 میں استعمال ہوا ہے ۔ اس کافی پر تفصیلی بحث " سندھی شاعری " کے موضوع میں دیکھئے ۔ اصل میں یہ لفظ " آہے " ہے جس کے معنی ہونگے " ہے " ۔

* آوندا : آتا ۔ دیکھو " آندا " ۔ واؤ کا استعمال اب نہیں ہوتا ۔

** سرائیکی کے جنوبی لہجے (ضلع رحیمیار خان ، خاص طور پر تحصیل صادق آباد) میں واؤ کا استعمال اب بھی عام ہے ۔ اوندا ، کھوندا ، بھوندا وغیرہ جیسے الفاظ عام بول چال میں استعمال ہوتے ہیں اور اس علاقے میں ان الفاظ کی ایک خاص صورت " واؤ " کے بجائے " میم " کے استعمال کی بھی ہے یعنی " اوندا " کو " امدا " ، " کھوندا " کو " کھمدا " اور " بھوندا " کو " بھمدا " بھی بولا جاتا ہے ۔ اس لہجے کے حوالے سے دیکھئے دیوان فرید کی کافی نمبر 168 جس کے قوافی اسرار فریدی میں بھمدا ، سہمدا ، کھمدا ، گمدا اور سہمد وغیرہ ہیں ۔

" مکمل دیوان فرید " مطبوعہ ملتان میں بھی یہی قوافی ہیں ۔ کافی نمبر 245 کے قوافی بھی ڈاکھٹی لہجے میں ہیں اور یہ لہجہ " دیوان فرید " میں اکثر مقامات پر ملتا ہے ۔

* آہے : (سندھی) کیجئے

** یہ لفظ کافی نمبر 62 کی استھائی میں استعمال ہوا ہے ۔ تفصیلی وضاحت کے لئے " سندھی شاعری " کا موضوع دیکھئے ۔ درست معنی ہونگے " ہے " ۔

* آہیں : تم تھے

** مذکورہ بالا معنی میں یہ لفظ سرائیکی اور سندھی دونوں زبانوں میں استعمال ہوتا تھا اور نہ ہوتا ہے ۔ البتہ سندھی زبان میں یہ لفظ " تم ہو " کے معنی دیتا ہے ۔ معلوم نہیں صاحب لغات فریدی نے کس کافی سے یہ لفظ لیا ہے البتہ اس سے ملتا جلتا لفظ " آہن " بمعنی " ہیں " (سندھی) کافی نمبر 64 کی استھائی میں استعمال ہوا ہے ۔

* اتاریندس : (سندھی) اتاروں گی

** یہ لفظ کافی نمبر 63 کا ہے تفصیل کے لئے " سندھی شاعری " کا موضوع دیکھئے ۔ درست

لفظ " اتاریندیس " ہے۔

* اڑن جے : (سندھی) محبوب کے

** یہ لفظ بھی کافی نمبر 63 کا ہے تفصیل کے لئے سندھی شاعری دیکھئے۔ درست لفظ " سانگی اڑن جے " ہے۔ " سانگی " کے معنی سندھی لغات میں " سیلانی ، سیاح ، پردیسی ، مسافر ، دوست ، ساتھی ، خانہ بدوش " بیان کئے گئے ہیں ۔ عمر ماروی کی داستان کے حوالے سے " سانگی اڑن جے " کے معنٰی ہوں گے " خانہ بدوش لوگوں کے " ۔

* اساہنجی : (سندھی) ہماری

** یہ لفظ بھی کافی نمبر 62 کی استھائی کا ہے ۔ تفصیلی وضاحت " سندھی شاعری " کے موضوع میں دیکھئے درست لفظ "اساہنجے / اسانجے " ہے جس کے معنٰی ہیں " ہمارے " ۔

* اسیس : امید ، کشش ، انتظار

** 24:6:1 میں مولانا عزیزالرحمن نے بھی مندرجہ بالا معانی لکھے ہیں ۔ جنہیں ڈاکٹر عبدالحق نے من و عن نقل کیا ہے ۔ البتہ اس لفظ سے وابستہ چند اور معانی بھی ملتے ہیں جو ترتیب وار درج ذیل ہیں ۔

(الف) ۔ اسیساں ڈیونڑ : دعائیں دینا (ظامی)

(ب) ۔ اسیسا : (موٹث) عبادت (دعا) ۔ خیر چاہنا ۔ ہندوؤں کی ایک مذہبی رسم جس میں دریا کے کنارے پر آٹا اور گھی پکایا جاتا ہے ۔ (جیوکس)

(ج) ۔ آسیس : دعائے خیر ۔ راحت ۔ آرام ۔ خوشی ۔ تسکین (بلوچ)

(د) ۔ اسیس : دعا ۔ امید ۔ اڈیک (پال)

* انھی کھے : (سندھی) ان کو

** " انھی " سندھی میں واحد کے لئے استعمال ہوتا ہے یعنی " اُس " ۔ "انھی کھے" کا معنٰی ہوا "اُس کو" ۔ اگر احتراماً یا جمع میں بولا جائے تو " انھن کھے " یعنی " اُن کو " کہا جائے گا ۔ یہ لفظ بھی سندھی کافی نمبر 63 میں استعمال ہوا ہے ۔

* آئیھا : (سندھی) تونے ہے

** سندھی اور سرائیکی زبان میں غالباً ایسا کوئی لفظ استعمال نہیں ہوتا ۔ یہ یا تو کتابت کی غلطی ہے یا پھر کسی لفظ کی بگڑی ہوئی املا ہے ۔ " دیوان فرید " کی سندھی کافیوں میں یہ لفظ موجود نہیں ۔

* ایں : (سندھی)
** لغات فریدی میں اس لفظ کے معنی نہیں لکھے گئے ۔ ممکن ہے کاتب سے رہ گئے ہوں ۔ یہ لفظ "ائیں" یا "ایں" ہے جو سندھی میں ہمزہ کے نیچے دو کھڑی زیریں لگا کر لکھا جاتا ہے / ءِ / اس کا مطلب ہے "اور" ۔

* ایڑھا : اتنا بڑا
** سندھی زبان میں یہ لفظ "اہڑو" ہے جس کی جمع "اہڑا" ہے جسے سرائیکی سندھی میں "ایڑھا" (واحد) بولتے ہیں ۔ سندھی لغات میں اس کے معنی " اس جیسا ، ایسا ، اس طرح " لکھے ہوئے ہیں ۔ اس لفظ کا سرائیکی متبادل ایجھا (جمع ایجھے) اور اردو متبادل ایسا (جمع ایسے) ہو گا

* ایڑھے : (سرائیکی ایڈے) ۔ (سندھی) اتنے بڑے ۔ ایڑھا کی جمع ۔ ایڑھا کے معنی اتنا بڑا ۔
** اس لفظ کا سرائیکی متبادل " ایڈے " نہیں بلکہ " ایجھے " (ایسے) ہے ۔ " ایڈے " کا سندھی متبادل " ایترا " ہے ۔ بلکہ سرائیکی سندھی میں " ایڈا " (جمع) بھی استعمال ہوتا ہے ۔

(ب)

* باکھ : ***
** لغات فریدی میں اس لفظ کے معنیٰ نہیں لکھے گئے ۔ اس لفظ کے معنی سندھی لغات میں یہ ہیں ۔ " باکھ : سورج طلوع ہونے سے پہلے کی شعاع ، پو ، صبح کی سفیدی "

* بروچل : پردیسی ۔ (دیکھو بروچل)
** یہ لفظ / ب / سے نہیں بلکہ / پ / سے بولا جاتا ہے ۔ علاوہ ازیں اس کے معنی لفظ " بلوچ " سے مشتق ہیں ۔ " بروچل " بلوچ کی تصغیر ہے جو پیار سے بولا جاتا ہے ۔ مجازاً یہ لفظ سی کے محبوب " پنوں " کے لئے سندھی اور سرائیکی شاعری میں عام طور پر استعمال ہوتا ہے . سندھی میں / ل / کی / ر / میں تبدیلی کے اصول کے مطابق " بلوچ " کو "بروچ" یا " باروچ " بھی کہتے ہیں ۔ سندھی لغات میں " بروچ " کے معنیٰ " بلوچ قوم کا ایک فرد " لکھے ہوئے ہیں ۔ شاہ لطیف نے بھی " بروچ " اور " باروچل " کے الفاظ استعمال کیے ہیں ۔
(1) سبھ میں پنھوں پاڻ ۔ کینئے بیو بروچ رے (سُر سی آبری ۔ 5.10.3)
(سب میں پنھوں خود ہے ۔ بلوچ کے سوا اور کچھ بھی نہیں ہے)

(1) چھوری چھڈ م َ چھپریں ، باروچل پانھی (سُردیسی (وائی) ـ 7.1)
(اے بلوچ ! اس بے سہارا کنیز کو پہاڑوں میں چھوڑ کر نہ جا)
* برہن : برہا کی ماری ـ محبت میں مبتلا
* برہوں : عشق ـ محبت ـ برہا
** لفظ کے مندرجہ بالا دونوں روپ ایک ہی مادے سے مشتق ہیں ـ ان کے معنیٰ دیگر لغات کے حوالے سے یہ ہیں ـ
(الف) برہوں : عشق کرنے والوں کے درمیان جدائی کا دکھ ـ دیکھو اردو برہن (جیوکس)
(ب) بره : فراق ـ جدائی ـ ہجر ـ فرقت ـ محبت ـ الفت (بلوچ)
(ج) برہوں : برہا ، ہجر ، فراق (پال)
(د) مولانا عزیز الرحمٰن نے کافی نمبر 224.8 کے مصرعے " انگ انگ برہن مرجھاوے " کی لغات میں لفظ " برہن " کے معنیٰ " مہجور ، ہجراں زدہ " لکھے ہیں وہ مزید لکھتے ہیں کہ :
" واحد بخش خان صاحب بلوچ بی ـ اے تحریر فرماتے ہیں کہ لفظ برہن نہیں برہتن ہے ـ یہ لفظ کالی داس نے بھی کئی جگہ استعمال کیا ہے ، اس کے معنیٰ فراق کا مارا ہوا ہے " ـ
یعنی اصل میں لفظ بره یا برہوں کا مطلب ہجر یا فراق ہے اس سے ثانوی طور پر محبت یا الفت بھی مراد لی جاتی ہے ـ

(پ)

* باریندس : (سندھی) جلا دوں گی
** تفصیل کے لئے سندھی شاعری کا موضوع دیکھئے ـ صحیح لفظ " باریندیس " ہے
* بانھ چوڑیلی : بانھ ـ پورے بازو کی چوڑیاں
** یہ لفظ کافی نمبر 237 کے مطلع " سیجھ سہاوم بیلی ـ سکدی بانھ چوڑیلی " میں استعمال ہوا ہے ـ اور مولانا عزیزالرحمٰن نے اس کے صحیح معنیٰ " چوڑے والا بازو " لکھے ہیں ـ اس ترکیب کا مطلب " پورے بازو کی چوڑیاں " نہیں بلکہ " چوڑیوں بھری کلائی " ہے جو محبوب کا سرہانہ بننے کے لئے ترس رہی ہے ـ لغات فریدی کے مطابق بجا طور پر " بانہہ " پورے بازو کی چوڑیوں کے سیٹ کو ہی کہتے ہیں لیکن یہاں " بانہہ چوڑیلی " کے معنیٰ مطلوب ہیں ـ
* بروچل : باہر سے آنے والا ـ پردیسی ـ مجازاً پنوں جو باہر سے یعنی کیچ سے بھنبھور میں آیا تھا ـ
** یہ لفظ مجازاً نہیں بلکہ حقیقتاً بلوچ (پنھوں) کے لئے استعمال ہوا ہے علاوہ ازیں اس کے لغوی

معنیٰ " بلوچ " کے ہی ہیں ۔ اوپر دیکھیں " بروچل " ۔
* ہلکن : ***
* ہلکے : فرط مسرت سے اچھلے ۔ متحرک ہو
** لغات فریدی میں ہلکن کے معنی نہیں دیئے گئے ۔ کافی نمبر 89.4.3 میں مولانا عزیز الرحمن نے " ہلکن " کے معنیٰ " جوش زن ہوتی ہیں ، بیتاب ہوتی ہیں ، لبالب بھرجاتی ہیں " لکھے ہیں ۔
* ہوک : شدت جذبات ۔ ہوک چڑھنڑ اور ہوک چاونڑ محاورہ ہے ۔ شدت جذبات سے مغلوب ہو کر اقدام کرنا اور مصیبت میں پڑ جانا ۔
** دیگر لغات میں ہوک اور اس سے مشتق الفاظ کے معنیٰ درج ذیل ہیں ۔
(1) ہوک : خواہش نفسانی ۔ ہوائے نفس (تڑپ ، بے چینی ، بے قراری) نفس پرستی ۔
ہوکڑ : میں میں یا بھیں بھیں کرنا ۔ چیخنا ۔ شور مچانا (جیوکس)
(2) ہوکڑ : زور زور سے بولنا ۔ شور مچانا
ہوک چڑھنڑ : شور مچانے کا جنون سوار ہونا (ظامی)
(3) ہوک : پہلا پھل ، پہلا بچہ ۔ جوش (چڑھتی جوانی کا) ، امنگ ۔ بکرے کی آواز ۔ چیخ ، پکار ، فریاد ۔ ایک قسم کی گھاس ۔ (صفت) بیوقوف ، الو ، چغد
ہوک پھاڑنڑ : مونہہ کھول کر چلانا ۔ گلا پھاڑنا ، چیخنا ، چلانا
ہوکڑ : چیخنا ، چلانا ، پکارنا ۔ بکرے کی خاص آواز کرنا ۔ کنویں سے پانی نکالنا (بلوچ)
* ہوہارندس : جھاڑو دوں گی ۔ صاف کر دوں گی
** تفصیل کے لئے سندھی شاعری کا موضوع دیکھئے ۔ صحیح لفظ " ہوہارندیس " ہے ۔

(پ)

* پاڑ : زمین کی ایک قسم جو نرم اور بھربھری ہوتی ہے ۔
** لغات فریدی میں یہ معانی " دیوان فرید " کی کافی نمبر 197.2.2 سے نقل کیے گئے ہیں ۔ جیوکس کی ڈکشنری میں اس لفظ کی مزید وضاحت ملتی ہے جو اس طرح ہے ۔
پاڑ : ملتان کے علاقے میں اس کے معنیٰ ہیں ایسا رقبہ جس پر پہلی بار ہل چلایا جائے ، جس کے لئے دیرہ غازیخان کے علاقے میں " گھیر " کا لفظ استعمال ہوتا ہے ۔ یہ لفظ " پاڑنڑ " (پھاڑنا) مصدر سے ہے ۔ (2) کنواں کھودنے کے لئے ریت ن گہرائی تک ڈالا جانے والا ایک اوزار

(پنجابی ڈکشنری کے حوالے سے) (3) کسی احاطے میں چور کے داخل ہونے کے لئے بڑا سوراخ (شاہپوری میں)

جیوکس کی اس وضاحت سے " زمین کی نرم اور بھربھری قسم " کا مسلسل غلط مفروضہ صاف ہو جاتا ہے ۔

* پائینڈس : (سندھی) پاتی ہوں ۔ پاؤں گی

** تفصیل کے لئے " سندھی شاعری " کا موضوع دیکھئے ۔ صحیح لفظ " پائینڈیس " ہے ۔

* پٹی : طویل ہموار بے آب و گیاہ پتھریلا راستہ (دیکھو پٹیاں)

* پٹیاں : پٹی کی جمع ۔ طویل بے آب و گیاہ پتھریلے راستے جو فی الحقیقت راستے نہیں ہوتے بلکہ دامن کوہ کے ساتھ ساتھ چوڑے میدان سے ہوتے ہیں ۔ جنہیں مسافر غلطی سے راستہ سمجھ لیتے ہیں ۔ یہ بہت طویل بے آب و گیاہ ہموار اور سخت میدان سے ہوتے ہیں جو سورج کی تمازت سے اور ہوا کی رکاوٹ سے سخت گرم ہو جاتے ہیں ۔ جو مسافر پٹی پر غلطی سے چل پڑا وہ زندہ سلامت واپس نہ آیا ۔ گرمی ، پیاس اور سخت زمین اس کے لیے پیام موت ثابت ہوتے ہیں ۔

** لغات فریدی کے مطابق پٹی ان راستوں کو کہتے ہیں جو کہ دامن کوہ کے ساتھ ہیں اور پتھریلے ہوتے ہیں ۔ جبکہ حقیقتاً یوں نہیں ہے بلکہ ان راستوں کا تعلق ریگستان سے ہے ۔ اس سلسلے میں ظامی اور جیوکس یوں لکھتے ہیں ۔

(1) پٹی : جو دھجی زخم پہ باندھی جائے ، ریگستانی علاقہ ، پلنگ کی پٹی (ظامی)

(2) پٹری / پٹی : سخت مٹی کا ایک تنگ راستہ ۔ تھل میں ریت کے ٹیلوں کے درمیان ایک سخت مٹی کا راستہ جس میں بارش کے بعد دراڑیں نہیں پڑتیں ، جیسے " رڑی " میں جو زیادہ ریتلی ہوتی ہے ۔ (جیوکس)

* پچار : قابل شرم بات ۔ شرم دلانے والی باتیں ۔ شکوے شکایات ۔ عیب جوئی

* پچاراں : پچار کی جمع ۔ بدنامی کی باتیں ۔ طعنے شکوے وغیرہ

** : یہ دونوں الفاظ سرائیکی ، سندھی اور بلوچی تینوں زبانوں میں استعمال ہوتے ہیں اور بلوچستان سے غالباً اس نام کا کوئی خبرنامہ بھی نکلتا تھا ۔ سندھی لغات اور جیوکس کی ڈکشنری سے اس لفظ کے معنی پیش کئے جاتے ہیں ۔ جیوکس نے اس لفظ کے یہ معنی دیئے ہیں جو صرف ہندو استعمال کرتے تھے ۔ اس کے بنیادی معنی " ذکر " یا " بات " کے ہیں ۔

(1) پچار : موئنث ۔ بات ، ذکر ، ورد ۔ یاد ۔ بیان ۔ عادت ۔ غیبت ۔ برائی

پر پچار : غیر کا ذکر ۔ دوسرے کا ذکر (بلوچ)
(2) پچار : شادی کے لئے پیغام بھیجنا ۔ منگنی [صرف ہندوؤں میں استعمال ہوتا ہے](جیوکس)

* پرتیت : محبت

** یہ لفظ یا تو کاتب نے غلط لکھا ہے یا پھر مرتب لغات فریدی کی غلطی ہے محبت کے لئے " پریت " کا لفظ عام ہے ۔ " پرتیت " کا مطلب واپسی ، لوٹنا یا جواب ہے ۔ سرائیکی میں یہ عام طور پر مرکب استعمال ہوتا ہے مثلاً " پچھ پرتیت " یعنی پوچھ گچھ کرنا ، سوال جواب کرنا ۔ جیوکس نے "پرت " اور "پرتا" کا مطلب "واپسی " لکھا ہے ۔ "پرتاونڑ " کے معنی اس نے " معذرت ۔ الٹنا یا پھیرنا " لکھے ہیں جبکہ " پرتج آونڑ " کے معنی " لوٹ آنا " لکھے ہیں ۔

پال نے اپنی ڈکشنری میں پرتیت کے معنی " پچھ ، پچھنڑ ، آدر ۔ پریت ، محبت ۔ اعتماد ، بھروسہ ، محسوس ، احساس ۔ انداز ، نکھیڑا ، ظاہر " لکھے ہیں جبکہ " پرتیتڑ " کے معنی " معلوم ہوونڑ ، پتا لگنڑ ، جاپنڑ " لکھے ہیں ۔

* پرسائی : تہوار منانا

** یہ غالباً ہندی لفظ ہے اس سے ملتے جلتے الفاظ جیوکس اور سندھی لغات میں ملتے ہیں ۔ مثلاً جیوکس نے " پرسن " کے معنی " خوش ، تندرست " کے لکھے ہیں اور اس کے لئے اردو ڈکشنری کا حوالہ بھی دیا ہے ۔ اسی طرح شاہپوری لہجے سے " پرسے " کا لفظ بھی لکھا ہے جس کے معنی ہیں "میٹھے یا میٹھا" ۔

سندھی لغات میں " پرسن " کے معنی " مسرور ، خوش ، راضی ، بخیر ۔ تندرست ۔ مہربان " بیان کئے گئے ہیں ۔ اس کے بعد " پرسنتا " کا لفظ دیکر اس کے معنی " " مسرور ، خوش ۔ صحت ، تندرستی " لکھے گئے ہیں ۔ میرے خیال میں کافی نمبر 159 میں استعمال ہونے والا یہ لفظ مزید تحقیق طلب ہے ۔ مولانا عزیزالرحمٰن نے اس لفظ کے معنی نہیں لکھے ۔

* پرو بھرا : دور ۔ بہت دور

** اس لفظ کے معنی صرف " بہت دور " نہیں بلکہ " کچھ دور ۔ ذرا ہٹ کر ۔ ایک طرف کو ہو کر " بھی ہیں ۔

* پریں دو : دور کی طرف

** یہ لفظ کافی نمبر 229 میں استعمال ہوا ہے اور اس میں مغالطہ لفظ " پریں " کی وجہ سے ہوا

ہے ۔ اس لفظ کی " پ " اگر مفتوح ہو تو تونسہ اور ڈیرہ غازی خان کے لہجے میں اس کے معنیٰ "دور" ہوں گے اگر مکسور ہو تو معنیٰ " محبوب " ہوں گے ۔ یہاں اصل میں لفظ "محبوب" مراد ہے ۔ یعنی " محبوب کی طرف " ۔

* پلال : جھوٹ ، فریب ، مکر

** یہ لفظ کافی نمبر 73 میں مرکب استعمال ہوا ہے ۔ مولانا عزیزالرحمٰن کے نسخے میں یہ مرکب " کوڑ پپال " ہے جسے " پیام فرید " میں (ص ۔ 514) میں ڈاکٹر مہر عبدالحق نے " کوڑ پلال " کر دیا ہے ۔ پلال کے لغوی معنیٰ سندھی لغات میں " دھان کی فصل کی خشک گھاس ۔ ردی گھاس " لکھے گئے ہیں اور یہی معنیٰ طامی نے بھی لکھے ہیں ۔ مجازاً اس کے معنیٰ " فضول ، بیکار " کے ہیں نہ کہ فریب و مکر ۔

جیوکس نے اس کے معنیٰ " فضول ، بے ربط اور بیکار گفتگو " کے لکھے ہیں اور اس لفظ کے ضمن میں یہ بھی بتایا ہے کہ " کوہستان نمک میں گھاٹے کا سودا " بھی پلال کہلاتا ہے ۔ جیوکس کے مطابق " پلالی " کے معنیٰ " بلبلے کی نکی یا پیٹ کا ہلکا آدمی اور دھان کی خشک ڈنٹھل " ہیں ۔ سچل لغات میں بھی " پلال " کے معنیٰ دھان کی خشک گھاس بیان ہوئے ہیں ۔

* پنناں : رچا بسا ہوا ۔ پرورده (نیز دیکھیں : پنی ، پنیاں)

** یہ لفظ لغات فریدی میں / پ / کے ضمن میں آیا ہے جبکہ حقیقت میں یہ حرف / ن / کے ضمن میں آنا چاہئے تھا ۔ اصل میں لفظ نپناں (نپی ، نپنیاں وغیرہ) ہے ۔ مثلاً یہ لفظ کافی نمبر 34 میں " ناز پنیاں " کے مرکب کی شکل میں استعمال ہوا ہے جس کے معنیٰ مولانا عزیزالرحمٰن نے " ناز پرورده " لکھے ہیں ۔ سندھی لغات میں " نپائڻ " مصدر کے معنیٰ " پالنا ، پرورش کرنا ، پروان چڑھانا ، پالنا پوسنا " لکھے ہیں ۔ اسی طرح فعل مجہول " نپجڻ " کے معنیٰ " پلنا ، پرورش پانا ، پروان چڑھنا " لکھے گئے ہیں ۔ پال کی ڈکشنری میں بھی "نپی" کا مطلب " پلی ہوئی ، پرورده " لکھا ہوا ہے ۔

* پنھوارن : (سندھی) پنوار قوم کے لوگ

** کافی نمبر 63 میں برتے گئے اس لفظ کے معنیٰ لغات فریدی میں بھی مولانا عزیزالرحمٰن سے نقل کئے گئے ہیں ۔ سندھی یا سرائیکی میں پنھوار قوم کے لوگ پنھوار ہی کہلائیں گے ۔ "ن" کا لاحقہ سندھی میں صیغہ جمع بنانے کے کام بھی آتا ہے اور " نے ، سے ، کے " کے معنیٰ بھی دیتا ہے ۔ یہاں پنھوارن سے مراد صیغہ جمع میں " پنھواروں " ہے اور " پنھوارن جو " کا

مطلب ہو گا " پنھواروں کا " ظامی کے مطابق " پنوار " راجپوتوں کی ایک گوت ہے۔
* پور : تفکرات کے ابھار ، جذبات اور فکر مندی کے جوش ۔ دکھ درد ۔ رنج والم ۔ ترددات ۔
پور پرائیں مرکب ہے ۔ پرائیں پور کا ہم معنی ہے ، اس کی اصل پرانا : دکھ دینا ۔ غم اور فکر وغیرہ ہے ۔ جمع میں پور پرائے کہیں گے ۔ ترددات ۔ تفکرات ، پور پرائیں بھی بولا جاتا ہے ۔ اس صورت میں پرائیں کا ماخذ پور ہی ہو گا جس طرح جھور جھرائیں کی ترکیب ہے اسی طرح یہ بھی ہم معنی الفاظ کا مرکب بنے گا ۔
* پور پرائے : تفکرات دیکھو پور ۔ پہرائے کو پرائے (بمعنی غیر یا دوسروں کے) پڑھنا درست نہیں ہے کیونکہ محبوب " غیر یا پرایا " نہیں ہو سکتا ۔
** مندرجہ بالا دونوں الفاظ کے ساتھ " لغات فریدی " کا لفظ " پور پرائے " مل کر کچھ مغالطے پیدا کرتا ہے ۔ پور کی حد تک تو معنیٰ ٹھیک ہیں ۔ سچل لغات اور سندھی لغات نے بھی لگ بھگ یہی معنیٰ لکھے ہیں ۔ جیوکس کے مطابق " پور " کا لفظ دیگر معانی کے علاوہ " دکھ کی لہر " کے معنیٰ بھی دیتا ہے ۔ البتہ " پرائیں / پراٹا " اور " پرانا " کی جو توجیحات لغات فریدی میں دی گئی ہیں وہ قابل غور ہیں ۔
" پرائے / پرائیں " کے حوالے سے لغات فریدی کا کہنا ہے کہ " پرائیں " پور کا ہم معنی ہے ۔ اس کی اصل پرانا : دکھ دینا ، غم اور فکر وغیرہ ہے ۔ جمع میں میں پور پرائے کہیں گے ... پور پرائیں بھی بولا جاتا ہے " ۔
حقیقت یہ ہے کہ " پور پرائے " مرکب نہیں بلکہ دو علیحدہ علیحدہ الفاظ ہیں ۔ " پور " بمعنیٰ تفکرات اور " پرائے " کا معنیٰ ہے " حاصل کئے / پائے " ۔ سندھی لغات میں / پ / کے نیچے زیر کے ساتھ " پرائڻ " مصدر کے معنیٰ " حاصل کرنا ، ہاتھ کرنا ۔ سیکھنا (ہنر) " لکھے گئے ہیں ۔ " پل پل پور پرائے " کے معنیٰ ہوں گے " پل پل تفکرات اور دکھ پائے " ۔
شاہ لطیف کے " سُردیسی " کا بیت ہے :

جئں سوہرڻ ھماء ، سرگرداں سنسار میں
ہی پگ نہ کھوڑے پٹئیں ، ہو دھڑ سر دھرے نہ ساہ
جیکس تن ملاء ، سئی سور پرائیا (سُردیسی ۔ 5.1)

(ترجمہ : جس طرح [ہرن اپنی ناف سے آنے والی خوشبو کی وجہ سے] اور ہما [اپنی تلاش میں] ہمیشہ سنسار میں سرگرداں پھرتے ہیں ایک زمین پر قدم نہیں رکھتا اور دوسرا [ہرن] اپنے تن

بدن کا ہوش کھو بیٹھتا ہے ۔ اسی طرح شاید سی نے بھی [ان کی طرح اپنے اندر سے] دکھوں کا سبق لیا ہے)

دوسرے لفظ " پرائیں " کی بھی طویل تاویلات کی گی گئیں ہیں یہ لفظ بھی واضح طور پر " پریں " سے مشتق لگتا ہے جس کے معنیٰ ہونگے " محبوب کے " ۔ " پور پرائیں " کے معنیٰ ہوئے " محبوب کے ٹکرات یا ٹکر یار " ۔ بہر حال علم معانی کے ماہرین اس پر مزید غور کر سکتے ہیں ۔

* پوریں : ٹکرات

** " پوریں " پور کی جمع نہیں بلکہ " ں " کے لاحقے سے مراد " نے ، کا ، کے ، کی " وغیرہ ہے ۔ یعنی درست معنیٰ ہونگے " ٹکرات نے /کا /کے /کی /سے " ۔

* پوہنیں : (سندھی) ان کی پڑے

** درست لفظ " پوئیں / پووِنے " ہے اور یہ لفظ سندھی نہیں سرائیکی ہے ۔ کافی نمبر 64 میں برتے گئے اس لفظ کی لغات لکھتے ہوئے مولانا عزیزالرحمٰن نے اس کی املا " پوئیں " ہی کی ہے اور معنیٰ " پڑتی " لکھے ہیں ۔ درست معنیٰ " ان کی پڑتی ۔ ان کی پڑے " ہوں گے ۔ یہی لفظ کافی نمبر 39:2:3 میں بھی استعمال ہوا ہے ۔ یہ اصل میں " دیوان فرید " مولانا عزیزالرحمٰن کی املا کی غلطی ہے جسے صاحب لغات فریدی نے بھی دہرایا ہے ۔

* پئی گنیساں : ***

** لغات فریدی میں اس کے معنیٰ نہیں لکھے گئے ۔ اس کے معنیٰ " گنی جاتی رہوں گی ۔ شمار ہوتی رہوں گی " ہیں ۔

(ت)

* تر پھٹ : جی بھر کر

** یہ لفظ برج بھاشا میں کہی گئی کافی نمبر 224 میں استعمال ہوا ہے اور " تر پھٹ " نہیں بلکہ " تڑپھت / تڑپت " ہے اور مکرر استعمال ہوا ہے جس کے معنیٰ ہوں گے " تڑپ تڑپ کر " ۔ مولانا عزیزالرحمٰن نے بھی یہی معنیٰ لکھے ہیں ۔

* تلوین : ***

** اس لفظ کے معنیٰ لغات فریدی میں نہیں لکھے گئے ۔ یہ لفظ سچل سرمست نے بھی استعمال کیا ہے ۔ سچل لغات میں " تلوین " کے معنیٰ " رنگا رنگی کرنا ۔ طالب کی ایک منزل کا نام " لکھے ہوئے ہیں ۔

* تن کھے : (سندھی) اس کو
** کافی نمبر 100 کے مطلع میں " تن کھے " برتا گیا ہے سندھی میں " تن " کا مطلب " اُن " اور " کھے " کا مطلب " کو " ہے ۔ یہ جمع کا صیغہ ہے اور اس کا مطلب ہو گا " اُن کو " ۔ مولانا عزیزالرحمٰن نے بھی غلط معنیٰ لکھے ہیں یعنی " اسی کو " ۔
* تور : ناراض ، خفا
* تورے : فخر ، مان ، بڑائیاں
** جیوکس کی لغات میں " تورا " کے معنی " Law , as given by Government, opposed to Shariat Religious Law " لکھے گئے ہیں ۔ طاہٖی کی لغات میں بھی " تورا " کا مطلب قانون لکھا ہوا ہے ۔ سندھی لغات میں " تورو" کے معنی میں " انصاف ۔ اعمال کا حساب کتاب (آخرت میں) ، فیصلہ ، تعریف ، طرفداری ، خوشامد " بھی لکھا ہوا ہے ۔ دیوان فرید کی کافیوں 77، 120، 194، 206اور 213 میں یہ لفظ استعمال ہوا ہے اور "زورے تورے " مرکب استعمال ہوا ہے اس لفظ کے صحیح معنیٰ پر غور کی ضرورت ہے ۔
* تھنجا : (سندھی) تمہارا
** سندھی میں " تھنجا " واحد نہیں بلکہ جمع کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ کافی نمبر 63 میں یہ لفظ جمع یعنی " تمہارے " کے معنیٰ میں استعمال ہوا ہے ۔

(ج)

* جا : (سندھی) کا
** سندھی میں جا واحد نہیں بلکہ جمع کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ اس کے معنی ہوں گے " کے "
* جاتھی : (سندھی) جہاں
** اس لفظ کی درست املا یا تلفظ " جاتھے " ہے یائے معروف اور یائے مجہول کی غلطی ، پرانی املاء یا سندھی سے ناواقفیت کی بناء پر ہے
* جانب : کی طرف
** لغات فریدی میں " جانب " کی یہی ایک معنیٰ دی گئی ہے ۔ حالانکہ کافی نمبر 62.2.1 میں یہ لفظ " محبوب " کے معنیٰ میں بھی استعمال ہوا ہے ۔ سندھی شاعری میں یہ لفظ عام استعمال

ہوتا ہے۔ سندھی اردو لغات میں بھی " جانب " کے معنی " جانی ، دلدار ، محبوب ، دوست " لکھے ہوئے ہیں۔ تفصیل کے لیے دیکھیے " سندھی شاعری "

* جک :گرفتگی ، بندش

** یہ لفظ کافی نمبر 104 میں یوں استعمال ہوا ہے۔

پوون تتی دے دل کوں گھولاں بھیڑی گھل کوں

سو سو پور تے جک سائیں

مولانا عزیز الرحمٰن نے حاشیے میں لکھا ہے کہ بعض نسخوں میں یہ لفظ " چک " ہے البتہ " جک " کے ضمن میں انہوں نے لکھا ہے کہ : " گرفتگی قلب ، اختلاج ، دل کے دردوں کو جک کہتے ہیں " جبکہ " سندھی اردو لغات " میں یہ لفظ مذکر بتایا گیا ہے۔ اور اس کے معنی " غصہ ، جوش ، پیچ و تاب " لکھے گئے ہیں۔ اسی مصرعے کے حوالے سے مولانا عزیز الرحمٰن نے " پور کے معنی بھی " دورے ، درد کے مروڑ " لکھے ہیں۔

جماں : ***

** لغات فریدی میں اس لفظ کے معنی نہیں لکھے گئے۔ یہ لفظ اصل میں " جماں " ہے اور اسے " ج " کی تختی میں آنا چاہیے تھا جبکہ یہ " ج " کی تختی میں موجود ہے اس لفظ کے معنی " پیدائش۔ مقام پیدائش " کے ہیں۔ یہ لفظ کافی نمبر 39 میں استعمال ہوا ہے۔ اس کا مرکب استعمال " جایا جماں " کی صورت میں بھی ہوتا ہے۔ جیوکس نے اس کے معنی " مقام پیدائش " لکھے ہیں۔

* جوگ : شوق وصال کی شدت۔ " جوگ ہووݨ " اور " جوگ چاوݨ " محاورہ ہے۔ جذبات سے مغلوب ہو کر ایسا اقدام کرنا جو مصیبت میں مبتلا کر دے۔

** دیگر لغات میں " جوگ " کی وضاحت اس طرح کی گئی ہے۔

(1) ملاپ ، وصل (پیدا کرنے والے سے) ، مراقبہ ، استغراق ، اپنے آپ کو کھو کر روح سے مل جانا ، ذکر و فکر کے ذریعے معرفت حاصل کرنا ، ستاروں کا ملاپ ، جوگیوں کی تپسیا ، نیک ساعت ، جسمانی عمل ، ریاضت ، ضبط نفس ... وغیرہ " (بلوچ)

(2) A short tune. 2. Religious devotion. See U. Jog. 3. A pair of oxen. Sh. 4. 1/4 portion of well=about 10 akers (Jukes)

(3) دھیان ، میل ملاپ ، مراقبہ ، سمادھی (چیل لغات)

(ج)

* جال : بسر اوقات ، گذر اوقات ، گذارا ، گذر بسر
** یہ لفظ اج ا کی تختی میں نہیں اج ا کی تختی میں ہونا چاہیے تھا۔ جیو کس ، ظامی ، بلوچ اور دیگر لغات میں یہ لفظ اور اس کے مشتقات " جالاں ، جال آئی ، جالے ، جالی " وغیرہ اج اہی کی تختی میں لکھے گئے ہیں۔ سرائیکی میں اج ا کے ساتھ جال کا مطلب " پیلو کا درخت ۔ مچھلیاں پکڑنے یا کسی اور کام کے لیے استعمال ہونے والا جال " ہوگا۔

(چ)

* چاچڑ : ضلع رحیمیار خان کے ایک قصبے کا نام جہاں خواجہ فرید پیدا ہوئے۔ آپ کے بزرگوں نے سندھ سے نقل مکانی کر کے یہاں توطن اختیار کر لیا تھا۔
** اس قصبے کا پورا نام " چاچڑاں ". ہے احتراماً اسے چاچڑاں شریف بھی کہتے ہیں۔ خواجہ فرید نے کافی نمبر 86 میں اس قصبہ کے لیے " چاچڑ " کا لفظ استعمال کیا ہے۔ علاوہ ازیں خواجہ فرید کے بزرگ سندھ (ٹھٹھہ) سے نقل مکانی کر کے چاچڑاں آباد نہیں ہوئے تھے بلکہ نواح ملتان میں قصبہ " منگلوٹ " میں آ کر آباد ہوئے تھے وہاں سے ضلع مظفر گڑھ کے علاقے " یارے والی " اور وہاں سے " کوٹ مٹھن شریف " اور اس کے بعد نواب بہاولپور کی درخواست پر یہ خاندان " چاچڑاں " میں آباد ہوا۔
* چاربندس : (سندھی) چراؤں گی
** درست لفظ " چاربندیس " (مونث) ہے۔ دیکھیں " سندھی شاعری " کا موضوع
* چانگے : مویشیوں کے گلے ، بھیڑ بکریوں کے بچے ، چھانگے بھی بولتے ہیں ، چھانگ
** سچل لغات اور سندھی اردو لغات میں " چانگو " (سرائیکی چانگا) کے معنٰی " اونٹ ، شتر " بیان کیے گئے ہیں۔

(خ)

* خسرو : ایران کا بادشاہ جس نے فرہاد کو مروا کر اس کی محبوبہ شیریں کو اپنے حرم میں داخل کر لیا تھا۔
** خسرو شیریں کا شوہر تھا اس نے شیریں کو فرہاد کے مرنے کے بعد حرم میں داخل نہیں کیا تھا۔
* خواجہ : شیخ ، بزرگ ، خواجہ خضر
* خواجے : خواجہ کی جمع ، بزرگ

** دیوان فرید میں لفظ خواجہ 9 اور 49 نمبر کی کافیوں میں استعمال ہوا ہے پہلی کافی چشتی سلسلے کے بزرگ خواجہ نور محمد مہاروی کے لیے لکھی گئی ہے اور دوسری کافی میں " خواجہ جانہ ڈیوم کتھائیں " کا محاورہ برتا گیا ہے۔ لفظ خواجہ 97 نمبر کافی میں " خواجے پیر دے ڈیساں چھنے " کے حوالے سے استعمال کیا گیا ہے۔ " خواجہ پیر " عام طور پر چشتی سلسلے کے بزرگ خواجہ معین الدین اجمیری کو کہا جاتا ہے۔ یہ لفظ خواجہ فرید نے خواجہ خضر کے لیے استعمال نہیں کیا۔ پال نے اپنی لغت میں " خواجہ " کا مطلب " خواجہ معین الدین چشتی " ہی لکھا ہے۔ سچل لغات میں " خواجا " کا مطلب " مالک ، سردار ، آقا ، پیر ، مرشد " بیان کیا گیا ہے۔

(د)

* دلبر دی : از خود اور اپنی مرضی سے کنیز بننے والی

** لفظ " دل بردی " یا " دلبر دی " کافی نمبر 171، 199، 250، اور 265 میں خصوصاً استعمال ہوا ہے۔ 171، 199 اور 265 میں اس لفظ کا مطلب " دلبر کی ، محبوب کی " ہے۔ کافی نمبر 250 میں " جیں دلبر دی دل بردی ۔ تھیں باجھ فرید نہ سردی " کہا گیا ہے۔ اس شعر کے معنٰی ہیں کہ : " جس دلبر کی یہ دل غلام ہے اس کے بغیر اب (زندگی) گذرتی نہیں " ۔ مصرعہ اولٰی کے پہلے دلبر دی کا مطلب " دلبر کی ، محبوب کی " ہے اور دوسرے " دل بردی " کا مطلب " دل غلام ہے ، کنیز ہے " ہو گا۔ " بردی " کا لفظ سندھی اور سرائیکی میں " کنیز (مونث) " اور " بردا " " غلام (مذکر) " کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ غالباً دیوان کے کسی شعر میں بھی اس لفظ کے معنی " از خود اپنی مرضی سے کنیز بننے والی " نہیں نکلتے۔

(ڈ)

* ڈمراں : ڈمر کی جمع ، فخر ، بڑائیاں ، غرور ، درجح

** یہ لفظ کافی نمبر 174 میں یوں استعمال ہوا ہے :

پیاں کھوج پنل دیاں خبراں　　گیاں روگ اندر دیاں ڈمراں
جٹراں عاشقاں بدھیاں کمراں　　تھئی دلی ڈھائی کوہے

یہ لفظ سرائیکی کے علاوہ سندھی شاعری میں عام طور پر استعمال ہوتا ہے۔ " ڈمر " کا مطلب " اداسی ، دکھ ، ملال " ہے۔ جیوکس اور طامی نے " ڈمر " سے اسم صفت " ڈمرا " کا اندراج کیا ہے اور مطلب " اداس ، ملول ، پژمردہ " لکھا ہے۔

* ڈوٹے : بد قماش ، بد اطوار

** ڈوٹا یا (ڈوٹی) سرائیکی اور سندھی بول چال میں موٹے تازے یا بے حس انسان کو بھی کہتے ہیں ۔ یہ لفظ کافی نمبر 215.4.2 میں استعمال ہوا ہے ۔ سندھی اردو لغات میں " ڈوٹی " کا مطلب " ٹوٹی (حقہ کی)، ایک قسم کا زیور ، موٹی تگڑی عورت " بیان کیا گیا ہے ۔ جیوکس کی لغات میں

" ڈوٹا " کا مطلب " عیاش نوجوان " لکھا ہوا ہے ۔ اس حوالے سے " لغات فریدی " کے معنی تقریباً درست ہیں مگر شعر کے حوالے سے اس لفظ پر مزید غور کی گنجائش موجود ہے ۔

* ڈونگر : اونچی نیچی جگہیں ، دشوار گزار راستے ، چٹانوں سے بھرے ہوئے کوہستانی علاقے

* ڈونگرے دشوار گذار اور کٹھن راستے

** بلوچ ، پال اور سچل لغات میں " ڈونگر " کے معنٰی " پہاڑ ، کوہستان ، جبل ، پربت " کے ہیں ۔ یہ لفظ سچل ، شاہ لطیف ، اور غالباً بابا فرید نے بھی پہاڑ ہی کے معنوں میں استعمال کیا ہے ۔ شاہ لطیف کا مصرعہ دیکھیے :

پٹھیاں جن ہرے ، ڈونگر سے ڈورینڈیوں (سُر سی آبری ۔ 4.4.3)

(جن کے اندر میں آگ لگی ہو وہی پہاڑوں میں سرگرداں ہوں گی)

* ڈہاری : تہمتیں ، الزامات

* ڈہارے : تکلیفیں ، الزامات

** مندرجہ بالا دونوں الفاظ معلوم نہیں ہو سکے کہ خواجہ فرید نے کونسی کافی میں اور کن معنوں میں برتے ہیں ۔ لغات فریدی میں یہ الفاظ ص 44 پر موجود ہیں ۔

* ڈوہلی : دکھ درد میں مبتلا

* ڈوہیلیاں : دکھ درد ، الزامات ، تہمتیں

* ڈوہیلے : دکھ درد ، تہمتیں ، الزامات

** یہ الفاظ " سچل لغات " میں بھی ملتے ہیں اور تقریباً وہی معنٰی ہیں جو " ڈوہلی " کے ضمن میں " لغات فریدی " میں بیان ہوئے ہیں ۔ مگر دوسرے لفظ " ڈوہیلیاں " کا مطلب مناسب نہیں لگتا ۔ اس لفظ کے دو معنی ہو سکتے ہیں پہلا " میں ڈوہلی ہوں " دوسرا " ڈوہلی " کی جمع ۔ لفظ ڈوہلی کافی نمبر 46، 237 اور 253 میں استعمال ہوا ہے جبکہ " ڈوہیلیاں " کافی نمبر 213 میں استعمال ہوا ہے

اسی طرح تیسرے لفظ " ڈوہیلے " کا استعمال کافی نمبر 182 اور 243 میں یوں ہوا ہے :

جنگل بیلے شینہہ مریلے ڈوڑے ڈکھ ڈوہیلے (182)
نبھن فرید اے وقت ڈوہیلے شالا نال وصال سہیلے(243)

مندرجہ بالا اشعار میں " ڈوہیلے " کے معانی " لغات فریدی " کے حوالے سے مزید غور طلب ہیں۔

* ڈیہہ : (ڈول) ڈہا کے معنٰی ہیں راستہ ، ڈیہہ کے معنٰی ہوئے راستہ کی طرف
* ڈینہہ اباڑیں مینہہ : باران رحمت کا انتظار

** دیوان فرید میں ڈیہہ کا لفظ کافی نمبر 63 اور 155 میں استعمال ہوا ہے۔ ڈیہہ سندھی میں دیس کو کہتے ہیں۔ اور یہ لفظ سرائیکی میں بھی کہیں کہیں استعمال ہوتا ہے۔ کافی نمبر 155 میں مولانا عزیز الرحمٰن نے ڈیہہ کے معنٰی " راستا " لکھے ہیں۔ جسے لغات فریدی میں نقل کیا گیا ہے ۔ اس طرح " ڈیہہ اباڑیں مینہہ " کو باران رحمت کا انتظار کہا گیا ہے۔ حالانکہ 63 نمبر کی سندھی کافی کے مصرعے " ہجے ہردم ڈیہہ ابائیں مینہہ " کا مطلب " میرے آبا و اجداد کے دیس میں ہردم مینہہ برستا رہے " ہو گا۔ شاہ لطیف کا مصرعہ دیکھیے :

توسے ئی سیٹ کیا ، ڈور جنیں جو ڈیہہ (آبری متفرقہ ۔ 4.2)
(تونے انہیں محبوب (مالک) بنایا ہے جن کا دیس بہت دور ہے)
مزید تفصیل کے لیے دیکھیے " سندھی شاعری " کا موضوع ۔

(ر)

*ریتڑیاں : ***

** لغات فریدی میں اس کے معنی نہیں دیئے گئے۔ " ر " اگر مفتوح پڑھی جائے تو اس کے معنی " ریتلی " ہوں گے اور اگر مکسور ہو تو " ریتیں ۔ رسمیں ، رواج " کے معنی نکلتے ہیں

(ز)

* زنبور : ***

** لغات فریدی میں اس لفظ کے بھی معنٰی لکھے ہوئے نہیں۔ زنبور ایک چمٹے نما لوہے کا اوزار ہے جو کسی شے کو سختی سے پکڑنے کے کام آتا ہے۔ یہی معنٰی جیوکس نے بھی لکھے ہیں۔ البتہ " شاہ جو رسالو " میں " بھڑ کی طرح شور کتے " کے معنٰی میں بھی یہ لفظ استعمال ہوا ہے۔

جاگایس جنبور ، کتے قرینن بے (سُر معذوری ۔ 1.3.1)
(محبوب کے زنبور (بھڑ/ڈینبھو) جیسے شوخ کتے نے آکر اسے جگایا)
آڈوانی نے لغات میں " جنبور " کے معنیٰ " زنبور ، ڈینبھو (بھڑ) " اور بریکٹ میں " بیدار اور شوخ کتے " کے معنیٰ لکھے ہیں ۔ " دیوان فرید " کا متعلقہ شعر مجھے نہیں مل سکا ۔

(س)

* سادیں : ***
** لغات فریدی میں اس لفظ کے معنیٰ نہیں دیئے گئے ۔ غالباً " دیوان فرید " میں یہ لفظ بھی استعمال نہیں ہوا البتہ یہ ممکن ہے کہ یہ لفظ " ساویں " (دال کے بجائے واؤ کے ساتھ) ہو اگر ایسا سمجھا جائے تو اس لفظ کے معنی " سبز یا تر و تازہ " کے ہوں گے ۔ اور یہ لفظ کافی نمبر 92 میں استعمال ہوا ہے ۔
* ساڑیہ جے : ***
** " لغات فریدی " میں کافی نمبر 63 کے ان الفاظ کے معنیٰ نہیں دیئے گئے ۔ " پیام فرید " سے رجوع کیا تو ص 591 پر " سک ساڑیہ " کے معنی " چاہت اور انتظار " لکھے ہوئے ہیں ۔ مولانا عزیز الرحمٰن نے ان الفاظ کی لغات ہی نہیں دی ۔
سندھی مصرعہ ہے :

آہے سک ساڑیہ جی راتیوں ڈینہہ

اس مصرعے کا ترجمہ مولانا عزیز الرحمٰن نے کیا ہے " مجھے اپنے محبوب کی دن رات انتظار ہے" "
یہی ترجمہ صاحبِ " پیام فرید " نے بھی نقل کیا ہے مگر الفاظ کے معانی میں ٹھوکر کھائی ہے ۔
" سانْیھ " سندھی شاعری میں مستعمل لفظ ہے جس کے معنیٰ ہیں " وطن " اور یہ لفظ / ڑ / سے نہیں بلکہ / ن٘ / سے ادا کیا جاتا ہے ۔ تفصیل کے لیے دیکھیے " سندھی شاعری " کا موضوع ۔
* سانگے : ***
** " لغات فریدی " میں اس لفظ کے معنیٰ نہیں دیئے گئے ۔ یہ لفظ " دیوان فرید " میں مختلف مقامات پر مختلف معانی میں استعمال ہوا ہے مثلاً :
کافی نمبر 13 ۔ہک دے سانگے ۔ ہک دی سوں ہے (کے لئے)
کافی نمبر 38۔ ننگ نموز دے سانگے تر ٹڑے (سبب ، واسطے ، رشتے ، تعلق ۔ آسرے ، سہارے)

کافی نمبر 51 ۔ سکڑے چھنڑے سانگے ترٹڑے (رشتے ، تعلق)
کافی نمبر 137 ۔ قسمت سانگے ڈُٹھم اے دھرتی (مولانا عزیز الرحمٰن نے " قسمت سانگے " کے معنٰی " اتفاق ، قسمت سے " کئے ہیں)
کافی نمبر 199 ۔ سر مانگ مرندی سانگے (" سانگ " برچھی کو کہتے ہیں یائے مجہول " ے " کے معنٰی دیتی ہے ۔ یعنی " مانگ بھی سر میں برچھی مارتی ہے ")
کافی نمبر 272
سانگ سنجوک رلائے قسمت سانگے دوست یگانے (کے ساتھ ، کے لئے)
جیوکس کی لغات میں " سانگا " کے معنٰی " تعلق ، رشتہ ، قربت ، اتفاق " بیان کیے گئے ہیں ۔ علاوہ ازیں " سانگے نال " کے معنٰی " اتفاق سے " لکھے گئے ہیں ۔

* سانگراں : ***

** لغات فریدی میں معنٰی نہیں دیئے گئے ۔ یہ لفظ کافی نمبر 71 میں استعمال ہوا ہے اور مولانا عزیز الرحمٰن نے " سانگراں " کے معنٰی " سانگاں ، نیزے ، برچھیاں " لکھے ہیں ۔

* سچڑی رات : ابتدائے شب ، سرِشام

* سچڑیاں راتیں : سرِشام ، ابتدائے شب (جمع)

** مذکورہ بالا دونوں الفاظ کا تعلق بھی سندھی زبان سے ہے اور سرائیکی کے ڈاکھٹی لہجے میں بھی " سچا ، سچی " کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں جن کی تصغیر سچڑا ، یا سچڑی ہے ۔ " دایاں کے عام معنٰی " سچا ، سچی " کا مطلب سندھی زبان میں " پورا ، پوری " ہوتا ہے ۔ کافی نمبر 117 اور 133 میں استعمال ہونے والے ان الفاظ کا مطلب " ساری رات " یا " رات بھر " ہوگا ایک اور لفظ " سچر " سندھی اور " سچل " سرائیکی میں مستعمل ہے مثلاً روٹی اگر تازہ ہو تو " سچل " اور باسی ہو تو " پروتھی " کہی جائے گی اس کے معنٰی سچل لغات اور سندھی اردو لغات میں " تازہ ، نیم گرم ، صحتمند " وغیرہ لکھے گئے ہیں ۔ پال نے بھی اپنی لغات میں پنجابی کا لفظ " سچری " لکھا ہے جس کا مطلب " تازہ " ہے صاحب لغات فریدی کو ان الفاظ سے دھوکا ہوا ہے ۔

* سرندھا : سارنگی

** سرندھا اپنی صورت میں سارنگی سے ملتا ہے مگر یہ سارنگی نہیں ہے بلکہ چار تاروں کا ایک مقامی ساز ہے ۔

* سگھڑیں : سستے ، باآسانی

** یہ لفظ " سگھڑیں " نہیں بلکہ " سکھریں " ہے اور کافی نمبر 219 میں استعمال ہوا ہے اس سے متعلق لفظ " سکھری " کافی نمبر 202 میں استعمال ہوا ہے مولانا عزیز الرحمٰن نے ان الفاظ کے معانی " متعلقین کے ساتھ ، اہل و عیال کے ہمراہ " لکھے ہیں ۔ اور یہی معانی درست ہیں ۔(اسرار فریدی کے مطابق یہ لفظ " سکھڑیں " بمعنی " سکھوں نے " ہے)

* سہنجا : (سندھی) ***

* سہنجو : (سندھی) ***

** مذکورہ بالا دونوں الفاظ کے معانی " لغات فریدی " میں نہیں لکھے گئے ۔ دونوں الفاظ معیاری سندھی میں " اسانجا " اور " اسانجو " مستعمل ہیں اور ان کے معانی بالترتیب " ہمارے " اور " ہمارا " ہوں گے ۔

* سینگیاں سال : ہم عمر سہیلیوں کے ساتھ

** درست سندھی لفظ " سینگین سال / ساٹھ " ہیں ۔

(ش)

* شغدف : ***

** " لغات فریدی " میں اس لفظ کے معنٰی نہیں دئے گئے ۔ کافی نمبر 87 کے پہلے مصرعے میں استعمال ہونے والے اس لفظ کے معنٰی مولانا عزیز الرحمٰن نے یوں بیان کیے ہیں ۔ " عرب میں کرایہ کے اونٹوں پر مختلف قسم کے پاکھرے ڈالتے ہیں ۔ بعض کی پشت پر صرف ایک چارپائی کی صورت کجاوا کس دیتے ہیں اس کو شبری کہتے ہیں ۔ بعض اونٹوں کے دونوں پہلوؤں میں کجاوے کی صورت دو نشستیں بنا دیتے ہیں ان کو شغدف کہتے ہیں ۔ "

(ع)

* عمر : نام ہے

** دیوان فرید میں عمر کا نام تین بار استعمال ہوا ہے کافی نمبر تین اور 84 میں مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ حضرت عمر فاروقؓ کے لیے اور کافی نمبر 63 میں عمر ماروی کی لوک داستان کے ہیرو عمر بادشاہ کے لیے ۔ " لغات فریدی " میں اس کی وضاحت نہیں ۔

(ف)

* فرنگ : جادو ، دھوکا ، نظر بندی

** یہ لفظ کافی نمبر 171 کے درج ذیل شعر میں استعمال ہوا ہے۔

قامت یار قیامت ساری ۔ سنس فریب فرنگ یارا

فرنگ اصل میں انگلستان کو کہتے ہیں اور فرنگی انگریز کو۔ یہاں یقیناً یہ لفظ مجازی معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ لیکن انگریزوں کی دھوکا دہی کی علامت خواجہ فرید کے عہد میں تشکیل پا رہی تھی اور اس کے معنی کی وضاحت خواجہ فرید کے اس شعر کے تناظر میں بخوبی ہوتی ہے جو انہوں نے نواب صادق محمد خان رابع ، امیر آف بہاولپور کو مخاطب کر کے کہا تھا۔

اپنے ملک کوں آپ وسا توں ۔ پٹ انگریزی تھانے (کافی نمبر 240)

(ق)

* قمرو : حضرت خواجہ غلام فرید کا ہمعصر ، شاعر بھی تھا

** مولانا عزیز الرحمن نے اس سلسلے میں لکھا ہے :

" چاچڑاں شریف کے ایک شخص کا نام ہے۔ کہتے ہیں کہ وہ بڑے حضرت خواجہ خدا بخش صاحب علیہ الرحمۃ کے وقت میں داروغہ اصطبل تھا یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ حضرت کے خدام میں سے تھا اور شعر بھی کہا کرتا تھا۔ " (بحوالہ کافی نمبر 40 ، شرح)

(ک)

* کچڑی بگدھی : کچی بات کی آزمائش ناکام ہوئی

** " لغات فریدی " کی مندرجہ بالا وضاحت کافی نمبر 190 کے اس شعر کہ ساتھ لگا نہیں کھاتی :

اے دل نہیں کچڑی بگدھی ۔ ماہی وچائی ٹھوک ہے

سیدھا سادا شعر ہے اور سیدھی سادے معانی ہیں۔ عام طور پر جب پانی پینے کا گھڑا خریدا جاتا ہے تو اسے ٹھونک بجا کر دیکھا جاتا ہے کہ یہ گھڑا صحیح پکا ہوا ہے ، کچا تو نہیں یہی معاملہ اس شعر کی وضاحت سے منسلک ہے کہ " میرے محبوب نے میرا دل لینے سے پہلے اسے خوب ٹھونک بجا کر جانچ لیا تھا کہ یہ کچا تو نہیں " ۔ اس شعر کی وضاحت میں " کچی بات کی آزمائش میں ناکام ہوئی " کا کیا محل ہے ؟

* کر کے : ***

** لغات فریدی میں اس لفظ کے معنی بیان نہیں ہوئے ۔ یہ لفظ کافی نمبر 149 میں استعمال ہوا

ہے اس لفظ کی ایک سندھی صورت " کرکو " ہے جس کے معنیٰ سندھی اردو لغات میں " جھگڑا ، کل کل ، اصرار ، تکرار " لکھے ہوئے ہیں ۔ "کُرکے " کا مطلب ہو گا " کِل کِل کرتی ہے ، بربڑاتی ہے ، تکرار کرتی ہے " ۔

* کسانگ : بڑے ذرائع ، بڑے وسیلے ۔ سانگ کسانگ مرکب ہے جس کے معنیٰ ہیں اچھے برے ذرائع یا طریقے یا وسائل وغیرہ ۔

** یہ لفظ کافی نمبر 182 میں استعمال ہوا ہے ۔ " لغات فریدی " میں غالباً کاتب کی غلطی سے " بُرے " کو " بڑے " لکھ دیا گیا ہے ۔ جیوکس کی لغات میں "کسانگا " کے معنی " بعید ، ناقابل رسائی ، ناموافق ، سانگا کا ضد " بیان کیے گئے ہیں ۔ سندھی اردو لغات میں "کسنگ " کے معنی " بری دوستی ، خراب صحبت " لکھے گئے ہیں ۔ شعر میں اس لفظ کا استعمال یوں ہے ۔

راہ جبل دے مارو تھل دے ۔ سانگ کسانگ اجل دے (کافی نمبر 182)

اس شعر سے کہیں بھی " برے ذرائع یا برے وسیلے " کے معنی نہیں نکلتے ۔

*ککڑوں : ***

** لغات فریدی میں اس لفظ کے معنی نہیں دیئے گئے ۔ یہ لفظ دیوان فرید میں بھی نہیں ملا ، غالباً کتابت کی غلطی ہے ۔

*کندس : (سندھی) کروں گی

** یہ لفظ اصل میں "کندیس (مونث) " ہے ۔ موجودہ صورت میں یہ لفظ مذکر ہو گا ۔

*کیاں : (سندھی) بیان کروں

** "کیاں " کا مطلب سندھی میں صرف "کروں " ہو گا اس لفظ کے معنیٰ کے ساتھ " بیان " کا معنیٰ اضافی ہے ۔ سیاق و سباق کے حوالے سے "بیان کرؤں " کے وضاحتی معنی بھی ہو سکتے ہیں ۔

* کیس کرایا : حادثہ کرایا ، سانحہ کرایا

* کیس کریندی ہے : طعنے دے کر مذاق اڑاتی ہے

* کیس کریندیاں یا کردیاں : طعنے دے کر شرمندہ کرتی ہیں ، مذاق اڑاتی ہیں

** مندرجہ بالا تینوں الفاظ اور تراکیب کے معانی غور طلب ہیں ۔ ظامی کی لغات میں " کیس کرنڑ " کے معنیٰ " غصہ ہونا ، جھگڑا کرنا ، اپنی منوا لینا " لکھے ہوئے ہیں ۔ سندھی اردو لغات میں " کیس " کے معنی " خونریزی ، قہر ، غضب ، ظلم ، اندھیر ، بے دردی " اور " کیس

کرنڑ " کے معنیٰ " بے دردی کرنا " ، قہر کرنا ، ظلم کرنا " لکھے گئے ہیں ۔ واضح رہے کہ " ک " مکسور ہے اور اس کے درست معنیٰ وہی ہیں جو سندھی اردو لغات میں بیان کیے گئے ہیں مثلاً کافی نمبر 5 کا یہ شعر دیکھیے : کربلا وچ تیغ چلا کر ۔ ایڑھا کیں کرایا

اب یہاں طعنے ، مذاق اور حادثے کا محل نہیں ہے ۔ یہاں " قہر ، غضب ، ظلم ، اندھیر ، بے دردی " کے معانی درست ٹھہرتے ہیں ۔

(گ)

* گرنتھ : سکھوں کی مذہبی کتاب جو گرو نانک کے اقوال کا مجموعہ ہے ۔

** گرنتھ صاحب صرف گرونانک کے اقوال کا ہی مجموعہ نہیں بلکہ اس میں سکھ گوروؤں کے علاوہ ہندو بھگتوں اور مسلمان صوفیا کا کلام بھی شامل ہے ۔ سرائیکی شاعری کے باوا آدم حضرت بابا فرید کا کلام بھی گرنتھ صاحب ہی میں محفوظ رہا ہے ۔

* گزاریندس : (سندھی) میں گذاروں گی

** صحیح لفظ " گذاریندیس (مونث) " ہے موجودہ صورت صیغہ مذکر کی ہے ۔

* گنگ : پہاڑی ندی

** یہ لفظ کافی نمبر 159 میں استعمال ہوا ہے اور اس سے مراد ہندوؤں کا مقدس دریا " گنگا " ہے

(ڳ)

* ڳارھوں : (سندھی) باتیں

** درست لفظ " ڳالھیوں " ہے جسے مولانا عزیز الرحمٰن کے دیوان میں " ڳارھیوں " لکھا گیا ہے ۔ جو ممکن ہے خواجہ فرید نے سرائیکی تلفظ میں ادا کیا ہو ۔ لغات فریدی میں اسے بگاڑ کر " ڳارھوں " کر دیا گیا ہے ۔

* ڳاریندس : (سندھی) میں بتاؤں گی

** اصل سندھی لفظ " ڳالھائیندیس " ہے جسے " ل " اور " ر " کی تبدیلی کے اصول کے تحت غالباً خواجہ فرید نے " گارھائیندیس " برتا ہو یا سرائیکی لہجے میں آ کر "ڳاریندس " یا " ڳاریندس " میں تبدیل ہو گیا ہو ۔ سندھی کا " ل " سرائیکی میں " ر " سے بدل جاتا ہے ۔ مثلاً بار (بال) ، وار (وال) ، چار (چال) وغیرہ ۔ لیکن یہ تبدیلی ہر جگہ نہیں ہوتی ۔

* ڳارھاں : (سندھی) میں بیان کروں گی

** مذکورہ بالا معانی کے حوالے سے سندھی کا کوئی لفظ " دیوان فرید " میں استعمال نہیں ہوا ۔ غالباً ایسا کوئی لفظ سندھی زبان میں بھی عام طور پر استعمال نہیں ہوتا ۔ کافی نمبر 115 میں " ڳاربهاں " کالفظ یوں استعمال ہوا ہے :

اٹھی اٹھی نندروں روندڑی   سے سے سفنے ڳاربهاں

اس شعر میں لفظ ڳاربهاں کے معنیٰ مولانا عزیز الرحمٰن نے " بیان کرتی ہوں ، بتلاتی ہوں " لکھے ہیں جو کہ " لغات فریدی " میں نقل ہوئے ہیں ۔ " ڳاربهاں " کالفظ /گ / (Implosive) کے ساتھ ہے اور یہ " ڳاری " یا " ڳارہی " سے مشتق ہے ۔ جس کے معنیٰ پرندے پکڑنے کا پھندا یا جال ہے ۔ سندھی اردو لغات میں " ڳاری " کے معنیٰ " رسی کا پھندا ، دام (پرندہ پھنسانے کا) ، طوق ، بٹن کا کڑا ، تکمہ ، مچھلی پکڑنے کا ایک جال ، چقماق پتھر " لکھے ہوئے ہیں ۔ " ڳاربهاں " کا مطلب پھندے یا جال کے ہو سکتے ہیں ۔ کم از کم اس لفظ کے معنیٰ " میں بیان کروں گی " ہرگز نہیں ہیں ۔

* گوئیلیں : دیوان میں یہ لفظ غلط نقل کیا گیا ہے ۔ گوئیلیں کوئی لفظ نہیں ہے اصل میں کوئینیں تھا جو نقل نویسوں نے گوئیلیں لکھ دیا ہے اور اس طرح یہ غلطی متواتر چل نکلی ہے کوئینیں کے معنی ہیں ، کوئی نہیں ۔

** یہ لفظ کافی نمبر 167 میں استعمال ہوا ہے ۔ اور مولانا عزیز الرحمٰن نے اس کی لغات میں لکھا ہے کہ : " اگرچہ دیوان قلمی اور مطبوعہ میں یہ لفظ " گوئیلیں " ہے مگر اس کا کوئی معنیٰ نہیں ملا ہے اگر مل بھی جائے تو شاید چسپاں نہ ہو اس لیے یہ لوئیں پڑھا جائے تو زیادہ موزوں ہو گا ، لوئیں : لو کی جمع ، گرم ہوا "

" پیام فرید " میں یہ لفظ تبدیل کر کے " کوئینیں " کر دیا گیا ہے ۔ شاہ حسین نے بھی اپنی کافی میں یہ لفظ برتا ہے ۔

چار ڈیہاڑے گوئل واسا   کیا جاناں کت ڈھلسی پاسا

بالک من پرچاوناں

(کافیاں شاہ حسین ، اسلام آباد ، 1977ء ، ص ۔ 126)

گوئل کا بسیرا چار دن کا ہے ۔ اس سے مراد ہو سکتی ہے کہ " گوئل " ایک عارضی " چھپر " یا چھاؤں کا آسرا ہے ۔ تنکوں کا جھونپڑا ہے جو راہ چلتے مسافروں یا چرواہوں کے لیے دم لینے کے کام آتا ہے ۔

(ل)

* لبیب : میٹھی ، ضرب حبیب لبیب : دوست کی مار بھی میٹھی ہے ۔

** اصل میں یہ عربی لفظ کافی نمبر 24 میں استعمال ہوا ہے ۔ اور مولانا عزیز الرحمٰن نے اسے " ذبیب " لکھا ہے جو درست ہے ۔

* لتاڑاں : میں لاتوں سے دباؤں

** یہ لاتوں سے دبانے کے معنیٰ نہیں دیتا بلکہ عبور کرنے کے یا روندنے کے معنی دیتا ہے ۔ اس لفظ کے درست معنی ہوں گے " عبور کروں ۔ روندوں ، گذروں " جیوکس نے ان معانی کے علاوہ " تحقیر اور توہین کرنا " کے معنی بھی لکھے ہیں ۔ سندھی اردو لغات میں بھی یہی معانی دیئے گئے ہیں ۔

(م)

* مارو : ماروی ، عمر ماروی کے رومانی قصے کی ہیروئن ، مجازاً محبوب ، مارو کے

** " مارو " کا مطلب ماروی نہیں ہے البتہ سندھی اردو لغات کے مطابق ماروی کا تعلق تھر کی " مارو " قوم سے تھا ۔ سندھی اردو لغات کے مطابق " مارو " دیہاتی سادہ اور مسکین کو بھی کہا جاتا ہے ۔ سچل لغات کے مطابق " مارو " کا مطلب " تھری ، مسکین ، مویشی پالنے والا " ہے ۔ دیوان فرید میں یہ لفظ محبوب (مذکر) کے لیے استعمال ہوا ہے مثلاً کافی نمبر 48 کا مصرعہ ہے " مارو وسم ملہیر " غالباً " مقابیس المجالس " میں بھی کسی مقام پر چولستان کی " مارو ڈھولا " نامی رومانی داستان کا ذکر ملتا ہے ۔ جس کے بارے میں خواجہ فرید نے اپنی مجلس میں بیٹھے ہوئے لوگوں سے گفتگو کی ۔

علاوہ ازیں " مارو " کے ایک معنیٰ " قاتل " کے بھی ہیں ۔ مثلاً کافی نمبر 98 کا مصرعہ ہے کہ : " بن مارو اے تھل مارو ہے " یعنی " محبوب کے بغیر یہ تھل قاتل لگتا ہے "

* مارن : ماڑ کا علاقہ

** دیوان فرید میں کہیں بھی " مارن " کا لفظ مندرجہ بالا معنیٰ میں استعمال نہیں ہوا یہ لفظ غالباً " مارُن " ہے جس کی صحیح سندھی املا " ماروئن " ہو گی اور اس کا مطلب ہے " ماروؤں کے " یہ لفظ کافی نمبر 63 میں آیا ہے ۔

* ماڑیم : ***

** لغات فریدی میں اس لفظ کے معنیٰ نہیں دیئے گے ۔ یہ لفظ غالباً " ماٹیم " ہے یعنی اڑ / کی

بجائے /ٹ/ کے ساتھ املا ہوگی جو کافی نمبر 18، 97 اور 201 میں استعمال ہوا ہے۔ دیوان فرید کی لغات کے مطابق اس کے مصدر " مانڑ " کے معنی ہوں گے " اختیار کرنا، حاصل کرنا، پانا، استفادہ کرنا " ۔ سندھی اردو لغات میں اس کے معنٰی " بسر کرنا ۔ گذارنا (دن) ۔ عیش کرنا " لکھے ہیں ۔

* مٹھڑی : تباہ ہوئی

** سندھی اردو لغات میں اس لفظ کے واحد مذکر " مٹھو " سے وابستہ دیگر معانی کی تفصیل یوں دی گئی ہے۔ " پھنسا ہوا، گرفتار، خفا، تنگ، بیزار، غمگین، اداس، بد بخت، بد قسمت "

شاہ لطیف نے بھی اس لفظ کا استعمال کیا ہے ۔

جانکے مٹھی ء مار، جانکے میڑ مٹھی ء کھے (سُر معذوری ۔ 6.1.3)

(یا تو اس بد قسمت کو مار یا پھر اسے اپنے ساتھ ملا)

* مرک : خواہش، طلب

** یہ لفظ کافی نمبر 63 اور 64 میں استعمال ہوا ہے ۔ 63 نمبر کافی میں مولانا عزیز الرحمٰن نے اس لفظ کے معنٰی " خواہش، مدعا، منظور نظر " کئے ہیں ۔ جبکہ 64 نمبر کافی میں " خواہش، تمنا، لذت، مستی " لکھے ہیں ۔ اور یہی معانی صاحب لغات فریدی نے نقل کر دیے ہیں ۔

(الف) اس کی ایک وضاحت تو یہ ہو سکتی ہے کہ 63 نمبر کافی میں لفظ " ملک " کی " ل " کو " ر " سے بدل کر ملک کا تلفظ کیا گیا ہے اور اس کی " ر " ساکن بالجزم ہے پورا مصرعہ ہے :

" آہے مرک فرید جو مارو تھر "

(فرید کا وطن تو ماروؤں کا دیس تھر ہے ۔)

(ب) کافی نمبر 64 میں " مرک " کی " ر " مفتوح ہے اور یہ ضرورت شعری کے تحت ہو سکتی ہے ۔ جبکہ اصل لفظ " ر " ساکن کے ساتھ ہے جس کے معنی " تبسم یا مسکراہٹ " کے ہیں ۔ اور اس کی " میم " پر پیش ہے ان معنٰی میں یہ لفظ کافی نمبر 86 اور 149 میں بھی استعمال ہوا ہے ۔

(ج) علاوہ ازیں ایک اور لفظ " میم " مفتوح اور " رے " ساکن کے ساتھ سچل سرمست کی شاعری میں بھی استعمال ہوا ہے ۔ جس کے معنٰی " سچل لغات " میں " زیبائش، شان فخر، بڑائی " کئے گئے ہیں ۔ اس لفظ کے معنٰی سندھی اردو لغات میں " لائق، واجب، مناسب،

شایان ، موزوں " لکھے ہیں شعر کی مناسبت سے یہ معنیٰ بھی آسکتے ہیں ۔ خواجہ فرید اور سچل کے علاوہ یہ لفظ شاہ لطیف نے بھی استعمال کیا ہے اور غالباً یہی موزوں معنیٰ ہیں ۔ تفصیل کے لیے دیکھیے " سندھی شاعری "

* ملکاٹیں / ملکانڑے : ملکوں میں

** یہ لفظ کافی نمبر 44 اور 177 میں استعمال ہوا ہے ۔ کافی نمبر 177 کے مصرعے " پینگھ پپل ملکانڑے بھل گئے " کے حوالے سے مولانا عزیز الرحمٰن نے لغات میں " پپل ملکانڑے " کے معنیٰ " ملکاڑوں کے شہر کا وہ بڑا پیپل جس میں سسی جھولے لگا کر جھولا کرتی تھی " لکھے ہیں ۔ حالانکہ " ملکانڑے " لفظ کا تعلق " ہیر " کے ساتھ ہے نہ کہ سسی کے ساتھ ۔ یہ بات کافی نمبر 44 میں بہت واضح ہے ۔ " ملکانڑے " سے سادہ مطلب " ملکوں کا " ہے یہ " میم " مفتوح کے ساتھ ہوگا جس کا مطلب ہے " سردار ، چوہدری " وغیرہ جو عام طور پر اس خطے کے زمیندار اپنے نام کے ساتھ لگاتے ہیں ممکن ہے " سیال " بھی اپنے نام کے ساتھ لگاتے ہوں ، یہ بات ابھی تحقیق طلب ہے ۔ جیوکس کی لغات میں " ملک " کے معنیٰ " بادشاہ ، اپنی زمین کاشت کرنے والا لمبردار ، سمیٹنے والا یا جاروب کش " لکھے ہوئے ہیں ۔ " ملکانڑی " کے معنیٰ جیوکس نے " مالکہ ، اونچے گھرانے کی عورت " لکھے ہیں ۔

* منسی : بھولا ہوا ، نسیان والا

** یہ لفظ کافی نمبر 212 میں استعمال ہوا ہے اور مولانا عزیز الرحمٰن نے بھی " منسی " کے معنیٰ " نسیان سے ، بھول گیا " ہی کیے ہیں جنہیں لغات فریدی اور پال کی لغات میں نقل کر دیا گیا ہے ۔ اصل بند یہ ہے ۔

ہنڑ عشق آ دل موں پیا　　　ہوش و ہنر ضائع تھیا
سب محو منسی ہو گیا　　　جو کجھ سکھی جو کجھ پڑھی (212:5)

اب یہاں صرف مغالطہ " منسی " کی یائے معروف اور یائے مجہول کی قدیم املا کا ہے ۔ اصل لفظ " من سے " یعنی " دل سے " ہے باقی معاملہ صاف ہے صرف املا کی معمولی سی غلطی کی وجہ سے لا حاصل تاویلات نسل در نسل منتقل ہوتی رہی ہیں ۔

* موہن : خوبصورت

** یہ لفظ دیوان فرید میں کئی مقامات پر استعمال ہوا ہے ۔ اکثر مقامات پر " من موہن " کی صورت میں برتا گیا ہے ۔ مثلاً کافی نمبر 34 ، 67 ، 123 ، 132 وغیرہ ۔ " من موہن " کا

مطلب ہو گا " من کو موہ لینے والا " ۔ " موہن " کا مطلب ہو گا " موہ لینے والا " مجازاً اسے خوبصورت بھی کہا جا سکتا ہے لیکن اصل معنیٰ " موہ لینے " کے ہی ہیں ۔ اگر " موہن " کے معنیٰ خوبصورت " لیے جائیں تو " من موہن " کے معنی ہوں گے " من خوبصورت " ۔ سندھی اردو لغات اور پال کی لغات میں " موہ لینے " کے معانی ہی بیان ہوئے ہیں ۔

* موئیَ موئیَ : مرے ہوئے ، مردہ

** یہ لفظ کافی نمبر 130 میں استعمال ہوئے ہیں اور اس کے معنی " مری ہوئی ، مردہ " (مونث) کے ہیں نہ کہ مذکر کے ۔

* مہار : ضلع رحیمیار خان کا ایک قصبہ جہاں حضرت نور محمد رحمۃ اللہ علیہ پیدا ہوئے

مہار شریف یا مہاراں ایک قصبے کا نام ہے جو کہ ضلع رحیمیار خان میں نہیں بلکہ سابق ریاست بہاولپور کے ضلع بہاولنگر کی تحصیل چشتیاں کے قریب ہے یہ چشتی سلسلے کے بڑے بزرگ حضرت خواجہ نور محمد مہاروی کا مسکن تھا جو خواجہ غلام فرید کے پردادا حضرت قاضی محمد عاقل کے مرشد تھے اور خواجہ فرید کے خاندان کو پہلی بار سہروردی سے چشتی سلسلے میں مرید کرنے والے تھے ۔ جن پر خواجہ فرید نے کافی نمبر 9 لکھی ہے ۔

* منھنجا : (سندھی) میرا

** سندھی زبان میں " منھنجا " واحد نہیں بلکہ جمع کا صیغہ ہے اور اس کا مطلب " میرے " ہو گا ۔

(ن)

* ناز پنی : ناز پروردہ

** تفصیل کے لیے دیکھیے لفظ " پُنّاں " جس کے بارے میں وضاحت اوپر آچکی ہے اصل میں لفظ " پنی " نہیں بلکہ " نپی " ہے ۔

* نازو والے : نرم و گداز ، سنہری ریت کے ٹیلے

** یہ لفظ کافی نمبر 42 کے مندرجہ ذیل شعر سے لیا گیا ہے :

سوہنیاں ٹھیڑیاں ٹبڑے بھٹرے   نازو والے ککڑے وٹڑے

یہاں بھی مصرعہ ثانی کے لفظ " والے " میں امکان یائے معروف و مجہول کی غلطی کا ہے ۔ سرائیکی زبان میں ریت کو " والی " بھی کہتے ہیں ۔ " دیوان فرید " میں سے درج ذیل مصرعے دیکھیے :

مینہ وسراند تے والی آلی (کافی نمبر 8)
اے سوہنی ککڑی والی (173)
تھل مارو دی ککڑی والی (177)
زیر بحث لفظ " نازو والی " یعنی " نرم و گداز ریت ۔ ناز آفریں ریت " ہو سکتا ہے ۔ مولانا عزیز الرحمٰن نے اس لفظ کے معنٰی بیان نہیں کیے ۔
* نبھائیندس : (سندھی) میں گزاروں گی
** یہ لفظ مونث " نبھائیندیس " ہو گا اور اس کے معنٰی ہوں گے " میں نبھاؤں گی "
* نچت گئی : جذب ہو گئی ۔ سما گئی
** یہ لفظ کافی نمبر 93 میں استعمال ہوا ہے مولانا عزیز الرحمٰن نے بھی اس لفظ کے معنٰی " جذب ہو گئی ۔ سما گئی " لکھے ہیں جو لغات فریدی میں نقل ہوئے ہیں ۔ نچت اصل میں " نچنت " کا دیہاتی یا عوامی روپ ہے جس کے معنٰی پال کی لغات کے مطابق " بے وہم ۔ بے فکر ۔ پر سکون " کے ہیں ۔

فرید آئی ہے ہشیاری نچت گئی چت اندر ساری
پئی بدھ سدھ سچی ساری جگائی جوت تن جانوں

مولانا عزیز الرحمٰن نے اس مصرعے کا ترجمہ : " میرے سینے کے اندر وہ نور معرفت بھر گیا ہے... " کیا ہے ۔ مولانا کی لغات اور ترجمے پر فضل فرید لالیکا نے ایک تنقیدی مضمون لکھا ہے جس میں انہوں نے " نچت " کی معنٰی پر مختلف حوالوں سے بھرپور روشنی ڈالی ہے اور آخر میں پہلے دو مصرعوں کے معنٰی یہ بتائے ہیں کہ : " فرید ! آگاہی حاصل ہو گئی ہے اور روح کو سکون حاصل ہو گیا ہے ۔ " (سہ ماہی " پنجابی ادب " لاہور ۔ جلد 9 شمارہ 33 ص 22 تا 26) ۔ لالیکا کا ترجمہ قرین قیاس لگتا ہے مگر اس مصرعے کا ایک اور پہلو بھی قابل غور ہے ۔
اس بند میں لفظ " ساری " دو بار استعمال ہوا ہے جس کے معنٰی اردو میں بھی " ساری ۔ پوری ۔ مکمل " کے ہوتے ہیں ۔ تیسرے مصرعے میں " سچی ساری " کے معنٰی پوری کی پوری " یا " ساری کی ساری " کے نکلتے ہیں (دیکھیں سجری رات) البتہ دوسرے مصرعے میں " ساری " کے ایک معنٰی " خبر گیری کی ۔ دھیان کیا ۔ توجہ دی " کے بھی نکل سکتے ہیں ۔ اگر دوسرے مصرعے میں " نچت گئی " کے بعد کوما لگا کر مصرعے کو دو حصوں میں پڑھا جائے یعنی " نچت گئی ، چت اندر ساری " تو اس کے معنٰی ہوں گے کہ : " بے فکری یا بے دھیانی (کا دور) گذر گیا

(اب میں نے) اندر کی خبر لی ہے یا دھیان کیا ہے۔ "
* زہائیٔ : اکیلے ، آزادانہ ، بغیر کسی دوسرے کی مزاحمت کے
** یہ لفظ کافی نمبر 59 میں استعمال ہوا ہے شعر درج ذیل ہے

جیسلمیر زہائی ماڻوں تھی ڈوہیں کھنڈ کھیر

مولانا عزیز الرحمن نے حل لغات میں " زہائے " کے معنی اکیلے ، بے خوف ، آزادانہ " لکھے ہیں جو کہ لغات فریدی میں نقل ہوئے ہیں ممکن ہے " زہائیٔ " بھی کسی صحرائی علاقے کا نام ہو ایسی ایک غلطی " دھارو دھاری " اور " ترادے " کے ضمن میں بھی ہوئی ہے یا " منسی " کے حوالے سے لفظ ایجاد کیا گیا ہے۔ علاقہ چولستان سے اس لفظ کی تصدیق کی ضرورت ہے۔
* نوائیندس : (سندھی) میں جھکاؤں گی
** اصل لفظ مونث " نوائیندیس " ہے موجودہ صورت مذکر ہے
* نہڑے کنوں : جھمیلے سے ، جھنجھٹ سے ، کھلے جانے سے۔ " نہیڑا " نہیڑنڑ مصدر کا حاصل مصدر ہے جس کی معنی ہیں جھنجوڑنا۔
** یہ لفظ کافی نمبر 158 کے درج ذیل بند میں استعمال ہوا ہے۔

ہنڑ ہٹ دی کوڑی پچ گئی ۔ نیڑے کنوں دل رج گئی
ڈکھڑیں توں دلڑی بھج گئی ۔ بس یار گیوسے ہار وے (158:14)

مولانا عزیز الرحمن نے لغات میں " نیڑے " کے معنی نہیں دیے البتہ ترجمے میں " محبت سے دل برداشتہ ہو گیا ہے " لکھا ہے۔ جس سے واضح ہوتا ہے کہ " نیڑے " یا نیہڑے " سے مراد " محبت " ہے جو " نینہہ " یعنی " عشق " سے مشتق ہے صاحب لغات فریدی نے اسے " نہیڑنڑ " سے جا جوڑا ہے جو بہت دور دراز کی بات ہے انہوں نے اپنے مُرتبہ دیوان " پیام فرید " میں بھی کافی نمبر 158 کے مذکورہ بند کے وہی معنی دیے ہیں جو کہ لغات میں بیان ہوئے ہیں۔ علاوہ ازیں انہوں نے پہلے مصرعے میں " ہنڑ ہٹ " کی بجائے " ہیٹی " اور " نیڑے " کے بجائے " نہیڑے " لکھا ہے (دیکھیں " پیام فرید " صفحہ 156)
دیوان فرید میں " نیڑے " یا " نیہڑے " بمعنی " عشق " کافی نمبر 12 ،16 ،122 ،158 ، 180 ، 239 اور 159 میں استعمال ہوا ہے

(و)

*واروار : ابھی چند ہی دن ہوئے ہیں ۔ انہی ایام میں

** یہ ترکیب دیوان فرید کی کافی نمبر 54 اور 222 میں استعمال ہوئی ہے۔ کافی نمبر 54 کا شعر ہے : ۔

موت سٹیندی سولی ونجٹاں وارو وار

مولانا عزیز الرحمن نے حل لغات میں " وارو وار " کی معنی " باری باری ۔ ایک محاورہ ہے ، اس سے مقصد یہ لیا جاتا ہے کہ ہفتہ کے سات دنوں کے اندر ہی اندر یہ کام ہو گا ۔ واری واری : باری باری ، یکے بعد دیگرے " لکھے ہیں ۔ اس شعر میں " وارو وار " کا واضح مطلب " باری باری " ہے " ہفتہ کے سات دنوں کے اندر " والے معانی اضافی ہیں کافی نمبر 222 کا شعر ہے

ول جلد موڑ مہار وے ۔ نہ تاں مر ویساں وارو وار وے

یہاں مولانا عزیز الرحمن نے معانی " ہفتہ کے کسی دن ، ہفتہ کے اندر اندر " لکھے ہیں ۔ یہاں ممکن ہے لفظ " وار " بمعنی " دن " استعمال ہوا ہو ۔ اتوار ، سوموار ، منگل وار ، بدھ وار وغیرہ میں یہ " وار " بمعنی " دن " استعمال ہوتا ہے ۔ اس شعر میں " وارو وار " کے معنیٰ " اسی روز ، آج ہی ، وار کے وار ، یعنی دن ہی دن میں " ہو سکتے ہیں ۔

* وری : واپس ۔ " ولّی " کو ہندی تلفظ میں ادا کیا گیا ہے ۔

** یہ لفظ کافی نمبر 192 میں استعمال ہوا ہے اور " ولّی " کا ہندی نہیں بلکہ سندھی تلفظ ہے ۔ سندھی اور سرائیکی میں ال / اور ار / متبادل بھی ہیں ۔ سندھی زبان میں " وری " کا مطلب " پھر ، دوبارہ ، مزید " کے ہیں اور " وری اچڻ " کے معنیٰ " پھر آنا ، لوٹ آنا " کے ہیں ۔ سندھی اردو لغات میں بھی یہی معانی بیان ہوئے ہیں ۔ " وری " سرائیکی لفظ " ولا " کا متبادل بھی ہے یعنی " دوبارہ " شعر میں اس لفظ کے معنیٰ " لوٹ جاوں گی " کے ہیں ۔

* وہنڑ سانگے : مویشیوں کے گلے

** یہ لفظ کافی نمبر 63 میں استعمال ہوئے ہیں ۔ اصل الفاظ " دھنڑ سانگی اڑن جا چارینديس " ہیں ۔ سندھی سے ناواقفیت کی بنا پر مسلسل یہ کافی غلط لکھی اور سمجھی جاتی رہی ہے ۔ اصل لفظ " وہنڑ " نہیں بلکہ " دھنڑ " یعنی " مویشیوں کے گلے " ہے ۔ " سانگے " اکیلا نہیں بلکہ " سانگی اڑن " کا حصہ ہے ۔ اس سلسلے میں لفظ " اڑن جے " کے ضمن میں وضاحت دی جا چکی ہے ۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے " سندھی شاعری " کا موضوع ۔

* ویاں : (سندھی) جاؤں
** یہ بھی 63 نمبر کی سندھی کافی کا لفظ ہے اور درست لفظ " ونجاں " ہے ۔
* ویڑھن ساں : (سندھی) محلے والوں کو
** یہ بھی 63 نمبر کی سندھی کافی کا لفظ ہے اور درست لفظ " ویڑھیچن " ہے جس کے ساتھ " ساں " بمعنی " کے ساتھ " لگا کر معنی ہوں گے " ہمسایوں کے ساتھ " ۔

(ہ)

* ہاریندس : بہاؤں گی
** " ہاریندیس " درست لفظ ہے ۔ موجودہ صورت مذکر کی ہے
* ہاڑی : اٹڈ آئی
** یہ لفظ کافی نمبر 231 میں استعمال ہوا ہے ۔ مولانا عزیز الرحمٰن نے اس لفظ کی لغات میں لکھا ہے کہ " ہاڑی اور ہاڑیں دونوں ہم معنی الفاظ ، مشترک کے معنوں میں آتے ہیں ۔ آپس میں دوست " اور یہی معنی درست اور قرین قیاس ہیں ۔
* ہڻ ہڻ : اونٹوں کے ہانکنے کی آواز ، قافلے کے روانہ ہونے کی صدائیں
** یہ لفظ کافی نمبر 229 میں استعمال ہوا ہے اور مولانا عزیز الرحمٰن نے اس کے معنی " ہانک ، جلدی چل " کے لکھے ہیں ۔ جو درست ہیں ۔ اصل میں یہ لفظ سندھی ہے " ہڻ " کے لغوی معنی سندھی میں " مار " کے ہیں ۔ مجازاً " ہڻ ہڻ " کا مطلب " جلدی کر " ہو گا ۔
* ہوجے : (سندھی) ہو
** درست سندھی املا " هجُے " ہے

(بھ)

* بھاگے بھاگ : برے بھاگ ، بد بختی ۔ بھاگے : (1) برے ، خراب (2) بھاگ جائے
** یہ لفظ کافی نمبر 87 میں استعمال ہوئے ہیں اور مولانا عزیز الرحمٰن نے ان کے معنی " بری قسمتیں ، بد بختی " لکھے ہیں ۔ لغات فریدی میں بھی یہی معنی نقل کئے گئے ہیں ۔ اصل بند یوں ہے ۔

بھا گے بھاگ ڈوہاگ سدھائے   آئے بھاگ سہاگ سدھائے
جو چاہندے سو لہندے ہن   تن من ڈکھڑے جھاگ سدھائے

ان اشعار میں پہلے اور تیسرے " سدھائے " کا مطلب " سیدھے ، براہ راست " ہے اور

دوسرے " سدھائے " کا مطلب " چلے گئے ، رخصت ہوئے " ہو گا ۔ اب ان اشعار کا سیدھا سادا مطلب یوں ہو گا کہ " میرے بھاگ اور خوش بختی مجھ پر براہ راست مہربان ہیں مجھے خوش بختی راس (پسند) آگئی ہے اور بد بختی رخصت ہو گئی ہے ۔ میرے تن اور من نے دکھوں کو عبور کر کے سیدھی راہ اختیار کی ہے اور اب وہ جو چاہتے ہیں مل جاتا ہے " ۔

یہ معنٰی پوری کافی کے مزاج کے مطابق ہیں اور اب لفظ " بھاگے بھاگ " کا مطلب یوں نکلے گا کہ " مجھے بھاگ راس (پسند) آگئے ہیں " ۔

یہ اردو کا " بھاگے " یعنی " بھاگ گئے " نہیں بلکہ سرائیکی کے " بھاگے " اور اردو کے "بھاگئے " یعنی " پسند آگئے " ہے ۔ سرائیکی کے " لموچڑ " یعنی جنوبی لہجے میں اپئے / کو اپے / اور اپئے / کو اپے / بھی بولتے ہیں " دیوان فرید " میں یہ لہجہ بھی ملتا ہے ۔ / پئے / کی جگہ / پے / کا استعمال کافی نمبر 204.3.1 میں دیکھیں ۔ یہ خواجہ فرید کے پیدائشی ضلع رحیم یار خان کا لہجہ ہے ۔ اس سلسلے میں تفصیل کے لیے دیکھیں صدیق طاہر کا مرتبہ " کلام خواجہ فرید " (ص 29 ، 28) صدیق طاہر کے مطابق بعض قلمی دیوانوں میں پائے جانے والے اس " لموچڑ" لہجے کو " دبیر الملک اور ان کی ٹیم کے دوسرے بزرگوں نے بھی معیاری لہجہ کے مطابق " کیا ہے

* بھائیندس : (سندھی) بھاتی ہوں

** درست لفظ " بھائیندیس " موئنث ہے ۔ موجودہ صورت مذکر کی ہے ۔

(پھ)

* پھلاری : پھولوں سے لد گئی ، پھلی پھولی

* پھلاریئے : پھولوں سے لد گئے ، پھلے پھولے

* پھلی : پھولوں سے لد گئی ، پھولی

** مندرجہ بالا تینوں مقامات پر معانی بیان کرتے ہوئے صاحب لغات فریدی نے چولستانی پودے " پھلی " کو فراموش کر دیا ہے ۔ خواجہ فرید نے پھلی ، پھلاری ، پھلاریئے کے ناموں سے کافی نمبر 67 ، 126 ، 183 اور 245 میں اس کا ذکر کیا ہے کافی نمبر 126 میں مولانا عزیز الرحمن نے لغات میں لکھا ہے کہ " لانڑے ، پھوگ ، پھلاری " یہ سب ریگستان کے پودے ہیں ۔

(جھ)

* جھپ : ***

** لغات فریدی میں اس لفظ کے معنٰی نہیں دیئے گئے ۔ یہ لفظ کافی نمبر 238 میں استعمال ہوا

ہے اور مولانا عزیز الرحمٰن نے اس کے معنیٰ " جھپ یا چھب : خوشنما ، دیدہ زیب ، دلکش " لکھے ہیں ۔ مصرعہ یوں ہے : " کنے کنے ہندے گل جھپ مالاں " یعنی " کانوں میں بندے ہیں اور گلے میں جپ مالا ہے " اس طرح جھپ کے معنیٰ جپنا سے متعلق بھی ہو سکتے ہیں یعنی " مالا جپنا ، ذکر کرنا "

* جھڑ : ***

** لغات فریدی میں اس لفظ کے معنیٰ بھی نہیں لکھے ہوئے ۔ " جھڑ " سرائیکی میں آسمان پر بادلوں کے چھا جانے کو کہتے ہیں ۔ " جھڑی " اس سے مشتق ہے ۔

(چھ)

* چھانگ : مویشیوں کا گلہ ، باالخصوص بچھڑوں کا گلہ (دیکھو چانگ)

** سندھی اردو لغات میں " چھانگ " کا مطلب " ریوڑ ، بکریوں کا گلہ ، جماعت ... وغیرہ " لکھے ہوئے ہیں ۔ سچل لغات میں بھی " چھانگ " کے معنی "بکریوں کا ریوڑ ۔ گلہ " لکھے ہوئے ہیں جبکہ لغات فریدی میں " باالخصوص بچھڑوں کا گلہ " لکھا گیا ہے اور بچھڑے گائے کے ہوتے ہیں

* چھول مٹھی کرݨ : محاورہ ہے ۔ خاطر مدارت کرنا (ٹہل سیوا)

** یہ الفاظ کافی نمبر 176 میں یوں استعمال ہوئے ہیں ۔

بُرکے : پھوار کی شکل میں برسے
بر ہوچل : باہر سے آنے والا ۔ پردیسی ۔ مجازاً پنوں جو باہر سے یعنی کیچ سے بھنبھور میں آیا تھا
برلیساں : ڈبو دوں گی
بس : بس
بک گیا ہے : باہم پیوست ہو گیا ہے ۔ جڑ گیا ہے ۔ مل گیا ہے
بک : دو ملے ہوئے ہاتھوں میں جو کچھ سما جائے ۔ ایک ہاتھ کی مقدار کو لپ کہتے ہیں ۔

ایک بک دو لپوں کے برابر ہوا
بکرے : بکرے
بکریاں : بکری کی جمع
بکر وال : بکریوں والا ۔ چرواہا ۔ ضرب المثل ہے کہ چار ڈیہاڑے چیتر دے تے کڈے بکروال یعنی چیت بہار کے صرف چار ہی دن ہوتے ہیں جبکہ بکریوں کے لیے چارہ عام ہوتا ہے ، اس پر چرواہا خوش ہو کر ناچتا کودتا ہے ۔ اس کے بعد پھر وہی خشک سالی اور گھاس چارے کی نایابی ۔ یہ مثل عارضی اور ناپائیدار مسرت کے موقع پر بولتے ہیں
بکسن : مل جائیں گے ۔ پیوست ہو جائیں گے ۔ ایک دوسرے کے ساتھ جڑ جائیں گے
بگھ : قدیم زمانے کے ایک قیمتی کپڑے کا نام ہے ۔ دھاری دار باریک ململ
بگھیاڑ : بھیڑیا
بگھیلے : بھیڑیے ۔ بکریوں کو ہڑپ کر جانے والے درندے
باگھ : شیر ۔ باگ
بلارے : پرندوں کی بولیاں ۔ ایک دوسرے کو بلانے کی آوازیں
بلایو : تو نے بلایا ۔ تو نے بات کی

بل : جل
بل بل : پر اشک ۔ ٹپ ٹپ آنسو گرنا
بلدا : جلتا
بلدیں : جلتے ہوئے
بلکن : ****
بلکے : فرط مسرت سے اچھلے ۔ متحرک ہو
بلن : جلن
بلہا : بٹھا
بلہا کے : بٹھا کے
بلہانگ : ایک لمبا ڈگ ۔ ایک پاؤں سے دوسرے پاؤں تک کا ممکن فاصلہ ۔ اس لفظ کو بلانگ بھی بولتے ہیں
بلھیسم : وہ مجھے بٹھائے گا
بلھیسی : بٹھائے گا
بلوائے : بولے ۔ آواز دے ۔ گفتگو کرے
بلے : جلے
بلیائیں : سہیلی ۔ ہمدم ۔ دوست (مونث) معاون ۔ مددگار ۔ بیلی کی تانیث ہے
بناں : حد ۔ کھیت کی حد ۔ بانڈا ۔ اردو کے تمام ایسی الفاظ جو ڈا یا نڈا پر ختم ہوتے ہیں سرائیکی میں ناں یا نہ سے بدل جاتے ہیں جیسے ڈنڈا : ڈناں ، آنڈا یا انڈا : آناں ، مانڈہ : ماناں ،

کنڈا کاناں وغیرہ

بُندے : کانوں میں ڈالنے کا زیور ۔ بُندا کی جمع بالیاں

بنھ : باندھ

بنھ بنھ : باندھ باندھ کر

بوڑی : پراندہ ۔ پراندی

بوجھا : بوجھ ۔ وزن ۔ بوجھل ۔ وزنی ۔ تھیلا

بوٹے : بوٹے ۔ پودے

بوٹے بوٹے : ایک ایک بوٹے پودے کے ساتھ ۔ پودوں اور جھاڑیوں میں

بوٹیاں : بوٹیاں ۔ گوشت کے ٹکڑے

بوٹیاں : پودے کی تصغیر اور جمع

بور : بور ۔ کچا پھل

بوری : پھوار کی شکل میں مسلسل بوندا باندی

برھیساں / بوہریساں : صاف کروں گی ۔ جھاڑو دوں گی

بوڑدی : ڈبوتی

بوڑگیوں : تم ڈبو گئے

بوڑم : مجھے ڈبو دے

بوڑے : ڈبوئے

بڑلیسوں : ہم ڈبوئیں گے

بوک : شدت جذبات ۔ بوک چڑھنڑ اور بوک چانونڑ محاورہ ہے ۔ شدت جذبات سے مغلوب ہو کر اقدام کرنا اور مصیبت میں پڑ جانا

بول : بول (فعل امر) قول و اقرار ۔ باتیں

بولن : بولیں

بولے : بولے ۔ آواز نکالے

بولی مارم : مجھے طعنے دے

بولیاں سٹانون : طعنے دیں ۔ آوازے کسیں

بونگ اٹھن : گرجیں

بوہاریندس : (سندھی) جھاڑ دوں گی ۔ صاف کر دوں گی

بوہی کرسوں : گزر بسر کریں گے

بوئی : ریگستانی پودے کا نام ہے ، پھوئی

بوئیاں : بوئی کی جمع ۔ پھوئیاں ۔ سفید پھولوں کے ریگستانی پودے

بہساں : بیٹھوں گی

بہسوں : ہم بیٹھیں گے

بہہ : بیٹھ ۔ بیٹھ کر

بہن : وہ بیٹھیں

بہوں : بہت

بہندی : بیٹھتی

بہندے : بیٹھتے

ہھندیاں : بیٹھتی (جمع)

ہھندیں : بیٹھتے ہوئے

ہھندیں : تو بیٹھتا ہے ۔ ہھنڑ مصدر سے فعل حال کی پوری گردان اس طرح ہو گی

ہھندے (وہ بیٹھتا ہے) ، ہھندن (وہ بیٹھتے ہیں) ، ہھندیں (تو بیٹھتا ہے) ، ہھندیو (تم بیٹھتے ہو) ، ہھنداں (میں بیٹھتا ہوں) ، ہھندے ہیں (ہم بیٹھتے ہیں)

ہھیں : تم بیٹھنا ۔ بیٹھ جانا

بئی : دوسری ۔ اور

بیو : (سندھی) دوسرا

بئے : دوسرے

بیا : دوسرا ۔ اور

بیا بیا : مختلف ۔ اور اور

بیاں : بئی کی جمع ۔ دوسری ۔ علاوہ ازیں ۔ مزید براں

بیٹ : دریا کے کنارے کی زمین جس میں دلدلیں اور جنگل ہوتے ہیں

بیٹیں : بیٹوں میں ۔ دریا کے کناروں پر کی ارضیات میں

بیٹھوں : ہم بیٹھے ہیں ۔ اب یہ صیغہ اس طرح بولا جاتا ہے

بیٹھے سے : ہم بیٹھے ہیں ۔ پوری گردان اس طرح ہو گی

بیٹھے (وہ بیٹھا ہے) ، بیٹھن (وہ بیٹھے ہیں) ، بیٹھیں (تو بیٹھا ہے) بیٹھیو (تم بیٹھے ہو) ، بیٹھاں (میں بیٹھا ہوں) ، بیٹھے سے (ہم بیٹھے ہیں)

بیٹھیں : بیٹھے ہوئے ۔ بیٹھے بیٹھے

بیٹھیں : تم بیٹھے ہو

بیٹھے : بیٹھے ۔ بیٹھنڑ مصدر سے امدادی فعل بہت لطیف معنی پیدا کر دیتا ہے ۔ چند مثالیں یہ ہیں ۔ کھا بیٹھاں ، ڈیکھ بیٹھاں ، رو بیٹھاں ، ہار بیٹھاں وغیرہ

بیٹھی : بیٹھی

بیٹھیاں : بیٹھی ہیں

بیرے : گوشت کے قتلے ۔ کچے گوشت کے سرخ سرخ ٹکڑے لوتھڑے

بیڑا پان : منہ میں ڈالنے کا مسالہ ۔ پان مسی وغیرہ

بیڑے : ہاتھی دانت کا بنا ہوا گلاس نما بند جو خواتین سجاوٹ کے لئے چوڑیوں کی بجائے بازوؤں میں پہنتی تھیں

بیڑے : کشتیاں ۔ بیڑے

بیڑے لانون : بیڑا مسی لگائیں ۔ ہونٹوں کو

رنگین کرنے کے لئے مختلف مثلاً اخروٹ کی چھال وغیرہ استعمال کرتے ہیں ۔ اسے بیڑا کہتے ہیں

بیلا : جنگل ۔ دریا کے کنارے لئی کے پودوں کا جنگل ۔ کانہہ اور سرکنڈے کے جنگل کو جھر کہتے ہیں ۔ جال یعنی پیلو کے درخت کے جنگل کو جھنگ کہتے ہیں ۔ چھوٹا سا جنگل ہو تو جھنگی کہلائے گا ۔ بڑا جنگل جھنگل کہلاتا ہے جو جھنگ کا اسم کبیر ہے اور جس سے جنگل کا لفظ بنا ہے مشہور شہر جھنگ کی وجہ تسمیہ بھی یہی ہے ۔ جھنگل کو جھنگڑ بھی کہتے ہیں ۔

بیلے :بیلا کی جمع ۔ جنگل

بیلی : دوست ۔ مددگار ۔ دوسرا ساتھی ۔ بانھ بیلی بمعنی دستگیر ۔ معاون

بیور : قمیض دوپٹہ ۔ دو کپڑوں کی پوشاک

****

پ

****

پا : پا کر ۔ حاصل کر کے ۔ نیز فعل امر ۔ حاصل کر ۔ پالے

پا : پہن کر ۔ پہن (امر)

پا : ڈال کر ۔ ڈال (امر)

پابند : (ف) بندھا ہوا ۔ پابند ۔ آزاد کا ضد

پاپ : (ہندی) گناہ ۔ الزام ۔ قصور ۔ برے کام

پاپٹ : (ہندی) گنہگار (مونث) ۔ مجازاً شریر

پاپی : (ہندی) گنہگار (مذکر)

پاتم : میں نے ڈالی

پاتو : تو نے پہنا (یا ڈالا یا پایا)

پاتے : پائے ۔ حاصل کئے

پاتی : پائی ۔ حاصل کی

پار : دریا کے دوسرے کنارے ۔ اس پار

پار او نیلا پار : بس کامیابی ہی کامیابی ہے ۔ اللہ کے بھروسے پر قدم آگے بڑھا تو کامیاب ہو جائے گا ۔ یہ محاورہ اصل میں مرزا صاحباں کی رومانی داستان سے متعلق ہے مرزا کی گھوڑی نیلے رنگ کی تھی جس پر سوار ہو کر وہ متلاطم دریا کو عبور کیا کرتا تھا

پار چناہوں : دریائے چناب کے اس پار سے

پارس : روایتی پتھر جس سے مس ہو جانے سے ہر دھات سونا بن جاتی ہے ۔ "س" کی آواز اکثر "ہ" سے بدل جاتی ہے ۔ لہذا پارس دراصل پارہ ہے جسے سیماب کہتے

ہیں ۔ یہ ایک دھات ہے جو لرزاں شکل میں
ہوتی ہے اور معمولی سی حرارت پر بھی اڑ
جاتی ہے آگ پر ٹھہر جائے تو کیمیا گر اسے
اکسیر سمجھتے ہیں
پاروں : دریا کے اس پار سے
پارے پارے : ٹکڑے ٹکڑے
پاڑ : پھاڑ کر
پاڑ : زمین کی ایک قسم جو نرم اور بھر بھری
ہوتی ہے
پاڑ : جڑ
پاڑا : محلہ ہمسائے والے
پاڑوں : جڑ سے
پاڑوں پٹیاں : جڑ سے اکھاڑی ہوئی ۔ بے بنیاد
پاڑے گذاروں : مل کر زندگی بسر کریں ۔
ہمسائگی میں رہیں
پاڑے : کٹاؤ ۔ دریا کی تیز رو سے کناروں کا
کٹ جانا
پاڑے : پاڑا کی جمع محلے
پاڑی : پھٹ گئی
پاس : قریب ۔ پاس
پاس : پہر ۔ تین گھنٹوں کا وقفہ
پاس : لحاظ

پاسوں : کی طرف سے
پاسے : ایک طرف کو
پاسے : پہلو ۔ پسلیاں
پاک : صاف ستھرا ۔ مبرا ۔ بے عیب
پالاں بیٹھی : پالتی رہوں
پالیم : میرے (محبوب نے) پالی
پالے : وفا کر لے ۔ پیت پالے ۔ عہد
محبت نبھائے
پالے : ریگزاروں کے میدان
پالی : میدان
پالی : پرورش دی
پالی : نبھائی ۔ وفا کی ۔ پوری کی
پالیں : تم پالنا ۔ پوری کرنا
پالیاں : پروان چڑھائی ۔ پالی (جمع)
پامال : کچلا ہوا ۔ روندا ہوا
پان : پان ۔ پان کے درخت کا پتہ جو چونا کتھا
اور مصالحہ وغیرہ لگا کر چبایا جاتا ہے
پانچ : پانچ
پاند : دامن ۔ کنارا ۔ آخری سرا ۔ پلند
آئے : ختم ہوئے
پاندھی : سفر کرنے والا ۔ راہگیر
پاندھیڑا : پاندھی کی تصغیر ۔ اے مسافر ۔

الف ندائیہ ہے

پانٹی : پانی

پانواں : میں پاؤں

پانواں : میں ڈالوں

پانواں : میں پہنوں

پانودا : ڈالنا ـ (اب پیندا کہتے ہیں)

پانودی آں : میں ڈالتی ہوں

پانودیاں : میں پاتی ہوں

پانودیاں : میں پہنتی ہوں (نیز کرتی ہوں)

پانون : ڈالیں

پانون : پہنیں

پانون : پائیں ـ حاصل کریں

پانوݨ : ڈالنا ـ (نیز پہننا اور پانا)

پانوم : میم متکلم کا فاعلی ہے ـ میرا پائے

پانویں : تو ڈالے (رکھے) ـ پوں پانویں : تم قدم رکھو

پاواں : دیکھو پانواں

پاون : ڈالیں

پاوے : لگائے ـ لے

پاوے : پائے

پاوے : پوں پاوے : قدم رکھے

پاہ : مویشیوں کا سوکھا گوبر جو پس جاتا ہے ـ پسا ہوا خشک گوبر

پاہیں : پاہ کی جمع

پائیَ : ڈالی

پائیَ : پہنی (لگائی)

پائیَ ہم : پہنی تھی

پاؤں : ڈھونڈھوں ـ تلاش کروں ـ پالوں ـ حاصل کروں

پائیندس : (سندھی) پاتی ہوں ـ پاؤں گی

پائیں : پائیوں میں ـ معمولی قیمت کے عوض

پایا : حاصل کیا ـ پایا

پایا : کیا ـ مثلاً پھیرا نہ پایا : پھیرا نہ کیا

پایا : ڈالا ـ (قدم) رکھا

پایا : پہنا

پایم : میں نے پایا ـ حاصل کیا

پایم : میرے (محبوب نے پھیرا) کیا

پایم : میں نے پہنا

پایم : میں نے ڈالی

پائیاں : میں نے پائیں

پایو : تو نے پایا ـ حاصل کیا

پایو : تو نے پہنا

پایو : تو نے ڈالا یا ڈالی

پائی : پہنی

پائے : ڈالے

پپل : پیپل کا درخت

پپلیاں : پلکیں

پپیہا : مشہور پرندہ جو برسات میں خوش ہو کر پی پی بولتا ہے

پپیہڑے : پپیہے کی تصغیر

پپیہے : پپیہا کی جمع

پت : اعتماد ۔ بھروسہ

پت پرتیت : اعتماد ۔ ساکھ

پتا : خبر

پتاسے : بتاشے ۔ دمیدے

پتال : پاتال ۔ نچلی دنیا ۔ زمین کا سب سے نچلا حصہ

پتالوں : پاتال سے

پتری : کتاب

پتنیں : پتن کو ۔ پیکیں پتنیں مرکب ہے یعنی گھر گھاٹ کو

پتھر : پتھر

پتوسے : ہم نے پہنے

پَٹ پَٹ : نوچ نوچ کر

پَٹ : جڑ سے اکھاڑ پھینک ۔ اکھاڑ دے

پٹ پٹ : رو رو کر ۔ پیٹ پیٹ کر

پٹ رو رو : رو پیٹ کر

پَٹ کے : نوچ کر

پٹ پٹ ہٹری : رو رو کر تھک گئی

پٹدیں : روتے روتے ۔ روتے پیٹتے

پٹدیاں : روتی پیٹتی ۔ (جمع)

پٹڑی : پٹی کی تصغیر ۔ پٹی ہموار راستے کو کہتے ہیں (دیکھو پٹی)

پٹکے : پگڑیاں

پٹکے گھتیئے : لڑ پڑے ۔ ایک دوسرے کے گلے میں پگڑیاں ڈال کر کھینچنا ۔ پٹکے گھتن ہے یعنی لڑائی کرا دینا

پٹی : طویل ہموار بے آب و گیاہ پتھریلا راستہ (دیکھو پٹیاں)

پٹی : بد بخت ۔ جسے بد دعا کی گئی ہو ۔ یہ لفظ پٹ سے بنا ہے جس کے معنی ہیں بد دعا یا سراپ ۔ پٹ پلوتہ بد دعا کے لیے ایک اور مرکب ہے ۔ پٹ ہوونڑ محاورہ ہے ۔ جس کے معنی ہیں بد بختی یا مصیبت میں مبتلا ہونا ۔ اسی طرح پٹ پئے و نجنڑ کے معنی ہیں بد دعا کا اثر ہو جانا

پٹنڑ : مصدر ہے ۔ رونا پیٹنا

پٹیاں : پٹی کی جمع ـ طویل بے آب و گیاہ پتھریلے راستے جو فی الحقیقت راستے نہیں ہوتے بلکہ دامن کوہ کے ساتھ ساتھ چوڑے میدان سے ہوتے ہیں جنہیں مسافر غلطی سے راستہ سمجھ لیتے ہیں ـ یہ بہت طویل بے آب و گیاہ ، ہموار اور سخت میدان ہوتے ہیں جو سورج کی تمازت سے اور ہوا کی رکاوٹ سے سخت گرم ہو جاتے ہیں ـ جو مسافر پٹی پر غلطی سے چل پڑا وہ زندہ سلامت واپس نہ آیا ـ گرمی پیاس اور سخت زمیں اس کے لیے پیام موت ثابت ہوتے ہیں

پٹیاں : زخموں پر باندھی جانے والی پٹیاں

پٹیس : اس نے اکھاڑ پھینکا ـ اکھاڑ دیا

پٹھ : بھیج

پٹھڑا : الٹا ـ پٹھا کی تصغیر

پٹھڑی : الٹی ـ پٹھی کی تصغیر

پٹھڑی ڈِتی : بھٹنی دی

پٹھڑے : پٹھے کی تصغیر ـ الٹے

پٹھڑیاں : الٹی عقل و فہم کی

پٹھڑیے : بھیجے ـ پٹھے کی تصغیر

پٹھے : بھیجے ـ پٹھن مصدر

پٹھے : الٹے

پٹھی : الٹی

پٹھی : پیٹھ دکھا کر ـ الٹے پاؤں واپس ـ

پٹھی ڈِے کر : الٹے پاؤں واپس ہو کر

پٹھڑی ڈیندا : پیٹھ دکھاتا ـ الٹے پاؤں واپس چلا جاتا

پجالاں : جلا کر خاکستر کر دوں ـ جھلسا دوں

پجالے : جلائے ـ جھلسائے

پجالیے : جلا دیئے

پجالی : جلا دی

پجالیا : جلا دیا ـ جھلسا دیا

پجالیاں : جلائیں (جمع)

پجاویں : منزل تک پہنچا دینا

پجدے : پہنچے ـ پورے ہوتے

پجلدے : جھلستے

پجلے : جلے ـ جھلسے

پجڑیاں : اجڑیاں کا تابع مہمل ـ مکمل طور پر تباہ ہوں

پجا : پہنچا دے

پچار : قابل شرم بات ـ شرم دلانے والی باتیں ـ شکوے شکایات ـ عیب جوئی

پچاراں : پچار کی جمع ـ بدنامی کی باتیں ـ طعنے شکوے وغیرہ

پچائیں : پنہچا دینا ۔ پچانویں بھی کہتے ہیں

پچکاری : پچکاری

پچھاں : میں پوچھوں

پچھاݨ : پہچان ۔ جان پچھاݨ کے معنی ہوں گے جان بوجھکر

پچھدا : پوچھتا

پچھدی : پوچھتی

پچھدے : پوچھتے

پچھدے : وہ پوچھتا ہے ۔ معلوم کرتا ہے

پچھدیں : تم پوچھتے ہو

پچھلی : پچھلی

پچھݨ : پوچھنا

پچھوں : کے بعد ۔ کے پیچھے

پچھوں تے : پیچھے کی طرف

پچھیر : بعد میں

پُچھیر : پوچھے

پچھیاں : پچھی کی جمع ۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکریاں

پدید : (ف) ظاہر

پدیس : پردیس ۔ بدیس ۔ پرایا ملک

پدھر : ہموار چٹیل زمین

پر : اوپر

پر : لیکن

پراگ ۔ الہ آباد (بھارت) کا قدیم نام

پرایا : غیر کا ۔ دوسروں کا

پرائی : دوسروں کی ۔ غیر کی

پرائے : دوسروں کے

پرائے: یہ لفظ تین طرح پڑھا جاسکتا ہے ۔ (1) پرائے بمعنی پرائے (2) پور بمعنی تفکرات کے ہم معنی تابع کے طور پر اور (3) پرائے: جس کا مفہوم ہے عشق کی ۔ محبوب کی یا محبت والی ۔ تفکرات اور دکھ درد کے معنوں میں یہ لفظ پرانا دکھ دینا سے مشتق ہو گا ۔ سندھی زبان میں پیڑ پرائی روز مرہ کی زبان کا جز ہے ۔ یہاں پرائی پیڑ کا ہم معنی ہے یعنی دکھ درد ۔ ہم نے دیوان کے معنی لکھنے میں تیسرے معنی کو ترجیح دی ہے ، موقع محل کے مطابق ہماری دانست میں پرائے کے معنی

" عشق کے " " محبوب کے " یا " محبت والے " زیادہ موزوں ہیں ۔ پری اور پریں : محبوب ۔ حسین ۔ معشوق ۔ محبت وغیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (دیکھئے جامع اللغات مطبوعہ جامع اللغات

کمپنی لاہور جلد دوم صفحات 55 اور 80 پر الفاظ پرانا اور پری وغیرہ)

پران : ہندوؤں کی مذہبی کتاب

پرائیں : محبوب کی ۔ پریں کے معنی ہیں محبوب ، دوست

پرایاں : پرایان ۔ پرائی کی جمع ۔ دوسروں کی

پربت : پہاڑ ۔ سلسلہ کوہ

پربت دھاراں : سلسلہ ہائے کوہ ۔ پہاڑوں کی چٹانیں

پربھات : صبح سویرے ۔ پو پھٹنے کے وقت (سرائیکی پردباکھ)

پربھاتاں : پربھات کی جمع ۔ صبحیں ۔ انوار

پربھت : پہاڑ

پرتاپ : پچھتاوَ

پرتاپے : پچھتائے

پرتالے : اوپر نیچے کر دے

پرتاپیم : میں پچھتائی

پرتیت : محبت

پرتھئے : بھر گئے

پرجوش : جوش سے بھرا ہوا ۔ تیز و تند

پرچا : تسلی دے ۔ غم غلط کر ۔ دکھ ہلکا کر

پردہ : پردہ

پردے : پردہ کی جمع ۔ پردے

پردے وچ : در پردہ ۔ چھپ کر ۔ پردے میں

پردیس : دوسرا ملک ۔ پردیس ۔ پر یا پڑ سابقہ ہے جو "دوسرے" کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ، مثلاً پر دادا ۔ پر نالا ۔ پڑچھتی ۔ پڑپوترہ وغیرہ

پردیسی : اجنبی ۔ دوسرے دیس کا

پرذوق : باذوق ۔ ذوق والا

پرزے : ٹکڑے ٹکڑے ۔ ریزہ ریزہ

پرسائی : تہوار منانا

پرسائیں : تعزیت کرنا ۔ پرسا ایک رسم ہے جس میں کسی کے مر جانے کے تیسرے دن بعد لواحقین کے ساتھ ہمدردی اور افسوس کرنے کے لئے لوگ جمع ہوتے ہیں ۔ رسم تعزیت

پرسوں : گزری ہوئی کل سے ایک دن پہلے

پرستی : لاحقہ ہے ۔ پوجا کرنا ۔ پرستش کرنا ، جیسے بت پرستی وغیرہ

پرم : محبت

پرم پریتاں : محبتیں ۔ پیار محبت

پرکین : کینے سے بھرا ہوا ۔ کینہ توز

پرم گیان : محبت کا علم ۔ فلسفہ عشق

پریم نگر : محبت کی نگری ـ دیار عشق

پر نقصان : نقصان سے بھرا ہوا ـ عیب دار ـ کمی والا ـ گھٹنے والا ـ فانی ـ ناقص

پرنیوتں : بیاہا جانا

پروانہ : حکم نامہ

پروانہ : پتنگا جو شمع پر جل مرتا ہے

پروائے : پرواہ ہے

پروائے : (ف) کچھ پرواہ

پرو بھرا : دور ـ بہت دور

پر وحشت : وحشتناک ـ بھیانک

پروردے : پرورش پائے ہوئے

پرہ باکھڑ : پو پھٹنا

پری : پڑی (ہندی تلفظ)

پریاں : پریاں ـ پری کی جمع

پرے : دور

پریت : محبت

پریتا : محبت والا

پریرے : دور

پریڑے : دور

پریم : محبت ـ پیار ـ امن و سکون ـ اطمینان

پریم نیم : محبت کے قول و اقرار

پریں : محبوب ـ دوست

پریں دو : دور کی طرف

پرینئیں : محبوب کے دیس کی طرف ـ دیار حبیب کو

پڑ : بھیڑوں بکریوں کو رات کے وقت ایسے محفوظ مقام پر رکھا جاتا ہے جو جنگلوں سے ہٹ کر آبادی کے قریب ہوتا ہے ـ اسے ڈیرہ ، دائرہ یا پڑ کہتے ہیں کنوئیں کے اس دور کو بھی پڑ کہتے ہیں جہاں بیل چلتے رہتے ہیں ـ وہ مقام جہاں دن بھر ادھر ادھر گھومنے پھرنے کے بعد رات کو آرام کیا جائے پڑ کہلاتا ہے ـ بچے لک چھپ کا کھیل کھیلتے ہیں تو ایک مقام انتخاب کر لیتے ہیں جہاں سب کو پہنچنا ہوتا ہے ، اس مقررہ مرکزی مقام کو بھی پڑ کہتے ہیں ، چاند اور سورج کے گرد شعاعیں ہالہ سا بنا لیتی ہیں اس ہالے کو بھی پڑ کہتے ہیں ـ گویا اس لفظ کے مفہوم میں دائرہ ، مرکز ہونا اور حفاظت تینوں چیزوں کا ہونا ضروری ہے ، کھیل تماشا دیکھنے کے لیے لوگ دائرہ سا بنا لیتے ہیں تو یہ بھی پڑی یا پڑی میلا کہلاتا ہے

پڑ پے : (محاورہ ہے) نصیب ہوئے ـ قسمت میں آئے ـ واسطہ پڑا ـ سابقہ پڑا ـ پالا پڑا ـ

(نوٹ ۔ پالا کا لفظ بھی پڑ ہی کے مفہوم کو ظاہر کرتا ہے ۔ پالی اس چھوٹے سے ہجوم اور دائرے کو کہتے ہیں جہاں مرغ ، بٹیر یا تیتر لڑائے جاتے تھے)

پڑ تالے : دیکھو پر تالے

پڑھ : پڑھ یا پڑھ کر

پڑھے : پڑھے

پڑھی : پڑھی

پڑھیا : پڑھا

پڑیاں : پڑیا کی جمع ۔ پڑیاں

پسارہ : پسارا ہونا چاہیے ۔ پھیلاؤ ۔ پسرنڑ مصدر سے ہے

پساڑ : پھیلاؤ ۔ ریگستانوں میں ریت کے ٹیلوں کے وسیع پھیلاؤ کو پساڑ کہتے ہیں ۔ "س" کی آواز اکثر "ہ" سے بدل جاتی ہے ممکن ہے "پہاڑ" کا لفظ اصل میں پساڑ ہی ہو

پسانودیاں : تر کرتی ہوں

پساوے : تر کرے ۔ گیلا کرے

پستی : نچلی جگہ ۔ بلندی کا ضد

پسیلہ : ایک طرف کو ۔ پاسا کے معنی ہیں پہلو یا طرف

پسیلی : پسیلا کی تانیث ۔ ایک طرف کو

پک : پکی بات ۔ یقینی بات

پکا : پکا ۔ پختہ ۔ خام یا کچا کا ضد

پکاراں : پکار کی جمع ۔ فریادیں ۔ پرم پکاراں : محبت کی پکاریں

پکارے : وہ پکارے ۔ اونچی آواز سے کہے

پکاں : میں پک جاؤں ۔ پختہ ہو جاؤں

پکریساں : پکاروں گی

پکڑ : پکڑ کر

پکڑ : پکڑ (فعل امر)

پکڑی : پکڑی

پکھڑے : پکھ کی جمع اور تصغیر ۔ پکھ کے معنی ہیں قسمت ۔ پکھڑے کے معنی ہوئے حصے میں ۔ قسمت میں ۔ نصیب میں

پکھڑے پیوسے : ہمارے نصیب میں آیا ۔ حصہ میں آیا یا آئے

پکھی : پرندے

پکھے : پنکھے

پکھیاں دی : پرندوں کی

پکے : مستقل طور پر

پکے : پک جائے

پکیاں : پک گئیں

پل : لحہ

پلال : جھوٹ ۔ فریب ۔ مکر

پلانون : پلائیں

پللوے : جوہڑ ۔ پانی کے قدرتی گڑھے

پلایا: پلایا

پل پل : لحہ لحہ ۔ ہروقت

پلڑو : پلا ۔ آنچل ۔ منہ پلڑو : ماتم کرنے کی حالت ۔ منہ پر دوپٹے کا آنچل ڈال کر رونا پیٹنا

پلڑے : پلے میں ۔ دامن میں ۔ قسمت میں ۔ پلڑے پیوسے کے معنی ہیں ہماری قسمت میں آئے

پلڑے پیاسے : ہماری قسمت میں آئے ۔ ہمارے پلے پڑے

پلڑے پیوم : میرے پلے پڑے

پلکاں : پلکیں ۔ بھنویں

پلنگ : پلنگ

پلکیں : پلکوں (نے ۔ کا ۔ کے ۔ کی وغیرہ)

پلو : دامن

پلھر : تھل کے نشیبی علاقوں میں بارش کا جمع شدہ پانی

پلٹر : دیکھو پلھر ۔ مویشیوں کے پانی پینے کے قدرتی جوہڑ

پلے : پلے میں ۔ دامن مں

پلیت : پلید ۔ ناپاک ۔ (پلیتے میں " ے " " ہے " کا مخفف ہے)

پلیتا : فتیلہ جس سے بارود میں آگ لگاتے ہیں

پلیتے : پلیتا کی جمع ۔ فتیلے

پلید : ناپاک

پلیندا : پلاتا

پن پن : خود نمائیٔ ۔ حسن نمائیٔ ۔ جوش نمو

پنجاب : پانچ دریاؤں کا علاقہ ۔ پنجاب

پنتھ : اصول و قواعد ۔ مذہبی ضابطے ۔ مذاہب و مسالک

پنج کٹی : پانچ غلے ۔ گندم ۔ جو ۔ باجرا ۔ جوار اور مکی ۔ ان پانچ غلوں کو ملا کر بطور خیرات درویشوں میں تقسیم کیا جاتا تھا

پندھ : سفر ۔ مسافت ۔ طویل فاصلے

پندھڑے : پندھ کی جمع اور تصغیر ۔ فاصلے ۔ سفر ۔ مسافتیں

پندھیڑو : مسافر ۔ راہ گیر ۔ پاندھی بھی کہتے ہیں

پنڈ : بوجھ ۔ وزن ۔ بھاری گٹھڑی

پنڈ: کھجور

پنڈت : برہمن ۔ ہندوؤں کی مذہبی کتابوں کا عالم ۔ دانا

پنڑی : پوری ہوئی

پنل : پنوں کو پیار سے پنل کہیں گے ۔ محبوب ۔ دوست ۔ دلدار

پنلڑا : پنل کی تصغیر ۔ محبوب ۔ دلدار

پناں : کاغذ

پنناں : رچا بسا ہوا ۔ پروردہ

پنئی : رچی بسی ہوئی ۔ پرورش پائی ہوئی

پنئیاں : پنئی کی جمع ۔ رچی بسی ہوئی ۔ پرورش یافتہ (جمع)

پنوں : سی پنوں کے مشہور رومانی قصے کا ہیرو ۔ کیچ کا سردار

پنوں خاں : دیکھو پنوں

پنھوارن : (سندھی) پنوار قوم کے لوگ

پنہاں : (ف) پوشیدہ ۔ چھپا ہوا ۔ مخفی

پواندی : پائینتی ۔ پاؤں کی طرف ۔ سراندی کا ضد

پوپا : ناک میں ڈالنے کا زیور

پوتھی : برہمنوں کی کتاب ۔ نجوم وغیرہ کی کتابیں ۔ پستک

پوجوں : کی پوجا کروں

پور : تفکرات کے ابھار ۔ جذبات اور فکر مندی کے جوش ۔ دکھ درد ۔ رنج و الم ۔ ترددات ۔ پور پرائیں مرکب ہے ۔ پرائیں پور کا ہم معنی ہے اس کی اصل پرانا : دکھ دینا ۔ غم اور فکر وغیرہ ہے ۔ جمع میں پور پرائے کہیں گے ۔ ترددات ۔ تفکرات پور پرائیں بھی بولا جاتا ہے ۔ اس صورت میں پرائیں کا ماخذ پور ہی ہو گا ۔ جس طرح جھور جھرائیں کی ترکیب ہے ۔ اسی طرح یہ بھی ہم معنی الفاظ کا مرکب بنے گا

پورا : پورا ۔ مکمل ۔ کامل

پورب : مشرق

پور پرائے : تفکرات ۔ دیکھو پور ۔ پرائے کو پَرائے (بمعنی غیر کے یا دوسروں کے) پڑھنا درست نہیں ہے ۔ کیونکہ محبوب "غیر یا پرایا" نہیں ہو سکتا

پوری : پوری ۔ مکمل (مونث)

پورے : پورے ۔ مکمل (جمع)

پوریں : تفکرات

پورھیئے جھوری : پورھیا جسمانی مشقت کو کہتے ہیں ۔ جھوری کے معنی ہیں آشفتہ حال ۔ نڈھال ۔ خراب و خستہ ۔ لہذا اس مرکب

کے معنی ہوں گے۔ مشقتوں سے نڈھال

پوری ییساں : مکمل لے جاؤں گی

پوریواں : دفن کی جاؤں

پوساں : پڑوں گی ۔ تھک پوساں : تھک جاؤں گی

پوسن : پڑیں گے ۔ ہو جائیں گے

پوسی : ایک ریگستانی پودا جس کے پھولوں کو پکا کر بطور ساگ کھاتے ہیں

پوشاک : پوشاک ۔ لباس

پول : کھوکھلا پن

پوم قبول : میری (دعا یا آرزو وغیرہ) قبول ہو

پوں : قدم ۔ پاؤں کا مخفف ہے

پوں : سرخ رنگ ۔ رنگینیاں

پون : پڑیں

پُون : پیپ

پوندا ہے : پڑتا ہے

پوندے : پڑتے

پونواں / پوواں : پڑوں

پونون : پروئیں

پونون : پڑیں

پوom / پوم : مجھے پڑ جائے ۔ مجھ پر پڑے ۔ میرے (کانوں میں) پڑے

پووی : تجھے پڑے ۔ تجھ پر پڑے

پون : برسات لانے والی تیز ہوا ۔ پون

پووے : انہیں پڑے ۔ ان پر پڑے (صحیح لفظ پونویں ہے)

پووے : پڑے

پووے : پروئے

پوہ : پوس کا مہینہ ۔ سخت جاڑا

پوہنیں : (سندھی) ان کی پڑے

پہاڑ : پہاڑ ۔ چٹانوں کا پھیلا ہوا سلسلہ (دیکھو پساڑ)

پہاڑیں وچ : پہاڑوں میں

پہر : تین گھنٹوں کی مدت ۔ پہر ۔ وقت

پہرہ : وقت ۔ پہر

پہلو : پہلو میں ۔ قریب

پہلوں : پہلے

پہلی : پہلی ۔ ابتدائی

پہلے : پہلے ۔ ابتدا ۔ شروع میں

پُہنتا : پہنچا

پُہنتم : میں پہنچی

پُہنتی : پہنچی

پہنجی : (سندھی) اپنی

پہنیُم : میں نے پہن لیا

پہنچاں : میں پہنچوں

پئی : پڑی ۔ افعال جاریہ میں " رہنا " کے معنوں میں مستعمل ہے

پئی کرلانواں : فریاد کرتی رہوں ۔ چیختی چلاتی رہوں

پئی گنٹیساں : گنی جاتی رہوں گی ۔ شمار ہوتی رہوں گی

پئی کرکے : بڑبڑاتی رہے ۔ چغلی کھاتی رہے ۔ ناراضگی کا اظہار کرتی رہے

پئے : پڑے ۔ فعل جاریہ کے لئے بطور فعل امدادی مستعمل ہے ، مثلاً پئے لشکندے : زیب دے رہے ہیں

پی : محبوب ۔ پیا

پی : پی کر

پے : محبوب

پیا : پڑا

پیا : محبوب

پیا بھاندا ہے : بھا رہا ہے

پیا : رہ ۔ مثلاً کھس پیا : چھینتا رہ

پیا : گیا ۔ مثلاً گھس پیا : گھس گیا

پیادی : پیادہ کی تانیث ۔ پیدل

پیار : پیار ۔ محبت

پیارا : پیارا

پیارے : پیارے

پیاس : پیاس ۔ تشنگی

پیا سنگ : محبوب کے ساتھ

پیاسے : پیاسے ۔ تشنہ

پیاساں : پیاسیں ۔ تشنگیاں

پیاسی : تشنہ ۔ پیاسی (مونث)

پیالا : پینے کا برتن

پیاں : پڑی رہیں

پیاں ہار : ہار گئیں ۔ تھک ہار گئیں

پیاں ناسوراں : ناسور پڑ گئے

پیاں : پڑ گئیں (جمع مونث)

پئیاں ہار : میں تھک ہار گئی ہوں

پیئیاں : پڑی ہوں

پیپل : پیپل کا درخت جسکی ہندو پوجا کرتے ہیں

پیت : پیار ۔ محبت

پیتاں : پیت کی جمع ۔ محبتیں

پیتا : پیا ۔ پی لیا

پیتم : میں نے پی لیا

پیتَم : محبوب

پیتیئی : تو نے پی لی ہے ۔ پیونْ (پینا) مصدر سے ماضی قریب کا واحد حاضر کا صیغہ ۔ پوری گردان حروف فاعلی کے ساتھ اس طرح

ہو گی

پیتس (اس نے پیا ہے) ، پیتنیں (انہوں نے پیا ہے) ، پیتئی (تو نے پیا ہے) ، پیتووے (تم نے پیا ہے) ، پیتم (میں نے پیا ہے) ، پیتیسے (ہم نے پیا ہے)

ان صیغوں کی اصل صورت اس طرح تھی : پیتا ہس - پیتا ہنیں - پیتا ہی - پیتا ہوے - پیتا ہم - پیتا ہسے - اختصار اور ادغام اصوات کے اصولوں پر ان صیغوں کی صورت بدل گئی - اگر پینے کی چیز مذکر ہے تو یہ صیغے اسی طرح رہیں گے - لیکن اگر پینے کی چیز مونث ہے مثلاً شراب - لسی وغیرہ تو پیتا کی بجائے پیتی بولا جائے گا - مختصر شدہ صورت میں "ت" مفتوح کی بجائے "ت" مکسور ہو گی - مثلاً پیتئیں وغیرہ ، پیتئی اس کی صورت ہے

پیت نہ پالی : محبت میں وفا نہ کی

پیٹ : پیٹ - شکم

پئے پئے : حصے میں آئے - قسمت میں آ پڑے

پیچ : مکر - چالاکی

پیچ : بل - چکر - پیچ

پیچ : حلقہ - طوق

پیچ اڑیندیاں : مکر کی چالیں چلتی ہیں - پیچ وخم میں پھنسا لیتی ہیں

پیچ پیا : ہوس ہوئی - چکر پڑا - الجھن پڑ گئی

پیچڑے : پیچ کی تصغیر اور جمع - پیچ - بل و چکر وغیرہ

پیچی : چالاک - مکار - پر پیچ و خم - پیچیدہ

پیر : پاؤں - (پیران : پیر ہیں - پاؤں ہیں - دیکھو "ن")

پیر : پیر و مرشد - روحانی تعلیم دینے والا

پیراں : (جمع) پیروں کی

پیراں : پاؤں میں

پیر پچالے : پاؤں جلائے

پیر پرم : عشق کا مرشد - محبت کا پیر

پیری مریدی : پیری مریدی کا سلسلہ

پیرڑیں : پاؤں میں "ڑ" تصغیر کے لئے آئی ہے

پیر مغاں : شراب خانے کا مہتمم

پیریں : پاؤں میں - سے - کا وغیرہ

پیڑ : درد - پیڑ پرائیں مرکب جو سندھی اور سرائیکی دونوں میں مستعمل ہے - پرانا کے معنی ہیں درد کرنا - دکھ دینا - دیکھو جامع اللغات جلد دوم صفحہ 55

پیڑاں : درد ۔ پیڑ کی جمع ۔ بہت سے دکھ درد

پیڑیں : درد و غم نے (جمع)

پیڑیاں : ہیڑیاں کا تابع مہمل ہے ۔ تکلیف دینے والی عورتیں ۔ مفسدہ پرداز ۔ جھگڑا فساد کھڑا کر دینے والی

پِیساں : میں پیئوں گی

پَیساں : میں پہنوں گی

پیساں : میں پاؤں گی ۔ میں ڈالوں گی

پے سنگ : محبوب کے ساتھ

پِیسوں : ہم پیئیں گے

پیسی : ڈالے گا ۔ رکھے گا ۔ مثلاً پوں پیسی : قدم رکھیگا

پیسی : پائے گا ۔ حاصل کرے گا

پیش : (ف) سامنے ۔ آگے ۔ پیش آنوݨ اور پیش پوونڑ محاورے ہیں جن کے معنی ہیں در پیش ہونا ۔ مقابلہ کرنا ۔ پیش آنا ۔ وغیرہ

پیش پیا : سے واسطہ پڑا ۔ در پیش ہوا ۔ کا سامنا کرنا پڑا

پیشے : پیش ہے ۔ در پیش ہے

پیشیں : ظہر کا وقت ۔ دن کی پہلی نماز کا وقت

پیغامبر : نبی ۔ اللہ تعالیٰ کا پیغام لانے والا

پیکان : (ف) تیر کی نوک

پیکڑیں : میکے میں ۔ پیکڑیں پٹیں مرکب ہے

پیکے : میکے ۔ ماں باپ کے گھر والے

پیکیں پٹیں : میکے ۔ پتݨ دریا کی گزر گاہ کو کہتے ہیں ۔ وہ جگہ جہاں کشتیاں کنارے آ لگتی ہیں ۔ یا جہاں سے دریا کو کشتیوں کے ذریعے عبور کیا جاتا ہے ۔ "پاک پتݨ" میں پتݨ یہی لفظ ہے ۔ پیکیں پٹیں عوام کی خاص ترکیب ہے جس کے معنی ہیں میکے والے اور وطن کے لوگ

پیکیں : میکے میں

پیلا : زرد ۔ پیلا

پیلوں : جال کے درخت کا پھل ۔ پیلو

پیلیاں : زرد رنگ کی

پیم : مجھے پڑی ۔ مجھے پڑا ۔ مثلاً گل پیم ، میرے گلے میں پڑا

پیمانے : پیمانے ۔ شراب کی مقدار ماپنے کا برتن ۔ جام شراب

پیندا : ڈالتا ۔ مثلاً جھاتی پیندا : جھلک دکھاتا

پیندی : پہنتی

پیندے : پڑتے ۔ لگاتے

پیندی ہے : ڈالتی ہے

پیندیں : تم ڈالتے ہو ۔ (تیوری)

پینڈا : مسافت ۔ سفر کا طویل فاصلہ ۔ (دیکھو پندھ)

پینڈے : پینڈا کی جمع ۔ مسافتیں ۔ سفر

پینڈڑے : پینڈے کی تصغیر ۔ مسافتیں ۔ سفر

پیٹاں : پینے والا ۔ سانس پی جانے والا سانپ

پینگھ : قوس و قزح ۔ جھولا ۔ پینگ ۔ دھنک

پینگھاں : پینگھ کی جمع ۔ جھولے ۔ قوس و قزح ۔ دھنکیں

پینگیں : دھنکوں نے

پینواں / پیواں : میں پیئوں

پینوݨ / پیوݨ : پینا (مصدر)

پینووں / پیووں : ہم پیئیں

پیو سے : ہمیں پڑی ۔ ہمیں ہوئی ۔ ہمیں ملے ۔ مثلاً پیش پیوسے : ہمیں درپیش آئے ۔ ہمیں ملے

پیوسے : ہم پڑے ۔ مثلاً ہٹ پیو سے : ہم تھک گئے

پیو / پیئو : تجھے پڑا ۔ تجھے پڑی ۔ تمہارے (کان میں) پڑا

پیم / پیوم : مجھے در پیش ہوا ۔ مجھ پر پڑی یا پڑی

پیو / پیئو : باپ

پے / پئے : پڑے

پیئے : محبوب ۔ محبوب (نے ، کا ، کے ، کی وغیرہ)

پیّاں : پڑی ہوں ۔ (پئی آں)

پیاں : پڑیں ۔ (پئی کی جمع ، پڑ گئیں)

****

ت

****

تا : (ف) تک

تا : تاؤ ۔ گرمی ۔ تپش

تابع : (ع) ماتحت ۔ حکم ماننے والا ۔ مطیع

تات : خبر

تاتیں لہن : خبریں لیں ۔ خبر گیری کریں ۔ حال احوال پوچھیں

تاثیر : (ع) اثر

تادم روز حشر : (ف) قیامت کے دن کے وقت تک

تاڑے : آسرے ۔ سہارے ۔ ریگستانوں کی عارضی قیام گاہیں جو مسافروں کے لئے بطور انتظار گاہ کام دیتی ہیں ۔ تھکے ہارے مسافروں کے دم لینے کی جگہ ۔ تاڑا کی جمع ہے

تار : لبریز ۔ سر سے اونچا پانی

تار : نشے میں غرق ۔ مست ۔ مخمور

تار : موسیقی کے ساز کے تار

تارے : تیرا دے ۔ تیرائے

تارے : ستارے

تار متاراں : بہت گہرا پانی ۔ سر سے اونچا پانی

تارو تار : گہری ندی ۔ سر سے اونچا پانی

تار تار : دریدہ ۔ ریشہ ریشہ الگ کیا ہوا

تارو تاراں : تارو تار کی جمع ۔ بہت گہری ندیاں

تاریں : بارش کے قطروں کے تاروں نے

تاڑ : تاڑ کر ۔ تاک کر ۔ اچھی طرح سے دیکھ کر ۔ انتخاب کر کے

تاڑتے : تاڑ کر ۔ (دیکھو تاڑ)

تاڑی مارے : لفظی معنے تالی بجائے ۔ مجازاً طنز کرے ۔ مذاق اڑائے ۔ برائیاں بیان کر کے خوش ہو

تاکید : (ع) تاکید ۔ اصرار

تال : تال ۔ دھن

تاں : تو

تاں وی : تو بھی ۔ پھر بھی

تان : تان ۔ سر

تاں تاں : توں توں ۔ اتنا ہی ۔ (جوں جوں کے جواب میں کلمہ)

تان ترانہ : گیت ۔ نغمہ ۔ سرتال ۔ لمبی تان وغیرہ

تانگ : انتظار ۔ (دیکھو تانگھ)

تانگاں : (انتظاریں) یہ لفظ تانگ کی جمع ہے ۔ جسے ٹانگ بھی بولتے ہیں (دیکھو ٹانگ) دریا کو تیر کر عبور کرنے والے دریا کے اس پار کسی مکان یا درخت وغیرہ کو نگاہ کے سامنے رکھتے ہیں اور اسی نشان کی طرف تیرتے رہتے ہیں ۔ اگر یہ نشان نگاہوں کے سامنے نہ ہو تو دریا کی تند و تیز موجیں اسے بہا کر کہیں کا کہیں لے جائیں لہٰذا تانگ کے معنی ہوئے نشان منزل ۔ تانگاں اس کی جمع ہے ۔ نشان ہائے منزل ۔ آسرے سہارے

تانٹ : کشش ۔ تناؤ ۔ دل کے کسی طرف کو کھچے رہنے کی کیفیت ۔ مجازاً فخر

تانٹ ترانٹ : ترانٹ کے معنی ہیں طاقت کا گھمنڈ ۔ اقتدار کا غرور ۔ لہٰذا اس مرکب کے معنی ہوئے فخر اور غرور ۔ مان

تانئیں نہ رکھ : پھیلا کر نہ رکھ ۔ وسعت نہ دے

تانگھ : شدید انتظار ۔ اس لفظ میں انتظار چاہت اور امید ملاقات تینوں مفہوم پوشیدہ ہیں

تانگھاں : تانگھ کی جمع ۔ انتظاریں

تانگھے : انتظار کرے

تانگھیں : انتظاروں (نے ۔ کا ۔ کے ۔ کی وغیرہ)

تانواں : تپاؤں ۔ تنگ کروں ۔ ستاؤں ۔ جلاؤں

تانودا : تپاتا ۔ ستاتا ۔ تنگ کرتا ۔ جلاتا

تانیس : (ع) انس پیدا کرنا

تانوم : مجھے تپائے ۔ ستائے ۔ جلائے

تانویں : تم جلانا ۔ ۔ تپانا (فعل امر)

تاوم : (دیکھو تانوم)

تاوے : تپائے ۔ جلائے ۔ ستائے ۔ (نوٹ : ستائے کا "س" مثبت معنوں میں ہے اور معانی میں اضافہ کرتا ہے)

تاویلات : تاویل کی جمع ۔ ظاہرا معنی کے علاوہ دوسرے امکانی احتمالی معانی کی مناسبت کے ساتھ بیان کرنا ۔ متکلم کی مراد بیان کرنا ۔ خواب کی تعبیر

تائے : چچے ۔ باپ کے بڑے بھائی

تائید : حمایت ۔ امداد

تایا : تپایا ۔ جلایا ۔ ستایا

تایو : تم نے تپایا ۔ تم نے جلایا

تبر : کلہاڑا

تبرے : تبرے ۔۔ بد گوئیاں

تبسم : (ع) ہنسی ۔ مسکراہٹ

تپایا : گرم کیا ۔ جلایا

تپ تپ اٹھن : جل جل کر اٹھیں

تپدیں : جلتے ہوئے

تپدیں کھپدیں : تپتے کھپتے ہوئے ۔ جلتے سڑتے ہوئے ۔ دماغ سوزی کرتے کرتے

تپڑی : بوریا ۔ ٹاٹ کا ٹکڑا

تپڑی ملڑی : بوریا نشین

تپڑی : جلی ۔ تپی ۔ "ڑ" تصغیر کی ہے

تپش : گرمی

تپے : گرم ہو ۔ جلے

تت : جوہر ۔ خلاصہ ۔ اصلیت

تتڑی : گرم

تتڑیں : گرم (ریت وغیرہ نے)

تتڑیں ٹبڑیں : گرم ٹیلوں نے

تتی : سوختہ ۔ سوختہ بدبخت ۔ جلی ہوئی ۔ ستائی ہوئی ۔ بدبخت

تتی : گرم

تتے : گرم ۔ مجازاً بدبخت

تتھ : وہیں ۔ اسی جگہ

تتھے : اسی جگہ پر

تتیاں : گرم ۔ تتی بمعنی گرم کی جمع

تج : تجھ

تجلی : جلوہ

تحفے : تحفہ کی جمع ۔ تحفے ۔ عطیے

تحقیق : حق بات معلوم کرنا ۔ سچائی تک پہنچنا ۔ تلاش حق ۔ جستجوئے حقیقت

تحقیقی : تحقیق والی ۔ جستجو کے ذریعے حقیقت تک پہنچنے والی

تحریر : (ع) لکھائی ۔ تحریر

تحمل : (ع) برداشت کرنا ۔ اٹھانا ۔ سہنا

تحیر : (ع) حیرت ۔ حیرانی

تخت : بادشاہی ۔ حکومت

تخت ہزارڑے : تخت ہزارے (میں یا سے) " ڑ " تصغیر کی ہے ، تخت ہزارا رانجھے کا وطن تھا

تخت ہزاروں : تخت ہزارے سے

تدبیر : (ع) علاج ۔ چارہ گری

تدریس : (ع) درس دینا ۔ سبق دینا

تڈ : تکیہ ۔ زور ۔ تڈن اور تڈانوݨ مصدر ہیں جن کی معنی ہیں " تن جانا " دوسری طرف کی کھچاؤ کا مقابلہ کرنا ۔ ضرب المثل ہے کہ : وچھا کُڈدے کلے دی تڈ تے ، یعنی بچھڑا کود رہا ہے تو اس بھروسے اور یقین پر کود رہا ہے کہ کھونٹی مضبوط ہے ، نہ ٹوٹے گی اور نہ اکھڑے گی ۔ گویا اسے کھونٹی کی مضبوطی کی تڈ ہے

تڈاں : تب ۔ اس وقت

تڈڑے : تڈے کی تصغیر ۔ جھینگر

تڈی تڈی تیل ڈکھالے : کھیل تفریح سمجھ کر دوسرے کی جان ہلکان کرنا

تراٹ : مسلسل انتظار

تراٹ : مان ۔ فخر ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔ آسرے ۔ سہارے وغیرہ

تراٹیں : تراٹ کی جمع ہے ۔ ماٹیں تراٹیں کے مرکب میں ماٹ بمعنی فخر یا مان کا ہم معنی ہے

ترانہ : گیت ۔ سرود ۔ الاپ ۔ نغمہ

ترانے : ترانہ کی جمع ۔ گیت ۔ نغمے

تراوے : تری ۔ ترو تازگی ۔ سیرابی

ترپھٹ : جی بھر کر

ترت : جلدی

ترتیل : (ع) قرآن حکیم کا اطمینان اور آہستگی سے اس طرح پڑھنا کہ تمام حروف کے مخارج اچھی طرح ادا ہوں

ترٹ گئی : ٹوٹ گئی

ترٹا : ٹوٹا

ترٹڑے : ٹوٹے ۔ ترٹے کی تصغیر

ترٹن : ٹوٹیں

ترٹیاں : بربادیاں

ترس : ترس ۔ رحم

ترس پووی : تجھے رحم آئے

ترس رہیاں : ترس رہی ہیں

ترسا : پیاسا رکھ ۔ انتظار کرا

ترساویں : تم انتظار کرانا ۔ ترسانا (فعل امر)

ترسلڑے : تسلیاں ۔ اطمینان

ترسوں : خوف زدہ ہو کر ۔ ڈر کے مارے ۔ خوف سے

ترسوں : پرسوں سے ایک دن پہلے

ترک : چھوڑ دینا ۔ ترک کرنا

ترک : کمر ۔ پیٹھ

ترکھاں : ریگستانی خونخوار جانور از قسم لگڑ بگڑ وغیرہ

ترگھٹ : تین گھاٹ کا یا تین صفات کا

تروڑ : توڑ

تروڑم یاری : میری دوستی توڑے

تروڑی ویندا : توڑ کر جاتا

تڑہانوٹ : دور بھگانا ۔ ہانکنا ۔ ڈرانا ۔ مار بھگانا

تری :

ترے : تین

تریں : تینوں ۔ تین سے

تریڈھی : ماتھے کی شکن ۔ ناراضگی کا اظہار ۔ تیوری ۔ تریوڑھی بھی کہتے ہیں

تریور : تین کپڑوں کی پوشاک

تریوڑی : تگنی

تڑ : دریا کو پیدل عبور کرنے کا گھاٹ ۔ محفوظ راستہ ۔ گھر تڑاور تڑپتن مرکبات ہیں

تڑبھیڑ : بلا ۔ حملہ ۔ یکے بعد دیگرے یا پے بہ پے حملے

تڑپھاندیں : تڑپتے ہوئے ۔ تڑپتے تڑپتے

تڑپھانواں : میں تڑپوں

تڑپھانودیاں : میں تڑپتی ہوں

تڑپھاوے : تڑپے (تڑپائے)

تڑپھت : تڑپے

تڑپھت تڑپھت : تڑپتے تڑپتے

تڑپھوندا ہے : تڑپتا ہے

تساڈا : تمہارا

تساڈڑی : تمہاری

تسبیح : (ع) اللہ تعالٰی کی توصیف بیان کرنا ۔ سبحان کہنا ۔ وہ مالا جس پر وظائف و اوراد عدداً پڑھے جاتے ہیں

تسدا : اسی کا

تسکین : (ع) سکون و اطمینان ۔ تسلی

تسلڑے : تسلے کی تصغیر ۔ تسلیاں

تسیڈی : تمہاری

تسلیم : (ع) تسلیم کرنا ۔ مان لینا

تشبیہ : (ع) کسی چیز کو دوسری چیز کی صفات کے اندر دیکھنا ۔ کائنات کی عام چیزوں میں جمال ظاہر کرنا

تشدید : (ع) شدت کرنا ۔ سختی کرنا

تشویش : (ع) فکر ۔ چنتا ۔ پریشانی

تصدیق : (ع) سچ جاننا ۔ صادق سمجھنا

تصرف : (ع) قبضہ کیا ۔ دگرگوں کر دیا

تصویر : (ع) تصویر

تعزیر : (ع) سزا

تعمیل : (ع) عمل کرنا ۔ حکم ماننا

تعویذ : (ع) تعویذ گنڈا ۔ پناہ اور بچاؤ کی چیز ۔ " عوذ " کے معنی پناہ اور بچنا کے ہیں

تفاوت : (ع) فرق ۔ کمی

تفسیر : (ع) قرآن حکیم کے مطالب کھول کر بیان کرنا ۔ شرح ۔ بیان

تفکر : (ع) فکر ۔ سوچ بچار ۔ دھیان

تفنگ : بندوق

تقدیر : (ع) قدر لگانا ۔ وزن قائم کرنا ۔ قسمت ۔ تقدیر

تقدیروں : تقدیر سے

تقدیس : (ع) پاکیزگی ۔ تقدس ۔ پاک صاف کرنا

تقرار : (ع) قرار و قیام

تقصیر : (ع) قصور ۔ غلطی ۔ خطا

تقلید : (ع) پیروی ۔ پیچھے پیچھے چلنا ۔ اندھا دھند پیروی ۔ بغیر سوچے سمجھے کسی کے پیچھے چل پڑنا ۔ بے دلیل کسی کی پیروی کرنا

تقلیدوں : تقلید سے

تقلیدی : تقلید والی

تقویٰ : (ع) اللہ تعالیٰ سے قوت حاصل کرنا

تقیید : (ع) ذات کے اندر مقید ہونا ۔ تعین وجود

تک : تک

تک : نظر نگاہ میں آنا ۔ جچنا ۔ تک نہ پوونڑ محاورہ ہے جس کے معنی ہیں معیار پر پورا نہ اترنا ، آنکھ میں نہ جچنا

تک تک : دیکھ دیکھ کر ۔ تکتے تکتے

تک تک : تاک تاک کر ۔ نشانہ بنا کر

تکاں : میں تکتی رہوں ۔ دیکھوں ۔ تکوں

تک رہیاں : دیکھ دیکھ کر تھک گئی ہوں ۔ تکتے تکتے ہار گئی ہوں

تکرار : (ع) جھگڑا

تکڑی : مضبوط (مونث)

تکڑے : مضبوط (مذکر)

تکے : دیکھے ۔ مشتاقانہ دیکھے

تکیاں : دیکھی بھالی ۔ دیکھ کر وزن کا اندازہ کیا ہوا

تکیہ : سہارا ۔ آسرا

تکیہ گاہ : سہارے کی جگہ ۔ درویشوں کی رہائش اور عبادت وغیرہ کا مقام ۔ قیام کی جگہ

تکھے : تیز (جمع مذکر)

تکھڑی : تیز ۔ تند ۔ (مونث)

تگ : پائیداری ۔ پائندگی

تل : تل ۔ کنجد ۔ تیل نکالنے کا مشہور بیج ۔ ذرا بھر ۔ تل کے برابر

تُل : تول ۔ وزن ۔ ہم وزن ۔ ہم پلہ

تلتے : تلتے ۔ تولے جاتے

تلبیس : دھوکا ۔ فریب ۔ عیاری ۔ مکاری

تلڑے : سبز خود رو گھاس ۔ تلڑ کی جمع ۔ دوب

تلسی : نیاز بو کی ایک قسم ہے ۔ خوشبو دار پودا ۔ ہندو اس پودے کی پوجا کرتے ہیں

تلف : (ع) تباہ ۔ برباد

تلک : ماتھے پر سیندور کی بندی لگانا

تلک تلولیں : تلک تلولوں نے ۔ تلولہ کے معنی ہیں خال ۔ سیاہ نقطہ

تلوار : تلوار

تلواراں : تلواریں

تلولے : تل ۔ خال ۔ جبیں و رخسار کی بندی جو سرمے یا کاجل کی سلائی سے بناتے ہیں

تلوین : (ع) رنگ بدلنا ۔ طرح بہ طرح کرنا ۔ گونا گوں کرنا ۔ راہ تصوف کے ایک مقام کا رنگ ہے

تلے : نیچے

تلے : تل دے ۔ جلا دے ۔ لیکن دیوان میں تل جائے کے معنوں میں آیا ہے

تُلیاں : تلی ہوئی ۔ وزن کی ہوئی

تلیندی : تلتی ۔ جلاتی

تم : تم

تمام : سب کے سب تمام ۔ مکمل طور پر

تمکین : (ع) جگہ دینا ۔ ٹھیک جگہ پر رکھنا ۔ کسی چیز پر قادر ہونا ۔ راہ سلوک کے ایک مقام کا نام ہے ۔ قدر و مرتبہ

تمہارا : تمہارا

تمہید : تمہید ۔ شروع کرنا ۔ مہد کے معنی پنگھوڑا ہے ۔ ابتدا کرنا

تن : تن ۔ بدن ۔ جسم ۔ مجازاً شخص

تنبو : خیمہ

تنبورہ : طنبورہ ۔ سارنگی اور ستار کی قسم کا ایک ساز

تند : کاتا جانے والا کچا دھاگا

تنڑ تنڑ : تن جا ۔ جد و جہد کر ۔ آخر تک ڈٹ جا

تنْساں : لفظی معنی تن جاؤں گی ۔ مجازاً پوری جد و جہد کروں گی

تنْیں : ڈٹ جانا ۔ پوری جد و جہد کرنا ۔ (فعل امر)

تنْی /تنْیں : تنی ۔ تاگے کے بٹن

تنزیل : (ع) اتارنا ۔ نزول قرآن

تنزیہہ : (ع) آلائشوں سے پاک صاف اور مبرا ہونا

تن کھے : (سندھی) اس کو

تنگ : تنگ ۔ پریشان

تنگدیاں : منتظر ہیں ۔ تانگ میں ہیں

تنلیں : گوشہ ہائے چشم میں

تنہا : اکیلا

تنْواراں / تواراں : لمبی لے کے گیت

تنْواراں / تواراں : مویشیوں کے گلے میں بندھی ہوئی گھنٹیوں کی سہانی آواز جو مویشیوں کے آہستہ آہستہ چلنے سے پیدا ہوتی ہے

تنوارے / توارے : لمبی لے کے گیت ۔ گھنٹیوں کی آواز

تنواریں / تواریں : شتر بانوں اور چرواہوں کے لمبی لے کے گیتوں نے

توبہ : (ع) برے کاموں سے توبہ کرنا ۔ آئندہ گناہ نہ کرنے کا عہد ۔ توبہ کے معنی ہیں لوٹنا یا واپس آنا

توحید : (ع) اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا ۔ ایک خدا پر یقین رکھنا

توحیدوں : توحید سے

توحیدی : وحدت الوجود سے متعلق ۔ توحید سے تعلق رکھنے والا

تور : ناراض ۔ خفا

تورے : فخر ۔ مان ۔ بڑائیاں

توریت : یہودیوں کی الہامی کتاب جو حضرت موسیٰ پر نازل ہوئی

توڑ : انجام تک ۔ آخری مقام و منزل تک

توڑ پچائیں / توڑ پچائیں : آخر منزل تک بخیر و خوبی پہنچا دینا

توڑے : توڑ دے

توٹے / توڑے : خواہ ۔ چاہے

توٹیں / توڑیں : خواہ

توئیں / توڑیں : تک

توقیر : (ع) وقار ۔ عزت

توکل : (ع) راضی برضا

توکھے : (سندھی) تجھ کو

تول : بستر کا نرم گدا ۔ دولائی ۔ کھیس وغیرہ ۔ ہلکی پھلکی رضائی

تول : وزن

تول : ٹھیک نشانہ لے کر ۔ تول کر ۔ اندازہ کر کے ۔ جانچ کر

ٹول وہاٹیں : گدے اور سرہانے

ٹولھا : دریا عبور کرنے کے لیے سرکنڈوں کی عارضی کشتی

تولے ماسے : تولے ماشے ۔ ایک ایک تولے بلکہ ایک ایک ماشے تک

توں : تو

توں : تم ۔ توں بن : تیرے بغیر

توں : پر سے ۔ " اتوں " کا مخفف

توں : سے ۔ میں سے ۔ پر سے

توٹیں : اگرچہ ۔ خواہ

توئی : تو

توید : تعویذ

تہاڈے : تمہارے

تہارا : تمہارا ۔ تیرا

تہدید : (ع) سزا

تہمت لائون : تہمت لگائیں ۔ غلط الزام دیں

تہنجا : (سندھی) تمہارا

تہنجی : (سندھی) تمہاری

تہنجے : (سندھی) تمہارے

تہیں باجھ : اسی کے بغیر

تہیں دے : اسی کے

تئیں : تک

تے : لیکن ۔ پر

تے : کر (حرف) مثلاً کھاتے : کھا کر

تے : پر

تے : اور

تیار : تیار

تیاری : تیاری

تیڈا : تیرا

تیڈے : تیرے

تیڑیاں : تیری (جمع)
تجھی : تیسی ۔ (ویسی)
تیر : تیر
تیرا : تیرا
تیراں : تیروں نے
تیرتھ : ہندوؤں کی زیارت گاہیں
تیری : تیری
تیریاں : تیری
تیریں : تیروں سے
تیز : تیز
تیز نظر : وہ لوگ جن کی باطنی نظر تیز ہے ۔ نکتہ رس ۔ باریک بیں
تیشے : تیشہ کی جمع ۔ تیشے
تیغ : تلوار
تیغاں : تلواریں
تیکوں : تجھے ۔ تمھیں
تیل : تیل
تیں : مجھ ۔ تم ۔ تو نے وغیرہ
تیں سنگ : تیرے ساتھ
تیندی ہے : تپاتی ہے ۔ جلاتی ہے
تیندیاں : تپاتی ہیں ۔ جلاتی ہیں
تینوں : (پنجابی) تم کو ۔ تجھے

****

ٹ

****

ٹالا : ٹال مٹول ۔ " ٹالا کرنڑ " کے معنی ہیں ٹل جانا
ٹالم : مجھ پر سے ٹال دے
ٹالے : درگزر ۔ معافیاں
ٹالے : ٹال دے ۔ دور کر دے ۔ رفع کر دے
ٹالیم : اس نے مجھ پر سے ٹال دیئے
ٹانگ : کامیابی کا نشان ۔ نشان منزل دریا کے اس پار کا نشان جسے سامنے رکھ کر دریا کو عبور کرتے ہیں ۔ آسرا ۔ سہارا (دیکھو تانگ)
ٹانگاں : نشان ہائے منزل ۔ آسرے سہارے
ٹانگھ : دیکھو ٹانگ
ٹانگے : نشان ہائے منزل ۔ نشان منزل ہے (دیکھو "ے")
ٹبر : کنبہ ۔ گھر میں ایک وقت کا کھانا جتنے لوگ کھاتے ہیں ۔ خاندان
ٹبڑے : ٹیلے ۔ ٹبے کی تصغیر
ٹِب : بڑے ٹیلے
ٹبے : ٹیلے

ٹولی : ٹولی چھوٹا گروہ

ٹولڑیاں : صحبتیں

ٹونڈے : (ٹنڈے) لنجا منجا ہے ۔ تشنج میں مبتلا

ٹیک : فخر ۔ غرور

ٹہہ ٹہہ کر کے : قہقہہ لگا کر

****

ث

****

ثانی : دوسرا

ثبوت : پکا ۔ راسخ ۔ مکمل

ثبوت : اثبات ۔ نفی کا ضد ۔ اقرار ۔ مثبت

ثقات : ثقہ کی جمع ۔ معتمد لوگ

****

ج

****

جا : جگہ

جا : جا ۔ جاؤ (فعل امر)

جا : (سندھی) کا

جاتے : جگہ پر

جاتوں : جگہ سے

جاتھی : (سندھی) جہاں

جاچڑ جوچڑ : جانچنا پرکھنا ۔ جوچڑ تابع مہمل ہے

جادڑو : جادو ۔ "ڑ" تصغیر کے لئے ہے

جادو : جادو

جادو گر : جادوگر

جاری : جاری ۔ شروع ہے ۔ رواں ہے

جاگاں : جاگ کی جمع ۔ وہ کھٹائی (دہی یا چھاچھ) جو دودھ کا دہی جمانے کے لئے ڈالی جاتی ہے ۔ جاگ کہلاتی ہے

جاگاں : میں جاگوں

جاگہ : جگہ

جاگی : وہ جاگی

جاگے : جاگے ۔ بیدار ہو

جاگیر : جاگیر

جالاں : جلاؤں ۔ جلا دوں

جالیئے : جلائے ۔ جلا دیئے

جالیو : تو نے جلایا

جام : پیالہ ۔ جام

جامہ : (ف) کپڑا ۔ لباس ۔ پارچہ

جان : (ف) جان ۔ زندگی ۔ روح

جانم : (ف) میری جان ۔ میری زندگی

جاں جاں : جوں جوں ۔ جیسے ہی

جاں : جب ۔ جونہی

جاناں : محبوب

جاناوں : محبوب سے

جانب : کی طرف

جانبازی : جان پر کھیل جانا ۔ بہادری

جاندی : جاتی

جانواں : میں جاؤں

جانوم : میرا (محبوب) جائے

جانوں : جان سے

جانویں : تم جانا ۔ تو جائے (فعل امر)

جانی : محبوب

جانی ویری : جانی دشمن

جاندے ہن : جاتے ہیں

جاوے : جائے

جاویں : جائیں

جاہ : جگہ ۔ مقام

جاہ : (ف) جاہ و جلال ۔ مرتبہ ۔ عظمت

جاہد : کوشش کرنے والا ۔ آرزو مند

جاہل : بے علم ۔ ناواقف

جاہی : ٹھیک جگہ پر ۔ عین نشانے پر ۔ کاری

جاہیں : جگہیں ۔ مکانات ۔ مقامات

جائے : جائے

جائیں : جگہیں ۔ مقامات ۔ مکانات وغیرہ

جب : جب

جبروت : بزرگی ۔ جلال ۔ بلندی ۔ برتری ۔ جلال خداوندی ۔ خدا کا مرتبہ وحدت ۔ اصطلاح تصوف میں وہ مقام جس میں سالک کو مرتبہ صفات حاصل ہوتا ہے

جبریل : فرشتہ جو پیغمبروں کو اللہ تعالیٰ کا پیغام لا کر دیتا ہے

جبل : پہاڑ

جبلاں : پہاڑوں (میں ۔ نے ۔ کا ۔ کے وغیرہ)

جبلیں : پہاڑوں میں

جپ مالھاں : جاپ کرنے کی مالا

جتراں : صبر کروں ۔ حوصلہ کروں ۔ توقف کروں

جتن : جت کی سندھی جمع مونث ۔ شتربان کو کہتے ہیں ۔ جوہ جتن شتربانوں کے وہ اکا دکا ٹھکانے ہیں جو مسافروں اور بھٹکے ہوئے راہگیروں کے لئے امید کا سہارہ ہوتے ہیں

جتھ :.جہاں

جتھاں :.جہاں

ججمان : چیلے ۔ ہندو پنڈتوں کے مرید اور شاگرد جو کسی صورت میں گرو کو نہیں چھوڑتے

جدا : علیحدہ ۔ الگ تھلگ

جدائی : علیحدگی ۔ جدائی ۔ مفارقت

جدل : لڑائی ۔ جنگ
جدید : نیا ۔ تازہ
جدید جدیدے : نیا نیا ہے ۔ نت نیا ہے ۔ ہر وقت تازہ ہے
جدے : جدہ میں ۔ جدہ عرب کا مشہور مقام ہے
جڈاں : جب
جڈڑی : اپاہج ۔ معذور
جذب : جذبہ ۔ کشش ۔ شوق ۔ محبت ۔ جذبہ دل
جذبتہ من جذبات : جذبات میں سے یہی ایک جذبہ
جذبہ عشق : محبت کا جوش
جرح : زخم
جرکھاں : چرخ ۔ ریگستانوں کے خونخوار جانور ۔ لگڑبگڑ
جرس : قافلے کی گھنٹی
جری : دیوانہ ۔ جھری بولتے ہیں
جڑ : اچھی طرح سے ۔ ٹھیک نشانے پر
جڑکر : تیار ہو کر ۔ اچھی طرح سے
جڑکیتی : خوب کی
جڑی : (1) چنگاری (2) تیر کی نوک
جڑیا : تیار کیا گیا ۔ بنایا گیا

جڑیندا : جوڑنے والا ۔ جوڑے بنانے والا (لفظی معنی جوڑتا)
جڑم : اس لفظ کے معنی متعین نہیں ہو سکے ۔ غالباً یہ کتابت کی سہو ہے
جزو : حصہ ۔ جز ۔ کسی "کل" سے علیحدہ کیا ہوا حصہ
جس : جس
جسم : بدن
جسودا : بلدیو جی کی منہ بولی ماں
جشن : خوشی کی محفل ۔ عیش و سکون
جفا : (ف) ظلم
جک : گرفتگی ۔ بندش
جکڑی : ملی ہوئی ۔ پیوست شدہ
جکھ جکھ : مبتلائے مصائب ہو کر ۔ گھل گھل کر
جکھدے : مبتلائے الم ہے ۔ جی جکھدے : جان جوکھوں میں ہے
جکھدی : مبتلائے آزار و الم ہوتی ۔ مشکلات میں پھنستی
جکھدیں : گھلتے گھلتے ۔ مبتلائے الم رہتے
جکھڑ : تیز آندھی
جگ : جہان ۔ دنیا

جگ : اتفاق ۔ پابندی ۔ ضبط نفس

جگارے : شب بیداری

جگارے : بھڑکائے

جگائی : روشن کی

جگائے : چلائے (مثلاً جادو جگائے ۔ جادو چلائے)

جگت : جہان دنیا ۔ جگ جہان

جگتاں : جگت بازی ۔ طعن و تشنیع بذریعہ ذو معنی کلام ۔ استہزا ۔ مذاق

جگتاں ٹوکاں مارم : مجھے طعن و تشنیع اور طنز کی مار دیں

جگتاں مریندیاں : ذو معنی باتیں کر کے طنز کرتی ہیں

جگر : جگر

جگرت : جگر کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔

جگب جہان

جگمگ : چمک دمک

جگیانی : جوگن

جل : پانی

جل گیاں : جل گئیں

جل : جل کر

جلال : شوکت ۔ رعب دار

جلا : جلا دے (امر)

جلایا : جلایا

جلایم : اس نے مجھے جلایا

جل بل : جل بل کر ۔ جل کر

جلد : کھال ۔ پوست ۔ کتاب کی جلد مجازاً کتاب

جلدا : جلتا

جلدی : جلدی سے ۔ تیزی سے

جلدی : جلتی

جلدے : جلتے

جلدے : جلتا ہے

جلدیں : جلتے ہوئے ۔ جلتے جلتے

جلڑی : جلی ہوئی

جلڑے دے : جلے ہوئے کے

جلوس : جلوس

جلندر : جل اندر ۔ پانی کے اندر ۔ نیز جالندھر بھارت کے ایک شہر کا نام ہے

جلوہ : جلوہ ۔ نظارا

جلے : جلے ۔ جل جائے

جلی : ظاہر ۔ عیاں ۔ خفی کا ضد

جلی : جل گئی

جلیا : جلا ۔ جل گیا

جلیندا : جلاتا

جلیندی : جلاتی

جلیساں : جلاؤں گی
جماد : جمادات ۔ پتھر وغیرہ ۔ معدنی اشیاء جن میں حرکت نہیں ہے اور جو جامد اور ساکن ہیں
جمال : حسن و زیبائی ۔ خوبصورتی
جماں : ***
جمایا : قائم کیا۔ اثر کیا ۔ عروج دیا
جمل : (ع) اونٹ
جمنا : بھارت کے ایک دریا کا نام ہے جو ہندوؤں میں متبرک مانا جاتا ہے
جمنا جل : دریائے جمنا کا پانی
جمیل : حسین ۔ خوبصورت
جن : جنہوں نے
جن : جن ۔ بھوت
جنان : بہشت
جنجال : مصیبت ۔ جنجال ۔ جھنجھٹ
جند : زندگی ۔ جان
جندڑی : جند کی تصغیر
جند جلڑی : سوختہ جان
جنسوں : جنس سے
جنگ : جنگ ۔ لڑائی
جنگی : جنگ کرنے والے ۔ جنگجو

جنگل : جنگل ۔ جنگلوں میں (دیکھو بیلا)
جنم : پیدائش
جنون : دیوانگی ۔ عقل و ہوش پر پردہ پڑ جانا
جنون العاشقین : عاشقوں کی دیوانگی ۔ عشاق کا جذبہ اور خبط
جنیدی : جنید کا مسلک ۔ حضرت جنید بغداد کے رہنے والے بہت بڑے صوفی اور بزرگ ولی اللہ 297 ہجری میں وفات پائی ۔
جنھاں : جنہوں نے
جو : جو ۔ جو بھی
جو : (سندھی) کا
جوجو : جو کچھ ۔ جو بھی
جواب : جواب
جوانڑی : جوانی کی تصغیر
جوانی : جوانی ۔ شباب
جوبن : جوانی کا نکھار
جوہ کھڑ : جوہ اور کھڑ (یا پڑ) کا مرکب ہے عارضی گھروندا ۔ جھونپڑی (دیکھو جوہ)
جوت : شمع ۔ جوت جگانے کے معنی ہیں ۔ شمع روشن کرنا
جوت جگائی : شمع روشن کی
جوٹھا : جھوٹا ۔ کاذب

جوٹھیاں : جھوٹی (جمع)
جود : جوانمردی ۔ بخشش ۔ سخاوت
جودھا سر : روہی کا ایک علاقہ
جور : (ف) ظلم
جوراتی : ضبط نفس
جور سے : زور سے
جوری : زوری کا ہندی تلفظ ۔ جبراً
جوڑ : مشترکہ اسباب ۔ ملی ہوئی نشانیاں ۔ یکجا کی ہوئی علامات
جوڑ : ٹھیک طرح سے ۔ اچھی طرح سے عین نشانے پر
جوڑ : بنا کر
جوڑ : جوڑیاں
جوڑا : دو اجزا کا اشتراک ۔ دو چیزیں
جوڑ بٹیسوں : جوڑ کر بنائیں گے
جوڑکیاں : اچھی طرح کیں ۔ خوب کیں
جوڑوں : ہم بنائیں ۔ جوڑیں
جوڑے : وہ بنائے
جوڑیں : تم بناتا (امر)
جوڑکوں جوڑوں : ہم ایک دوسرے کے اجزائے لاینفک ہیں ۔ ہماری جوڑی خوب مضبوط جوڑی ہے ۔ ایک دوسرے کے موزوں اور صحیح جوڑے ہیں ۔ جوڑوں کے معنی ہیں ہم جوڑ ہیں (یہ محاورہ ہے)
جوسی : جوتشی
جوش : جوش
جوکھوں : مصیبت ۔ عذاب
جوگ : شوق وصال کی شدت ۔ جوگ ہووٹ اور جوگ چانوٹ محاورہ ہے جذبات سے مغلوب ہو کر ایسا اقدام کرنا جو مصیبت میں مبتلا کر دے
جوگا : کے لائق ۔ استطاعت رکھنے والا
جوگ ہووٹ : جوش جنون میں مبتلا ہونا
جوگنڑ : جوگی کی مونث ۔ جوگن
جوگی : لفظی معنی واصل ۔ ملنے والا ۔ مجازاً تارک الدنیا ۔ سنیاسی ۔ اور سپیرے وغیرہ بھی اب جوگی کہلواتے ہیں ۔ جوگی والا پھیرا محاورہ ہے جس کے معنی ہیں عمر بھر میں ایک آدھ ملاقات کرنا ۔ وہ بھی اگر جی چاہے تو
جول : طریقہ ۔ طرز ۔ چال ڈھال
جولیں دے : جول (یا جتول) اس پورے تھان کو کہتے ہیں جو جلاہا اپنی کھڈی پر ایک ہی مرتبہ بنتا ہے ۔ جولاہا کا لفظ بھی اسی جول

سے بنا ہے ۔ جول کی جمع جولیں ہے جولیں
دے کے معنے ہوئے کئی تھانوں کے

جوہر : جوہر ۔ ہنر

جوہ : ٹھکانہ ۔ پڑاؤ ۔ آرام گاہ ۔ شتربانوں کی
عارضی قیام گاہیں ۔ طویل بے آب و گیاہ
ریگستانوں میں مسافروں کی رہنمائی اور پانی کی
بہم رسانی کے لئے عارضی قیام گاہیں سی بنا لی
جاتی ہیں جہاں پہنچ کر مسافر اور ان کے
اونٹ تازہ دم ہو جاتے ہیں ان ارضی جگہوں
میں سامان رسد بھی موجود رہتا ہے اور بھیڑیں
بکریاں بھی رکھی جاتی ہیں بشرطیکہ بارشیں ہو
چکیں ہوں ۔ اور گھاس چارہ مہیا ہو ۔ خشک
سالی کے دوران یہ مقامات ویران پڑے رہتے
ہیں شتربانوں کے ان عارضی مقامات کو جوہ یا
جتن جوہ کہتے ہیں ۔ اس لفظ کے ساتھ " پڑ
" کا لفظ اکثر مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔
خواجہ صاحب نے بھی " جوہ پڑ جوہ پڑ گھبکن
مٹیاں " کہا ہے جوہ پڑ دونوں عارضی قیام
گاہوں کے معنوں میں آتے ہیں اور کانہہ یا
سرکنڈے اور دوسرے ریگستانی پودوں کی خشک
شاخوں سے بطور چھپر کے بنائے جاتے ہیں ۔
جوہ پڑنے کثرت استعمال سے جھوپڑ کی شکل
اختیار کر لی ہے

جوہ پڑ : دیکھو جوہ ۔ شتربانوں کے عارضی
ٹھکانے جو مسافروں کے آرام کے لئے بنائے
جاتے ہیں

جہ : جگہ

جہاد : کفار کے خلاف جنگ کرنا

جہالت : لاعلمی ۔ جاہل ہونا

جہاں : جہاں

جہان : دنیا ۔ جہان

جہاناں : جہانوں میں

جہد : مسلسل کوشش ۔ سعی پیہم

جہول : جاہل ۔ نہ جاننے والا

جہیں : جیسے

جہیں دا : جس کا

جی : کلمہ احترام جو اکثر القاب و اسما کے
ساتھ لگا دیا جاتا ہے ۔ جیسے پیر جی

جی : دل ۔ جی

جی : (سندھی) کی

جی بھناں : ***

جیا : جی ۔ دل

جیاڑا : جیا کی تصغیر ۔ دل ۔ جی

جیاں : (سندھی) کی (جمع)

جے : (سندھی) کے

جے : اگر

جے : جب

جیتے : جیت جائے ۔ فتح پائے

جیتیئی : تو نے جیت لی ہے

جتڑی / جیتڑی : جیتی ۔ جیتی ہوئی

جیجھی : جیسی

جید : مضبوط

جیڑا : دل ۔ جی کی تصغیر

جیڑھا : جو

جیڑھیاں : جیڑھی کی جمع ۔ جو (موئنث)

جیڑھیں کوں : جن ؍ د (موئنث)

جیڑے : جیڑا کی جمع ۔ دل (میں ۔ کو ۔ کا وغیرہ)

جیساں : میں جیئوں گی

جیسلمیر : راجپوتانہ (بھارت) کا ایک شہر

جیکر : اگر

جیں : جس نے

جینا : جینا ۔ زندہ رہنا

جیں تیں : جس تس (سے ۔ کو ۔ کا وغیرہ)

جیندا : جس کا

جیندی : جس کی

جیندے : جس کے

جیندے : جیتے ۔ زندہ

جیندے کارݨ : جس کی خاطر

جیندے : زندہ ہے ۔ جیتا ہے

جیندیں : جیتے جی

جیندیں تئیں : جیتے رہنے تک ۔ تا دمِ حیات

جیں سانگے : جس کی خاطر ۔ جس تعلق سے ۔ جس مقصد کے لئے

جیواں / جینواں : میں جیئوں ۔ زندہ رہوں

جیون : وہ زندہ رہیں

جیوݨ : جینا ۔ زندہ رہنا (مصدر ہے) ۔ زندگی

جیوݨ جوگا : جینے کے لائق ۔ کلمہ دعائیہ

جیوے : جئے ۔ زندہ رہے ۔ زندگی بسر کرے

جیویں / جینویں : جیسے ۔ جس طرح

جیویں / جینویں : تم زندہ رہو ۔ تو جئے

جیہاں : جیسا

****

ڄ

****

ڄاپے : لفظی معنے ، معلوم ہو ۔ مجازاً کیا معلوم ۔ خدا جانے

ڄاتا : جانا (ماضی مطلق)

ڄاتو : تو نے جانا

جاتے : جاتا کی جمع ۔ جانے ۔ جان لئے ۔
سمجھ لئے
جاتے : جان لیا ہے ۔ جانا ہے
جار : بد قماش ۔ رسہ گیر ۔ چوروں بدکاروں کا
حمائتی اور معاون
جاریوں : جاری سے ۔ بدکاری سے
جال : پیلو کا درخت
جال : بسر اوقات ۔ گزر اوقات ۔ گزارا ۔
گزر بسر
جالاں : میں گزر بسر کروں ۔ گزاروں
جال آئی : زندگی گزارنی پڑ گئی ۔ گزارا کرنا آیا
جالے : گزر بسر کرے ۔ گزارے ۔
برداشت کرے
جالی : گزاری ۔ بسر کی
جالی : پھندا ۔ جال
جالیں : گزر بسر کے طریقے ۔ طرز ہائے بود باش
جاݨ : جان لے (فعل امر)
جاݨ : جان کر ۔ سمجھ کر
جاݨ پچھاݨ : جان بوجھ کر ۔ جان کر ۔ اور
پہچان کر
جاݨ سنجاݨ : جان لے ۔ اور پہچان لے ۔
جان پہچان

جاݨاں : میں جانوں
جاݨدی : جانتی
جاݨن : وہ جانیں (مجازاً وہ جانتے ہیں)
جاݨݨ : جاننا (مصدر)
جاݨم : مجھے جانے
جاݨے : جانے
جاݨیں : تم جاننا ۔ تم جانو
جاوݨ / جانوݨ : پیدا ہونا ۔ پیدا کرنا ۔ پیدائش
جانوݨ لا (دی یا دا) : پیدائش کے وقت سے
جائی ہم : میں پیدا ہوئی تھی
جائی : بیٹی
جائی : جم گئی
جایاں کوں : اولاد کو
جایم : میں پیدا ہوئی
جتوسے : ہم نے جانا
جٹیاں : جاٹ عورتیں ۔ دیہاتی عورتیں
جر : ایک قسم کا قیمتی کپڑا ۔ سخت تار کی جالی
جر بگھ : دھاری دار جالی ۔ یہ بھی ایک قیمتی
کپڑے کی قسم ہے
جڑھ : جڑ
جلدی : روانہ ہوتی ۔ چل پڑتی
جلساں : میں چلوں گی

جلوٹیں : جال کے چھوٹے درختوں میں

جلے : چلے ۔ ہمراہ جائے

جلیساں : گزر بسر کروں گی ۔ گزاروں گی

جماں : پیدا ہونا

جمدے : پیدا ہوتے (ہی)

جمدے ویلے : پیدا ہوتے وقت

جمدیں : پیدا ہوتے ہی

جنے / جنیں : شخص (مونث)

جول : چال ۔ طریقہ ۔ طرز

****

چ

****

چا : امدادی فعل جو تاکید کے معنوں میں مستعمل ہے ۔ مثلاً اے کم کر چا : یہ کام کر دے ۔ التجا ۔ تاکید اور اصرار کے لئے بولتے ہیں ۔ نیز اپنی بیچارگی اور دوسرے کی زیادتی کے لئے بطور حرف تاسف بھی استعمال ہوتا ہے ۔ اس کے لفظی معنے ہیں "اٹھا" ۔ (فعل امر)

چا : اٹھا کر

چاتم : میں نے اٹھایا

چاتو : تو نے اٹھایا

چاتے : اٹھا کے

چاتی : اٹھائی

چاٹ : تھپڑ ۔ چپت ۔ چسکا

چاٹے : چاٹی جانے والی ادویہ

چاٹیاں : بڑے بڑے پتھر ۔ پتھروں کی سلیں

چاچڑ : ضلع رحیمیار خان کے ایک قصبے کا نام جہاں خواجہ فرید پیدا ہوئے ۔ آپ کے بزرگوں نے سندھ سے نقل مکانی کر کے یہاں توطن اختیار کر لیا تھا

چاچے : چچے

چار : چار

چاراں : میں چراؤں

چارو : چرانے والا ۔ چرواہا

چاروں : ہم چرائیں

چارہی / چہری : لذیذ ۔ انوکھی ۔ عمدہ

چارے : ریگستانی راستے ۔ مویشیوں کی گزر گاہیں ۔ وہ عارضی راستے جو مویشیوں کی آمدورفت سے بن جاتے ہیں ۔ یہ راستے ویران اور بے آب و گیاہ ریگزاروں میں پانی کے کسی جوہڑ یا آبادی کے کہیں قریب ہونے کا پتہ دیتے ہیں ۔ چارھے بھی بولتے ہیں

چارے : چاروں

چارے طرفوں : چاروں طرف سے

چاریندس : (سندھی) چراویں گی

چاڑھ ڈکھانواں : چڑھا دکھاؤں

چاڑھن توڑ : آخر منزل تک بخیر و خوبی پہنچا دیں

چاڑھے توڑ : آخر منزل تک بخیر و خوبی پہنچا دے

چاڑھیں : تم پہنچانا ۔ (فعل امر) لفظی معنے تم چڑھانا

چاڑھیاں : چڑھائیاں

چاشنی : لذت ۔ ذائقہ

چاک : نوکر ۔ مال مویشی چرانے والا

چاک : زخم

چال : چال ۔ روش

چالا : چال ۔ انداز ۔ طور طریقہ

چالاں : چالیں (جمع)

چالوں : چال سے

چالے : چالبازیاں ۔ چالاکیاں ۔ طور طریقے

چالیں : چالیں

چالی : رنگ ڈھنگ ۔ طور طریقے ۔ انداز

چاند : چاند

چانڈنی رات : چاندنی رات

چانڈنیاں / چاندڑیاں : چاندنی (جمع) ۔ روشنیاں

چانگاں : چارہ ہائے کار ۔ تدبیریں

چانگے : مویشیوں کے گلے ۔ بھیڑ بکریوں کے بچے ۔ چانگھے بھی بولتے ہیں ۔ چھانگ

چانگھے : آثار ۔ نشانیاں

چانوٹیاں چاوے : دلی جذبات کو بھڑکائے ۔ امنگوں کو ابھارے

چاوے : اٹھائے

چاہ : چاہت ۔ طلب ۔ محبت ۔ لگاؤ

چاہاں : میں چاہوں ۔ (چانہاں بھی کہتے ہیں)

چاہت : چاہ ۔ محبت ۔ طلب ۔ آرزو

چاہے : چاہے ۔ طلب کرے

چاہیں : تم چاہو

چاہیں : چاہ کی جمع (چاہتیں)

چائی : اٹھائی ۔ گود میں لی ہوئی

چائے : اٹھائے

چائیں : اٹھانا (فعل امر)

چایا : اٹھایا

چایم : میں نے اٹھایا یا اٹھائی (میم فاعلی ہے)

چایم : نے مجھے اٹھایا ۔ (میم مفعولی ہے)

چائیاں : اٹھائیں

چایو : تم نے اٹھا لیا ۔ مثلاً دل چایو : تم نے دل اٹھا لیا ۔ یعنی تم برگشتہ خاطر ہو گئے

چپولا : شیریں گفتاری ۔ میٹھا بول

چپولے : میٹھے بول ۔ چپولا کی جمع
چبھدی : چبھتی
چبھدے : چبھتے
چبھڑی : چبھی ہے
چبھڑے : چبھ گئے
چبھم : مجھے چبھے
چبھن : چبھیں
چبھیندیاں چوکاں : نوک چبھوتی (ہیں) ۔
کچوکے لگاتی ہیں
چپ : (ف) بایاں
چُپ: چپ ۔ خاموش
چپ چاپ : بالکل خاموش ہو کر
چپولا : میٹھا بول
چپیٹے : تھپیڑے
چت : خبر ۔ ہدایت
چتر : چتر ۔ چھتری ۔ چھاتا
چتراں : نقش بناؤں ۔ لکھوں
چترے : چیتے
چتوسے : ہم نے اٹھایا
چترانگ : ریگستانی چھوٹے چھوٹے میدان ۔
ٹیلوں کے میدان کے میدانات
چتوئی : تو نے اٹھایا

چٹ : چٹیل زمین ۔ بے آب و گیاہ زمین
چٹ تھئی : برباد ہوئی ۔ تباہ ہوئی
چٹکے : چرچے ۔ تماشے (لٹکے بھی بولتے ہیں)
چٹڑی : ضرب خوردہ ۔ مضروب ۔ جسے نشانہ
بنایا گیا ہو
چٹڑے : سفید ۔ چٹے کی تصغیر
چنریاں : سفید (جمع مونث)
چٹڑے : ضرب خوردہ ۔ ضرب کے نشانات
چٹی : کا نشانہ بنی ۔ مضروب ہوئی
چج : کمزور آدمی اپنے سے زیادہ طاقتور کے
ساتھ مقابلہ کرنے پر اصرار کر رہا ہو تو اس
ہٹ اور اصرار کو چج کہتے ہیں ۔ جھوٹی تمکنت
چچوتے : ریگستانی پرندے جو برسات میں خوش
ہو کر گاتے ہیں
چچکاٹاں : چوچک کا
چر : دیر
چُراں : جھریاں ۔ چری کی جمع جس کے معنی
ہیں جھری ۔ چھوٹی نالی
چرایو : تم نے چرایا
چرجگ : چار زمانوں تک ہمیشہ
چرچے : رونقیں ۔ ہنگامے ۔ چرچے
چردی : چرتی ۔ کھائے جاتی

چڑدے : چڑتے

چڑکھا : چرخہ

چرَن : قدم ۔ پاؤں

چرِن : چرّیں

چری : دیوانی

چریاں : دیوانی (جمع) ۔ حواس باختہ

چریساں : میں چراؤں گی

چڑھ گیا : دریا طغیانی میں آگیا

چڑنگ : چنگاری

چڑھ : چڑھ جا ۔ چڑھ کر

چڑھا : چڑھا

چڑھاں : میں چڑھوں

چڑھانون : وہ چڑھائیں

چڑھایو : تم نے چڑھایا

چڑہ چڑہ : عذاب میں مبتلا ہو کر

چڑھدی : چڑھتی ۔ زیادہ ہوتی ۔ بڑھتی

چڑھدیں : چڑھتے ہوئے

چڑھ گیا : زیادہ ہو گیا ۔ چڑھ گیا ۔ (دریا)

چڑھم : مجھ پر طاری ہو جائے

چڑھنا پووم : مجھے چڑھنا پڑ جائے

چڑھن شکار : شکار پر روانہ ہوں ۔ شکار پر چڑھائی کریں

چڑھے : چڑھے

چڑھیا : چڑھا

چڑھیسوں : ہم چڑھائیں گے ۔ ہم لگائیں گے

چس : مزا ۔ لذت ۔ چسکا

چس رس : آسائش ۔ مزا ۔ میٹھا مزا ۔ لطف

چست : چست ۔ پھرتیلا ۔ تیار ۔ تیز ۔ صحتمند

چشم : آنکھ

چشماں : آنکھیں ۔ آنکھوں نے

چِک : ایک ریگستانی پودا

چک : دانتوں سے کاٹنا

چِکائے : چیخیں

چکائے : زخم لگائے ۔ زخموں سے خون جاری کیا

چک پیندی ہے : دانتوں سے کاٹتی ہے

چِک چِل : دلدل : کیچڑ ۔ پھسلن

چِکدے : رستے ۔ خون بہاتے ۔ ٹپکتے

چکڑے : ختم ہوئے ۔ چکا دیئے گئے

چکدے چیر : بہتے ہوئے زخم

چک بک یا چک مک : دست و گریباں ۔ ہاتھا پائی

چک مک : چقماق پتھر جس پر لوہا رگڑنے سے آگ نکلتی ہے

چکنا چور : ریزہ ریزہ

چکور : ایک پرندہ جو چاندنی رات میں مست ہو کر گاتا ہے
چکوے : چکوا کی جمع ۔ برسات میں مست ہو کر گانے والے پرندے
چکوی : چکوا کی مونث
چکویاں : چکوی کی جمع
چکے : نبھ چکے ۔ ختم ہو چکے
چکیٹی : وابستہ ہوئی
چکھائی : چکھائی
چکھڑیم : میں نے چکھی
چکھن : چکھیں
چکھے : چکھے
چکھیاں : چکھ لی ہیں
چکھیم : میں نے چکھی
چکھیوسے : ہمیں چکھایا ۔ ہم نے چکھا
چگونہ : (ف) کیسا ۔ کس قسم کا
چلاندیاں : چلاتی (ہیں) جمع
چلاوے : چلائے
چلانون : وہ چلائیں ۔ چلائن بھی بولتے ہیں
چلانویں : تو چلائے
چلانودیاں : چلاتی ہیں ۔ اب واؤ کے بغیر بولا جاتا ہے

چلیا : چلا
چلائی : چلائی ۔ لگائی
چلدی : چلتی
چلایو : تم نے چلایا
چلائے : وہ چلائے
چلڑے : چلے ۔ "ڑ" تصغیر کی ہے
چلنڑ : چلنا (مصدر)
چلے : ملے
چلیندا : چلاتا
چُم : چوم کر
چم چائے : چوم کر اٹھالے
چم : چڑا
چڑا : چڑا
چکے : چکے
چناہوں : چناب سے
چنبلی : سفید رنگ کا ایک خوشبودار پھول ۔ ایک زیور کا نام
چنبھایا : چبھویا
چنبھیندیاں : چبھوتی ہیں
چند : خالص ۔ بے ریا
چندری : بدنصیب ۔ بد بخت
چندن ہیں : کسی پہاڑی نالے یا ندی کا نام ہے

چندن ہار : ایک زیور کا نام ۔ گلے میں پہننے کا طلائی یا نقرئی ہار

چنڈور : چنڈول ۔ برسات کے دنوں میں گانے والا ایک پرندہ

چنری : دوپٹہ (دیکھو چنری)

چنڑ : چن ۔ انتخاب کر

چنڑ : چن کر

چنڑ چنڑ : چنتے چنتے

چنڈیاں : چنتی (جمع) چنڈیاں رہندیاں : چنتی رہتی ہیں

چنڈیں : چنتے ہوئے ۔ چنتی ہوئی

چنٹی / چنٹیں : چنی

چنی : باریک ململ کا دوپٹہ جسے رنگ اور کلف دے کر چنتے ہیں ۔ چنتیوں والا دوپٹہ ۔ عروسی دوپٹہ

چنڑیا : چنا ۔ انتخاب کیا

چنکے : مویشیوں کے گلے میں بندھے ہوئے کانسی کے چھوٹے چھوٹے گھونگھرو

چنکیاں : چھوٹے گھنگھرو

چنکیں دے : چنکوں کی

چنگ : چنگاری

چنکیں : مویشیوں کے گلے میں بندھی ہوئی گھنٹیوں (نے ۔ کا ۔ کے ۔ کی وغیرہ)

چنڑ : چننا

چنڑوں : ہم چنیں

چنڑیا : چنا

چنگ : ایک ساز کا نام ہے ۔ جس کا سر جھکا ہوا ہوتا ہے

چنگارے : چنگاریاں

چنگھاڑے : چیخے ۔ چلائے ۔ مور کی آواز کو چنگھار کہتے ہیں

چنورے : گھاس پھوس کے چھپر

چنی : دوپٹہ ۔ اوڑھنی

چوانتی : سلگتی ہوئی لکڑی

چوب : (ف) لکڑی

چوتھے پہر دے : آخری پہر کے ۔ بڑھاپے کے

چوٹ : یہ لفظ " چٹڑ " مصدر کا حاصل مصدر ہے ، جس کے معنی ہیں نشانہ لگانا

چوٹک : چوٹ ۔ ضرب

چوٹیاں : بالوں کی چوٹی

چُوچک : ہیر کا باپ

چوچک : چوچکی لانوڑ محاورہ ہے ۔ جس کے معنی ہیں بھڑکانا ۔ اکسانا ۔ کان بھرنا وغیرہ ۔

چغلیاں کھانا ۔ بہتان لگانا

چُوچی لا اڑا : چوانتی لگا کر آگ بھڑکا دے ۔
چوچی کے معنی چنگاری ہیں ۔ لا معنی لگا ۔ اڑا
کے معنی بھڑکا

چودھار : چاروں طرف ۔ دھر کے معنی طرف
اور سمت کے ہیں ۔ ادھر ۔ ادھر ۔ جدھر ۔
کدھر وغیرہ میں یہی دھر مرکب ہے ۔
چودھری وہ شخص ہے جو چاروں طرف دیکھ
بھال کرے اور اپنی قوم کی حفاظت کرے

چور : چور ۔ چوری کرنے والا

چُور : ٹکڑے ٹکڑے ۔ چکنا چور

چوراسی : چوراسی ۔ چار اور اسی

چورنگ : لکڑی کا وہ تختہ جس کو ہدف بنا کر
تیر اندازی کی مشق کی جاتی ہے

چوری : چوری

چُوری : ملیدہ ۔ روٹی گھی اور شکر کا ملیدہ کرنا

چُوریاں : ملیدہ ۔ چُوری کی جمع

چوریوں : چوری سے

چُوز : پورے بازو کی چوڑیاں ۔ بازو بند

چوڑ : چوڑ چپٹ ۔ تباہ حال ۔ خراب و خستہ

چُوزا : چوڑیوں کا سیٹ جو کہنی تک پہنتے ہیں

چُوڑے بیڑے : چوڑیاں اور ہاتھی دانت کے
بنے ہوئے بند جو بازوؤں میں ڈالے جاتے ہیں
۔ پورے بازو کی چوڑیاں

چوڑی : چوگنی

چوڑیلی : چوڑے والی (دیکھو بانھ چوڑیلی) وہ
بازو جو پوری طرح چوڑیوں سے بھرا ہوا ہو ۔
کلائی سے کندھے تک ہاتھی دانت کی چوڑیاں
پہننے کا رواج تھا

چوڑیلیاں : چوڑیلی کی جمع ۔ چوڑیوں والیاں

چوطرفوں : چاروں طرف سے

چوک : کچوکا

چوکاں : کچوکے ۔ چوک کی جمع ۔ زخم ۔ صدمے

چوگوٹھ : چاروں طرف ۔ چاروں کونوں میں ۔
ہر جگہ

چول : کو متحرک کر ۔ برانگیختہ کر ۔ چھیڑ

چول : بلاوے

چولا : لمبا کرتا

چولی : چولا کی تصغیر ۔ کرتی

چولے : چلائے ۔ متحرک کرے ۔ چھیڑ دے

چولے : چولا کی جمع ۔ چولے میں ۔ جامے میں

چولے انگ نہ مانواں : جامے میں پھولی نہ
سماویں ۔ بہت خوش

چولے انگ نہ مانون دے : خوشی سے پھولا
نہ سمانے کے (دن)

چولی دی تئیں / تنّی : چولی کی تنی ۔ معمولی سی
چیز ۔ حقیر چیز
چولستان : روہی کا علاقہ ۔ ریگستانی علاقہ
چوں : (ف) کیسا ۔ جب ۔ کب
چونبھ کلی : گلے کا ایک زیور ۔ چونب کلی
بھی کہتے ہیں
چوہیندس : (سندھی) کہتی ہوں
چونڈھی : چٹکی بھرنا
چونڈھیاں : چونڈھی کی جمع ۔ چٹکیاں
چوہنکار : پرندوں کی چوں چوں ۔ چہچہاہٹ
چہ : (ف) کیا
چہری / چاہری : لفظی معنے ہیں تیز مسالے دار ۔
چٹپٹی چیز ۔ مجازاً لذیذ ۔ عجیب ۔ انوکھی ۔ مزیدار
چہندے / چاہندے : چاہتے ۔ خواہش کرتے
چہیں : تو چاہے
چہیندا : چہیتا ۔ پیارا ۔ بہت زیادہ چاہا
جانے والا
چہیندے : چہیتے دوست نے
چیتا : چیتا
چیتر : چیت کا مہینہ ۔ بہار کا موسم
چیچی ٹھول : چھنگلیا کی موٹائی کے برابر
چیر : چیر کر

چیر : زخم ۔ شگاف
چیر : عبور کر کے ۔ گزر کر
چیرے : زخم
چیز : چیز ۔ شئے
چیساں : میں اٹھاؤں گی
چیکاں : چیخیں ۔ فریادیں
چیکن : وہ چیخیں
چیلا : ہندو پنڈت کا شاگرد ۔ مرید ۔ ججمان
(دیکھو ججمان)
چین : آرام ۔ سکھ ۔ چین ۔ قرار
چین : چین کا ملک
چینچل : چلبلا ۔ شوخ ۔ طرار
چیہے : ریگستانی پرندے جو برسات میں خوش
ہو کر گاتے ہیں ۔ چانبہ چیہا یا چہا اس کا نام
ہے ۔ چیہے "چہا" کی جمع ہے

****

ح

****

حاجب : (ع) چھپانے والا
حاجت : (ع) ضرورت
حادث : (ع) پیدا کرنے والا ۔ قدیم کی ضد
حاصل : (ع) مل جانے والی چیز ۔ حاصل

ہوا ۔ مل گیا

حاضر : (ع) جو موجود ہے ۔ تو اور تم کے ضمائر

حاکم : (ع) حکم دینے والا

حال : (ع) حال ۔ حالت ۔ کیفیت ۔ رقص و وجد ۔ عشق و محبت ۔ ذکر ۔ جذبہ الٰہی ۔ رقت ۔ حال کنوں بے حال تھیوٹ محاورہ ہے جس کے معنی ہیں بد حال ہونا ۔ خستہ و خراب ہونا

حال مقام : تصوف کی اصطلاح میں مقام حال و جذب و شوق جس مقام پر پہنچ کر سالک پر تمام اسرار اور رموز کھل جاتے ہیں ۔ یہ مقام کثرت ذکر و فکر سے حاصل ہوتا ہے

حالوں : حال سے

حال ونجاواں : اپنا حال برا کروں ۔ اپنی حالت بگاڑوں

حال ونڈاوے : خیر و عافیت معلوم کرے ۔ حال احوال پوچھے ۔ دکھ سکھ کی کہانی سنے

حال ونڈاؤ : حال احوال دریافت کرنے والی ۔ بِپتا سننے والی ۔ ہمدرد

حاوی : (ع) حاوی ۔ غالب

حب : (ع) محبت

حباب : بلبلہ

حبیب : (ع) دوست

حج : حج

حجاب : (ع) پردہ

حجاج : (ع) حج کا فریضہ ادا کرنے والے لوگ ۔ حاجی کی جمع

حجاز : (ع) ملک عرب

حجازی : حجاز سے تعلق رکھنے والا ۔ عربی

حجب : پوشیدگی ۔ پردہ ۔ خفیہ اسرار

حد : حد ۔ آخری کنارہ ۔ انتہا

حدّے : حدّے میں

حدیث : حدیث ۔ بات ۔ آنحضرت صلعم کے افعال و اقوال

حرف : کسی زبان کی وہ آوازیں جن کے ملنے سے الفاظ بنتے ہیں ۔ نیز وہ غیر مستقل کلمات جن کے معنی دوسرے الفاظ کے ملانے کے بغیر مفہوم نہ ہوں

حرکات : حرکت کی جمع ۔ حرکتیں

حرم : کعبہ شریف اور اس کا احاطہ

حرم اللہ : اللہ تعالیٰ کا کعبہ ۔ کعبے کا صحن ۔ اللہ کا گھر ۔ مرکز انسانیت

حرمل : حرمل ۔ اسپند ۔ جسے آگ میں ڈالیں تو چٹخ جاتا ہے اور آواز دے کر جلتا ہے

شعرا نے اس چٹخنے کو اضطراب اور تڑپنے سے تشبیہ دی ہے

حریم : احاطہ

حزن : رنج والم

حسرت : حسرت ۔ ارمان

حسرت : حسرتیں ۔ حسرت کی جمع

حسن : نبی اکرم صلعم کے نواسے حضرت امام حسنؓ

حسن : خوبصورتی ۔ حسن و جمال

حسن آباد : حسن سے معمور دنیا.جہان جس میں ہر جگہ حسن ہی کی جلوہ گری اور فرمانروائی ہو

حسن پرستی : حسن کی پرستش کرنا

حسن جمال : حسن و جمال ۔ خوبصورتی

حسن نگر : محبوب کا وطن ۔ دیار حبیب

حسن نمائی : حسن کی نمائی کرنا

حسنات : اچھی اچھی چیزیں ۔ نیکیاں ۔ عامتہ الناس کی بہبود کے کام ۔ فلاح انسانیت

حسناتاں : حسنات کی جمع

حسنین : حضرت امام حسنؓ اور امام حسینؓ

حشر : انجام ۔ قیامت ۔ تادم روز حشر کے معنی قیامت کے دن تک

حصے : حصے (میں)

حضرت : حضرت ۔ اولیاء اللہ کے نام سے پہلے احتراماً لگاتے ہیں

حضور : حضوری ۔ موجودگی ۔ حاضر رہنے کی حالت

حق : حق ۔ سچائی ۔ حقیقت

حقائق : حقیقتیں

حقائق دان : حقیقتوں کے جاننے والے

حق ہمسائے : قریبی ہمسائے جو خوشی اور غمی میں برابر کی شرکت کا حق رکھتے ہیں

حقیقت : حق بات ۔ اصلیت ۔ کسی شئے کی ذات کا ہونا اور اصل ماہیت

حقیقی : حقیقت سے متعلق ۔ اصلی

حکم : حکم

حکمات : محکمات ۔ محکم اصول و ضوابط

حکمیں : حکماً ۔ لازماً ۔ حتمی طور پر

حل : حل ۔ عقدہ کشائی

حمد : اللہ تعالیٰ کی توصیف بیان کرنا

حمیلاں : حمائل کی جمع ۔ گلے میں ڈالنے کے زیور ۔ سونے کی مالائیں

حنفی : حضرت امام ابو حنیفہ کے مکتب فکر کے پیرو کار

حوا : زوج آدم

حواس : حس کی جمع ۔ حواس خمسہ یعنی چھونے چکھنے سونگھنے سننے اور دیکھنے کی صلاحیتیں

حور : حور
حوراں : حوریں
حوصلہ : حوصلہ ۔ برداشت کرنے کی قوت
حویلی : صحن ۔ بڑا مکان
حویلیاں : حویلی کی جمع ۔ بڑے بڑے مکان ۔ بڑے صحن
حیا : شرم و حیا
حیاتی : زندگی
حیران : حیران ۔ متحیر
حیرانی : حیران ہو کر ۔ متحیر
حیرت : حیرانی ۔ تعجب
حیلا : حالت
حیلہ : کوشش ۔ تردد
حیلہ سازی : لفظی معنے بہانے بنانا ۔ لیکن سرائیکی میں اس کے معنی ہیں چارہ گری ۔ علاج ۔ تدبیر
حیلہ کریں : تم کوئی تدبیر کرنا ۔ کوشش کرنا ۔ علاج کرنا ۔ (فعل امر)
حین : وقت ۔ لمحہ بھر
حیوان : حیوان ۔ جانور ۔ زندہ مخلوق

****

خ

****

خار : کانٹے
خاشاک : گھاس پھوس تنکے وغیرہ ۔ کوڑا کرکٹ
خاص : عام کا ضد ۔ ذاتی ۔ مخصوص
خاصے : خاصا ایک قیمتی کپڑے کا نام ہے ۔ خاصے اس کی جمع ہے
خاطر : لفظی معنے دل ۔ تواضع مدارات کے لئے
خاک : خاک ۔ مٹی
خال : خال ۔ تل
خالص : پاک صاف ۔ آلائشوں سے مبرا ۔ پاکیزہ ۔ غیر ملوث ۔ بے کدورت
خالق : پیدا کرنے والا
خالی : خالی ۔ بے مصرف ۔ بغیر استعمال کے ۔ پاک صاف
خاموش : چپ چاپ
خان : خان
خان پنل : پنوں خاں
خانے : خانہ میں ۔ ٹھیک مقام پر ۔ صحیح حالت یا مقام پر
خاوند : مالک ۔ خاوند ۔ آقا

خبر : خبر ۔ اطلاع ۔ احادیث اور آیات

خبراں : خبریں ۔ خبر کی جمع

ٹھٹ باز : گپیں ہانکنے والے ۔ مسخرے

خدا : خدا

خدائی : خدا کا ۔ خدا کی حکومت

خدایا : اے خدا ۔ (الف ندائیہ ہے)

خدشات : خدشہ کی جمع ۔ ڈر ۔ خوف ۔ اندیشے

خدنگ : اصل میں اس درخت کا نام ہے جس کی لکڑی سے تیر بنائے جاتے تھے ۔ مجازاً تیر

خراب : خراب ۔ برا ۔ ویران شدہ

خراب آباد : دنیا ۔ خرابیوں کا گھر ۔ ویران دنیا

خرابی : خرابی ۔ ویرانی ۔ برائی

خراج : خراج

خراماں : خرام ہائے ناز

خراماں : خرام (کے ۔ نے ۔ سے وغیرہ)

خرائیتی / خرچی : مفت کے ۔ صدقے قربانی کے

خربوزے : خربوزے

خرچ : خرچ

خرقہ : صوفیوں کی گودڑی ۔ درویشی لباس

خروش : نعرہ ۔ شور

خرید : خرید کیا ۔ بکا ہوا ۔ دید خرید کے معنے ہیں نگاہ ناز کا خرید کیا ہوا ۔ نظر کرم کے ہاتھوں بکا ہوا

خزاں : پت جھڑ کا موسم

خس : تنکا ۔ تھوڑا سا

خسرو : ایران کا بادشاہ جس نے فرہاد کو مروا کر اس کی محبوبہ شیریں کو اپنے حرم میں داخل کر لیا تھا

خشک : خشک

خشکیاں : خشکیاں

خصائیں : خصلتیں ۔ اطور و عادات

خضر : حضرت خضر علیہ السلام جو گمراہوں کو رستہ بتاتا ہے اور جنہوں نے سکندر کی آب حیات تک رہنمائی کی ۔ لیکن آب حیات پینے نہ دیا

خطرات : خطرے

خطرے : خوف و خطر ۔ ڈر

خفقان : دل دھڑکنے کی بیماری

خفی : چھپے ہوئے راز ۔ مخفی اسرار ۔ جلی کا ضد

خلاف : مخالف ۔ ضد ۔ الٹ ۔ برعکس

خلت : محبت ۔ دوستی

خلط : طبیعت کا رجحان ۔ لفظی معنی ہیں ملی ہوئی چیز اطبا کے نزدیک انسان کے اندر چار

اخلاط ہیں یعنی سودا ۔ صفرا ۔ خون اور بلغم
خلعت : انعام ۔ تحفہ ۔ انعام کے طور پر یا
عزت افزائی کے لئے بادشاہوں کی طرف سے
دیا ہوا لباس
خلق : خلقت ۔ مخلوق ۔ لوگ
خلقائیں : پیار کے بھوکے ۔ خلق کے
گرویدہ ۔ وہ لوگ جو کسی کے خلق اور پیار کی
وجہ سے پڑے رہیں
خلقت : مخلوق ۔ عام لوگ ۔ اژدہام
خلوت : تنہائی
خلیل : حضرت ابراہیم علیہ السلام ۔ اللہ کا دوست
خماری : نشے میں مخمور
خمر: نشہ ۔ شراب
خنجر: خنجر
خنکی : لفظی معنی ٹھنڈک ۔ شادابی ۔ تر و
تازگی ۔ سرسبز ہونا ۔ شگفتگی
خنکی چائی : شگفتہ ہوئے ۔ سرسبز ہوئے ۔
کونپلیں پھوٹیں
خنکیاں : شادابیاں
خواجہ : شیخ ۔ بزرگ ۔ خواجہ خضر
خواجے : خواجہ کی جمع ۔ بزرگ
خوار : خوار و خستہ ۔ ذلیل و خوار

خواری : خستہ حالی
خواہ : خواہ ۔ چاہے
خواہش : خواہش ۔ آرزو ۔ چاہنا
خوب : خوب ۔ اچھا ۔ باافراط ۔ اچھی طرح
خوبی : اچھائی ۔ حسن ۔ وصف
خود : خود ۔ آپ
خودی : اپنی ذات کو ملحوظ رکھنا ۔ انانیت
خوش : خوش
خوشحالے : خوشحال ہے ۔ خوشحال ہو گئے ۔
آسودگی میں آگئے
خوشحالیاں : اچھے حال میں ہونا ۔ خوش و خرم
خوشی : خوشی مسرت
خوشیاں : خوشی کی جمع ۔ خوشیاں
خول : خول ۔ خود ۔ لوہے کی ٹوپی
خون : قتل
خویش : اپنے بزرگ ۔ خویش و اقارب ۔
رشتہ دار
خوئید : نو دمیدہ گندم ۔ گندم کے نرم نرم پودے
خیال : خیال ۔ تصور ۔ دھیان ۔ وہ قوت جو
صور محسوسات کو غائب ہو جانے کے بعد
بھی ذہن میں محفوظ رکھتی ہے
خیالوں : خیال سے

خیر: نیکی

خیرات: خیر کی جمع ۔ نیکیوں کے کام مال و زر کا رفاہ عامہ کے کاموں میں خرچ کرنا

****

د

****

دا: کا

داخل: داخل

دار: (ف) لاحقہ ۔ رکھنے والا

دار مدار: ذہنی کشمکش ۔ اضطراب

دار: سولی

دار: گھر ۔ نگری

دارد: (ف) رکھتا ہے

دارم: (ف) میں رکھتا ہوں

دار مداراں: ذہنی پریشانیاں ۔ تفکرات

داروں: دوائی ۔ دارو ۔ علاج

داریں: سولی پر

داغ: داغ (گل لالہ کے سینے کا داغ)

داغہا: (ف) داغ کی جمع

داس: داس ۔ غلام ۔ چیلا

دالکھ: ***

دام: جال ۔ پھندا

داماں: دام کی جمع ۔ پھندے

دامن: دامن ۔ پلو

دان: (ف) لاحقہ ہے ۔ جاننے والا

دانا: جاننے والا ۔ دانا ۔ سیانا

دائیں: دانے

داگ: داغ ۔ دھبہ

وائی: دائی ۔ آیا ۔ کھلائی

دائیاں: دائی کی جمع ۔ دائیاں

دخل: اندر آنا ۔ داخل ہونا ۔ مداخلت کرنا ۔ دخل دینا

در: (ف) میں

در: (ف) دروازہ

دُر: موتی

در بر: بغل میں

دریوں: ریگستان کے آباد و سرسبز مقامات

درجات: درجہ کی جمع ۔ مراتب ارتقا ۔ ترقیاں

درد: درد

درداں: درد (جمع) نے ۔ دکھوں نے

درد اندوہ بھری: درد و غم سے بھری ہوئی پردرد

درداں ماری: رنج والم کی ماری ہوئی ۔ کشتۂ الم

درداں مٹھی: غموں کی برباد کی ہوئی

درد پرستی: دکھ درد کی پرستش ۔ درد عشق پر ۔

مر مٹنا

درد منداں : درد مند کی جمع ۔ اہل درد ۔ عشاق

دردی : درد والی

دردوں : درد سے ۔ جذبہ عشق سے مغلوب ہو کر

دردوں آلیاں : درد و الم سے تازہ اور شگفتہ ہونے والی (جمع)

دردیں پکڑی : گرفتار رنج و الم ۔ مصائب و آلام میں جکڑی ہوئی

دردیں بدھری : درد و الم کی باندھی ہوئی

دردیں ماری : درد والم کی ماری ہوئی ۔ کشتہ الم

درس / درسن : درشن ۔ دیدار ۔ (درسن بھی لکھا ہے)

درس : سبق ۔ درس قرآن

درسوں : درشن سے ۔ دیدار سے

درست : صحیح ۔ ٹھیک

درشن : دیدار ۔ جلوہ

درک : ادراک ۔ سمجھ بوجھ ۔ عقل و فہم

درکات : درکہ کی جمع ۔ درجہ کا ضد ۔ تنزل ۔ گر جانا

درکاتاں :تنزلیاں ۔ اتار

درماں : علاج ۔ چارہ گری

درملدی : درماندہ کی تانیث ۔ تھکی ہاری ۔ خستہ حال ۔ نڈھال

درملدے :تھکے ہارے

درمٹ : بدی ۔ برائی

درمل : دوا دارو ۔ علاج معالجہ ۔ درمان

درملڑے : درمل کی جمع اور تصغیر ۔ علاج معالجے

درملڑی : در آستان پر پڑی ہوئی ۔ در محبوب کا احاطہ کرنے والی ۔ در حبیب کو نہ چھوڑنے والی

دروہ : جھوٹ ۔ دھوکا ۔ کھوٹ نیز مکار ۔ بے وفا

دروہی : کسی بزرگ کے نام کا واسطہ ۔ قسم ۔ خدا نبی یا کسی بزرگ کا نام لئے بغیر اگر صرف اتنا ہی کہ دیا جائے کہ تمہیں دروہی ہے ۔ فلاں کام کرنا ہو گا ۔ تو دوسرے شخص کے لئے اس کام کی تکمیل ضروری ہو جاتی ہے

درے : پہاڑی درے

دریا : دریا

دریافت : پالینا ۔ حاصل کرنا

دریا نوش : دریا پی جانے والا ۔ بہت زیادہ طلب والے

دڑبڑ : دہشت ۔ رعب داب ۔ خوف و ہراس

دڑکائے : دھمکیاں دے

دڑکے : دھمکیاں ۔ دڑکے دیاپے محاورہ ہے

دڑپ : دھچکے ۔ ہچکولے

دست : ہاتھ

دست بدستی : ہاتھوں ہاتھ ۔ نقد ۔ اس ہاتھ دے اس ہاتھ لے

دستور : رواج ۔ طریقہ ۔ قانون

دستوں : ہاتھوں کے ۔ ہاتھ سے

دستہ : چوڑیوں کا مکمل سیٹ جو سالم بازو کو ڈھانپ لے

دسرت : راجہ دسرت ۔ رام چندر جی کے والد کا نام جو اجودھیا کے راجہ تھے

دشت : بیابان ۔ ریگستان

دشمن : دشمن

دعا : دعا

دعائیں : دعائیں

دعوات : دعائیں

دعوے : دعوے

دغا : مکر ۔ فریب ۔ دھوکا

دفتر : دفتر ۔ حساب کتاب کے کاغذات کا مجموعہ

دقائق : دقیقہ کی جمع ۔ باریک ۔ مشکل باتیں

دقیق : باریک ۔ مشکل امور ۔ نازک مراحل

دکن : ملک دکن ۔ جنوب ۔ دکھن

دکھ : دکھ

دکھ دکھ : سلگ سلگ کر

دکھانواں : سلگاؤں

دکھدا : سلگتا ۔ آہستہ آہستہ جلتا

دکھدی : سلگتی

دکھدیں : سلگتے ہوئے

دکھن : دکن ۔ جنوب

دکھیاری : دکھی ۔ درد مند

دکھیندا : سلگاتا

دوگانہ / دگانہ : دو رکعت نماز نفل

دوگانے / دگانے : دگانہ کی جمع ۔ نوافل جو نماز سے علیحدہ تشکر یا عبادت پڑھی جائیں

دلِ : دل ۔ یہ لفظ مونث استعمال ہوا ہے ۔ عام بول چال میں مذکر اور مونث دونوں طرح بولا جاتا ہے ۔ محبت یا جرات کے معنوں میں مونث آتا ہے

دَل : دل ۔ لشکر ۔ انبوہ کثیر

دلاں : دلوں کا (نے ۔ کو ۔ سے وغیرہ)

دلائل : دلیل کی جمع ۔ دلیلیں

دلاسے : دلاسے ۔ تسلیاں

دلبر : دلبر ۔ محبوب ۔ دل لے جانے والا

دلبردی : از خود اور اپنی مرضی سے کنیز بننے والی

دلے : فریب ۔ دھوکے

دل بھاندا : جو دل کو بھا جائے ۔ دلپسند ۔ محبوب

دل تنگ : تنگ دل ۔ کوتاہ دل

دل جانی : محبوب ۔ دل و جان کا مالک

دلجوئی : تسلی ۔ دلاسا ۔ ہمت افزائی

دلدار : محبوب

دلداروں : دلدار سے

دلڑوں : دل سے

دلڑی : دل کی تصغیر ۔ دل

دلڑیاں : دلڑی کی جمع ۔ دل ۔ روحیں

دل لٹڑی : جس کا دل لٹ چکا ہو ۔ جو اپنا دل لٹا چکی ہو

دل سنگ : سنگ دل ۔ پتھر کے دل والا

دل کالے : سیاہ باطن لوگ ۔ سیاہ دل کے

دلگیر : غمگین ۔ پریشان ۔ افسردہ

دل میلیاں : میلے دل والی ۔ کدورت رکھنے والی ۔ منافق

دل کیتیاں : اپنی مرضی کے کئے ہوئے کام ۔ دل کی خواہش کے کام

دلوں : دل سے

دلی : بھارت کا مشہور شہر

دلے : (ف) ایک دل

دلیاں : دل ۔ دل کی جمع

دلیں : دل کی جمع ۔ دلوں (کو ۔ کا ۔ نے ۔ سے وغیرہ)

دم : درویشوں کا نعرہ ۔ دم بہاوالحق یا دم مست قلندر

دم : (ف) وقت ۔ لمحہ ۔ تادم روز حشر ۔ قیامت کے دن کے لمحے تک

دم : سانس

دم : ذات ۔ وجود

دم بھروں : سانس لوں ۔ بیان کرنے کی جرات کروں

دم جیندیں تائیں : جب تک سانس جاری ہے ۔ تادم حیات

دم دم : دم بدم ۔ لمحہ بہ لمحہ ۔ لحظہ لحظہ ۔ ہمیشہ

دم دم : سانس سانس کے ساتھ ۔ ہر سانس کے ساتھ

دم قدم : حیات ۔ زندگی ۔ قدموں کی برکت ۔ وجود کی برکت ۔ قدم اور وجود یعنی ذات ۔ ہستی

دم مست قلندر : شیخ عثمان نامی علاقہ سیہون (سندھ) کے مشہور خدا مست صوفی کا نعرہ

دماغ : دماغ

دن : دن

دن رین : دن رات

دنڑے : دن کی تصغیر اور جمع ۔ دن

دنّی / دڈیں تھئے : دھم سے گرے

دنیا : دنیا

دنیا دار : اہل دنیا ۔ اہل زر ۔ اہل ثروت ۔

دو : کی طرف

دوارہ : دوارہ ۔ ہندوؤں کی عبادت کی جگہ ۔

مندر ۔ بتکدہ

دوارے : دوارے میں ۔ دوارہ کی جمع ۔ مندر

دوام : ہمیشہ ہونا

دُود : (ف) دھواں

دَور : دور ۔ چکر ۔ گردش

دُور درازی : دور دراز ہونا ۔ دوری ۔ فاصلہ

دُور : دور

دَورہ : وقت ۔ زمانہ ۔ دور

دُوروں : دور سے

دُوری : دوری ۔ فاصلہ ۔ دور ہونا

دَورے : دورے

دَوڑوں : دوڑوں

دوزخ : دوزخ ۔ جہنم

دوست : دوست ۔ یار ۔ ہمدم

دوش : (ف) کندھے پر

دول : ڈھول ۔ بد نامی کی تشہیر کے لئے

ڈھول پیٹنا

دولت : دولت ۔ مال و دولت ۔ خزانہ

دونوں : ہر دو ۔ دونوں

دوہری : دوہری ۔ دگنی

دویت : دو کی پوجا ۔ توحید کے خلاف دوئی پرستی

دہشت : دہشت ۔ خوف ۔ ڈر

دہل : خوفزدہ

دہن : منہہ

دہو : (ہندی) دی

دے : دے

دی : کی

دے : کا ہے

دیاں : کی ۔ دی کی جمع ۔ پرانی اردو میں کیاں

دید : نظر ۔ نگاہ

دیداں : دید کی جمع ۔ نظریں ۔ نگاہیں

دیدار : (ف) دیدار ۔ نظارہ

دیدم : (ف) ہم نے دیکھا

دیدیں : آنکھوں میں

دیر : دیر

دَیر : بتکدہ ۔ مندر ۔ گرجا

دیرہ : ٹکانہ ۔ ڈیرہ

دیرے : ٹھکانے ۔ دیرہ کی جمع ۔ قیام گاہیں ۔ ڈیرے

دیروز : گزشتہ کل

دیری : دیرینہ ۔ پرانا

دیریں : (ف) قدیم ۔ دیرینہ

دیرے کیتے : مقیم ہوئے ۔ ڈیرے جمائے

دیرینے : قدیم ۔ پرانے ۔ دیرینہ کی جمع

دیسوں : دیس سے

دیکھو : دیکھو

دین : دین ۔ مذہب

دیندار : دیندار ۔ ایمان والے ۔ دین قیم کے ماننے والے

دینے لاڑ تے : دینے لاڑ پر ۔ دینا لاڑ خواجہ صاحب کے احباب میں سے تھا ۔ روہی کا رہنے والا تھا ۔ لاڑ اس کی ذات ہے

دیوانہ : دیوانہ ۔ فریفتہ

دیوانی : دیوانہ کی مونث ۔ دیوانی

دیوانے : دیوانے ۔ دیوانہ کی جمع

دیوانیاں : دیوانی کی جمع ۔ دیوانی ۔ عقل گم کردہ

****

ڈ

****

ڈراوے : ڈرائے

ڈوبتا ہے : ڈوبتا ہے

ڈول : طریقہ ۔ طرز ۔ انداز

****

ݙ

****

ݙا : ڈھنگ ۔ طریقہ

ݙات : عطیہ ۔ تحفہ ۔ جو چیز دی جائے ۔ ݙیوݨ (دینا) مصدر سے مشتق ہے ۔ دی ہوئی چیز

ݙاتے دی : داتا کی

ݙاج : جہیز

ݙاڈھا : سخت ۔ طاقتور ۔ زور آور ۔ شدید

ݙاڈھی : ڈاڈھا کی تصغیر ۔ زور آور ۔ سخت ۔ شدید

ݙاڈھے : ݙاڈھا کی جمع ۔ سخت ۔ شدید

ݙاکاں چاروں : اونٹوں کے گلے چرائیں ۔ مویشی چرائیں

ݙاگاں : اونٹنیوں کے گلے ۔ گلوں (کو ۔ سے وغیرہ)

ݙال : پھاڑ دے ۔ "ݙالݨ" مصدر کے معنے ہیں دلنا ۔ پھاڑ دینا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا

۔ دلیا کو " ڈالا " ۔ لکڑی پھاڑنے کو
" ڈالنڑ " اور دال کو " ڈال " کہتے ہیں
ڈالاں : میں پھاڑ ڈالوں
ڈالے : پھاڑ دے
ڈالٹ : دودھ پیتے بچوں کی غذا
ڈبھن : دوہی جائیں
ڈبھسن : دوہی جائیں گی
ڈت پت :
ڈترٹا : دیا ۔ " ڈتا " کی تصغیر
ڈترس : اس نے دیا ۔ ڑ تصغیر کا ہے ۔ اصل لفظ ڈتس ہے ۔ ڈیونڑ سے ماضی مطلق کا واحد غائب کا صیغہ ہے ۔ حروف فاعلی کے ساتھ پوری گردان اس طرح ہو گی
ڈتس (اس نے دیا) ، ڈتونے (انہوں نے دیا) ، ڈتو (تو نے دیا) ، ڈتوہے (تم نے دیا) ، ڈتم (میں نے دیا) ، ڈتوسے (ہم نے دیا)
ڈترم : میم فاعلی بھی ہے اور مفعولی بھی ۔ مجھے دیا یا میں نے دیا
ڈترئی : ڈتی کی تصغیر ۔ دی
ڈترے : ڈتے کی تصغیر ۔ دیئے
ڈتریں : دینے سے
ڈترو : تو نے دیا ۔ ڈتو کی تصغیر

ڈتس : اس کو دی
ڈت گھت : دینا لینا ۔ لین دین
ڈتم : میں نے دیا ۔ یا مجھے دیا ۔ میم فاعلی بھی ہے اور مفعولی بھی
ڈتوئَ : تو نے دیا ۔ یا دیئے ۔
ڈتونی : تو نے دیئے
ڈتوہی : تو نے دیا ۔ یا دیئے
ڈتی : دی
ڈتیاں : ڈتی کی جمع ۔ نے دی ہیں
ڈنکو : فریب ۔ جھوٹا وعدہ ۔ ڈٹ پھٹ بھی کہتے ہیں
ڈٹھا : میں نے دیکھا
ڈٹھڑا : ڈٹھا کی تصغیر
ڈٹھڑس : اس نے دیکھا
ڈٹھڑم : میں نے دیکھا
ڈٹھڑی : دیکھ لی
ڈٹھڑے : دیکھے
ڈٹھڑیاں : دیکھیں
ڈٹھڑے سوا : دیکھے بغیر
ڈٹھڑیں : دیکھنے سے ۔ دیکھتے ہی
ڈٹھم : میں نے دیکھا
ڈٹھوسے : ہم نے دیکھا

ڈوھڑی : کُھلی ہوئی ۔ قیمہ کی ہوئی

ڈر : ڈر ۔ خوف

ڈرانون : ڈرائیں

ڈراٹیاں : دیورانیاں ۔ دیوروں کی بیویاں

ڈردے : ڈرتے

ڈردیاں : ڈرتی ۔ (جمع)

ڈردے پے ڈر رہے ۔ فعل جاریہ کے لئے پیا بمعنی پڑا ئے مشتقات استعمال ہوتے ہیں ۔ اردو میں رہنا مصدر استعمال کیا جاتا ہے اور سرائیکی میں پڑنا ۔ ڈرݨ (ڈرنا) مصدر سے افعال جاریہ کی گردانیں اس طرح ہوں گی

ڈردا پے (وہ ڈر رہا ہے) ، ڈردے پین (وہ ڈر رہے ہیں) ، ڈردا پیں (تو ڈر رہا ہے) ، ڈردے پیو (تم ڈر رہے ہو) ، ڈردا پیاں (میں ڈر رہا ہوں) ، ڈردے پے ہیں (ہم ڈر رہے ہیں)

ماضی

ڈردا پیا ہا (وہ ڈر رہا تھا) ، ڈردے پے ہن (وہ ڈر رہے تھے) ، ڈردا پیا ہانویں (تو ڈر رہا تھا) ، ڈردے پے ہاوے (تم ڈر رہے تھے) ، ڈردا پیا ہم (میں ڈر رہا تھا) ، ڈردے پے ہاسے (ہم ڈر رہے تھے)

مستقبل یا احتمالی

ڈردا پیا ہوسی (وہ ڈر رہا ہو گا) ، ڈردے پے ہوسن (وہ ڈر رہے ہوں گے) ، ڈردا پیا ہوسیں (تو ڈر رہا ہو گا) ، ڈردے پے ہوسو (تم ڈر رہے ہو گے) ، ڈردا پیا ہوساں (میں ڈر رہا رہا ہوں گا) ، ڈردے پے ہوسوں (ہم ڈر رہے ہوں گے)

(نوٹ) :۔ فعل حال جاریہ کا صیغہ جمع متکلم بعض علاقوں میں ڈردے پے ہیں کی بجائے " ڈردے پیئوں " بولا جاتا ہے ۔

ڈرسوں : ہم ڈریں گے

ڈرے : ڈرے

ڈریسوں : ہم ڈرائیں گے

ڈریندی ہے : ڈراتی ہے

ڈڑاپڑے : ڈراپے کی تصغیر ۔ ملامتیں ۔ طعنے مہنے

ڈڑاپے : ملامتیں طعن و تشنیع وغیرہ ۔ یہ لفظ ڈڑھاپے ہے ۔ جو ڈوڑھے ہاپ کی مخفف صورت ہے ۔ ہاپ کے معنی ہیں ۔ مستوجب ۔ (سزا کے) لائق وغیرہ ۔ ڈوڑھے کے معنی ہیں اذیتیں ۔ ڈوڑھے ہاپ کے معنی ہوئے اذیتیوں کے مستوجب قرار دینا ۔ لہذا

وہ باتیں جو روحانی اذیت اور ذہنی کوفت کی موجب ہوں ڈڑاپے ہوں گے۔

ڈِس : بتا

ڈِس : خبر۔ اطلاع

ڈِس :تنبیہہ۔ نصیحت

ڈِساں : میں بتاؤں

ڈِسدا : دکھائی دیتا ۔ ڈیکھݨ (دیکھنا) مصدر کا مجہول ڈِسݨ ہے ۔ جس کے معنے ہیں دیکھا جانا ۔ یہ لفظ اس مصدر سے ماضی احتمالی کا واحد غائب کا صیغہ ہے

ڈِسدا : بتاتا

ڈِسدے : نظر آتا ہے

ڈِسدیم : مجھے دکھائی دیتا ہے ۔ یہ فعل حال کا واحد متکلم کا صیغہ ہے ۔ پوری گردان اس طرح ہو گی

ڈِسدئس (اسے دکھائی دیتا ہے) ، ڈِسدینیں (انہیں دکھائی دیتا ہے) ، ڈِسدئی (تجھے دکھائی دیتا ہے) ، ڈِسدیوے (تمہیں دکھائی دیتا ہے) ، ڈِسدئم (مجھے دکھائی دیتا ہے) ، ڈِسدیسے (ہمیں دکھائی دیتا ہے)

ڈِسدی : دکھائی دیتی

ڈِسدے : دکھائی دیتے

ڈِسدیاں : دکھائی دیتی (جمع)

ڈِسدیم : مجھے دکھائی دیتا ہے

ڈِسک ڈِسک : سسکیاں لے لے کر

ڈِسم : مجھے دکھائی دے یا دیں

ڈِسن : دکھائی دیں

ڈِسے : دکھائی دے

ڈِسیجن : دکھائی دیں

ڈِسیجے : دکھائی دے

ڈِسیندی ہے : بتاتی ہے

ڈِسیندے :دکھائی دیتا ہے

ڈِسیوے :دکھائی دے

ڈُکھ : دکھ ۔ درد

ڈُکھ : دکھ دے (فعل امر)

ڈُکھا : دکھ والا ۔ مشکل ۔ سوکھا (آسان) کا ضد

ڈُکھاری : دکھ دینے والا

ڈُکھالی : جھلک

ڈُکھاں دا یا (دی) : دکھوں کا یا (کی)

ڈُکھاندی : دکھ دیتی

ڈُکھاندی ہے : دکھ دیتی ہے

ڈُکھانوم : مجھے دکھائیں

ڈُکھانون : دکھائیں

ڈُکھاوے : دکھ دے ۔ تکلیف دے

ڈکھایا : زخم کو چھیڑ دیا ۔ آزردہ کیا ۔ دکھ دیا

ڈکھایا : دکھایا

ڈکھائے : دکھائے

ڈکھائے : دکھ دے ۔ زخم کو چھیڑ دے ۔ درد کو اور زیادہ کرے

ڈکھے پینڈے : مشکل سفر ۔ دکھ دینے والے سفر

ڈکھاں : دکھوں (نے ۔ کا ۔ کی وغیرہ)

ڈکھاندے : دکھ دیتے

ڈکھائی : دکھائی

ڈکھایم : نے مجھے دکھائی

ڈکھدی : دکھ درد میں مبتلا رہتی

ڈکھدے : درد محسوس کرتا ہے

ڈکھدیں : مبتلائے درد ہو کر

ڈکھ رولی : دکھ درد کی آوارہ کی ہوئی ۔ دکھوں کی برباد کی ہوئی ۔ آشفتہ حال

ڈکھڑا : ڈکھا کی تصغیر ۔ مشکل ۔ دکھ درد والا ۔ دشوار

ڈکھڑے : دکھ درد (جمع) نیز دکھ دینے والا

ڈکھڑے تھلڑے : دکھ دینے والے ریگزار دشوار گزار ریگزار ۔ دکھ دینے والے ریگستان

ڈکھڑیاں : ڈکھری کی جمع ۔ دکھ دینے والی

ڈکھڑی : ڈکھی کی تصغیر ۔ دکھی

ڈکھڑیں : دکھوں (نے ۔ سے ۔ کو وغیرہ)

ڈکھڑیں کٹھڑی : دکھوں کی ذبح کی ہوئی

ڈکھڑیں لدڑی : دکھوں سے لدی ہوئی

ڈکھڑیں ماری : دکھوں کی ماری ہوئی

ڈکھلا : دکھا ۔ دکھلا ۔ (لام زائد ہے)

ڈکھلاوے : دکھلاوے ۔ دکھائے ۔ وہ دکھائے ۔ صرف دکھاوے کی چیزیں ۔ نمائشی چیزیں

ڈکھلائی : دکھائی

ڈکھلائے : دکھائے

ڈکھلایو : تو نے دکھایا

ڈکھن : دکھیں ۔ درد کریں

ڈکھ ویندی : لفظی معنی ہیں دکھ جاتی ۔ اس میں ڈکھ فعل ہے ۔ جس کا مصدر ڈکھݨ (دکھنا) ہے ۔ دکھتی

ڈکھی : دکھ دینے والی ۔ مشکل

ڈکھی دے : دکھیاری کے

ڈکھے : دکھ دینے والے ۔ مشکل ۔ دشوار

ڈکھے : دکھ دے ۔ تکلیف دے

ڈکھیاں راتیں : دکھ دینے والی راتیں ۔ مشکل سے بسر ہونے والی راتیں

ڈکھݨ : جنوب ۔ دکھن

ڈکھیندے : دکھاتے ۔ اور زیادہ دکھ دیتے

ڈکھیں دی : دکھوں کی

ݙلھ : مٹی کا ڈھیلہ

ݙمراں : ݙمر کی جمع ۔ فخر ۔ بڑائیاں ۔ غرور ۔
دھج

ݙند : دانت

ݙنگ : ڈنگ

ݙنگدیاں : ݙنگ سے اردو میں ڈسنا فعل بنایا گیا
ہے ۔ سرائیکی میں ݙنگݨ مصدر ہے جس سے
مزید افعال بنتے ہیں ۔ ݙنگدیاں کے معنے
ہوئے ڈستی ہیں ۔ ڈنگ مارتی ہیں

ݙنگڑی : ڈسی ہوئی

ݙنگڑی : ٹیڑھی ۔ ݙنگا کے معنے ٹیڑھا ۔ ݙنگ
ٹیڑھا پن

ݙنگڑے : ٹیڑھے ۔ بد وضع

ݙنگن : ڈسیں

ݙنگی : ٹیڑھی

ݙنگے : ٹیڑھے ۔ منحنی

ݙنگیندیں : ڈستے ہوئے

ݙو : کی طرف ۔ کی جانب

ݙو /ݙوں : دو

ݙوٹے : بد قماش ۔ بد اطوار

ݙوجھا : دوسرا

ݙوچاپے : منافق ۔ دونوں طرف کی بات
کرنے والے ۔ ظالم اور مظلوم دونوں کی
طرفداری کرنے والے

ݙور : ڈوری ۔ رسی ۔ پھندا

ݙور : بہرا پن

ݙوریے : ڈور یا ایک باریک کپڑے کا نام ہے ۔
دھاری دار ململ

ݙوڑا : دگنا

ݙوڑے : دگنے

ݙوڑھن : اذیت دیں

ݙوڑی : دگنی

ݙوڑے : دگنے

ݙوڑیاں : دگنی ۔ ڈوڑی کی جمع

ݙوڑھ : اذیتیں

ݙوڑھے : اذیت دے ۔ عذاب میں مبتلا کرے

ݙوڑھے : اذیتیں

ݙوڑھی : مبتلائے اذیت ۔ آزردہ (مونث)

ݙوڑھیاں : اذیتیں

ݙوس : دوش ۔ الزام ۔ تہمت ۔ گناہ

ݙولھیاں وٹیاں : آستینیں چڑھالیں

ݙوں : دو

ݙوں : کی طرف

ݙونگر : اونچی نیچی جگہیں ۔ دشوار گزار راستے ۔

چٹانوں سے بھرے ہوئے کوہستانی علاقے

ڈونگرے : دشوار گزار اور کٹھن راستے

ڈوہ : الزام ۔ تہمت ۔ پاپ ۔ گناہ

ڈوہاں / ڈونہاں : دونوں

ڈوہ ورائیں : بے قصور ۔ بغیر کسی الزام کے

ڈوہی : تہمتیں ۔ الزامات

ڈوہیں / ڈونہیں : دونوں

ڈوہیں دی : تہمتوں کی ۔ الزامات کی

ڈہاری : تہمتیں ۔ الزامات

ڈہاڑے : دن کی تصغیر اور جمع ۔ دن ۔ ایام

ڈہاڑے : تکلیفیں ۔ الزامات

ڈہاڑی : روز بروز ۔ آئے دن

ڈہاگ : سہاگ کا ضد ۔ بد بختی ۔ سہاگ کا اجڑ جانا ۔ بیوگی

ڈہاگاں : بد بختیاں

ڈہاگݨ : ڈہاگی کی تانیث ۔ بد بخت

ڈہاگی : بد بخت ۔ مصیبت زدہ

ڈہاوے : وہ برتن جن میں بھینسوں کا دودھ دوہا جاتا ہے

ڈہر : پھیلی ہوئی ریت کے وسیع میدان

ڈہوں : کی طرف سے

ڈہیلا : الزامات سے بھرا ہوا ۔ دکھی ۔ درد انگیز (مذکر)

ڈہیلی : دکھ درد میں مبتلا

ڈہیلیاں : دکھ درد ۔ الزامات ۔ تہمتیں

ڈہیلے : دکھ درد ۔ تہمتیں ۔ الزامات

ڈے : دے ۔ دے کر

ڈیڈھے : ڈیوڑھے

ڈیر : دیور

ڈیس : دیس ۔ ملک ۔ وطن

ڈیساں : دوں گی

ڈیسم : مجھے دے گا

ڈیسوں : ہم دیں گے

ڈیسیں : تو دے گا

ڈیکھاں : میں دیکھوں

ڈیکھاں : دیکھوں ۔ مجازاً خدا جانے ۔ خدا معلوم

ڈیکھݨ : دیکھنا ۔ مصدر ہے

ڈیکھݨ سیتی : دیکھتے ہی

ڈیکھیں : تو دیکھنا (فعل امر)

ڈیکھو : تم دیکھو (فعل امر)

ڈیکھوں : ہم دیکھیں

ڈیکھے : دیکھے

ڈیلھیاں : ڈیلھے ۔ سرخ رنگ کے میٹھے پھل جو کریر کے درخت پر لگتے ہیں

ڈیندا : دیتا

ڈیندے : دیتا ہے

ڈیندے : دیتے

ڈیندیں : تم دیتے ہو

ڈیندی : دیتی

ڈیندیاں : دیتی (جمع)

ڈین : ڈائن

ڈینیں : ڈائنیں

ڈیوم : وہ مجھے دے

ڈیوے : وہ دے

ڈیواں : میں دوں

ڈیون : وہ دیں

ڈیوم : مجھے دے ۔ مجھے دیں

ڈیوݨ / ڈیوݨ : دینا

ڈینہہ : دن

ڈینہاں : دن کے وقت ۔ دنوں میں

ڈینہو ڈینہہ : روز بروز ۔ ہر روز

ڈیہہ : (ڈول) : ڈہا کے معنی ہیں راستہ ۔ ڈیہے کے معنے ہوئے راستے کی طرف

ڈینہیں دے : دنوں کے

ڈینہہ اُبازیں مینہہ : باران رحمت کا انتظار

****

ذ

****

ذات : شخص ۔ وجود ۔ شخصیت ۔ انا ۔ خودی

ذاتاً : ذات کے لحاظ سے ۔ شخصاً

ذاتوں : ذات سے ۔ شخصیت سے

ذاتی : ذاتی ۔ شخصی ۔ ذات کی

ذاکر : ذکر کرنے والا ۔ ذکر صوفیا کی خاص اصطلاح ہے اورد و وظائف وغیرہ ۔ اسماء الحسنٰی کیمطابق اپنی ذات و صفات کو ڈھالنا ۔ اور ہر فعل و عمل میں صفات ربانی کو پیش نظر رکھنا

ذاکروں : ذکر اذکار سے ۔ ذکر کرنے والوں سے

ذاہل : (ع) بھولنے والے

ذبیب : ***

ذرات : ذرہ کی جمع ۔ ذرے

ذرہ : ذرہ ۔ ذرا بھر

ذری : تھوڑا سا ۔ قدرے ۔ ذرا سا

ذرے : ذرہ کی جمع ۔ ٹکڑے ۔ ریزے ۔ ذرات

ذرے ذرے : چھوٹے چھوٹے

ذکر : یاد کرنا ۔ یاد رکھنا ۔ استحضار ۔ پیش نظر رکھنا ۔ محبوب کے تصور کو مع ذات و

صفات کما حقہ پیش نظر رکھنا

ذکروں : ذکر سے

ذکریا : حضرت ذکریا علیہ السلام جنہیں منکرین نے آرے سے چیر دیا تھا

ذوات : ذات کی جمع ۔ ہر شئے کی ہستی اور حقیقت

ذوق : چکھنا ۔ لذت ۔ مٹھاس ۔ چاشنی

ذوقوں : ذوق سے ۔ لذت کی وجہ سے

ذوقی گھاتاں : میٹھے گیت

ذی شان : شان والا ۔ صاحب عزت

****

ر

****

را : (ف) کو ۔ کیلئے مثلاً خدارا

رابیل : ایک خوشبودار پھول ۔ موتیا ۔ رائے بیل

رات : رات

راتو رات : رات بھر میں ۔ رات رات میں

راتیں : راتیں

راج : راج ۔ حکومت ۔ سرداری

راجا : راجا

راج پیاٹاں : باپ کے گھر کی سرداری ۔ میکے کا راج ۔ باپ کے گھر کی حکومت

راج پیاٹیں : میکے کے راج (جمع)

راجر : راجپوتانے (بھارت) کے ایک علاقے کا نام

راجہ : راجہ

راجے : راجہ کی جمع ۔ راجے

راحات : راحتیں

راحت : آرام ۔ سکون ۔ راحت

راخس : راچھس یا راکش ۔ بلائیں ۔ ایذا رساں مخلوق

راچھس : ارواح خبیثہ جو برہما کے پاؤں سے پیدا ہوئے ۔ ان کی تین قسمیں بیان کی جاتی ہیں ایک آسمانی جو نیک ہیں ۔ دوسرے بھوت پریت اور جن وغیرہ ۔ تیسرے وہ جو دیوتاؤں کے دشمن ہیں اور انسانوں کو تکلیفیں دیتے ہیں

رادھی : لفظی معنے کاشت کی ۔ مجازاً اچھا سلوک کیا ۔ خاطر داری کی ۔ وفا کی ۔ محبت نبھائی

راڑا : شور کرنے والا ۔ رڑن مصدر کے معنی ہیں شور کرنا ۔ اونچی آواز سے بولنا یا چلانا یا رونا

راز : راز

راست : سچا ۔ سیدھا ۔ دایاں

راسخ : پکا

راضی : راضی ۔ رضا مند

رافت : محبت ۔ دوستی

راکھ : راکھ ۔ خاکستر

راکھوں : رکھوں

راگ رنگ : راگ رنگ ۔ گانا بجانا اور عیش و عشرت کرنا

رام : رام چندر جی جنہیں سوتیلی ماں نے جھوٹا الزام لگا کر بارہ سال کا بن باس دلا دیا تھا ۔ رام چندر جی ہندوؤں کے بہت بڑے اوتار مانے جاتے ہیں

رام دوارے : رام کے مندر (میں ۔ کا ۔ کے وغیرہ)

رام گنگ : رام کا دریا ۔ گنگا ہندوؤں کا متبرک دریا ۔ ہندو اپنے مردے جلا دیتے ہیں اور ان کی راکھ گنگا میں بہا دیتے ہیں

رانجھݨ : رانجھا ۔ محبوب ۔ (دیکھو رانجھن)

راند : کھیل ۔ خوش دلی کا مشغلہ ۔ تفریحی کھیل تماشا ۔ راند رچانوݨ اور راند رساوݨ کے معنی ہیں ۔ کھیل رچانا

رانداں : راند کی جمع ۔ کھیلیں ۔ تماشے

راݨاں / راݨا : رانا میندھرا جو مومل کا عاشق تھا ۔ مومل راݨو کی داستان علاقہ سندھ کی مشہور رومانی داستان ہے

راݨیں خان دے سالے : محاورۃً بولا جاتا ہے ۔ بڑے آدمی کے خویش و اقارب جو کام وغیرہ کچھ نہیں کرتے ۔ لوٹ کھسوٹ اور دھمکیوں کے ذریعے روپیہ بٹور لیتے ہیں ۔ اور اس طرح دہشت پھیلا کر اپنا الو سیدھا کرتے ہیں بڑے آدمیوں کے مصاحبین کے لئے تحقیراً بولا جاتا ہے ۔ ظالم ۔ مکار ۔ جفا پیشہ لوگ

رانجھن : رانجھا ۔ مشہور رومانی داستان ہیر رانجھا کا ہیرو ۔ مجازاً محبوب ۔ دوست

راول : راوے کا رہنے والا ۔ " راوا " دامن کوہ اور کوہستانی علاقے کو کہتے ہیں جو عام سطح زمین سے بلند ہوں ۔ راول کے نام سے رومانی داستانوں میں ایک دو نام آتے ہیں ۔ کسی نے رانجھا کو راول سمجھ لیا جو پہاڑی علاقے تخت ہزارے کا رہنے والا تھا ۔ کسی نے علاقہ تونسہ کی مشہور رومانی داستان " سمی " کے ہیرو کو راول بنایا ہے اور کسی نے راوٗ سے راول بنا کر رانا میندھرا کو راول سمجھا ہے راول کے لفظی معنے اوپر بیان ہو چکے ہیں مجازاً ہر محبوب کے لئے یہ لفظ استعمال ہوا ہے سخت دل محبوب ۔ بے وفا ۔

جفا پیشہ وغیرہ ۔ خواجہ صاحب نے یہ لفظ انہی معنوں میں استعمال کیا ہے ۔ مثلاً

گیا رول راول وچ روہ راوے

راولڑے : راول ۔ محبوب (نے ۔ کا ۔ کے ۔ سے وغیرہ)

راویں : راوے میں ۔ راوہ سخت پتھریلی زمین اور سطح مرتفع کو کہتے ہیں

راوے : راوے کا سخت پتھریلا علاقہ ۔ کوہستانوں میں ۔ بے آب و گیاہ ۔ پتھریلی سطح مرتفع میں

راہ : راستہ ۔ راستے میں ۔ مذکر بولا جاتا ہے

راہبر : رستہ دکھانے والا ۔ رہنما

راہوں : راستے سے

راہ ولڑی : راستے سے واپس آئی ہوئی

راہی : مسافر ۔ راہگیر

راہیں : راہ کی جمع ۔ راستے

راہیں : راہ پر ۔ راستے میں ۔ محاورۃً کی خاطر ۔ کیلئے

رائے : رائے

رب : رب تعالیٰ نے ۔ رب نے ۔ کائنات کی ربوبیت پرورش اور تربیت دینے والے نے

ربطوں : ربط سے ۔ کے تعلق سے

رپ : نا قابل کاشت زمین ۔ رپڑ شوریلی زمین کو کہتے ہیں

رُت : موسم

رَت : خون

رُتاں : رت کی جمع ۔ موسم

رتبہ : درجہ ۔ بلند مقام ۔ اعلیٰ عہدہ

رتڑوں : خون ۔ تصغیر اور جمع

رتڑے : رتے بمعنی سرخ کی تصغیر ۔ سرخ

رتڑیاں : سرخ ۔ لال رنگ کی (مونث)

رتق : باندھنا ۔ رتق فتق : بست و کشاد

رتی : رتی کا وزن جو آٹھ چاول کے دانوں کے برابر ہوتا ہے ۔ مجازاً تھوڑا سا

رتیاں : سرخ ۔ لال رنگ کی (جمع)

رتھ : رتھ ۔ پرانے زمانے کی ایک سواری ۔ بیل گاڑی ۔ بگھی

رُٹھا : روٹھ گیا

رُٹھڑا : روٹھا ۔ رٹھا کی تصغیر ہے

رُٹھڑی : روٹھی ہوئی

رُٹھڑی : روٹھ گئی

رُٹھڑے : روٹھے ہوئے

رُٹھڑے : روٹھ گئے

رُٹھن : روٹھ گئے ہیں

رج بکھ : سیر ہو کر کھانا اور بھوکے رہنا ۔ سیری اور اشتہا

رج گئی : سیر ہو گئی ۔ پیٹ بھر گیا ۔ مجازاً جی بھر گیا ۔ اکتا گئی

رجھایا : رجھا لیا ۔ منا لیا ۔ راضی کر لیا ۔ فریفتہ کر لیا ۔ اپنا گرویدہ منا لیا

رچاوے : رچائے

رچ رچ : گھل مل گئیں ۔ رچ تابع مہمل ہے

رچیا : پیوست ہوا ۔ جذب ہو گیا ۔ نفوذ ہو گیا

رچھ : ریچھ

رچھڑیں / رچھنڑے : روہی کے علاقہ رچھ کے لوگوں کو

رحم : رحم

رحمان : رحمان ۔ بہت زیادہ رحم کرنے والا

رحمانوں : رحمان سے

رحمت : رحمت

رحمے : (ف) کچھ رحم و کرم

رخ : رخ ۔ چہرہ

رد : (ع) واپس کرنا ۔ پھیرنا ۔ نہ ماننا ناقص چیز ۔ ردی مال

رڑدے : چیختے چلاتے ۔ شور مچاتے

رڑدی وتاں : چیختی پھروں ۔ وتاں (پھروں) وتجنڑ مصدر سے ہے اس سے ودا (پھرتا) بطور امدادی فعل بکثرت مستعمل ہے ۔ مثلاً دھکے کھاندا وداں : میں دھکے کھاتا پھرتا ہوں ۔ پھردا وداں : گھوم پھر رہا ہوں ۔ کینویں ودے او : کیسے آنا ہوا ۔ اونویں آیاں وداں : ویسے آیا ہوں ۔ وتاں (پھروں) اسی کی صورت ہے جو عموماً فعل ماضی میں استعمال ہوتی ہے ۔ مثلاً پھردا وتیم : میں پھرتا رہا ۔ یہاں ت کی بجائے دال غلط ہے ۔

رڑدیں : چلاتے ہوئے ۔ چیخنے چلانے میں ۔ چلاتے چلاتے

رس : گھل مل کر ۔ بخوشی

رس : میٹھی ۔ رسیلی ۔ مزا ۔ لطف ۔ رسیلا پن

رس : باگ ڈور ۔ لگام (راس کی مختصر صورت)

رس چھڑے : ٹیلوں کے درمیان کی قابل کاشت اراضی (جمع ہے) ۔ ڑ تصغیر کی ہے

رس راند : رسیلہ مشغلہ ۔ دلکش کھیل تماشا

رس وسوں : ہم پیار محبت سے آباد ہو جائیں ۔ برضا و رغبت بسر کریں گھل مل کر زندگی بسر کریں

رس : روٹھ ۔ رسنڑ مصدر سے فعل امر ہے ۔ سرائیکی کے وہ مصادر جن کا حرف ثانی " س "

ہوتاہے فعل مضارع کی تعریف میں "ٹھ"
سے بدل جاتے ہیں مثلاً دَسنڑ سے دَسُّھا۔
وَسنڑ اور وسنڑ دونوں سے وُٹھا۔ کُسنڑ سے
کُٹھا۔ مُسنڑ سے مُٹھاوغیرہ

رسالت : رسول کا مقام۔ رسالت کا مرتبہ۔
حقوق و فرائض

رسانویاں : رچاتی ہوں

رسایا : رچایا

رسائی : رچائی

رسدا : وسدا کے ساتھ مرکب ہو کر استعمال
ہوتا ہے۔ وسدا رسدا یعنی پیار محبت سے
گھل مل کر آباد ہوتا۔ اسی طرح رس مس
و نجنڑ: گھل مل جانا۔ رسدے وسدے وغیرہ۔
رسدا کے لفظی معنی ہیں گھلتا ملتا۔ گھل مل
جاتا۔ جذب ہو جاتا

رسم : رسم

رسماں : رسم کی جمع

رسن : (ف) رسیاں۔ دار و رسن۔ سولی اور
رسیاں

رسول : رسول۔ اللہ تعالیٰ کا پیغمبر

رسولاں دا : رسولوں کا

رسوم : رسمیں۔ رسم کی جمع

رسیاں : نقطہ عروج پر آگئیں

رسیلیاں : رسیلی کی جمع۔ میٹھی۔ دلپسند

رشد : ارشاد۔ حکم۔ ہدایت۔ نیکی کا حکم

رشک : رشک۔ ریس

رشوت : رشوت

رضا : رضامندی۔ تسلیم کر لینا۔ مان لینا

رفع : دور کرنا۔ اوپر اٹھانا۔ ہٹا دینا

رقیب : رقیب۔ مخالف۔ دشمن

رکتاں : رکعتیں

رکعات : (ع) رکعت کی جمع۔ نماز کا اس
قدر حصہ جس میں ایک رکوع آ جائے
رکعت کہلاتا ہے

رکھ : رکھ (امر)

رکھ : رکھ کر

رکھاں : میں رکھوں

رکھدے : رکھتے

رُکھڑا : روکھا۔ خشک رو

رکھنا : رکھنا (امر)

رُکھڑے : روکھے، پھیکے۔ خشک

رکھساں : میں رکھوں گی

رکھسی : وہ رکھے گا

رکھسیں : تو رکھیگا

رکھم : مجھ سے رکھیں ۔ میرے ساتھ رکھیں یا رکھے

رکھن : وہ رکھیں

رکھنڑ : رکھنا ۔ مصدر ہے

رکھی : رکھی

رکھے : رکھے

رکھیسی : رکھیگا

رکھیں : تو رکھے ۔ تم رکھنا (فعل امر)

رکھیو : تم نے رکھا۔

رکھیچے : رکھا جائے

رگ : رگ ۔ نس

رگ رگ : ہر رگ میں ۔ رگ رگ (میں ۔ کو ۔ نے وغیرہ)

رَل : مل ۔ ملکر ۔ اکٹھے

رُل : بھٹک جا ۔ آوارہ ہو جا (فعل امر)

رُل : آوارہ ہو کر

رُل موئے : آوارہ ہو کر مر گئے

رلاکے : آوارہ کر کے

رلاگیوں : تم آوارہ کر کے چلے گئے

رلائے : ملائے (عطا کرے)

رُلایو : تو نے آوارہ کیا

رلایا : آوارہ کیا

رُلایم : مجھے آوارہ کیا

رُلدی : آوارہ پریشان حالت میں پھرتی

رُلدے : آوارہ و سرگرداں ہو کر پھرتے

رُلدی وتی : آوارہ و پریشان ہو کر پھرتی رہی

رُلدیاں پھردیاں : آوارہ و پریشان ہو کر پھر رہی ہیں

رُلدیاں : آوارہ و سرگردان پھرتی ہوں

رُل رُل تھکی : آوارہ پھر پھرا کر تھک گئی ۔ تھک ہار گئی

رلڑی : ملی ہوئی ۔ مل گئی ۔ شامل ہوئی

رلڑے : مل کر

رلڑے : صحبتیں ۔ مل کر گزارے ہوئے لمحات

رلڑے واریاں : مجلس آرائیاں

رَلساں : ملوں گی ۔ شامل ہوں گی ۔ گھل مل جاؤں گی

رُلساں : آوارہ و سرگردان ہو کر پھروں گی

رَل وسدے : اکٹھے مل کر رہنے والے ۔ ہمسائے

رَل مل : اکٹھے ۔ مل جل کر

رُلوائے : آوارہ و سرگروان کروائے (کرے)

رلے : اکٹھے ۔ مل کر

رلے : مل جائے

رلے : صحبتیں

رلی: ملی ـ مل گئی ـ شامل ہو گئی ـ واصل ہوئی
رُلی: آوارہ ہوئی
رلیا ہے: مل گیا ہے ـ جذب ہو گیا ہے ـ رچ گیا ہے
رلیاں: شامل ہو گئی ہوں
رُلیم: میں آوارہ ہوئی ـ یا میرا (روح ـ جسم وغیرہ) آوارہ ہوا
رُلیوسے: ہم آوارہ ہوئے ـ پریشان ہو کر پھرتے رہے
رُلیئے: آوارہ و سرگردان ہوئے
رماکے: (جسم پر) مل کر
رمایم: میں نے (جسم پر مٹی ـ راکھ وغیرہ) ملی
رم جھم: بوندا باندی ـ پھوہار ـ ہلکی ہلکی بارش
رمجھول: ایک زیور کا نام
رمز: اشارہ ـ راز کی بات
رمزاں: اشارے ـ مخفی باتیں ـ رمزیں
رموز: رمز کی جمع ـ اشارے ـ کنایے
رمیساں: (بدن پر راکھ وغیرہ) ملوں گی
رنج: رنج ـ غم ـ دکھ درد ـ رنج سے رنجاونڑ مصدر بنایا گیا ہے ـ جس کے معنی ہیں رنجیدہ کرنا ـ ناراض کرنا ـ رنج تھیونڑ کے معنی ہیں رنجیدہ ہونا ـ ناراض ہونا

رنجور: غم رسیدہ ـ بیمار ـ دکھی ـ درد رسیدہ
رنجھیٹے: رانجھنڑ کی تصغیر ـ رانجھے (نے ـ کا ـ کے وغیرہ)
رند: مست شراب ـ بدمست
رندی: رندوں والا ـ شرابیوں کا ـ مستوں کا ـ بدمستی ـ خمار
رنڈیپا: رنڈواپن ـ بیوگی
رنڈیپڑے: رنڈیپا کی جمع اور تصغیر ـ بیوگی کے زمانے
رنڈیپے: رنڈیپا کی جمع ـ بیوگی کے دن
رنگ: رنگ
رنگ برنگے: رنگ برنگ کے ـ کئی اقسام کے
رِنگ: بھینس کی آواز ـ خاص طور پر وہ آواز جو بچھڑے کے مل جانے کی خوشی میں اپنے مالک یا چرواہے کو دیکھ کر یا اپنی قیام گاہ پر پہنچ کر نکالتی ہے، رنگ کہلاتی ہے
دریائے سندھ میں ہر سال زبردست طغیانی آیا کرتی تھی ـ بیٹ کی عارضی آبادیاں تتر بتر ہو جاتی تھیں ـ بھینسیں پانی کے اترنے اور زمینوں کے خشک ہونے تک بے گھر ہو جاتی تھیں ـ مدتوں آوارہ پھرنے کے بعد جب لوگ واپس اپنے ٹھکانوں کو آتے تو کسی

مکان آبادی کا پتہ نہ ملتا تھا ۔ بھینسیں اس
ویرانی میں بھی اپنے تھان کو پہچان کر عین
اسی جگہ پر پہنچ آواز دیتی تھیں ۔ جہاں ان کا
پرانے ایام میں ٹھکانہ تھا یہ خوشی کی آواز
رنگ کہلاتی ہے ۔ اس ساری کیفیت کو ایک
شاعر مولوی نور احمد نے اس بند میں بیان کیا
ہے ۔

سانوݨ ماہ سہیلا آیا دریانواں موجاں لاتن
کانہہ کھیلے جنگل بیلے آن چِلکڑیاں پاتن
آ نازک لچپال پنل ! اج ہیٹیں سبزیاں چاتن
احمد پتے پراٹیاں تے رنگ منجھیں بھاٹ سنجاتن

بھینسوں کی اس خوشی کی آواز کو رنگݨ کہتے
ہیں ۔ گائے کی ایسی آواز کے لئے ذھکݨ کا
لفظ ہے ۔ خواجہ صاحب صاحب نے اونٹ
کے رونے کے لئے بھی رِنگ کا لفظ ایک مقام
پر استعمال کیاہے ۔ یہ لفظ رینگن مصدر سے
مشتق ہے جس کے معنی لمبی آواز سے رونا ہیں
رنگ لایا ہے : نے اثر کیاہے ۔ نتیجہ ظاہر کیا
ہے ۔ رونق بڑھائی ہے ۔ رنگ لگݨ محاورہ
ہے جس کے معنی ہیں ، رونق میں اضافہ ہونا
رنگت : رنگت
رنگاڈے : رنگوا دے
رنگانودیاں : رنگواتی ہوں ۔ (رنگتی ہوں)
رنگ پور : ضلع مظفر گڑھ کا مشہور قصبہ جو
دریائے چناب کے دائیں کنارے واقع ہے اور
جہاں ہیر کے سسرال رہتے تھے
رنگ رس تال : محبت کے رنگین اور میٹھے
تال یا گیت
رنگسن: بھینسیں مسرت کی آواز نکالیں گی
رنگیلڑیاں : رنگیلی ۔ رنگیلی کی جمع اور تصغیر
رنگیلیاں : رنگا رنگ کی ۔ بارونق ۔ رنگین (جمع)
رنگیلی : بارونق ۔ رنگین
رنگین : رنگدار ۔ رنگین
رنگ محل : رنگین محل ۔ راگ رنگ کا محل ۔
عشرت کدہ
رو : رو (فعل امر)
رو : رو ۔ رو کر
روانہ : روانہ
روانواں : رلاؤں
رواوے : رلائے
روایا : رلایا
روپٹ : روپیٹ کر
روپ : شکل صورت ۔ چہرہ ۔ سکھ روپ :
روئے دل آرام

روتے ہو : روتے ہو

روٹی : روٹی

روح : روح کی ماہیت کا سمجھنا انسانی عقل سے بالا تر ہے ۔ عام تفہیم کے لئے اس سے مراد وہ الوہیاتی توانائی لی جاتی ہے جو انسانی ذات کہلاتی ہے اور جس سے انسانی خصوصیات وابستہ ہیں ۔ یہ لفظ سرائیکی میں مذکر اور موءنث دونوں طرح بولا جاتا ہے جمع کی صورت میں ہمیشہ موءنث ہو گا ۔ محبت اور خلوص کے معنوں میں بھی ہمیشہ موءنث ہوگا ۔ دوسری صورت میں مذکر بولا جائے گا

روح پھردے : جی متلاتا ہے ۔ محاورہ ہے ۔ اس قسم کے چند ایک محاورے یہ ہیں ۔ روح کرنڑ : جی چاہنا ۔ روح منگدے : جی چاہتا ہے ۔ روح پی گئے : خوف سے میری جان نکال لے گئے ۔ سیاٹاں روح : بڈھا روح وغیرہ مرکبات ہیں

روحی : (ع) میرا روح ۔ ایک ولی کامل کا قول ہے ۔ سری روحی ۔ یعنی میرا راز میرا روح ہے

رودھے : تکلیفیں ۔ آلام و مصائب

رو رو : رو رو کر ۔ خواجہ صاحب کا ایک مصرعہ رنگ رو رو کہم کریہل : مجھے رو رو کر اور چیخ چیخ کریہل کہے ۔ کریہل پنوں کے اونٹ کا نام ہے جسے وہ چھوڑ کر چلا گیا تھا ۔ یہاں رنگ کے معنی ہیں چیخ کر رونا ۔ یہ رینگنڑ مصدر سے ہے جس کے معنے چیخ چلا کر رونا ہیں

رُوزاں : جنگلی جانوروں کی آوازیں ۔ گیدڑ اور بھیڑیئے کی آواز کو رُوز کہتے ہیں ۔ چیخیں

رُوزی : اروڑی بھی بولتے ہیں ۔ گو بر اور کوڑا کرکٹ کی ڈھیری

روز : (ف) دن

روز روز : ہر روز ۔ روز بروز ۔ " نت ڈہاڑی " بھی بولتے ہیں

روز بروز : روز ہر روز ۔ آئے دن

روساں : میں رووں گی

روش : طرز ۔ طور طریقہ

روشن : منور

روک : نقد

روگ : بیماری ۔ عوارض ۔ (جمع ہے)

روگی : بیمار ۔ دکھی

رول : آوارہ کر کے ۔ پریشان بنا کر

رول گیم : مجھے آوارہ کر گیا ۔ پریشان و آشفتہ حال کر گیا

رولا : آوارگی ۔ پریشانی ۔ صحرا نوردی

رولدی : آوارہ کرتی

رول ڈِتے : آوارہ کر دیا ہے

رولڑیاں : میں آوارہ کی ہوئی ہوں ۔ آشفتہ حال و پریشان ہوں

رول ہگیوں : تم مجھے آوارہ کر گئے

رولے : آوارگیاں

رولیس : اس نے آشفتہ کر دیا

رولیا : آوارہ کیا

رولیم : میں نے آوارہ کیا (میم فاعلی)

رولیم : مجھے آوارہ کیا (میم مفعولی)

رولیں : تم آوارہ و سرگشتہ کرنا (فعل امر)

روم جھوم : جھوم جھوم کر

روندا : روتا

رونداں : میں روتا ہوں

روندڑی : روتی ۔ روندی کی تصغیر

روندیں : روتے ہوئے

روندی وتاں : روتی پھروں

رونق : رونق

روں روں بولے : چرخے کی روں روں کی آواز

رونواں : میں روؤں

رونوݨ : رونا (مصدر)

رونوِن : وہ روئیں

روہ : پہاڑ ۔ پہاڑوں میں

روہاں : پہاڑوں میں

روہڑی : جلی ہوئی ۔ جھلسی ہوئی

روہی : ریگستان ۔ بے آب و گیاہ علاقہ ۔ سابق ریاست بہاولپور کا وہ طویل ریگستان جو روہی کے نام سے منسوب ہے

روہیں : کہساروں (میں ۔ سے ۔ کا وغیرہ)

روہی واس : روہی کا رہنے والا

رویوسے : ہم نے رلایا

رِہ : رہ (فعل امر)

رَہ : راستے میں

رہا : رہا

رہاں : میں رہوں

رہبر : راستہ دکھانے والا ۔ راستے پر لے جانے والا

رہزن : رہزن

رہساں : رہوں گی

رہسن : وہ رہیں گے

رہسم : میرے پاس رہیگا ۔ مجھ میں رہیگا

رہسوں : ہم رہیں گے

رہسی : وہ رہیگا

رہ گئی : رہ گئی ۔ باقی رہی

رہن : رہیں

رہندا : رہتا ہے

رہندے : رہتے

رہندیاں : رہتی (ہیں)

رہݨ : رہنا (مصدر) ۔ رہݨ نہ ڈیندے : رہنے نہیں دیتے

رہو : رہو (فعل امر) : رہ جاؤ ۔ باز آ جاؤ

رہوں : ہم رہیں ۔ رہنا مصدر سے ماضی احتمالی کا جمع متکلم کا صیغہ ۔ پوری گردان اس طرح ہو گی

رہے (وہ رہے) ، رہن (وہ رہیں) ، رہیں (تو رہے) ، رہو (تم رہو) ، رہاں (میں رہوں) ، رہوں (ہم رہیں)

رہی : رہ گئی

رہیاں : رہ گئیں

رہیاں : میں رہی ہوں

رہیں : تو رہ جائے ۔ تم رہنا (امر)

رہیوے : رہا جائے

ری : اری کا مخفف ۔ حرف ندا (موئث)

رے : ارے کا مخفف ۔ حرف ندا (مذکر)

ریبھڑ : چھوٹے خربوزے کی قسم کا ایک خودرو ریگستانی پھل

رے پیتیں : بغیر پئے کے ۔ بن پیئے

ریت : ریت

ریت : ریت رسم ۔ طریقہ ۔ رواج

ریتاں : ریت کی جمع ۔ رسمیں ۔ طرز و انداز

ریت بھت : رسم و رواج

ریتڑ : ریت ۔ ریت کا اسم مکبر ۔ ریتلا میدان

ریتڑیاں :***

ریٹے : سہاگ رات کے رنگین کپڑے ۔ سرخ پوشاک

ریخاں : ریخ کی جمع ۔ ریگزار ٹیلے وغیرہ ۔ بلوچی زبان کا لفظ ہے جو ریختن سے مشتق ہے ۔ ریخت کے معنی ہیں شکست و ریخت ۔ گرنا پڑنا ۔ ٹوٹنا ۔ پھوٹنا ۔ پتھروں کا گرنا پڑنا اور دریاؤں کے زور سے ٹوٹنا پھوٹنا ریت بنانا ہے ریخت سے تین لفظ بنائے گئے ہیں ۔ ریخ ۔ ریت اور ریگ ۔ تینوں کے معنی " ریت " ہیں

ریخڑیں : ریخوں میں

ریر : آزاد ۔ درد ۔ تکلیف ۔ مسلسل درد ۔ ٹیس

ریراں : دردناک صدائیں ۔ آہ و زاریاں

ریڑاں : ریڑ کی جمع ۔ دیکھو ریر اور ریراں

رِیش : زخم ۔ بہتے ہوئے زخم جو خراب ہو گئے ہوں ۔ مجازاً ناسور

رِین : رات

ریساں : ریس کی جمع ۔ ریسیں ۔ برابری

ریہا / رہیا : رہا

****

ڑ

****

ڑے : ارے ۔ رے ۔ حرف ندا ۔ مذکر ۔ اپنی طرف متوجہ کرنے کا کلمہ

ڑی : اڑی کا مخفف ۔ ڑے کی تانیث اور تصغیر ۔ حرف ندا ۔ متوجہ کرنے کا کلمہ

****

ز

****

ز : (ف) از کا مخفف ۔ سے

زار : پریشان حال ۔ مضطرب ۔ نڈھال

زارم : میرا (حال) زار

زاروزار : زاروقطار ۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا

زار نزار : نڈھال ۔ مضطرب

زاری : فریاد ۔ آہ و زاری

زال : عورت ۔ بیوی

زالیں : عورتیں

زالاں : عورتیں ۔ زال کی جمع

زاہد : پرہیز گار ۔ بے رغبت ۔ بیزار ۔ تارک الدنیا

زاہق : مٹ جانے والا ۔ فانی ۔ عارضی

زائل : زوال پذیر

زبر : حروف کی حرکت جس سے آواز کو اوپر کھینچا جاتا ہے ۔ الف کی مختصر ترین آواز

زبر : جبر ۔ زور کے ساتھ مرکب ہو کر مستعمل ہے ۔ زور زبر

زبور : الہامی کتاب جو حضرت داوٗد علیہ السلام پر نازل ہوئی

زخم : زخم

زخموں : زخموں سے

زخمی : زخمی

زخمیں : زخموں (میں ۔ سے ۔ کا کے وغیرہ)

زر : سونا ۔ مال دولت

زربفت : ایک قیمتی کپڑا جس کا ایک تانا ریشم کا اور بانا سونے کے تاروں کا ہوتا تھا

زرہ : فولادی کوٹ جو دشمن کا وار روکنے کے لئے پہنا جاتا تھا

زلف : زلف

زلفاں : زلفیں

زلفیں : زلفوں (نے ۔ کا ۔ کے وغیرہ)

زکواۃ : زکواۃ ۔ تزکیہ زر و مال ۔ مال و دولت
کو پاک کرنے کا اسلامی طریقہ جس سے
افلاس و ناداری کا خاتمہ ہو جاتا ہے

زکواتاں : زکوتیں

زکوتوں : زکوت سے

زلازل : زلزلہ کی جمع ۔ زلزلے ۔ بھونچال

زلل : ظلم ۔ جبروتعدی ۔ زور و زلل مرکب ہے

زلیخا : " یوسف زلیخا " داستان کی ہیروئن

زمان : وقت ۔ زمانہ ۔ حال ماضی اور مستقبل

زمانہ : دنیا جہان ۔ زمانہ ۔ وقت ۔ عہد

زمن : زمانہ کی جمع ۔ زمانے

زنار : جینیئو ۔ وہ تاگا جو یہودی اور ہندو گلے
میں کندھے کے اوپر سے کمر تک ڈالتے ہیں

زمین : زمین

زنبور : ***

زندان : قید خانہ

زندیقی : کفر ۔ زنادقہ کا مسلک

زنجیر : زنجیر

زنگی : افریقہ کا رہنے والا ۔ حبشی ۔ سیاہ فام ۔
ظالم

زوال : زوال ۔ انحطاط ۔ نیچے گرنا ۔ فنا ۔
شکست

زور : زور ۔ طاقت

زور : زور ۔ جھوٹ ۔ فریب

زورا زور : جبر ۔ زبردستی

زورا زوری : جبراً ۔ زبردستی سے

زور زبر : جبر ۔ زبردستی

زوری : جبراً ۔ زور سے

زورے : جبراً ۔ زور سے ۔ زبردستی

زورے تورے : طاقت کا گھمنڈ ۔ غرور ۔ فخر
۔ طاقت کا مان

زہد : بیزاری ۔ بے رغبت ہونا ۔ پرہیزگاری

زہر : زہر

زیرے : کلیجے (میں ۔ کے ۔ کا وغیرہ)

زیادی : زیادہ کی تانیث

زیبائی : زیبائی ۔ حسن و آرائش ۔ سجاوٹ

زیارت : زیارت ۔ دیدار

زیر : حروف کو نیچے کھینچنا ۔ ی کی مختصر
ترین آواز

زیرے : کلیجے ۔ (میں کا ۔ کے وغیرہ)

زینت : سجاوٹ ۔ آرائش

زیور : زیور

سرچاہ (112)

خیر خواہ

****

س

****

س : سین ۔ یہ حرف بطور لاحقہ افعال کے ساتھ " اس " کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ مثلاً کھادس > کھادا + اس ، یعنی اس نے کھایا ۔ وغیرہ

سابق : (ع) آگے بڑھنے والے

ت : سات

سات : ساتھ

ساتھ : سنگت ۔ صحبت ۔ دوستی ۔ ہمراہی

ساتھ : کے ساتھ

ساتھ لڈایم : میں نے ساتھیوں سے علیحدگی کر لی ۔ میرے ساتھی لد گئے ۔ خویش و اقارب مجھے چھوڑ کر نقل مکانی کر گئے اپنا ساز وسامان اونٹوں پر لاد کر چلے گئے

ساتھ لڈائی ویندے : (میرے) ہمراہی ساز و سامان لاد کر جا رہے ہیں

ساتھی : ساتھی ۔ ہمراہی ۔ ہم نشین ۔ دوست

ساج : (ہندی) ساز

ساجن : (ہندی) سجن ۔ دوست ۔ پیارا ۔

سادیں : ***

سادھاں : مومل کی سہیلی

ساڈا : ہمارا

ساڈڑی : ہماری ۔ ساڈی کی تصغیر

ساڈڑیاں : ساڈڑی کی جمع ۔ ہماری

ساڈڑے : ہمارے

ساڈے : ہمارے ۔ ہمارے پاس

ساڈی : ہماری

سارا : سارا ۔ تمام کا تمام

ساری : ساری

ساراں : خبریں ۔ خیر خیریت کی احوال پرسی

ساریاں : ساری کی جمع ۔ سب کی سب

سارے : سارے ۔ تمام ۔ سب کے سب

ساڑ : جلا ۔ جلا کر

ساڑا : سوز ۔ جلن

ساڑاں : جلاؤں

ساڑ پچالیا : جلا دیا

ساڑم : مجھے جلائے

ساڑن : جلائیں

ساڑے : سوز (جمع) جلاپے

ساڑے : جلائے

ساڑی : جلائی

ساڑیا : جلایا

ساڑیاں : جلائیں

ساڑیم : میں نے جلایا

ساڑیم : مجھے جلایا

ساڑیں : سوزوں نے ۔ جلاپوں (نے ۔ کا ۔ کے ۔ سے وغیرہ)

ساڑیہ جے : ***

ساڑیو : تم نے جلایا

ساز : بن جانا ۔ سوز کا ضد

ساعات : ساعت کی جمع ۔ لمحات ۔ گھڑیاں

ساعت : گھڑی ۔ وقت ۔ لمحہ

ساکھ : ساکھ ۔ اعتماد

ساکھ : موسم ۔ وقت

ساکھاں : ساکھ کی جمع ۔ موسم کے پھل اور نئی نئی سبزیوں وغیرہ کے تحفے جو ایک دوسرے کو بھیجے جاتے ہیں

ساگ : ساگ پات

ساگی : بعینہ ۔ وہی کا وہی ۔ مویشی چوروں کی اصطلاح جب کوئی چوری کیا ہوا جانور اصل مالک کو واپس کیا جاتا ہے ۔ تو ثالث مالک کو یا تو اصل چوری شدہ جانور واپس کراتے ہیں ۔ اسے ساگی کہیں گے ، یا اس کی شکل صورت کا اور اسی قیمت کا دوسرا جانور دیتے ہیں ، جسے واگی یا واگواں کہتے ہیں وگ کے معنے ہیں چہرہ ۔ شکل ۔ صورت ۔ وگواں کے معنی ہیں اسی شکل صورت کا

ساگھرپریم : روہی کے ایک مقام کا نام

سال : سال

سالک : لفظی معنے چلنے والا ۔ راہ تصوف کے ابتدائی مراحل طے کرنے والے کو سالک کہتے ہیں ۔ راہ سلوک پر چلنے والا ۔ سلک کے معنی راستہ اور لڑی کے ہیں

سالے : سالا کی جمع ۔ بیوی کے بھائی

سالھوں : شب عروسی کی رنگین پھولدار اوڑھنی

سامان : سامان

سامانی : سامان کا ہونا ۔ لاحقہ ہے (بے سروسامانی)

سامی : سوامی ۔ ہندو پنڈت ۔ گرو وغیرہ

سان : (سندھی) کو

سان : ساتھ

ساندی : سہتی

ساندے : ماندے کا تابع ہے ۔ کمزور ۔ ناتواں

سانگ : نیزہ ۔ برچھی ۔ سنگولا ۔ چھوٹا نیزہ ۔ سنگین

سانگ : تعلق ۔ رشتہ ۔ اتفاق

سانگ : سوانگ ۔ صورتیں ۔ نقشے

سانگ : کے ساتھ

سانگ : کے نتیجے کے طور پر ۔ کے صلے میں

سانگ : کی بدولت

سانگ : کی صورت میں

سانگ رسانودیاں : کھیل رچاتی ہیں

سانگاں : نیزے ۔ برچھیاں

سانگے : کے تعلق سے ۔ کے رشتے سے کی خاطر

سانگے : مواقع ۔ اتفاقات

سانگے : ***

سانگراں : ***

سانورا : سانولے رنگ کا ۔ کرشن جی سانولے رنگ کے تھے

سانورے : سانولے ۔ ملیح

سانول : کرشن جی کی تلمیح کی وجہ سے ہر محبوب کے لئے سانول کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ سانول سلونا کے معنی ہوں گے ۔ محبوب ملیح

سانولا : اے سانول محبوب

سانولڑی : سانولے رنگ کی

سانولڑے : سانولے(نے) ۔ محبوب (نے ۔ کا ۔ کے وغیرہ) بیت اللہ کو حجر اسود (سیاہ پتھر) کی مناسبت سے سانولڑا کہا گیا ہے

سانولیاں : سانولی (جمع) (کا ۔ کے ۔ نے وغیرہ)

سانوں : (پنجابی) ہمیں

سانوݨ : ساون کا مہینہ ۔ برساتوں کے دن

سانوݨ : برساتوں کا مہینہ

سانوݨ لگی : برساتیں شروع ہوئیں ۔ مینہ کھل کر برسے

سانھیں : سانڈے ۔ جنگل کے جانور

ساوا پیلا : سبز زرد ۔ سبز اور زرد رنگ اداسی پریشانی اور غمگینی کی علامت ہیں

ساوڑی : ساوی کی تصغیر ۔ سبز

ساوے : سبز رنگ کے ۔ سبز ۔ سرسبز

ساوی : سرسبز ۔ شاداب

ساویاں : ساوی کی جمع ۔ سرسبز و شاداب ۔ سبز رنگ کی

ساوئیں سنرئیں : سبز اور گیلے یعنی ترو تازہ اور شاداب ۔ سرسبز (جمع)

ساہ : سانس

ساہ سنجاتے : سانس پہچانے ۔ مزاج بھانپ لے ۔ (محاورہ ہے)

ساہ نہ بھرساں : دم نہ لوں گی

سمے / سامنے : سامنے

سانھی : دم لینے کی فرصت ۔ دم بھر آرام کا وقفہ

ساہیں : ساہ کی جمع ۔ سانسوں (نے ۔ کا ۔ سے وغیرہ)

سائے : جن بھوت

سائیں : مالک ۔ آقا

سایا : سایہ

سب : سب

سباب : خمار ۔ مستی

سبب : سبب سے ۔ اتفاق سے

سبحان : اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کی تعریف و توصیف بیان کرنا

سبحان اللہ : (ع) کلمہ توصیف ۔ واہ واہ اللہ کی شان

سبحانی : لفظی معنے " میں سبحان کے لائق ہوں " حضرت بایزید بسطامیؒ کا نعرہ سبحانی ما اعظم شانی ۔ سبحانی سے مراد یہی نعرہ اور حضرت بایزید کا مسلک ہے

سبد : شبد ۔ مذہبی گیت ۔ تازگی

سبز : سبز

سبزی : سبزی ۔ سبز رنگ ۔ تازگی

سبع : سات

سبع سیارہ : سات سیارے ۔ زحل ۔ مریخ ۔ مشتری ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ شمس ۔ اور قمر

سبع صفات : سات صفتوں والی

سبع مثانی : قرآن حکیم کی وہ سات سورتیں جو الحمد سے شروع ہوتی ہیں

سبق : سبق ۔ درس

سبوح : بہت پاک ۔ اللہ تعالیٰ کا نام

سبھ : سب

سبھاگ : اچھی قسمت ۔ اچھے بھاگ ۔ خوش بختی (واحد نیز جمع)

سبھاندا ہے : جچتا ہے ۔ زیب دیتا ہے ۔ اچھا لگتا ہے

سبھو : سارے کا سارا ۔ یہ لفظ مذکر ہے مونث کے لئے " سبھا " ہے

سبھوئی : سب

سبھی : سب ہی ۔ تمام کے تمام

سبھے : تمام کے تمام ۔ سب کے سب

سپاہیڑا : سپاہی کی تصغیر ۔ الف ندائیہ ہے ۔ اے سپاہی

سپنس : اس لفظ کے صحیح معنی متعین نہیں ہو سکے

ست : رس ۔ تاب و تواں ۔ طاقت

ست : (س) سچ ۔ ست گر : سچا گرو

ستانون : ستائیں ۔ تنگ کریں

ستاوم : وہ مجھے ستائے

ستاوے : ستائے

ستائیں : ستائیں ۔ تنگ کریں

ستایا : ستایا

ستایم : مجھے ستایا

ستری : سوئی ۔ سو گئی

ستری : سوئی ہوئی ۔ نیند میں

ستروں : تم سوئے

ستریں پائیں : سات پائیوں کے عوض بہت ارزاں

ستریں : سوتے میں ۔ (میرے) سو جانے کے دوران

ستوں دے بتوں بتوں دے ستوں : پریشان گوئی ۔ بہکنا ۔ نازیبا گفتار ۔ غیر موزوں باتیں

ستی : سو گئی

ستی ہم : میں سوئی تھی

ستیں : سوتے ہوئے

ستیندی ہے : ستاتی ہے

سٹ : پھینک دے ۔ ایک طرف کو ڈال دے

سٹ کر : ترک کر کے ۔ پھینک کر ۔ ایک طرف کو ڈال کر

سٹساں : پھینکوں گی

سٹیاں : پھینک دیں

سٹیساں : پھینک دوں گی

سٹیم : میں نے پھینک دیا

سٹیم : مجھے پھینک دیا

سٹیئے : پھینک دیئے

سٹھ : ساٹھ

سٹھرے : ہجویں ۔ دشنام طرازیاں ۔ برائی بیان کرنے والے اشعار

سٹھروں : ہجووں سے ۔ بد کلامی سے

سٹھریں / اسٹھٹیں : ہجوین ۔ ملامتیں ۔ بد کلامیاں ۔ گالی گلوچ

سجادہ : مصلیٰ ۔ سجدہ دینے کی جگہ

سجائے : کار آمد ۔ مفید ۔ سپھل

سجروں : دائیں طرف سے

سُجریاں : سوجی ہوئی

سَجرے : دائیں (پاؤں) کا سجے کی تصغیر ہے

سُجرے : سوجے ہوئے

سجری رات : ابتدائے شب ۔ سر شام

سجریاں راتیں : سر شام ۔ ابتدائے شب (جمع)

سجن : دوست ۔ محبوب

سجنڑ : سجن کی تصغیر ۔ دوست ۔ محبوب

سجود : سجدہ کرنا ۔ نماز میں سجدہ کرنے کا
مخصوص طریقہ
سجی : تازہ ۔ نئی ۔ از سر نو
سجی رات : سر شام ۔ ابتدائے شب
سجھ : سورج
سجھایا : واضح کیا ۔ باخبر کیا ۔ سجھا دیا ۔
سوجھل اور سوجھلا روشنی کو کہتے ہیں ۔ سجھایا :
روشن کیا ۔ سوجھنا اور سوجھ بوجھ میں بھی
یہی لفظ ہے
سجھائی : واضح کی ۔ سجھا دی
سجھائے : واضح کیجئے
سجھم : مجھے سوجھیں
سجھن : سوجھیں
سجھیندا : واضح کرتا
سچ : سچ
سچا : سچا
سچڑیاں : سچی (جمع) ۔ سچی کی جمع اور تصغیر
سحر : جادو
سحر : صبح
سحری : صبح کی
سحور : صبح ۔ سحر کی جمع ۔ صبح سویرے
سحوریں : سحر کے وقت ۔ صبح سویرے ۔
علی الصبح
سخت : سخت
سختی : سختی ۔ ظلم ۔ بد بختی ۔ سختی چاوڑ
محاورہ ہے جس کے معنی ہیں بد بختی کے
ہاتھوں مجبور ہو کر کوئی اقدام کرنا
سختیاں : سختی کی جمع ۔ بد بختیاں
سخن : بات
سدا : ہمیشہ ۔ ہر وقت
سدھارن : روانہ ہوں
سدھ : پاکیزہ ۔ شدھ
سدھ : خبر ۔ عقل ۔ سمجھ بوجھ ۔ سدھ بدھ
سدھاناں : روانہ ہوا
سدھائیں : روانہ ہوئے
سدھانوم : میرا (محبوب) روانہ ہو گیا ۔
رخصت ہوا ۔ چلا گیا
سدھایوں : تم روانہ ہوئے
سدھائی : روانہ ہوئی
سدھرائی : سمجھ بوجھ ۔ خبر ۔ علم ۔ واقفیت
سِدھرا : سیدھا
سِدھری : سیدھی
سِدھائے : (1) روانہ ہوئے (2) اچھے ۔ عمدہ ۔
اعلیٰ ۔ سیدھے

سدھائیاں : روانہ ہوئیں

سدھائیاں : ماہر۔ سدھائی ہوئی

سدھ واٹ : سیدھا راستہ

سدھے : سیدھے

سڈ : بلاوا۔ صدا۔ بلانے کی آواز

سڈ کر : بلا کر

سڈانویں : لفظی معنی تم بلواؤ۔ مجازاً تم کہلواؤ

سڈاوے : بلوائے

سڈایا : کہلوایا

سڈویندے : بلواتا ہے

سڈویندے : کہلواتا ہے۔ بلایا جاتا ہے

سڈیندے : کے نام سے بلایا جاتا ہے

سڈیواں : بلائی جاؤں

سر : سر

سِر : طرف۔ سمت

سِر : راز۔ بھید۔ پوشیدہ راز۔ راز حقیقت

سر چڑھ بولن : سر پر چڑھ کر بولیں۔ چیلنج دیں۔ للکاریں

سُر : سُر۔ لے

سراپڑے : بد دعائیں۔ سراپ کی تصغیر اور جمع

سرڑاٹے : سائیں سائیں کی آواز

سڑاپے : سوز۔ جلن۔ جلاپے (جمع ہے)

سراغ : کھوج۔ پتہ نشان

سِراں وچ : سروں میں

سرِ اکھیاں : سر آنکھوں پر

سِراندی : سر کے نیچے۔ سر کی طرف

سِراندیاں : سراندی کی جمع۔ سر کے نیچے

سُربان : سریلی اور دلکش آواز

سرِ پاہ : شب عروسی کا جوڑا

سرپوش : اوڑھنی۔ ڈھکنا

سرپونوم : میرے سر پڑیں

سرت : طاقت۔ قوت

سر تئیں تئیں : زندگی تک مستقل رہ جانا۔ جب تک زندہ رہنا جدوجہد کرنا

سرتیاں : سہیلیاں۔ ہمجولیاں

سرخ : سرخ۔ لال رنگ کا

سرخی : ہونٹوں پر لگانے کا سرخ رنگ

سرخیاں : سرخی کی جمع

سرخیئیں : سرخیوں تے

سروار : سردار

سرداری : سرداری

سردے : کر سکتے

سردی : کر سکتی۔ تاحد امکان۔ جو اس کے بس میں ہے

سردی : گزرتی ۔ بسر ہوتی

سردیاں : سرد مہریاں

سرڑاٹے : سائیں سائیں کی آوازیں ۔ شور و شغب ۔ چیخ پکار

سرزور : سرکش ۔ تند مزاج

سرسبز : سرسبز ۔ شاداب ۔ تازہ

سرِ سرواہ : عزت ۔ ناموس

سُر سم دے : رضا مندی اور موافقت کے ساتھ ۔ صحیح مسرتوں کے ساتھ ۔ موزونیت کے ساتھ

سرشار : سرشار ۔ مست

سرشت : سرشت ۔ فطرت ۔ طینت ۔ خو ۔ طبیعت

سرکار : سرکار ۔ نظام کائنات کا مرکز محور اور سردار

سرِ کلھڑے : تن تنہا ۔ اکیلے سرپر

سُرکن : گدگدائیں ۔ گدگدی پیدا ہو

سُرکے : راغب ہو ۔ خواہش کرے ۔ چاہے

سرگن : بہشت

سرمایہ : سرمایہ

سرمد : ہندوستان کے مشہور خدا پرست صوفی جن کا مزار دہلی میں ہے ۔ انہیں قتل کر دیا گیا تھا ۔ رباعیات سرمد کے نام سے ان کا کلام شائع ہو چکا ہے

سرمست : بہت مست

سرمو : بال کے سرے کے برابر ۔ ذرا بھر بھی

سرمہ : سرمہ

سرے : سرے ۔ سرمہ کی جمع

سُرندھا : سارنگی

سرو : سرو کا درخت ۔ دراز قامت خوبصوت درخت

سِروں : سرے سے ۔ بالکل ۔ قطعاً

سِروں : سرپر سے

سِرواہ : عزت ۔ ناموس

سروپ : حسین ۔ خوبصورت

سرِہوں : ابتدا ہی سے ۔ سرے سے

سریر : بدن ۔ جسم

سریر : خوف کے مارے جسم پر کانٹے سے چبھنا ۔ رونگٹے کھڑے ہونا ۔ سریر چڑھن محاورہ ہے ۔ کپکی طاری ہونا

سری روحی : میرا راز میرا روح ہے ۔ ایک صوفی کا قول ہے

سرے : بسر کرے ۔ گزارے

سرے : بسر ہو ۔ گزرے

سڑ : جل

سڑاپڑے : جلاپے ۔ جلن ۔ سوز ۔ سڑاپے

کی تصغیر

سڑاپے : سوز ۔ جلن (جمع)

سڑدی : جلتی

سڑدے : جلتے

سڑدیں : جلتے ہوئے (سڑدیں ۔ جلنے میں

جلتے جلتے

سڑم : جل جائے (میرا جسم وغیرہ)

سڑو : جلو

سڑول : جلنے والا ۔ حاسد

سڑی : جلی ہوئی ۔ سوختہ

سڑی : جل گئی

سڑے : جلے ۔ جل جائے

سڑیندا : جلاتا

سڑیندی : جلاتی

سڑیاں : جل گئیں

سڑیساں : جلادوں گی

سڑیئے : جل گئے

سس : ساس

سستی : آسانی سے

سسی : پنوں کی محبوبہ جسے پنوں سوتے ہوئے چھوڑ کر اپنے وطن کیچ کو واپس چلا گیا تھا ۔ سسی اس کی تلاش میں صحرا نوردی کرتے ہوئے گرمی اور پیاس سے مر گئی

سسیاں : سسی کی جمع

سعادت : نیکی

سعی : کوشش

سعید : نیک

سطوات : سطوت کی جمع ۔ حملے

سطواتاں : سطوات کی جمع ۔ حملے

سفر : سفر

سفلی : خاکی ۔ علوی کا ضد ۔ زمین سے تعلق رکھنے والا ۔ پست

سفنے : خواب

سک : چاہت ۔ آرزو

سکدیں : آرزو کرتے کرتے

سک ساڑیہ : (سندھی) چاہت اور انتظار

سک سڑ ہگئی : سوکھ گئی اور جل سڑ گئی

سکا : خشک کر دے ۔ سکھا (امر)

سکر : نشہ ۔ مستی

سکرے : سوکھے ۔ سوکھ گئے

سکڑی : تگی

سکڑیں سوڑیں : قریبی رشتہ داروں میں ۔ اس کو سکریں سورھیں پڑھا جائے تو معنی ہوں گے رشتہ داروں اور سسرال والوں میں

سکدیں : ترستے ہوئے

سکدی : ترستی

سک سانگ : محبت کی خاطر ۔ ازراہ محبت ۔ عشق کی وجہ سے

سکن : ترسیں

سکنات : ٹھہر جانا ۔ رکاوٹیں ۔ توقف

سکوپت ٹریا : ان الفاظ کے صحیح معنی معلوم نہیں ہو سکے ۔ اصل الفاظ کو پڑھنے میں غلطی ہوئی ہے جو متواتر چلی آ رہی ہے ۔ سنسکرت کا ایک لفظ ستو ، سکوپت کی بجائے درست معلوم ہوتا ہے ۔ جس کے معنی دنیا جہان ہے ۔ اچھی دنیا ۔ حسین دنیا وغیرہ یہی مفہوم اس مصرعے کا ہے ۔ یعنی یہ اعلیٰ درجے کی کائنات یہ حسن نگر یہ دنیا جہان سب کے سب تیرے مشاہدے کے لئے اور تیری سیر کی غرض سے بنائے گئے ہیں ۔ دیوان میں یہ شعر یوں ہے ۔

جگرت سپنس سکوپت ٹریا
تیڈی سیر دے سانگے جڑیا

یعنی پہلے مصرعے کے مفہوم کی چیز تمہارے مشاہدے اور تمہاری سیر کی خاطر ہی ہے یہ "سیروفی الارض" کی طرف اشارہ ہے

سکے : رشتہ دار

سکے : ترسے ۔ خواہش کرے ۔ چاہے

سکیاں : رشتہ دار عورتیں

سکیاں : سوکھ گئیں ۔ سوکھی ہوئی ۔ خشک

سکیتے : ترسنے والے ۔ منتظر اور مشتاق

سکھ : سیکھ لے (فعل امر)

سکھ : سکھ چین

سکھائے : آسان ۔ خوشحال ۔ سکھ والے ۔ آسودہ

سکھاں دے : راحتوں کے ۔ سکھ کے (جمع)

سکھپال : سکھ پالنے والا ۔ آرام دہ ۔ راحت بخش

سکھڑا : سکھ چین ۔ آرام

سکھ سیج : سکھ کی سیج ۔ بستر استراحت

سکھ سمھڑ : آرام سے سونا ۔ چین کی نیند ۔ خواب ۔ استراحت

سکھ مندر : سکھ چین کا مندر ۔ وہ مقام جہاں پیار محبت اور آرام و سکون کی پوجا ہوتی ہے

سکھایا : سکھایا ۔ پڑھایا ۔ بتایا ۔ واقف کیا

سکھایم : مجھے سکھایا

سکھایم : مجھے موافق آیا ۔ مجھے راس آگیا ۔ میرے لئے آرام دہ ثابت ہوا

سکھائی ہے : سکھائی ہے

سکھائے : سکھائے

سکھائیں : سکھانا (امر)

سکھائیں : سکھادیں

سکھڑا : سکھ ۔ چین ۔ آرام

سکھڑے : سکھ کی تصغیر اور جمع ۔ آرام ۔ چین

سکھڑیں کھٹری : وہ بد نصیب جس کے سکھ چین ختم ہو گئے ہوں

سکھڑیں / سکھٹی : خالی

سکھڑیں / سکھٹے : خالی (جمع)

سکھڑیں کارنٹ : سکھوں کی خاطر ۔ آسائشوں کے لئے

سکھ ساگر : آرام کا سمندر یا خشک تالاب ۔ اس کا ایک مقام روہی کے ریگستانوں میں ہے

سکھ سہاگ : آرام و سکون ۔ عیش و عشرت ۔ خوش بختی

سکھ سیجھ : آرام کی سیج ۔ بستر استراحت

سکھلڑے : آسان ۔ آسودہ ۔ آسائش والے ۔ آرام کے

سکھی : سہیلی

سکھی : سکھ والی ۔ آرام میں ۔ آسودہ ۔ سکھ کا

سکھیرے : سوکھے کی تصغیر ۔ آسان ۔ با فراغت ۔ سکھ والے

سکھیلے : سکھ والے ۔ آرام دہ ۔ عشرت افزا

سکھیں : تم سیکھنا (فعل امر)

سکھیو : سہیلیو

سگ : (ف) کتا

سگدی / سگھدی : سکتی

سگلا : سارا ۔ سارے کا سارا ۔ تمام تر

سگھری : گھر کے تمام سامان اور اسباب کے ساتھ

سگھڑیں : سستے ۔ با آسانی

سگھڑ : شائستہ ۔ سلیقہ شعار ۔ سمجھدار ۔ باتمیز

سگھڑ سیانی : بہت دانا

سگھڑ سجانٹ : اعلیٰ پہچان والی ۔ باشعور ۔ حق و باطل میں تمیز کرنے والی

سگن : شادی کی رسوم

سگون : شگون

سلاڑے : سیلابے ۔ نشیبی علاقے

سلاسل : زنجیریں

سلام : سلام

سلامت : سلامتی کے ساتھ ۔ بخیر و عافیت

سلب : موقوف ۔ ختم ۔ نفی

سلب ثبوت : سلب و ثبوت ۔ نفی اور اثبات ۔ لا اور الا

سلطان : سلطان (ع) قوت و اقتدار

سلطاناں سر سلطان : بادشاہوں اور صاحب جاہ و جلال مقتدر سلاطین سے بھی بالا تر صاحب اقتدار و جاہ و حشم ۔ شاہوں کا شاہ ۔ شہنشاہ معظم

سلک : راستہ ۔ تصوف کے ابتدائی مراحل

سلک سلوک : تصوف کا راستہ ۔ سلوک و تصوف کے مراحل

سلکھٹی : خالی ۔ بے کار ۔ بے فائدہ

سلوٹاں : نمکین ۔ ملیح

سلھ : اینٹ

سلھیٹی : سیال قوم سے تعلق رکھنے والی

سلیم : صحیح و سالم ۔ بے عیب ۔ سادگی ۔ سلامت روی اختیار کرنے والا

سم : زہر

سما : خبر

سمادھ : نشست ۔ ہندو یوگیوں کے غور و فکر کرنے کے طریقے ۔ مراقبہ

سماندے : سماتے ہیں

سماوے : سما جائے

سماوی : آسمانی

سمایا : سما گیا

سمائی : آسمائی

سمائی ہم : میں سما گئی تھی

سمجھ : سمجھ

سمجھاں : میں سمجھوں

سمجھن : وہ سمجھیں ۔ خیال کریں ۔ جانیں

سمجھنڑ : سمجھنا (امر)

سمجھو : سمجھو (امر)

سمجھوں : ہم سمجھیں

سمجھیو : تو نے سمجھا ۔ تو نے جانا

سمل : زاد راہ ۔ سامان رسد

سمندر : آگ کا کیڑا

سمولے : جمع ہو گئے ۔ اکٹھے ہوئے ۔ یکجا

سمھن : سوئیں

سمھنڑ : سونا ۔ سو جانا ۔ نیند کرنا

سَن : سِن و سال ۔ عمر

سُن : سُن

سُن : سُن ۔ مثل بے حس و حرکت

سناسی : سنیاسی ۔ سنیاس لینا کے معنی سنیاس اختیار کرنا ۔ گھر بار اور دنیوی علائق چھوڑ کر جنگلوں کی راہ لینا ۔ اشیائے فطرت کا مطالعہ کرنا ۔ جڑی بوٹیوں اور معدنیات وغیرہ کے خواص معلوم کر کے بیماریوں کا علاج معلوم کرنا ۔ سنیاس کا لفظ ہی انگریزی زبان کا سائنس

ہے۔

سانُ: نیزہ ۔ برچھا

ساوِں : ساوِں

سائیں : اس نے سائیں

سایا : سایا

سنبل : ایک خوشبو دار گھاس کا نام

سنبل : ایک مقام جہاں بند دروازوں کا ایک مندر ہے ۔ آخری اوتار آئے گا تو یہ دروازے خود بخود کھلیں گے ۔

سنبھال : دیکھ بھال ۔ خبر گیری

سنبھال لہݨ : خبر گیری کرنا ۔ خبر لینا ۔ خیر خیریت معلوم کرنا ۔ یاد آوری

سنبھالا لسی : وہ خبر گیری کرے گا ۔ خیروعافیت معلوم کرے گا ۔ یاد فرمائے گا

سنبھالے : سنبھالا کی جمع ۔ خبر گیریاں

سنبھالے : قائم و برقرار رکھے ۔ سہارا دے

سنبھالیم : اس نے مجھے یاد کیا ۔ میری خبر گیری کی

سنبھالیں : تم خبر گیری کرنا (فعل امر)

سنبھل : سنبھل کر ۔ مقابلے کے لئے تیار ہو کر

سنبھلیسی : خبر گیری کرے گا

سنت : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طرز زندگی کی پیروی کرنا ۔ آنحضورؐ کے اسوہ حسنہ پر چلنا ۔ وہ عمل جس پر آنحضور صلعم نے ہمیشہ عمل کیا ہو اور ایک دو مرتبہ چھوڑ بھی دیا ہو سنت کہلاتا ہے ۔

سجوگ : حسن اتفاق ۔ اچھا موقعہ ۔ ملاپ ۔ سنجوگ بھی بولتے ہیں

سنجھ : شام

سنج : ویرانی ۔ ویران غیر آباد علاقہ ۔ سنسان

سنجاݨ : پہچان

سنجاݨڑ کیتے : پہچاننے کے لئے

سنجاݨو : پہچانو

سنجاݨیں : تم پہچاننا

سنجائی : بے سرو سامانی

سنجڑا : بد بخت ۔ سوختہ اختر ۔ ویران

سنجڑی : سنجڑا کی تانیث ۔ بد بخت ۔ سنجڑیں تلفظ ہے

سنجڑے : بد بخت ۔ جمع

سنجڑیپے : بد بختیاں

سنجڑیں : ویرانوں میں (کا ۔ کے ۔ کی وغیرہ)

سنجڑیاں : ویران ۔ سنسان ۔ بد بخت (جمع)

سنج واہ : ویران نالہ ۔ ویران مقام ۔ ویرانہ

سنجوک : دیکھو سنجوگ

سنجی : بدبخت (مونث)

سنجے : بدبخت (جمع)

سنداری : بکرے یا بھینس کے بچے کی کھال جسمیں ہوا بھر کر دریا پار کرتے ہیں

سندر : خوبصورت ۔ حسین

سَندھ : جسم کے جوڑ ۔ اعضا کے جوڑ

سِندھ : دریائے سِندھ کے پار کا علاقہ ۔ دریا کے کناروں پر کا آباد علاقہ وادی سِندھ دریائے جہلم کے منبع سے ساحل سمندر تک کے علاقے کا نام ہے ۔ یہ علاقہ "ہند" سے ہمیشہ الگ تھلگ رہا ہے ۔

سندھڑوں : سندھ سے ۔ دریائے سندھ کے آباد علاقے سے

سندھڑے : سندھ میں

سݨ : سن (فعل امر)

سݨ : سن کر

سݨاواں : میں سناؤں

سݨایا : سنایا

سݨاوݨ دے : سنانے میں

سݨائی : سنائی

سݨاؤ : سناؤ

سݨاوے : سنائے

سݨائیاں : سنائیں

سݨائیم : مجھے سنائیں

سݨائیں : سنائیں ۔ سناؤ ۔ سنانا (امر)

سݨ سمجھو : سنو اور سمجھو

سݨسیں : تم سنو گے

سݨو : تم سنو

سݨی : گیلی ۔ سنی کی تصغیر ۔ ترو تازہ

سݨے : گیلے ۔ سنے کی تصغیر ۔ تربتر

سݨیج : شنید

سݨیندی : سنائی دیتی ہے

سݨیو : سنو (لفظی معنے تم نے سنا)

سݨیوسے : ہم نے سنا

سݨھ : ایک ریگستانی پودا

سݨھیں : سݨھ کے پودوں نے

سنسار : دنیا

سن سمادھ : توجہ مرکوز کرنے کی نشست

سنگ : ساتھ مل کر

سنگ : پتھر (ف)

سنگ : پسیجنا ۔ نرم پڑنا

سنگ : سنگت ۔ صحبتیں

سنگ : کے ساتھ ۔ مل کر

سنگ نہ : تامل نہ کر ۔ جھجھک نہ ۔ دیر نہ کر

سنگار : بناؤ سنگار ۔ آرائش ۔ آراستگی

سنگاری : آراستہ کی ہوئی ۔ سجی ہوئی

سنگارے : آراستہ ہو

سنگت : ساتھ ۔ صحبت ۔ دوستی ۔ رشتہ

سنگتی : دوست ۔ ساتھی

سنگدیاں : تامل کرتی ۔ جھجکتی

سنگھار : سنگار

سنگولے : نیزے ۔ برچھے ۔ سنگینیں

سنگی : جھجکی ۔ رکی

سن مکھ : روبرو ۔ منہ کے سامنے ۔ آمنے سامنے

سن مینھ : سچی توجہ

سنوٹیں دی : شگنوں کے وقت کی ۔ رسوم شادی ادا ہونے کے وقت سے

سنہندیاں : سہانے لگتی ہیں ۔ زیب دیتی ہیں

سنی : اہلسنت والجماعت کے پیرو کار

سنیاسی : سنیاسی (دیکھو سناسی)

سنیہڑا : سندیسہ ۔ پیغام

سنیہڑے : پیغامات

سو : وہ

سو : سو ۔ یکصد ۔ بہت زیادہ

سو سکھ : بہت سے ۔ متعدد ۔ کئی

سوا : سوا ۔ علاوہ

سواد : کنارا

سواد اعظم : عظیم مرکز ۔ دنیا بھر کے مسلمانوں کا عظیم ترین مرکز ۔ بیت اللہ

سوالی : سول کرنے والا ۔ سائل ۔ مانگنے والا ۔ طلبگار

سوائی : (مونث) زیادہ

سوائے : (جمع) زیادہ

سوائیاں : (جمع مونث) آسودہ ۔ فارغ البال

سُوائیاں : بچہ جنی ہوئی (گائیں بھینسیں) دودھ دینے والی ۔ سُوائی کی جمع ہے ۔ سواڑی بھی کہتے ہیں ۔ جتنا عرصہ دودھ دیتی رہے ۔ اس عرصے کو ایک سُوا کہتے ہیں

سوایا : زیادہ ۔ سوا کے لفظی معنی ہیں ایک اور ایک چوتھائی ۔ " سوکھا سوایا " مرکب کے معنی ہیں خوشحال ۔ فارغ البال

سو بہ سو : (ف) ہر طرف

سو پُنج ہاراں : سینکڑوں جتن کروں ۔ (پن کے معنی نیکی کے کام) ۔ کئی کئی تدبیریں کروں

سوچ : سوچ

سود : (ف) نفع ۔ فائدہ

سودا : لین دین ۔ خرید و فروخت کا ایک معاملہ

سورج : سورج

سوریجے : (سندھی) سورھے جے : سورھے
کے یعنی سسرال ۔ سسرال والے لوگ

سوریجھیں یا سوریجیں : سسرال میں

سوڑے : تنگ ۔ قریبی

سوز : جلن

سوزیں دی روڑھی : سوزوں کی جلی ہوئی ۔ سوختہ

سوزوں : سوز سے

سوسن : نیلے رنگ کا ایک پھول

سوسٹھ : لفظی معنی ایک سو ساٹھ ۔ مجازاً کئی
متعدد ۔ سینکڑوں

سوغات : تحفہ

سوغاتیں : تحفے ۔ سوغاتیں

سوفار : تیر کا سرا ۔ تیر کا پھل ۔ اس کی
نوک پیکان کہلاتی ہے

سوک : خشک سالی ۔ ہریاول کا سوکھ جانا ۔
پژمردگی

سوکاں : سوک کی جمع ۔ پژمردگیاں ۔ سوکھی
ہوئی کھیتیاں

سوکھا : آسان ۔ آرام دہ

سوگند : قسم

سوسو وٹ دے : سینکڑوں اقسام کے

سول : درد ۔ کانٹے ۔ تفکرات ۔ اندیشے ۔
غم و اندوہ

سولاں : درد و غم (جمع) نے یا کا یا کے یا سے وغیرہ

سولاں لٹی : دردوالم کی لوٹی ہوئی ۔ برباد کی ہوئی

سولاں ماری : کشتۂ الم ۔ دردوالم کی ماری ہوئی

سولا : نزدیک ۔ قریب

سولڑا : سولا کی تصغیر ۔ نزدیک قریب

سولڑا بھاگ : بخت قریب ۔ " بھاگ
سولڑے ہونویں " دعائیہ جملہ ہے

سولڑے : سولا کی جمع اور تصغیر ۔ قریب ۔
مجازاً آسودہ ۔ خوشحال

سولڑی : (مونث) قریب ۔ آسودہ

سولڑیاں : (جمع مونث) قریب ۔ اور زیادہ قریب

سولی : پھانسی ۔ سولی

سولی : دکھ درد سے لبریز ۔ آزردہ

سولیں : درد و اندوہ نے ۔ دکھوں نے

سولیں ساڑی : دکھوں کی جلائی ہوئی

سولیں نال : دکھوں کے ساتھ

سولیں سانگ : غم و اندوہ کے سبب ۔ کے
تعلق سے ۔ کی وجہ سے

سومل : مومل کی بہن جو میندھرے کا مردانہ
لباس پہن کر مومل کے پاس سوئی ہوئی تھی ۔

کہ اچانک رات کے وقت مینڈھرا آ گیا۔
اس نے سومل کو نہ پہچانا اور غلط فہمی میں مبتلا
ہو کر مومل کو چھوڑ کر واپس چلا گیا

سوں : قسم۔ سوگند

سوں : سے

سون کی : نفس کی

سوݨ : شادی کی رسمیں ۔ سگن ۔ ٹونے
ٹوٹکے وغیرہ

سوھݨاں / سوہݨا : حسین (مذکر)

سوہݨے باجھ : محبوب کے بغیر

سوھݨیں / سوہݨی : حسین (مونث)

سوہݨیاں : حسینوں کو۔ کا۔ سے وغیرہ

سوہݨیاں : سوہݨی کی جمع ۔ سوہݨی یا سوہݨیں
مشہور رومانی داستان سوہݨی مہینوال کی ہیروئن
کا نام ہے

سوہݨے : سوہݨا کی جمع ۔ حسین لوگ ۔ حسین

سُونہہ : واقفیت

سُونہاں : واقف

سونے دا : سونے کا

سُوہا : عروسی دوپٹہ ۔ جو عموماً اور بعض
اوقات سبز رنگ کا ہوتا ہے'

سوہرے : سسرال

سوہرڑے : سسرال ۔ ڑ تصغیر کی ہے

سوہن : سہانی معلوم ہوں ۔ اچھی لگیں ۔
زیب دیں

سوہم : مجھے زیب دے

سوہندے : سہانے لگتے ۔ زیب دیتے۔

سوہندی ہے : سہانی لگتی ہے ۔ زیب دیتی ہے

سُوہی : رنگین ۔ سہاگ کی ۔ عروسی

سُوہے : سُوہا کی جمع ۔ رنگین عروسی دوپٹے

سوئی : وہی

سویلے : سویرے ۔ الصبح

سُہا : زیب دے ۔ (فعل امر)

سہاگ : سہاگ ۔ خوش بختی ۔ عروسی مسرت

سہاگاں : سہاگ کی جمع

سہاگڑی : سہاگن ۔ سہاگ والی

سہاگڑے : سہاگ والے (جمع) سہاگ سے متعلق

سہاگوں : سہاگ سے

سہاں : میں سہوں ۔ برداشت کروں

سہندا ہے : زیب دیتا ہے

سہانگے : سستے ۔ آسان ۔ (مہانگے کا ضد)

سہانواں : میں لطف اندوز ہوں ۔ (تمنائی)

سہاودے : زیب دیتے ۔ اچھے لگتے

سہاودیاں : کو میں زیب دتی ہوں

سانوݨ : زیب دینا (مصدر)
سانوݨیاں / سانوڑیاں : سہانی
سانون : کو زیب دے ۔ تم زیب دینا ۔
سے لطف اندوز ہونا (امر)
سہاوں : ہم لطف اندوز ہوں
سہاوے : زیب دے ۔ زینت بڑھائے ۔
لطف اندوز ہو
سہائی : آراستہ ہوئی ۔ بھلی لگی ۔ خوبصورت
معلوم ہوئی
سہایا : برداشت کیا
سہائے : سہے ۔ برداشت کرے
سہائیں : تم زیب دینا
سہایس : وہ لطف اندوز ہوئی
سہایم : میں نے برداشت کئے ۔ نے مجھ
سے برداشت کرائے
سہایم : نے مجھے زینت دی ۔ نے رونق بخشی
سہج کنوں : از خود ۔ اپنے دل کے جذبے سے
مجبور ہو کر اندرونی ذوق کے زیر اثر ۔ اپنے
شوق سے
سہجوں : جذب اندرون سے مجبور ہو کر ۔ از
خود اپنے شوق سے
سہٹا : حسین

سہرے : ہار ۔ سہرے ۔ گجرے
سہرے : ترقی پذیر ۔ آسودہ صحتمند
سہساں : میں سہوں گی ۔ برداشت کروں گی
سُہم : مجھے زیب دے
سہمساں : میں سہموں گی ۔ سہم جاؤں گی ۔
خوفزدہ ہو جاؤں گی
سُہن : زیب دیں
سہنجا : (سندھی) ***
سہنجو : (سندھی) ***
سہندا : زیب دیتا
سُہنڑ : حسین ۔ زینت دینے والا
سہنڑا : حسین ۔ زیب و زینت دینے والا
سہنس : سو ۔ کئی سو ۔ سینکڑوں
سُہندی ہے : زیب دیتی ہے
سہندی : سہتی ۔ برداشت کرتی
سُہندیاں : اچھی لگتی ہیں ۔ زیب دیتی ہیں ۔
بھلی معلوم ہوتی ہیں
سہوں : ہم برداشت کریں ۔ سہیں
سُہیساں : کو زیب دوں گی
سہی سچ : بالکل سچی بات
سہوندا ہے : زیب دیتا ہے
سُہیلی : خوبصورت ۔ حسین ۔ سہانی

سہیلی : ہمجولی

سہیلیاں : سہیلی کی جمع ۔ ہمجولیاں ۔ سکھیاں

سہیلیاں : سہیلی کی جمع ۔ حسینائیں

سہندا : برداشت کرتا

سہندیاں : میں لطف اندوز ہوتی ہوں

سی : سردی ۔ کپکی

سی : ہمی کا مخفف ہے ۔ اس کا ہے یا اس کو ہے

سے : سو ۔ مجازاً کئی ۔ سینکروں

سے : کے ساتھ ۔ سے ۔ میں سے

سیارہ : سیارہ

سیاہ : سیاہ ۔ تاریک ۔ کالے ۔ کالی

سیاپے : ماتم ۔ شیون ۔ سینہ کوبی ۔ آہ وبکا

سیادت : سرداری ۔ رہنمائی

سیال : ایک قوم کا نام ہے ۔ ہیر کا تعلق اسی قوم سے تھا

سیالے : سیالہ کی جمع ۔ سردی کے دن ۔ موسم سرما

سیالیں : سیال قوم کی عورتیں ۔ ہیر کی سسرال والی

سیالیں : سیالوں (نے ۔ کا ۔ کے ۔ کی وغیرہ)

سیاں : سہیلیاں ۔ ہمجولیاں

سئیاں : سہیلیوں (نے ۔ کا ۔ کے ۔ کی وغیرہ)

سیانی / سیائیں : دانا سمجھدار (مونث)

سیانے / سیائیں : (سیانڑاں کی جمع) دانا ۔ سمجھدار لوگ

سیتا جی : رام چندر جی کی بیوی جسے بارہ سالہ بن باس کے دوران لنکا کا راجہ راونڑ دھوکے سے اٹھا کر لے گیا ۔ رام چندر جی نے ہنومان کی مدد سے لنکا کو فتح کیا ۔ اور راونڑ کو قتل کر کے سیتا جی کو چھڑوا لیا

سِیتا : سی لیا ۔ سلا ہوا ۔ سل گیا ۔ سی دیا گیا

سِیتے : سلے ہوئے ۔ سی دیئے گئے ۔ سل گئے

سِیتیئی : تو نے سی لی ہے ۔ تو نے ٹانک دیا ہے

سیتی : کے ساتھ

سیجڑی : سیج کی تصغیر و تانیث ۔ سیج

سیجھ : سیج

سیجڑے : سیجیں ۔ سیج کی جمع

سیجھیں : سیج پر

سید : سید ۔ آقا ۔ مالک ۔ سردار

(نوٹ) دیوان میں ایک مقام پر سید کے لفظ سے سید عبداللطیف شاہ بھٹائی کی طرف اشارہ ہے جو علاقہ سندھ کے مشہور صوفی

بزرگ اور شاعر ہو گزرے ہیں اور دوسرے مقام پر سید الانبیاء حضرت محمدؐ کی ذات اقدس مرادلی گئی ہے

سیر: سیر۔ سیاحت۔ مشاہدہ فطرت۔ غور و فکر کے لئے چلنا پھرنا

سیر نزول: راہ سلوک کی ایک منزل کا نام ہے جس میں سالک نیچے گر جاتا ہے اور پھرتا رہتا ہے

سِیر: سانجھا۔مشترک

سیرت: سیرت۔ کردار

سیڑھ: منجھدار۔ رو۔ دریا کا تیز بہاؤ۔ دھار

سیڑھاں: منجھداریں۔ دھاریں۔ ندیاں۔ نالے

سیں: ماتھا۔ سر۔ سیں نوانوٹ: سر جھکانا

سیفل: شاہ سیفل الملوک۔ مشہور رومانی قصے کا ہیرو

سین: حروف تہجی کا ایک حرف۔ حرف سین

سین: سینا کی پہاڑی۔ عرب کے شمال مغرب میں ایک پہاڑی ہے جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوئے تھے۔ اور جہاں آپ کو توریت ملی تھی۔

سینِدے: سیتا ہے

سینگا: ہم عمر (مذکر)

سینگیاں: ہم عمر۔ (جمع مونث)

سینگیاں سرتیاں: ہم عمر۔ سہیلیاں

سینگیاں ساں: ہم عمر سہیلیوں کے ساتھ

سینگیئیں: ہم عمر سہیلیوں نے

سینگیئیں سرتیئیں: ہم عمر سہیلیوں نے

سئیاں: سہیلیاں

سیوہان: سندھ کا ایک علاقہ

سینہ: سینہ

سینے: سینے (میں یا پر۔ کا۔ کے وغیرہ)

سینے تے منگ ڈالے: (محاورہ ہے) دل دکھائے۔ ایسا کام کرے جسے مجبوراً برداشت کرنا پڑے

سیں: کئی سو۔ سینکڑوں (نے۔ میں۔ کا۔ کے وغیرہ)

سئیں: مالک۔ آقا (اس کی مونث ہے سین: مالکہ)

سینواں: میں سیئوں

سیندھ: مانگ

سیندھاں: مانگیں۔ سیندھ کی جمع

سیٹیں: سین کی جمع۔ بیٹے یا بیٹی کی ساس کو

سیٹ کہتے ہیں ۔ میاں اور بیوی کی مائیں آپس میں سیٹنیں ہوں گی

سیہ : کالا ۔ سیاہ ۔ سیاہ رنگ کا

****

ش

****

شابس : شاباش ۔ آفرین ۔ حوصلہ افزائی کا کلمہ ہے ۔ اصل میں دعائیہ کلمہ شاد باش تھا جو شاباش ہو کر شابش یا شابس بن گیا

شاد : خوش

شادیاں : خوشیاں ۔ شادیاں

شادی : شادی ۔ خوشی

شاخ : شاخ

شاغل : مصروف یاد الٰہی ۔ مشغول

شالا : دعائیہ کلمہ ۔ ایسا ہو ۔ خدا کرے

شام : شام کا وقت

شام : لفظی معنی سیاہ ۔ کرشن جی سانولے رنگ کے تھے لہٰذا انہیں شام یا شام سندر کہا گیا ہے

شام دوارے : کرشن جی کے مندر میں

شام سندر : کرشن جی ۔ " سوہنا سانول " اس کا سرائیکی ترجمہ ہو گا ۔ محبوب ملیح

شامل : شامل ۔ ملا ہوا

شان : شان (مذکر استعمال ہوا ہے ۔ اب موٴنث بولا جاتا ہے) شان کے لفظی معنی حالت کے ہیں ۔ مجازاً شوکت کے معنوں میں آتا ہے ۔ دیوان میں دونوں معنوں میں استعمال ہوا ہے

شاہ : شاہ ۔ بادشاہ ۔ سیٹھ ۔ اہل ثروت

شاہد : محبوب

شاہد : گواہی دینے والا

شاہد مستی : محبوب کی محبت کا کیف و سرور

شاہی : حکومت

شاہ مردان : حضرت علیؓ کا لقب ۔ حضرت علیؓ نبی اکرم صلعم کے چچیرے بھائی اور داماد تھے اور اسلام کے چوتھے خلیفہ تھے

شاہ نظام الدین : حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ

شائق : شوق رکھنے والا

شاہد : (ف) مناسب ہے

شب : رات

شباہت : شکل و صورت

شبریاں : اونٹ پر چار پائی کی شکل کی ایک نشست

شبہات : شبہہ کی جمع ۔ شبہات ۔ شکوک

شتر: اونٹ

شد: زور دینا۔ ایک ہی حرف کا تکرار۔ بڑی شد و مد کے معنی ہیں بڑے زور شور سے۔ کسی حرف کو دو مرتبہ پڑھنا۔ حرف ما قبل اور حرف مابعد سے ملا کر پڑھنا

شُد:(ف) ہوگیا۔ تھا۔ ہوا

شدت: (ع) سختی۔ تیزی۔ زور۔ طاقت

شدے مدے: موجوں کا زور شور ہے۔ مدوجذر ہے

شدید: شدت والا۔ بہت سخت

شدیدے: شدید ہے (دیکھو "ے")

شر: شر۔ شرارت۔ فساد۔ برائی۔ بدی

شرب: پینا

شربت: شربت

شرحیں: تشریحات

شرع: شرع۔ شریعت۔ اللہ تعالیٰ کا بتایا ہوا وہ راستہ جو پیغمبروں کے ذریعے انسانوں کو معلوم ہوا

شرکوں: شرک سے

شرم: شرم وحیا۔ عزت و آبرو

شرموں کشرموں: شرم و لحاظ کی وجہ سے۔ لحاظ کرتے ہوئے پاس داری یا پاس خاطر کرتے ہوئے .

شریف: شرف دیا گیا۔ شریف

شطحات: اصل لفظ شطحیات ہے۔ عالم مستی اور کیف و سرور میں منہ سے بے اختیار نکلے ہوئے ایسے کلمات جو شریعت کی رو سے قابل گرفت ہیں

شطحاتاں: شطحات کی جمع

شعر: شعر۔ نظم

شعلے: شعلے

شعور: شعور۔ عقل۔ سمجھ

شغل: شغل۔ مشغلہ

شغدف: ***

شفع: کائنات میں کثرت اور تنوع

شفقت: مہربانی۔ لطف و کرم۔ شفیق ہونا

شفیقی: حضرت شفیق کے متعلق جو بلخ کے با کمال صوفی بزرگ ہو گزرے ہیں

شک: شک۔ شبہ

شکار: شکار

شکاری: شکاری

شکاریں: منتر پڑھ کر پھونک مارنا۔ دم کرنا (فعل امر)

شکایت: شکایت

شکر : شکر
شکرانہ : شکرانہ
شکرانے : شکرانے ۔ شکریئے
شکل : شکل ۔ صورت ۔ کی مانند ۔ کی طرح
شکوک : شک کی جمع ۔ شبہات
شگن : سگن ۔ شادی بیاہ کی رسمیں ۔ نیک ساعت ۔ شبھ گھڑی
شگون : شگون
شمالی : شمال کی طرف کی ۔ شمال سے آنے والی
شمع : شمع
شمس : شمس ۔ سورج
شمس الحق : مشہور ولی اللہ جن کی کھال اتروا دی گئی تھی
شمشاد : ایک سیدھا اور اونچا درخت ۔ سرو
شنید : سننا ۔ اس نے سنا
شو : (ف) دھو ڈال
شوخ : شوخ ۔ تیز
شودے : بیچارے
شودی : شودا کی تانیث ۔ بیچاری
شور : شور
شوق : شوق
شوقوں : شوق سے

شوکت : شان و شوکت
شُوکن : پھنکاریں ۔ شوں شوں کریں
شوں شوں : پھنکار
شہ : بادشاہ
شہادت : سچی گواہی
شہانہ : شاہانہ
شہ پریاں : شاہانہ شوکت کی پریاں ۔ شہ سابقہ ہے جو بڑے کے معنے میں استعمال ہوتا ہے
شہر : شہر
شہر خواری : رسوائی بازار ۔ شہر کے عوام کے ہاتھوں ذلیل و خوار ہونا ۔ تذلیل
شہریں : شہروں میں
شہود : وہ درجہ جس میں سالک مراتب کثرت اور موجودات صوری سے گزر کر توحید عیانی کے مقام پر پہنچ جاتا ہے ۔ اور اس کو موجودات کی ہر چیز میں جلوہ حق نظر آتا ہے
شہودی : مقام شہود کی ۔ دیکھو شہود
شہودوں : شہود سے
شہید : شہید ۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان کی قربانی دینے والا
شئے : شئے ۔ چیز
شیث : حضرت شعیب علیہ السلام ۔ حضرت

آدم کے بیٹے یہ بھی پیغمبر تھے

شیخ : شیخ ۔ بزرگ

شیخ الشیوخ : بزرگوں کے بزرگ

شیریں : میٹھا

شیریں : شیریں فرہاد کی رومانی داستان کی ہیروئن

شیطان : شیطان

شین : حرف تہجی کا ایک حرف ۔ حرف شین

شینہہ : شیر

شیوخ : شیخ کی جمع ۔ بزرگ

شیوے : طریقے

****

ص

****

صابر : صبر کرنے والا ۔ حضرت ایوبؑ جن کے جسم میں کیڑے پڑ گئے تھے ۔ لیکن انہوں نے صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا

صاحب : مالک (ع)

صاحبی مائیں : تو بادشاہی کرے ۔ شاہی کو ٹھکائے

صافی : صاف باطن (ع)

صالح : نیک ۔ اصلاح کرنے والا (ع)

صامت : چپ چاپ (ع)

صاہل : (ع) ہاتھ پاؤں مارنے والا ۔ مجازاً اونٹ

صبا : صبا ۔ باد صبا ۔ صبح کی ہوا

صباح : صبح ۔ دن

صباحیں : دن کو ۔ صبح کے وقت ۔ آنے والی کل

صبح : صبح

صبح صادق خان : والی سابق ریاست بہاولپور جو صبح صادق خان عباسی کے نام سے امیر ریاست تھے

صبر : صبر ۔ تحمل ۔ برداشت

صبوحی : صبح کی ۔ روشن ۔ واضح ۔ چمکدار ۔ منور

صحائف : آسمانی صحیفے

صحبت : ساتھ رہنا ۔ مصاحبت

صدا : آواز ۔ صدا

صدر : صدر ۔ سینہ ۔ دل

صدقات : صدقات ۔ صدقہ کی جمع ۔ مال کی قربانی ۔ اللہ کی راہ پر مال خرچ کرنا

صدق : صدق ۔ سچائی

صدقوں : صدق سے

صدقے : قربان

صدقے کیتا : صدقے کیا ہوا ۔ قربان کیا ہوا

صدقے کیتے : قربان کئے ہوئے

صدقے صدقے : قربان جاؤں ۔ واری جاؤں

صد گونہ : سو اقسام کی ۔ کئی قسموں کی
صدمات : صدمہ کی جمع ۔ تکلیفیں ۔ صدمے
صدمے : صدمے ۔ تکلیفیں
صدور : صدر کی جمع ۔ جو چیز صادر ہو ۔ قول و فعل وغیرہ
صدیقی : حضرت صدیقؓ کا مذہب و مسلک اور طریق زندگی
صحبت : صحبت ۔ سنگت ۔ ساتھ ۔ صحبت میں دوستوں کے ساتھ میل جول
صحت : صحت ۔ تندرستی
صحائف : صحیفہ کی جمع ۔ خدائی احکام و ہدایات
صحن : صحن ۔ آنگن
سِرف : صِرف ۔ اکیلا ۔ تنہا
صرَف : صرَف ۔ قواعد زبان کا ایک حصہ صرف کہلاتا ہے ۔ جس میں لفظوں کی بناوٹ اور پہچان پر بحث کی جاتی ہے ۔ دوسرے حصے کو نحو کہتے ہیں ۔ جس سے جملوں کی ساخت پر بحث ہوتی ہے
صفا : صفائی ۔ پاکیزگی
صغیر : چھوٹا ۔ بہت چھوٹا
صفات : صفت کی جمع ۔ صفتیں
صفاتاں : صفات کی جمع ۔ صفتیں

صفاتوں : صفات سے
صفاتی : صفات والی ۔ اوصاف والی
صفاتیں : صفات (میں ۔ کا ۔ کے ۔ کی وغیرہ)
صفت : صفت ۔ وصف ۔ خوبی ۔ نشانی ۔ علامت
صلح : صلح ۔ صلح صفائی
صفاً صفا : بالکل بے تعلق ۔ بالکل صاف ۔ پاک صاف ۔ بے کدورت
صفیاں دا : صاف باطن لوگوں کا
صلواتاں : نمازیں ۔ صلواتیں
صلواتوں : صلواۃ سے
صمد : صمد ۔ بے احتیاج ۔ قائم بالذات
صندوق : صندوق ۔ ہیرے جواہرات رکھنے کی ڈبیہ
صنم : بت ۔ محبوب
صنعان : ایک مشہور بزرگ کا نام ہے جن کے سات سو مرید تھے ۔ شیخ عطاء بھی انہی کے مرید تھے
صنوبر : صنوبر کا درخت
صوبیدار : صوبے کا حاکم
صورت : صورت ۔ شکل
صوفی : صوفی ۔ تصوف کا عالم و عامل ۔ سالک راہ سلوک
صولت : صولت ۔ جاہ و جلال

صوم : روزہ

صومعہ : گرجا ۔ عیسائیوں کی عبادت گاہ ۔
مجازاً مسجد یا ہر عبادت گاہ

صید : شکار

****

ض

****

ضائع : (ع) ضائع

ضرب : (ع) ضرب ۔ چوٹ

ضروری : (ع) ضرور

ضعیف : (ع) کمزور

ضعف : (ع) کمزوری

****

ط

****

طاعات : طاعت کی جمع ۔ اطاعتیں

طاعاتاں : طاعات کی جمع ۔ اطاعتیں ۔ فرماں
برداریاں

طاعت : اطاعت ۔ فرمانبرداری

طاغوت : شیطانی قوتیں

طالب : طلب کرنے والا ۔ مانگنے والا ۔
چاہنے والا

طالح : بدکار ۔ صالح کا ضد

طالع : قسمت کا ستارا

طاہر : پاکیزہ

طبع : طبیعت

طبعے : ایک طبیعت

طبقات : طبقہ کی جمع ۔ طبقے

طبقے : حصے ۔ درجے

طبل : ڈھول ۔ نقارہ

طبلہ : ایک مشہور ساز ۔ طبلہ

طبیب : طبیب ۔ حکیم ۔ جسمانی امراض کا
علاج کرنے والا

طرب : خوشی

طرح : طرح ۔ بنیاد ۔ طرز ۔ طریقہ

طرح : مانند ۔ کی طرح

طرز : طرز ۔ یہ لفظ سرائیکی میں موئنث بولا
جاتا ہے ۔ طریقہ ۔ چال ۔ انداز

طرزاں : طرز کی جمع

طرف : طرف ۔ کنارا ۔ سمت

طرفاں : ایک ریگستانی پودے کا نام ہے

طرفوں : کی طرف سے

طریق : طریقے ۔ راستے

طریقت : تصوف کی اصطلاح ۔ شریعت ۔

طریقت ۔ معرفت اور حقیقت ۔ مرشد کے احکام کی پیروی کرنا راہ طریقت ہے ۔ باطن کی صفائی

طلب : مانگ ۔ خواہش ۔ چاہت ۔ آرزو

طمانچہ : طمانچہ

طمس : نام ونشان مٹا دینا ۔ صفات الٰہی میں اپنی ذات کی تمام صلاحیتوں کو اس طرح ضم کر دینا کہ فنا سے بقا کا مقام حاصل ہو جائے

طواف : خانہ کعبہ کے گرد چکر لگانہ

طور : طور ۔ طریقہ

طور : طُور سینا کا نام ہے ۔ جہاں حضرت موسیٰؑ نے اللہ تعالیٰ کا جلوہ دیکھا اور جہاں سے وہ بنی اسرائیل کے لیے ہدایت لائے تھے ۔ یہ مقام فلسطین کا ایک مشہور پہاڑ ہے

طوری : کوہ طور سے متعلق ۔ طور والا

طوف : چکر ۔ طواف ۔ مرکز اسلام (خانہ کعبہ) کے گرد چکر لگانہ

طوفان : طوفان

طٰہٰ : سورۃ طٰہٰ ۔ قرآن حکیم کی سورت کا نام جسمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف و توصیف بیان کی گئی ہے

طہور : پاکیزگی ۔ صفائی ۔ پاک کرنے والا

طیر عروج : راہ سلوک کی منزل جسمیں سالک اپنے آپ کو اڑاتا ہوا معلوم ہوتا ہے ۔ بلندی کی طرف پرواز کرنا

طیفوری : حضرت بایزید بسطامی کا مسلک ۔ جو سبحانی ما اعظم شانی پر مبنی ہے اس کے معنے ہیں واہ سبحان اللہ میں ہوں ۔ اور کیا ہی اعظم میری شان ہے

طینت : طبیعت ۔ فطرت ۔ خو ۔ مزاج

طیوری : پرندوں کی

طہوروں : پاک ۔ پاکیزہ شراب سے

طیب : پاک ۔ طیب ۔ خوشبو

****

ظ

****

ظالم : (ع) ظالم ۔ ظلم کرنے والا

ظاہر : (ع) ظاہر ۔ کھلم کھلا ۔ واضح ۔ روشن

ظلم : (ع) ستم ۔ ظلم

ظلمت : (ع) اندھیرا ۔ جہالت ۔ لاعلمی ۔ یہ لفظ نور کا ضد ہے

ظلمات : (ع) اندھیرے ۔ تاریکیاں ۔ بحر ظلمات جہاں سکندر آب حیات کی تلاش میں گیا تھا۔ ظلمات ثلاثہ تین تاریکیوں کو کہتے

ہیں ۔ پہلی ماں کے پیٹ تاریکی ۔ دوسری رات کی تاریکی ۔ مچھلی کے پیٹ کی تاریکی ۔ دریا کی تہ کی تاریکی ۔ اور تیسری صفات حیوانی کدورت طبعی ۔ اور ہوائے نفسانی کی تاریکی

ظلمی / ظلمیں : ظلم والا ۔ ظالم

ظلمیں : ظالم ۔ ظلم کرنے والے

ظلوم : اندھیرے میں ۔ ظالم ۔ انسان کو ظلوم جہول کہا گیا ہے

ظہر : زوال آفتاب کا وقت ۔ بعد دوپہر

ظہور : جلوہ افروز ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔ عیاں ہونا

ظہورا : ظہور ۔ ظاہر ہونا

****

ع

****

عابد : (ع) عبادت کرنے والا ۔ عابد

عادت : عادت

عار : عار ۔ شرم ۔ نفرت ۔ پرہیز

عاراں : عار کی جمع ۔ نفرت ۔ پرہیز

عارض : رخسار

عارف : عارف ۔ جاننے والا ۔ حق شناس

عارویار : شرم کی بات

عارویاروں : عارویار سے ۔ ویار کے معنی لاج اور شرم کے ہیں ۔ لوگوں کے طعن و تشنیع سے ڈر کر

عاری : خالی

عاشق : عاشق

عاصی : گنہگار

عاول : بیکار ۔ فضول ۔ بے عمل ۔ ساکت و جامد

عالِم : عالِم ۔ جاننے والا ۔ صاحب علم

عالم : دنیا

عالم ساز : دنیا کو بنانے والا ۔ جہان کی تعمیر نو کرنے والا

عالم لوکا : اے عالم فاضل لوگو

عالی : عالی ۔ بزرگ و برتر ۔ بلند

عبادت : عبادت ۔ بندگی

عبادت کار : عبادت گزار ۔ عبادت کرنے والا ۔ عابد

عباداتوں : عبادات سے

عبد : بندہ ۔ غلام ۔ نوکر ۔ پورا فرمانبردار

عبرت : انجام سے سبق حاصل کرنا ۔ عبرت ۔ تعبیر

عبید : عبد کی تصغیر ۔ چھوٹا غلام ۔ چھوٹا بندہ

عبیر : خوشبودار دوائی ۔ عنبر

عثمان : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اسلام

کے تیسرے خلیفہ

عجب : عجب ۔ حیران کن ۔ عجیب

عجائب : عجیب ۔ عمدہ ۔ اعلی

عجم : ایران

عجز : عاجزی ۔ انکساری ۔ نارسائی ۔ عاجز آجانا ۔ نہ کر سکنا

عجیب : عجیب

عدالت : عدالت ۔ عدل کی جگہ ۔ انصاف

عدل : انصاف

عدم : نہ ہونا ۔ وجود کا ضد ۔ نیستی

عدن : عدن کی بندر گاہ ۔ باغ عدن کے معنی بہشت کے ہیں

عدول : حکم نہ ماننا ۔ نافرمانی

عذاب : عذاب

عذابی : عذاب والا ۔ مبتلائے عذاب

عذر : عذر

عرب : ملک عرب

عربی : عرب سے تعلق رکھنے والا

عرش : عرش ۔ سب سے اوپر کا آسمان جو باقی تمام آسمانوں پر محیط ہے

عرشی : عرش سے تعلق رکھنے والا

عرشی : شیخ عبداللہ بن شیخ محمد عرشی مرجانیؒ ۔ مرجان میں پیدا ہوئے ، مفسر ، فقیہ ، صوفی اور اپنے وقت کے سر برآوردہ اصحاب میں سے تھے ۔ 669 ہجری میں تیونس میں قاضی تھے ۔ مصر میں بھی رہے ۔ ان کے صوفیانہ عقائد پر کفر کا فتوی لگایا گیا ۔ اور بالآخر ان کو مروا ڈالا گیا ۔ بحوالہ طبقات المومنیہ امام شعرانی

عرض : وہ چیز جو قائم بالذات نہ ہو ۔ اور جس کا وجود دوسری چیز کا محتاج ہو ۔ جیسے آئینہ اور عکس ۔ کپڑا اور رنگ وغیرہ ۔ آئینہ اور کپڑے کو جوہر کہیں گے ۔ اور عکس اور رنگ کو عرض کہیں گے

عرفات : مکہ معظمہ سے نو کوس کے فاصلہ پر ایک فراخ میدان ہے ۔ جہاں حاجی ٹھہرتے ہیں ۔ لبیک کہتے ہیں ۔ دعائیں پڑھتے ہیں ۔ اور ظہر اور عصر کی نماز وہیں پڑھ کر پھر مکہ معظمہ کو لوٹ جاتے ہیں

عرفان : علم معرفت ۔ اللہ تعالی کی پہچان

عروج : بلندی ۔ ترقی ۔ منزل بہ منزل آگے بڑھنا

عروض : علم عروض جس کے ذریعے نظم کے اوزان اور بحور معلوم ہوتے ہیں

عریانی : عریانی ۔ برہنگی

عزت : عزت
عزلت : گوشہ نشینی ۔ تنہائی ۔ دوری
عشرت : لفظی معنی زندگی بسر کرنا ۔ مجازاً
عیش و عشرت ۔ آرام و آسائش
عشرہ : محرم الحرام کے پہلے دس دن
عشق : عشق
عشقوں : عشقوں سے
عشقی گیتاں : عشق و محبت کے نغمے
عشوہ : ناز نخرا
عشوے : ناز نخرے
عصات : گنہگار ۔ نافرمان
عصیانوں : عصیان سے ۔ گناہ سے
عصیان : گناہ
عطروں : عطر سے
عطروں بھنری : عطر سے بسی ہوئی ۔ معطر
عظمت : عظمت ۔ بڑائی
عفو : عفو ۔ معافی ۔ بخشش
عِقاب : عذاب ۔ جور و جفا
عقائد : عقیدہ کی جمع ۔ عقیدے ۔ یقین
عقبیٰ : آخرت
عقل : عقل
عقول : عقل کی جمع ۔ عاقل لوگ (عقلیں) ۔
دانائیاں
عقولاں : عقل مند لوگوں کا ۔ داناؤں کا ۔
دانائیوں کا
عقیدہ : عقیدہ ۔ ایمان ۔ یقین
عکس : سورج کی شعاعوں کا ذرات سے ٹکرا کر
واپس ہونا ۔ الٹا ۔ پانی وغیرہ میں کسی چیز کی
شکل وغیرہ دکھائی دینا
عکس در عکس : عکس میں عکس ۔ الٹ پلٹ
علامت : علامت ۔ نشانی
علت : بیماری ۔ خرابی
علم : علم ۔ جاننا
علمیہ اعیان : علم و یقین کے تین درجے (1)
علم الیقین (2) عین الیقین (3) حق الیقین
علوم : علم کی جمع ۔ علوم
علمی : علم سے متعلق
علوی : حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا
عُلوی : بلند ۔ اعلیٰ ۔ عالم بالا سے تعلق رکھنے
والا ۔ سفلی کا ضد
عمارت : عمارت ۔ مکان
عمر : نام ہے
عمر : عمر ۔ سن و سال
عمران : موسیٰؑ کے والد کا نام

عُمراں : عمر کی جمع

عمر : حضرت عمر فاروقؓ۔ اسلام کے خلیفہ دوم

عمرے : عمرہ کی جمع ۔ حج کے مقررہ وقت کے علاوہ کعبے کا طواف

عمل : عمل

عناصر : وہ بنیادی اجزائے مادہ جن سے کائنات نے ترکیب پائی ہے ۔ مثلاً ہوا ۔ پانی ۔ مٹی اور آگ

عنایت : لطف و کرم ۔ بخشش ۔ مہربانی

عنبر : ایک خوشبو دار مسالا

عنید : دشمن ۔ عناد رکھنے والا ۔ عنیدے : دشمن ہے ۔ دیکھو " ے "

عوج : ختم ہو جانا ۔ ٹھہر جانا

عہدہ : عہدہ ۔ مرتبہ

عیال : بچے ۔ عیال

عیالوں : عیال سے ۔ بچوں سے

عیاں : ظاہر ۔ کھلم کھلا ۔ بیّن

عیب : نقائص ۔ خرابیاں ۔ برائیاں

عیبوں خالی : عیوب سے پاک صاف ۔ نقائص سے خالی

عید : عید ۔ خوشیوں کا دن ۔ مسرتیں ۔ یوم تشکر

عیسیٰ : حضرت عیسیٰؑ جن پر انجیل نازل ہوئی

عیش : عیش و آرام

عین : بالکل صحیح

عین بعینہ : بالکل وہی

عین بین : عین کے معنی ہیں سرچشمہ ۔ بین کے دو معنی ہیں ایک عین کا ضد ۔ دوسرے درمیان ۔ وصل ۔ جدائی وغیرہ ۔ یہاں مراد ہے کیفیات وصل و فراق

****

غ

****

غار : غار

غازی : غازی ۔ فاتح

غافل : غفلت کرنے والا

غالب : غلبہ پانے والا ۔ چھا جانے والا

غائب : واحد اور جمع غائب کے صیغے ۔ وہ واحد ۔ وہ جمع

غایت : انتہا : انجام ۔ مقصد

غبار : گرد و غبار

غرض : غرض ۔ لالچ ۔ خود غرضی ۔ خواہش

غرق : غرق

غرور : غرور ۔ فخر ۔ مان ۔ تکبر

غریب : بچارا ۔ نادار ۔ بے سرو سامان ۔ لفظی معنے ہیں مسافر
غریب : عجیب ۔ انوکھی ۔ نئی
غضب : غضب ۔ ظلم و ستم ۔ غیظ و غصہ
غفار : اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک ۔ پناہ دینے والا ۔ مصائب سے بچانے والا۔ غفر کے معنی ہیں ڈھال ۔ خود وغیرہ
غفلت : غفلت
غل : غل
غلام : غلام
غلبہ : غالب آجانا ۔ شدت ۔ زور ۔ حملہ
غل غل : غلغلہ ۔ شور ۔ چرچا
غلمان : خدمت گزار لڑکے
غلول : پتھر کی گولی جو غلیل میں رکھ کر مارتے ہیں
غلیل : غلیل
غم : غم
غماں دی : غم کی (جمع)
غمخوار : ہمدرد ۔ دوسروں کے غم میں شریک ہونے والا
غمخواری : ہمدردی
غم دیں : غم (جمع) کے

غمزہ : اشارہ ۔ ناز نخرہ
غمزے : اشارے ۔ ناز نخرے
غم کھاندی آں : میں غم کھاتی ہوں
غمگین : اداس ۔ افسردہ
غمناک : درد انگیز ۔ (یہاں غمگین مراد ہے)
غم واس : غم میں رہنے والا
غم واسو : غم میں رہنے والا یا والی ۔ غم و اندوہ میں گزر بسر کرنے والی
غوث : ولایت کا ایک مقام ۔ فریاد رس
غوثی : غوث کا
غول : غول ۔ چھلاوا ۔ جنگلوں میں رہنے والے جن جو طرح طرح کی شکلوں میں ظاہر ہوتے ہیں
غیب الغیب : کن فیکون سے پہلے کا عالم جو انسانی علم و فکر سے بالا تر ہے
غیبت : دوری ۔ غالب ہو جانا یا رہنا
غیر : دوسرا شخص ، غیر خدا کے معنی ہوں گے ۔ ہر وہ چیز جس میں خدا کا نور نہیں ہے ۔ (ایسی کوئی چیز اس کائنات میں نہیں) ماسوا اللہ کو بھی غیر حق کہیں گے
غیراں : غیروں نے
غیروں : غیر سے

غیرت کھانوم: (دل) میرا دل غیرت کھائے۔ برداشت نہ کر سکے

غیر خیالوں: غیر کے خیال سے

غیور: غیرت والا۔ غیرت مند

غیریت: غیر ہونا۔ کسی چیز کے متعلق یہ خیال کرنا کہ اس میں مظاہر قدرت کی جلوہ آرائی نہیں ہے یا یہ اللہ تعالیٰ اور اس کی قدرت کاملہ کے نور اور تجلی سے خالی ہے۔ غیریت کہلائے گی یہی ماسوا اللہ ہے جس کا حقیقتاً کوئی وجود نہیں ہے

****

ف

****

فاجر: گنہگار۔ بے دین۔ حق سے باطل کی طرف پھرنے والا۔ دین سے بے دینی کی طرف پلٹنے والا

فاران: کوہ فاران۔ مکہ معظمہ کے ایک پہاڑ کا نام ہے

فارغ: فارغ۔ آزاد

فارغ بال: بال بچوں کے تفکرات سے آزاد۔ آسودہ۔ علائق دنیوی سے آزاد

فاسق: نا فرمان۔ خدا کے احکام کی تعمیل سے گریز کرنے والا

فاش: ظاہر۔ کھلا ہوا۔ عیاں

فاضل: فاضل۔ علم میں فضیلت رکھنے والا۔ دوسروں سے زیادہ علم رکھنے والا

فاعل: کام کرنے والا۔ وہ کلمہ جس میں کسی کام کے کرنے والے کا مفہوم پایا جائے

فاقے: فاقہ کی جمع۔ فاقے۔ بھوکا رہنا

فال: فال۔ شگون

فالاں: فال کی جمع۔ فالیں

فان: فنا ہونے والا۔ مٹنے والا

فتح: کھل جانا۔ عقدہ کشائی ہونا

فتوحی: مشکلات کی گرہ کشائی

فتق: کھولنا۔ رتق فتق کے معنی ہیں بست و کشاد

فتن: فتنہ کی جمع۔ گمراہی۔ عذاب۔ دیوانگی۔ آزمائش۔ رسوائی۔ جھگڑا۔ چھوٹے پیمانے پر قیامت

فجریں: صبح کے وقت

فجوریں: فسق و فجور سے۔ فجور کے معنی ہیں گناہ کرنا۔ حق سے باطل کی طرف پھرنا۔ دین سے بے دینی کی طرف آنا۔ نا فرمانی کرنا

فخر: فخر۔ غرور۔ تکبر۔ بڑائی

فخرالدین : حضرت خواجہ فخرالدین فخر جہاںؒ جو حضرت خواجہ فرید کے بڑے بھائی ، استاد اور پیر طریقت تھے

فخر جہاں : دیکھو فخرالدین

فراق : جدائی ۔ مفارقت

فرد : اکیلا جزو ۔ علیحدہ شدہ حصہ ۔ اکائی ۔ یکتا ۔ بے مثل

فردا : آنے والی کل

فرڑاٹے : پانی یا خون وغیرہ کا دھار کی شکل میں نکلنا ۔ تیز دھاریں

فرح : فرحت ۔ خوشی

فرحت : خوشی ۔ انبساط

فرصت : فرصت ۔ فراغت ۔ مہلت ۔ موقع

فرع : شاخ

فرق : فرقے ۔ ٹولیاں

فرق : فرق ۔ تفاوت ۔ امتیاز

فرقان : قرآن حکیم ۔ حق و باطل میں فرق کرنے والی کتاب

فرقت : جدائی

فرش : فرش ۔ پستی ۔ زمین

فرشی : زمین کے رہنے والے ۔ خاکی

فرض : فرض ۔ لازمی حکم

فرمائے : کہے ۔ ارشاد کرے

فرمان : فرمان ۔ حکم

فرنگ : جادو ۔ دھوکا ۔ نظربندی

فرہاد : شیریں کا عاشق جسے ایران کے بادشاہ خسرو نے دھوکے سے مروا دیا اور خود شیریں اپنالی

فریاد : فریاد ۔ ظلم کے خلاف آواز

فریادوں : فریادیں

فریب : فریب ۔ مکر

فریبی : مکار ۔ عیار ۔ فریب دینے والے ۔ دھوکا باز

فریبیں والی : فریبوں والی

فرید : تن تنہا ۔ اکیلا ۔ منفرد ۔ یکتا ۔ یگانہ ۔ بے مثل

فرید : حضرت خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ علیہ کا تخلص

فریدالدین : حضرت بابا فریدالدین گنج شکر رحمتہ اللہ علیہ جن کا مزار پاک پتن ضلع ساہیوال میں ہے ۔ آپ ملتان کے ایک گاؤں کوٹھے والا میں پیدا ہوئے ۔ آپ کا شمار بہت بڑے اولیاء اکرام میں ہوتا ہے

فریدݨ : فریدن ۔ یہ دونوں حضرت خواجہ

غلام فرید کے عجز و انکساری کے نام ہیں جو انہوں نے بطور تخلص ایک دو کافیوں میں استعمال کئے ہیں

فریدوں : فرید سے ۔ ذات یکتا و بے مثل سے متعلق

فریدی : فرید کا ۔ فرید والا ۔ یکتائی کا

فریضے : چھوٹے چھوٹے فرائض

فساد : اونچ نیچ ۔ ناہمواری ۔ خرابی ۔ لڑائی جھگڑا

فسق : خدا کی نافرمانی ۔ گناہ

فصل : جدائی ۔ کاٹنا ۔ الگ کر دینا

فضل : فضل و کرم ۔ مہربانی ۔ رحمت ۔ بخشش

فضلوں : فضل سے ۔ مہربانی سے ۔ لطف و عنایت سے

فعل : کام ۔ عمل ۔ وہ کلمہ جس سے کسی کام کا ہونا یا کیا جانا پایا جائے

فعلاً: از روئے فعل و عمل

فعلوں : فعل و عمل سے ۔ افعال سے ۔ کام سے

فغاں : فریاد ۔ آہ و زاری

فقر : فقر ۔ خواہشات دنیوی کا نہ ہونا

فقہ : علم فقہ ۔ شریعت کے احکام

فقط : صرف ۔ محض ۔ اصل میں فقطع ہے جس کے معنی ہیں "بس یہاں سے کاٹ دیا۔ ختم کر دیا"

فقیراں : فقیروں (کا ۔ کے ۔ نے ۔ سے ۔ وغیرہ)

فکر : فکر ۔ سوچ بچار ۔ غور کرنا ۔ عقل و خرد سے کام لینا ۔ ذہن انسانی کی وہ قوت جس سے اسرار و رموز کھلتے ہیں اور مشکلات کی عقدہ کشائی ہوتی ہے ۔ تدبر اور تفکر

فکروں : فکر سے

فلسفیات : فلسفے ۔ سوچ بچار کے نظریے

فلکی : فلک سے تعلق رکھنے والے ۔ آسمانی

فن : فن ۔ ہنر ۔ کاریگری ۔ سیکھی ہوئی بات

فنا : فنا ۔ صفات خداوندی سے مکمل طور پر ہم آہنگ ہو جانا

فہم : عقل و فہم ۔ سمجھ ۔ بوجھ

فیثا غورث : یونان کا مشہور ریاضی دان اور حکیم جسے حاکم انطاکیہ نے اپنا بیٹا بنا لیا تھا اس نے دنیا بھر کی خوب سیرو سیاحت کی کئی سالوں تک مصر میں رہ کر علم ہیئت کا مطالعہ کرتا رہا ۔ دو سو اسی کتابوں کا مصنف ہے ۔ مقالہ اول کی سینتالیس اشکال اسی کی ایجاد ہیں ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے 500 برس پہلے ہو گزرا ہے

فیض : مہربانی ۔ عنایت ۔ لطف و کرم

فیل : لڑائی جھگڑے ۔ فساد ۔ بکھیڑے ۔
فتنے ۔ شرارتیں ۔ خواہ مخواہ کا جھگڑا کھڑا کرنا

****

ق

****

قابل : قابلیت رکھنے والا ۔ طاقتور ۔ استعداد رکھنے والا

قابو : قبضے میں مضبوط

قادر : قادر ۔ قدرت رکھنے والا

قاصد : پیغام دینے والا ۔ پیغام لے جانے والا

قاضی : مقدمات فیصل کرنے والا ۔ قانون کے مطابق حکم دینے والا

قال : بات چیت ۔ صوفیا کی اصطلاح حال و قال ۔ بحث تمحیص

قامت : قدو قامت

قائل : قول و اقرار کرنے والا ۔ ماننے والا کہنے والا

قبح : برائی ۔ خرابی ۔ بد صورتی

قبر : قبر

قبلہ : بیت اللہ شریف

قبلہ قدمی : عجز و انکسار

قبول : منظور ۔ مان لینا ۔ تسلیم کرنا

قبیلہ : خاندان ۔ کنبہ

قبیلڑے : قبیلے کی تصغیر ۔ خاندان والے

قبیلے : خاندان ۔ قبیلہ کی جمع

قتلام : قتل عام

قدسی : دوسری بلند تر دنیا سے تعلق رکھنے والا ۔ پاکیزہ ۔ مقدس

قدم : قدامت ۔ قدیم ہونا ۔ ہمیشہ سے ہمیشہ تک ہونا ۔ اللہ تعالیٰ کی صفت قدیم یعنی نہ تھا کچھ تو خدا تھا کچھ نہ ہوتا تو خدا ہوتا

قدم : قدم ۔ دو پاؤں کا درمیانی فاصلہ

قدم قدم : ایک ایک قدم پر

قدوری : فقہ کی مشہور کتاب جو درس نظامی کے نصاب میں شامل ہے

قدوس : اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ۔ بہت پاک تقدیس والا

قدیم : قدیم ۔ دیرینہ ۔ ہمیشہ سے

قرار : قرار و سکون

قرآن : قرآن حکیم ۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسانیت کے لئے آخری اور مکمل پیغام جس میں مکمل ضابطہ حیات ہے ۔ الفرقان ۔ القرآن

قرآنوں : قرآن سے

قرب : نزدیکی

قربانی : صدقے قربان جانا

قرب النوافل: "یتقرب عبدی انی بالنوافل"
(حدیث) بندہ نوافل کے ذریعے میرا قرب
حاصل کرتا ہے

قرین : قریب ۔ نزدیک

قسم : قسم ۔ سوگند

قسم :قِسم ۔ نوع

قسمت : تقدیر ۔ تقسیم کیا گیا حصہ

قسمت سانگے : اتفاق سے ۔ تقدیراً ۔
قسمت کے تعلق سے

قصور : قصور ۔ خطا ۔ غلطی

قصور : قصر کی جمع ۔ محلات

قصوری : محلات والی

قصہ : قصہ کہانی ۔ داستان

قصے : قصہ کی جمع ۔ افسانے

قضا : قضا ۔ تقدیر ۔ قدرت کا فیصلہ

قطار : قطار میں ۔ شمار قطار میں ۔ قابل التفات

قطار : قطار (ع) سے قطارنڑ مصدر بنایا گیا ہے
جس کا یہ فعل امر ہے ۔ اونٹوں کو راہ سفر پر
روانہ کرو

قطاراں : قطاریں

قطارے : اونٹوں کو سفر پر روانہ کرے

قطاری گئے : روانہ ہو پڑے ۔ چلے گئے

قطاریو : تم نے راہ سفر اختیار کی ۔ تم اپنے
اونٹ لے کر چلے گئے

قطب : ولایت اور بزرگی کا ایک مرتبہ ۔ وہ
ولی اللہ جس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی
ملک کا انتظام سپرد ہو

قطبی : قطب والا ۔ قطب کا

قطر :تنکا

قطرات : قطرہ کی جمع ۔ ذرات آبی

قطرنڑ / اکترنڑ : ریگستان کی ایک خود رو گھاس
کا نام ۔ گھاس کا لفظ سرائیکی میں مذکر ہے

قطرہ : بوند ۔ ذرا بھر ۔ تھوڑا سا

قطرہ آب : پانی کی بوند

قطع : کاٹنا ۔ قطع کرنا

قعود : بیٹھنا ۔ نماز میں بیٹھنے کا خاص قاعدہ

قلاش : انتہائی مفلس ۔ بے سرو سامان ۔ بے
نام و ننگ

قلب : قلب ۔ دل

قلبی : دلی ۔ دل سے متعلق

قلت : کمی ۔ کمیابی

قلق : رنج ۔ غم ۔ دکھ درد

قلم : قلم ۔ کاتب تقدیر کا قلم

قلم وہائیَ : قلم چلائیَ ۔ حکم صادر کیا ۔ قسمت لکھ دی

قلندر : درویش ۔ حال مست فقیر ۔ علائق دنیوی سے بے نیاز

قلزم : سمندر

قمام : جھوٹ ۔ دغا ۔ فریب ۔ کوڑ قمام مرکب ہے ۔ فضول کام ۔ قمام کٹنڑ محاورہ ہے جس کے معنی ہیں فضول بے فائدہ کام کرنا یا باتیں بنانا ۔ ہوائیَ قلعے تیار کرنا ۔ یاوہ گوئیَ ۔ قمامہ عربی میں اس کوڑے کو کہتے ہیں جو گھر میں جھاڑو دینے سے جمع ہو جاتا ہے

قمر : چاند

قمرو : حضرت خواجہ غلام فرید کا ہمعصر ۔ شاعر بھی تھا

قوافی : قافیہ کی جمع ۔ قافیئے ۔ علم قافیہ

قوس : کمان

قول : بات

قوی : طاقتور ۔ قوت والا

قہر : غیظ و غضب ۔ ظلم و ستم

قہری : قہر آلود ۔ قہر والا

قیام : ٹھہرنا ۔ کھڑے ہو جانا ۔ قیام کرنا ۔ قائم ہونا

قیامت : حشر ۔ انجام ۔ قیامت ۔ دنیا جہان کا خاتمہ

قید : قید ۔ پابندی ۔ پابند

قیدی : قیدی

قیس : مجنوں کا نام جو لیلیٰ کا عاشق تھا

قیم : قائم رکھنے والا

****

ک

****

کاپے : کٹاؤ ۔ زخم ۔ شگاف

کاتی : چھری

کاجل : کاجل

کاٹھیاں : لکڑیاں ۔ سوکھی لکڑیوں کے ٹکڑے اور پودوں کی خشک جڑیں جو ریگستانوں میں پیدل چلنے والوں کے پاؤں میں چبھتی ہیں ۔ کاٹھیاں کانے مارن محاورہ ہے ۔ جس کے معنے ہیں طنز و تشنیع کے زخم لگانا ۔ لفظوں کی مار دینا

کاٹھیں / کاٹھیئیں : سوکھی لکڑیوں (نے ۔ کا ۔ کے ۔ سے وغیرہ)

کار : کام ۔ کم کار سرائیکی کا روز مرہ ہے

کارا : روز مرہ کا معمول ۔ کام ۔ طے شدہ

معاملہ ۔ کام کاج

کالا : کالا ۔ سیاہ

کار : روا ۔ جائز ۔ مناسب اور صحیح

کار : کی طرح ۔ مانند

کارن : کے لئے

کارݨ : کارن کی تصغیر ۔ کے لئے کی خاطر

کاڑو : ایک مقام کا نام ہے

کاروں : کار سے ۔ کام کاج سے

کاری : علاج معالجہ ۔ مداوا ۔ دلجوئی ۔ چارہ گری

کاری : کاری زخم ۔ کام کر جانے والا ۔ گہرا ۔ جان لیوا

کاری کرم : میری چارہ گری کرے

کاری کرݨ : مداوا کرنا ۔ چارہ گری کرنا ۔ علاج کرنا

کاری : کالی

کارے : کالے

کاڑھ تے : کاڑھ کر ۔ گرم کر کے ۔ ابال کر ۔ دودھ کو اتنا گرم کرنا کہ یہ گاڑھا ہو جائے کاڑھا کہلاتا ہے ۔ وہ برتن جس میں دودھ "کاڑھا" جاتا ہے کڑھائی کہلاتا ہے

کاشی : ہندوؤں کا ایک متبرک مقام

کافر : کفر کرنے والا ۔ منکر خدا و رسول

کافی : کفایت کرنے والی چیز ۔ بہت ۔ مکتفی

کافی : عشقیہ گیت ۔ غزل

کاک : ایک ندی کا نام ہے ۔ جو مومل مینڈھرا کی رومانی داستان میں مذکور ہے

